یؤتی الحکمۃ من یشاء

کیمیائے جدید

المعروف بہ

دواسازی یونانی

جس کو

حکیم حاذق حشمت علی اینڈ میڈیکل پریکٹشنر لاہور

نے

برائے افادہ طلبائے طب یونانی حکماء و عطاران تالیف و تصنیف کیا

سنہ ۱۹۱۴ء

قیمت مجلد دو روپے آٹھ آنے ([illegible])

غیر مجلد دو روپے چار آنے ([illegible])

پنجاب نیشنل سٹیم پریس لاہور میں طبع کرایا

باراول

تعداد جلد ایک ہزار ([illegible])

مختصر فہرست ادویات یونانی

جوہر مفید الصحت مفرد } یہ جوہر محافظ حرارت غریزی ہر عمر اور کمزور [illegible] بلغمی مزاج کے لئے تو بالکل اکسیر ہے [illegible]
ایک ہی دو خوراک سے طبیعت میں بشاشت اور توانائی پیدا ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ اور امراض ذیل میں بارہا تجربہ کیا گیا گنٹھیا۔ درد [illegible]
بدہضمی ضعف قلب۔ خنازیر۔ زکام۔ قے۔ بجز [illegible] پر [illegible]
سوزش کو آرام آجاتا ہے۔ امراض جراثیم۔ مثلاً ہیضہ [illegible] سل۔ طاعون
اور پھوڑے پر بہت مفید ہے۔ قیمت فی شیشی علاوہ محصول [illegible]

جوہر ہمدرد نسواں } یہ دوا علامات ذیل میں سیکڑوں مرتبہ تجربہ کی [illegible] بفضل خدا مفید پائی گئی ہے۔ سیلان الرحم
بے قاعدگی حیض۔ اور کثرت سے آنا۔ پنڈلیوں کا اینٹھنا۔ کمر میں درد ہونا۔
باؤ گولہ منہ کا ذائقہ پھیکا یا کسیلا رہنا۔ قبض رہنا۔ بعد دوپہر کے حرارت معلوم ہونا پیشاب بار بار آنا۔ قیمت فی شیشی ۱ؔ

جوہر شفا الرحم } امراض ذیل میں مفید ہے۔ نافع ورم رحم حیض کو جاری کرتا ہے۔ ملین طبع اور مقوی معدہ جگر ہے۔ پیشاب کم آنا یا جلن سے آنا مفید ہے۔ قیمت فی شیشی [illegible]

جوہر دافع سوزاک نو و کہنہ } سوزش اور ورم کثرت سے پیپ کا آنا۔ بغیر پچکاری کے دوا۔ قیمت فی شیشی عہ۔ بمعہ پچکاری ۱۲

نسخے

معجون۔ مال کنگنی۔ تخم گاجر۔ عاقرقرحا ہر ایک ڈیڑھ تولہ [illegible]

فہرست ادویہ کتاب کیمیائے جدید

المعروف بہ

دواسازی یونانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد بیحد اُس خالقِ کون و مکان کو زیبا ہے جو حکیم برحق اور مزاجدانِ موالید
ثلاثہ کائنات ہے جس نے اپنی حکمت بالغہ سے ارکان متضادہ بسیط محالِ
اتصال کو جمیع حیوانات کی خلقت معجونِ وجود کا جزو والے بنایا۔ کہ جس کے
اجزائے تقسیم کے مفہوم میں فلسفہ دہر حکما ازماں کی عقل حیران اور دنگ
ہے۔ کہ اُس حکیم اعلیٰ الاطلاق نے محالِ عقلی کو ایک تمثیلی صورت میں متشکل کر کے
منکرانِ خالقیت کو خلق الانسان من علق سے خطاب کر کے فرمایا کہ اگر کسی کو دعویٰ
ہمسری ہے تو ہمارے مرکبات کے جو ہر شیرازۂ منفصلہ کو اتصالی صورت میں
لائے یا کوئی دوسری معجون مادۃ الحیات بنا کر دکھلائے۔ یا ہماری دوا بادنیا
ما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین کے اصولی طریقہ پر کاربند ہو کر عامل
رہے تو بہتر ہے ورنہ کم فہمی کی اضدات و اثرات کے تغیر کردہ خرابیاں پیدا
ہوں گی جن کا سنبھالنا تمہاری کیمیاوی تجربات سے بہت بعید ہے کیونکہ
شربت حیات کے اجزاء جداگانہ کی امتزاجی صورت مفرحت القلوب
مریضانِ راہ ضلالت کے لیے صحت کلی ہے۔ اگر عناصر اربعہ کی اتصالی ہیئت
اس شکل مشابہت کے مجموعہ میں نہ ہوتی تو مزاج خمسہ غیر محسوس کی

صورت التصور اس طب الفقہ سے اہل بصیرت کے عقلی نیر اس میں محاابل مخصوم ہوتی

سبب تالیف کتاب

ایام طالب علمی میں جو کچھ دقتیں پیش آتی ہیں اہل علم پر مخفی نہیں ہیں لیکن علم الاسباق کے مضمون پراگندہ اور ایک جگہ سلسلہ وار مجموعی صورت میں نہونے کی وجہ سے جو قباحتیں ظاہر ہوتی ہیں محتاج تشریح نہیں ایسے طالب علم کو کافی استعداد بہم پہونچانے کیلئے زمانہ طول طویل اور عمر خضر کی ضرورت چاہئے چنانچہ یہی حال موجودہ کتب رائج الہند کا ہے کہ کوئی قرابادین باقاعدہ ترتیب وار تسہیل التطبیب کیلئے جسکے یاد کرنے میں طلبا کو آسانی ہو تاکہ تھوڑے عرصہ میں باقاعدہ فارغ التحصیل ہوکر مخلوق کی خدمت کرسکے البتہ انگریزی طب میں اس قسم کی قرابادین موجود ہے جو کہ طلبا تھوڑے سے عرصہ میں ضروری خواص الادویہ کے حالات سے واقفیت حاصل کرکے اپنے فرائض منصبی کو پورا پورا انجام دہی کیلئے تیار ہوجاتے ہیں یونانی طلبا آسانی طب الفقہ کے بہم نہو سکنے کے سبب سے عرصہ دراز تک فارغ التحصیل ہونے میں ناکامیاب رہتے ہیں ان وجوہات کو مدنظر رکھکر اور اپنی طالبعلمی کے واقعات کو خیال کرکے اور اس امر کو سوچکر کہ پیچھے جلسہ طبی کانفرنس منعقدہ امرتسر ۱۹۱۴ء ہوگئے کہ یونانی میں کوئی کتاب مانند انگریزی فارسی کوئی آج تک تیار نہیں ہوئی اگرچہ مجھ جیسے کم علم اور بے استعداد سے بعید تھا کہ اس فن میں کوئی کتاب لکھ سکے لیکن بقولیکہ ہمت مردان مدد خدا کے بھروسہ اور با ایمائے جناب معلے القاب شمس الاطبا رئیس الحکما بقراط زماں جالینوس دوران

جلیل القدر عمیم الاحسان مولانا مولوی اوستادی حاجی الحرمین شریفین
جناب غلام مصطفیٰ صاحب حکیم حاذق زبدۃ الحکما پروفیسر عربی فارسی گورنمنٹ
کالج اورینٹل کالج و لیکچرار طب یونانی پنجاب یونیورسٹی لاہور سے یہ چند اوراق
مسمی بہ کیمیائے جدید المعروف دواسازی یونانی مرتب کیا تاکہ برادران اہل فن
کو تحصیل علم میں آسانی ہو۔ اس غرض سے کہ مصنفین کی فہرست میں نام درج ہو
جو سہو یا غلطی بمقتضائے بشریت ہر اس کتاب میں معلوم ہو تو قلم عفو سے
اصلاح فرما کر اس ہیچمدان کو مطلع فرماویں تاکہ طبع ثانی میں اسکی تصحیح کردیجاوے
واللہ المستعان۔

قرابادین

یہ لفظ مرکب یونانی زبان کا کرابادین ہے۔ اہل عرب نے معرب کر کے قرابادین
کرلیا۔ جسکا اطلاق مرکب دواؤں پر ہوا کرتا ہے۔ یا یوں کہو قرابہ یعنی شیشہ
کلاں۔ شراب یا صراحی ہے۔ دین یعنی مذہب یا طریقہ۔ جیسے دین کی محافظت
اور استحکام بغیر ارکان غیر ممکن ہے ایسی ہی ادویہ کی بغیر شیشوں وغیرہ کے
چونکہ طبی وجود کے ارکانوں میں سے قرابادین بھی ایک رکن اعظم ہے جبتک
اس کی حقیقت وغیرہ کا علم نہ ہوگا ماہر فن کہلانیکا ہرگز مستحق نہیں ہو سکتا ہے

لہذا

طب میں قرابادین وہ علم اول ہے کہ جسکے ذریعہ سے ادویات کے خواص اور
ماہیت وغیرہ کی واقفیت حاصل ہوتی ہے گویا طب کی ابجد ہے اور ابجد خوانی
کے بغیر کوئی علم نہیں آسکتا۔ طلبا کو اس علم کی پوری پوری واقفیت حاصل
کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ یہانتک کہ موالید ثلاثہ کی کیفیات یکے بعد دیگرے

کماحقہ ذہن نشین ہو جائے۔ یاد رہے کہ جبتک کسی شخص کو علم الادویہ کی ماہیت ۔ دواسازی کے طریق ۔ داصندات ۔ خواص ۔ فوائد ۔ استعمال وعلامات زہر ۔ واثر مقام زہر اور ان کے اوتار چڑھاؤ وغیرہ کا علم نہ ہوگا۔ تو وہ شخص اپنے فرائض کو نسخہ نویسی میں پورے طور پر ادا نہ کر سکیگا ۔ مثلاً نسخہ میں چار جزہوا کرتے ہیں ایک مرض کی اصلی دوا جزو اول جیسے سناء کی جو مخرج اخلاط ثلاثہ براہ دست ہے اور اس میں یہ نقص ہے کہ اس کا اثر چھوٹی آنتوں پر سخت محرک ہوا کرتا ہے جسکی وجہ سے مروڑ کرب ۔ متلی پیدا ہوتی ہے جزو دوئم مصلح ۔ برگ بنفشہ ۔ ہلیلہ زرد ۔ گل سرخ روغن بادام جو اسکے مصلح ہیں شامل کر دیے جائیں تو یہ نقص زائل ہو جاتا ہے (۳) جزو سوئم معاون ۔ جو اصلی جزو کو اظہار اثر میں مدد دیتا ہے تاکہ ریح وغیرہ کو محسوس نہ ہونے دے وہ زنجبیل ہے (۴) جزو چہارم بدرقہ کوئی عرق یا پانی جو اثر دوا کو خون میں ملا کر منزل مقصود پر پہنچاتا ہے یہ باتیں بغیر تعلیم علم الادویہ حاصل کئے نہیں آسکتی ہیں طلبا کو اس میں ضرور بالضرور مہارت پیدا کرنی چاہئے تاکہ علم طب باقاعدہ تکمیل کو پہونچے اور مخلوق کو انکی خدمت سے پورا پورا فائدہ حاصل ہو۔

حصہ اوّل

دواسازی

واضح ہو کہ دواسازی وہ مفید عمل ہے کہ جس سے طبیب کی کامیابی اور مریض کی حیات کا دارومدار ہے ۔ حتی المقدور طبیب کو اس میں کامل مہارت پیدا کرنی چاہئے تاکہ طب نظری اور عملی کا مشاہدہ نظر سے گذر جائے کیونکہ

جبتک طبیب ادویات کی صورت شکل و تبھاہت کو نہ جانیگا تو عطار کی مرضی ہے کہ بنفشہ کی جگہ جو دل چاہے دوا دیدے مریض کے تیماردار حکیم نہیں جو نقص نکالیں اور حکیم صاحب کے نسخہ کی اصلاح کریں نہ انتر تیب نسخہ جات اور شناخت ادویہ میں جو جو لوازمات برتے جاتے ہیں مقالہ اول میں درج کئے گئے ہیں۔

مقالہ اوّل

اس مقالہ میں اُن اشیاء کا ذکر کیا جاتا ہے جنکی نسخہ نویسی اور تیار کرنے میں ضرورت پڑتی ہے۔

الف ترازو۔ اوزان

خشک ادویات کے تولنے کے واسطے دو قسم کے ترازو چھوٹے بڑے کی ضرورت ہے اسکا وقتاً فوقتاً امتحان کرتے رہنا چاہئے جس سے کمی بیشی ترازو کی معلوم ہوتی رہے۔ ہر ایک نسخہ تیار ہو جانے کے بعد ترازو کو صاف کرکے رکھنا چاہئے۔ تاکہ ایک نسخہ کی دوا کا اثر دوسرا نسخہ تیار کرتے وقت ملکر اپنا اثر نہ کرے۔

اوزان

موجودہ وزن یونانی طب رائج الھند کی جو کتابوں میں لکھے ہیں وہی کثرت سے استعمال میں آتے ہیں ان کے واسطے کوئی خاص علامت مقرر نہیں اور نہ انکے واسطے آجتک کسی طبیب نے کوئی علامت مقرر کی ہے اب کوئی

علامت یا مثال مقرر کرنا دوا فروشوں اور طبیبوں کے لئے موجب حیرانی ہے

اوزان حسب ذیل ہیں

۰	سیر	چھٹانک	تولہ	ماشہ	رتی	چاول	خشخاش
۰	۱	۱۶	۸۰	۹۶۰	۷۶۸۰	۰	۰
۰	۰	۱	۵	۶۰	۴۸۰	۰	۰
۰	۰		۱	۱۲	۹۶	۰	۰

نقشہ اوزان مروجہ جو نسخوں میں روزمرہ استعمال ہوتے ہیں

رطل	چھٹانک	تولہ	ماشہ	رتی	جو	چاول
۱	۸	۴۰	۴۸۰	۳۸۴۰	۰	۰
اوقیہ	۰	۲	۳	۶	۰	۰
مثقال	۰	۰	۳	۶	۰	۰
چمچہ خشک	۰		۷	۴	۰	۰
درم	۰		۳	۴	۰	۰
دانگ	۰		۰	۲	۰	۰
حبہ	۰		۰	۰	۰	۲
دینار	۰		۰	۰	۴۸	۰
کف	۰	۱	۱۰	۲		۰
چمچہ تر دوا	۰	۱	۳			۰

مقابلہ اوزان انگریزی کا یونانی سے

گرین	چھٹانک	تولہ	ماشہ	رتی	چاول	ڈرام	اونس	پونڈ	پائینٹ	سیر
۰	۱	۵	۶۰	۴۸۰	۰	۱۶	۲	۰	۰	۰
۱	۰	۰	۰	½	۰	۰	۰	۰	۰	۰
۶۰	۰	۰	۳۰	۶	۰	۱	۰	۰	۰	۰
۰	۰	۰۲	۳۰	۲۴۰	۱۹۲۰	۸	۱	۰	۰	۰
۰	۸	۴۰	۳۲۰	۲۵۶۰	۰	۰	۱۶	۱	۰	½
۰	۱۰	۵۰	۶۰۰	۰	۰	۰	۲۰	۰	۱	۰
۰									۸	ایک گیلن یا ۴ سیر

یہ وزن خشک ادویہ کے تولنے کے لئے ذکر کئے گئے ہیں لیکن رقیق چیزوں کو ناپنے کا کچھ پتہ نہیں لگتا البتہ ہند کے عطار ہی مریضوں کو دوائی دینے کے لئے گلی ظرف بناکر اپنی دوکان میں موجود رکھا کرتے ہیں جو بوتلوں کے بجائے استعمال ہوتے ہیں لیکن حکیم صاحب کی اپنی دوکان میں ناپنے کے لئے کوئی خاص پیمانہ نہیں یہ ایک عجیب بات ہے کہ یونانی طب باوجود دعویٰ تکمیل کے ایک ادنیٰ سے پیمانہ جسکی نقل کمہاروں کے یہاں سے نکلکر دوافروش کی دوکان پر موجود رہا کرتی ہے وہ بھی بے ترتیب بے اصل شئے کا وجود عطار صاحب کی دوکان پر بھی نہ دارد رہا اور نہ ابتک تیار کرائے گئے عقل سلیم کبھی بھی اس بات کے تسلیم کرنے کو تیار نہیں ہے کہ یونانیون نے باوجود تکمیل طب کے رقیق اشیاء کے ناپنے کا کوئی پیمانہ تیار نہ کیا ہو

شاید بار بار دھونے اور مکھیوں کی بھنکار کی کراہیت کیوجہ سے مانند جراحی کے اسکو بھی خیر باد کہدیا ہو۔ جو آج دوسروں کے محتاج بن گئے اور اس پر ضد ہے کہ دوسروں کی ایجاد سے فائدہ اٹھانا ہتک ہے۔ یاد رکھئے کہ دنیا فعال ہے کہ اہل صنعت ایک دوسری کی ایجاد سے فائدہ اٹھاتے چلے آتے ہیں۔ اگر تم ناپنے والے اوزان لیکر برتتے یا اپنے تولہ ماشہ۔ چھٹانک وغیرہ کے گلاس بنوا کر رواج دیتے۔ تو آج طب یونانی کے مقلدین کی پیشانی پر اس بے پروائی کا دھبہ نہ لگتا۔

مقام دواسازی

عموماً یونانی عطار بیٹھ کر نسخہ تیار کرتے ہیں تاہم ہر ایک احتیاط نسخہ سازی کی روشنی میں پوری پوری ہونی چاہئے۔ بہتر یہ ہے کہ نسخہ ایسی جگہ بیٹھکر یا کھڑے ہو کر تیار کرنا چاہئے جہاں پر بات چیت کی آواز نہ سنائی دے۔ ورنہ نسخہ بنانے والے کی توجہ باتوں کی طرف ہو جاوے گی اور مقدار مقررہ نسخہ میں فرق آجائے گا یا کوئی دوا ڈالنے سے رہجاوے گی یا کوئی زہریلی دوا سہواً پڑجاوے گی جسکا خمیازہ مریض اور عطار دونوں کو اٹھانا پڑیگا۔ بہتر ہے کہ نسخہ بنانے کا کمرہ علیحدہ ہو جہاں مریض یا نسخہ لینے والے کے سوا کوئی نہ آئے اور نسخہ بناتے وقت اس بات کا خیال رکھنا چاہئے کہ ہر ایک طبیب کی اصلاح نسخہ نویسی کی علیحدہ ہوتی ہے اسکو کم از کم دو تین مرتبہ پڑھکر اور ہر ایک دوا علیحدہ ترتیب وار سمجھکر ایک بڑے کاغذ پر جسمیں پڑیہ باندھنی ہو رکھے بعد تیاری نسخہ کے پھر مقابلہ کرے کہ کوئی دوا نسخہ کی ڈالنے سے رہ نہ گئی ہو

ہو۔ اور نسخہ بناتے وقت کسی سے گفتگو نہ کرنا چاہئے۔ کیونکہ تمہاری غلطی
مریض کے حق میں بہت مضر ثابت ہوگی اور تم جواب دہ ہوگے اسلئے
اپنے فرائض منصبی کو بہت ہی احتیاط سے ادا کرو۔ اور بے پرواہی ہرگز
کام میں نہ لاؤ۔ جو چیز جس طریقہ سے سمجھانے کی ہے مریض کو سمجھا دو۔
اور دوا لینے والے کے ساتھ خوش خلقی کے ساتھ پیش آؤ اور مکرر سہ کرر دریافت
کرنے پر رنجیدہ خاطر نہو تاکہ تم ہمدردوں میں مشہور ہو کر شہرہ آفاق ہو جاؤ۔
اور جس نسخہ میں زہریلے اجزا ہوں خوراک کے اندازہ کا خیال رکھو کہ اصلی
مقدار سے زیادہ نہ بڑھ جائے۔ مثلاً ایک نسخہ میں افیون ایک ماشہ ہے
اور کل دوائی کی مقدار دس تولہ ہے لیکن نسخہ نویس نے ایک خوراک دوائی
دو تولہ لکھی ہے تو اس حساب سے تمھیں غور کرنا چاہئے کہ دس تولہ خوراک
میں کتنی افیون آتی ہے۔ اور افیون کی خوراک کیا ہے۔ افیون کی خوراک
چوتھائی رتی سے ایک رتی تک ہے تو اس حساب سے ایک ماشہ کی آٹھ رتی ہوئیں
تو گویا ۸ رتی افیون فی تولہ آتی ہے اور دو تولہ میں ایک رتی چار چاول
چھ خشخاش ہوتی ہے جو افیون مقدار خوراک سے زیادہ ہے اس لئے
ایسے نسخہ کی بابت نویسندہ سے ضرور دریافت کرنا چاہئے تاکہ کسی مریض
کی جان تلف نہ ہو جاوے جو موجب باز پرس کا ہو۔ اب عطار یا نسخہ تیار
کرنے والے کو ہر دوا کی خوراک کا اندازہ خصوصاً زہریلی ادویات کا ضرور
سیکھنا چاہئے۔ خوراک مذکورہ پورے عمر کے انسان کے لئے ہے
لیکن بچہ کو ہرگز نہ دینا چاہئے اور نہ دودھ پلانے والی کو۔ ورنہ وہ دودھ میں زہریلا اثر ملکر
کے بچہ کو نقصان پہنچیگا جسکا بوجھ نویسندہ اور نسخہ بنانے والے پر ہوگا
یہ کام عطار کا ہے کہ غلطی کو درست کرا کر دوا دے   لہذا ادویات مذکورہ پر

ضروری کار بند رہنا واجب ہے۔ اب وہ لوازمات اور باتیں درج کیجاتی ہیں۔ جو نسخہ جات بنانے میں کام آتی ہیں۔ مثلاً۔

ترازو خورد و کلان نصف رتی سے ایک سیر تک۔ ایک گلاس پیمائش تول وغیرہ رقیق اشیاء ناپنے کا۔ دوسرا گلاس مریض کو دوائی پلانے کا ہاون دستہ۔ کھرل پختہ۔ کفگیر چھریاں دوا اگر چھننے کے لئے۔ جوشاندہ خساندہ کے واسطے قلعی دار برتن۔ چھلنی تاروں کی۔ کپڑا۔ سفوف عرق چھاننے کیواسطے۔ دو پیک چھوٹی بڑی۔ شاندار بوتلیں کار پچکش۔ بھبکا عرق کھینچنے کا جو ہر اور ڈاٹ کیواسطے پیالے جنکے لگتا ہے ایک دوسرے میں داخل ہو سکیں۔ چلمچی رومال۔ صابون۔ معہ صابون دان کے ہاتھ دہونے کے لئے۔ پڑیون کے لئے مختلف انداز کے کاغذ پڑیون کیواسطے لفافہ قلم دوات۔ کاغذ رجسٹر نسخہ درج کرنیکا جسکا نقشہ حسب ذیل ہے۔

نمبر شمار۔ تاریخ وماہ۔ نام مریض۔ اندراج نسخہ مکمل معہ ترکیب۔ نام نسخہ نویسندہ نام بنانے والے کا۔ جو بات سمجھ میں نہ آوے یا غلطی ہو تو عطار وغیرہ کو نویسندہ سے بند لفافہ کے ذریعہ دریافت کر لینا چاہئے۔

سفوف۔ موجد اسکا حکیم بقراط شاگرد اسقلیبوس یونانی ہے جس نے سب سے پہلے چند دواؤں کے اجزا کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھانکر بنایا تھا اور یونان میں خوب شہرت حاصل کی تھی ازاں بعد ہند میں سنسرائج نیپالی نے اسکو رواج دیا۔ غرض سفوف سے یہ ہوتی ہے کہ فعل ہاضمہ میں جلد اثر کرکے کیموس کے ذریعہ جگر میں پہنچ جائے۔ **ہدایت** پڑیوں کو خوب صورتی سے باندھ کر ایک لفافہ میں رکھکر۔ اور ترکیب مریض کو سمجھا کر نسخہ دینا چاہئے۔

خسانده - دوا کو جو کوب کرکے سرد پانی میں اتنی دیر بھگوئیں کہ رنگ پانی کا بدل جائے۔ پھر چھانکر استعمال کیا جائے۔ کبھی کسی سخت دوا کو کھولتے ہوئے پانی میں جوش دیکر بھگوتے ہیں لیکن اس ترکیب سے بہت دیر تک رکھنے سے قابل استعمال نہیں رہتا۔

جوشانده

یہ بھی اسی ترکیب سے دواؤں کو جوش دیکر اثر نکالا جاتا ہے لیکن خسانده جوشانده سے بعض ادویہ کے لئے بہتر ہوتا ہے۔ جوشاندے میں بعض اجزا دوا کے اڑ جاتے ہیں جس سے تاثیر زائل ہو کر پورا اثر مریض پر نہیں ہوتا۔

مرہم

یونانی میں سادہ قیروطی کو مرہم کہتے ہیں موجد اسکا حکیم بقراط ہے۔ اس میں بادام روغن یا گل روغن یا دیگر روغن اور موم۔ چربی گردہ بکری پگھلا کر تیار کیجاتی ہے جب کوئی مرکب مرہم بنایا جاتا ہے تو ادویہ بہت باریک کیے اسمیں ملائی جاتی ہیں اور مرہم میں جو دوا جزو اعظم ہوتی ہے۔ اسی نام سے منسوب کیجاتی

گولی

موجد اسکا باتفاق حکماء سولون حبہ اور افلاطون ہے۔ بنادق شیاف قرص۔ مثلث یہ گولیوں کی قسمیں ہیں۔ گولیوں میں دیر تک دوا کا اثر رہتا ہے اور دوا بدذائقہ معلوم نہیں ہوتی اور بغیر تکلیف آسانی سے معدہ میں پہنچ جاتی ہیں اور کبھی تبدیل ذائقہ کے لئے نشاستہ شنگرف اسفند میدہ گولیوں پر

گوند کے ذریعہ چاندی کے ورق چڑھا دیتے ہیں جس سے گولیاں خوبصورت ہو جاتی ہیں ہدایت طبیب اور عطار کو یاد رکھنا چاہئے کہ جب کبھی دوا زہریلی کم خوراک کی گولیاں بنانا منظور ہو تو اس میں کوئی ایسی دوا ملانی چاہئے جو اسکی تاثیر کو زائل نہ کر دے پھر کسی لیسدار مانند صمغ عربی یا کسی لعاب یا رب کے ذریعہ اس کی گولیاں حسب خوراک تیار کریں مثلاً سنکھیا جس کی ایک خوراک تک خشخاس کے برابر ہے اور ہم نے دس گولیاں بنانا ہے تو اس میں بغیر شامل کرنے کسی اور دوا کے کیونکر گولیاں بنا سکتے ہیں۔ اسلئے اس میں نشاستہ یا ریوند چینی یا اور کوئی دوا زیادتی مقدار کے لئے ملا دینا چاہئے تاکہ گولی بنانے میں وقت پیش نہ آوے۔ لیکن یہ احتیاط شرط ہے کہ اول زہریلی دوا کو خوب باریک کریں بعد کو معاون الحب کو اچھی طرح ملا کر لیسدار چیز کے ذریعہ گولیاں بنائیں۔

قرص

قرص کے معنی ٹکیہ کے ہیں اگر گولی کو پچکا دیا جائے تو ایک قسم کا قرص بنجائیگا لیکن مثلث شکل کا بھی ہوتا ہے جو پانی میں آسانی سے گھل سکتا ہے اور آسانی سے ٹوٹ بھی جاتا ہے۔ بعض دفعہ گولیاں یا قرص بنانیمیں کوئی رب یا شہد واسطے سفوف کیساتھ ملائی جاتی ہے اسوقت بہت احتیاط کرنی چاہئے کہ اس میں کوئی زہریلی دوا ہو تو پہلے اسکو کسی خشک دوا کے ساتھ تھوڑی تھوڑی ڈالکر خوب ملا لینا چاہئے۔ تاکہ ایک ذات ہو جائے ازاں بعد دوا کھرل سے نکالو۔ اور رب مسطورہ نسخہ یا مناسب کے اگر ضرورت ہو تو پانی ملا کر اسقدر نرم کر دکہ اس سفوف میں ملانیسے لگدی ایسی ہو جس سے گولیاں آسانی سے بن سکیں یا ایسا

مقدار گولی کی تناکی رتی سے زیادہ تجویز ہو جس مریض کو نگلنے میں تکلیف ہو کراہت ہو

تمیص

اصطلاح اطبا میں دوا نیم بریاں کرنے کو کہتے ہیں ۔ اس ترکیب سے دوا کا اثر بدل جاتا یا قوی ہو جاتا ہوتا ہے۔ مثلاً بال ابریشم جو پس نہیں سکتے انکو کام میں لانیکے واسطے یہ عمل کیا جاتا ہے ایسے عمل کے لئے دوا کو بھر جنے یا کڑاہی میں ڈالکر آگ پر رکھیں جب حرارت کا اثر ظاہر ہو تو اُلٹتے پلٹتے جائیں یہاں تک کہ دبانے سے پسنے کے قابل ہو سکیں تو آگ سے اوتار کر کام میں لائیں ۔

تقلیہ

اصطلاح اطبا میں اس ترکیب کو کہتے ہیں جس سے دوا کو کسی روغن وغیرہ میں بھونتے ہیں۔ گویا اس طرز سے دوا کا نقصان و فساد کو دور کیا جاتا ہے جیسے ہلیلجات کو روغن بادام میں اور ماجو کو روغن کنجد میں بھونا جائے حتیٰ کہ وہ پھٹ جائے ۔

تشویہ

اصطلاح اطبا میں کسی مرطوب اشیاء کو گل حکمت (کپڑ مٹی) کر کے گرم راکھ میں بھوبھل کر پانی نکالنے کو کہتے ہیں۔ جیسے لوکی یعنی مرا کدو۔ کھیرا۔ پیاز وغیرہ کو گل حکمت کر کے تنور میں رکھتے ہیں تاکہ نرم ہو کر عرق نچوڑنے میں آسانی ہو

تدبیر۔ **اصطلاح** اطبا میں بعض ادویہ کے الیے عمل کرنے کو کہتے ہیں کہ جس سے اس دوا کا ضرر زائل ہو کر قابل استعمال ہو جاتی ہے۔ جیسے کچلہ کو

پانی میں تر کر کے اور چھیل کر خشک کر کے سوہن یعنی ریتی سے براوہ کر لیتے ہیں۔ عملی ہٰذا القیاس جمال گوٹہ وغیرہ جوش دینے کے بعد خشک کر کے پیس کر کام میں لاتے ہیں۔

تکلیس۔ اصطلاح اطبا میں اس ترکیب کو کہتے ہیں جس سے دوا سریع التاثیر وسریع النفوذ ہو جاتی ہے۔ جیسے ابرک کو باریک کر کے چند گٹھلیاں چھوہارہ کی ملا کر پوٹلی میں باندھ کر گرم پانی میں تلتے ہیں۔ تاکہ ابرک چھن کر پانی میں آجاوے پھر اسکو خشک کر کے نوشادر اور شہد ملا کر ظرف گلی میں گل حکمت کر کے تین شبانہ روز سخت آگ دیتے ہیں۔ حتی کہ نوشادر کا دخان اڑ جاتا ہے پھر شورہ ہموزن ملا کر ایک مرتبہ اور آگ دیتے ہیں۔ جس سے مکلس ہو جاتا ہے یہ بواسیر فالج کے لئے مفید ہے۔

ترویق۔ اصطلاح اطبا میں عرق نچوڑ لینے کو کہتے ہیں۔ ادویہ کے سبز پتے باریک پیس کر اسکا عرق نچوڑ کر پانی میں پکاتے ہیں۔ حتے کہ پھٹ کر پانی لطیف ہو جاوے۔ اور کثیف اجزا علیحدہ۔ جیسے کاسنی۔ مکو۔ مولی وغیرہ۔

غسل وتصویل۔ دواؤں کو بغرض صفائی یا سرد ہونے کے لئے یہ عمل کیا جاتا ہے۔ تاکہ جو اجزا قابل نکالنے کے ہیں دھونے سے تہ نشین ہو جاویں مثلاً چاک مٹی کو پانی میں گھولو۔ اوپر کا پانی لیکر دوسرے برتن میں جمع کرو۔ جہاں تک ہو سکے ایسے ہی عمل کرتے جاؤ اور تہ نشین چاک مغسول ہے کام میں لاؤ۔ اور روغنوں کو سرد پانی یا برف ملا کر تھوڑی دیر آگ پر پکاتے ہیں جب فضلہ اور خراب اجزا حل ہو کر نیچے بیٹھ جائیں اور صاف روغن پانی پر آجائے اسوقت سرد کر کے روغن کو اتار لیتے ہیں۔ کبھی مکھن گھی کو پانی میں ملا کر خوب دھوتے ہیں جو عام مشہور ہے۔

شربت۔ موجد اسکا فیثا غورث ہے جسنے ابتدا میں سکنجبین۔ شہد سرکہ ملا کر تیار کی تھی۔ بعد کو مختلف قسم کے عرقیات اور جوشاندے تیار کئے گئے۔ ظاہرہ شربت کے دو فائدے ہیں ایک تو دیر یا دوکر مریض بہ سبب مٹھاس برضا و رغبت پی لیتا ہے چونکہ مٹھائی معدہ کو بہت مرغوب ہے جس سے دوا کے اثرات میں تیزی کی وجہ سے بہت جلد تصرف کرنا شروع کر دیتا ہے۔

ترکیب شربت بنانے کی یہ ہے۔ کہ ادویہ جو کوٹنے کے لائق ہے جو کوب کرکے رات بھر بھگو رکھتے ہیں صبح کو جوش دیتے ہیں پھر ادویہ کو مل چھانکر صاف عرق میں وزن ادویہ کے چند مصری یا چینی یا شہد ملا کر قوام کرکے اوتار لیتے ہیں۔ اگر بھپکا شربت بنانا ہو تو اول عرق نکالکر اسقدر اسکو پکائیں کہ نصف رہجاوے پھر اس پکے ہوئے عرق کے ہموزن مصری ملا کر قوام کرلیں۔ اگر کوئی خوشبودار شے ملانا ہو تو قوام کی تیاری کیوقت شامل کردیں۔

رب۔ بوٹیوں کا عرق نکالکر مقطر کرکے کسی ایسے برتن میں رکھو جو ایک بڑے برتن یا پانی بھرے پر آسکے۔ کیونکہ عرق کے برتن کو پانی والے برتن کے منہ پر رکھکر بھاپ سے حرارت پہونچا کر گاڑھا کیا جاتا ہے تاکہ جوہر کے اجزا زیادتی حرارت سے اوڑ جاویں۔ مثلاً تخم کاسنی ایک سیر کوٹ کر چار سیر پانی میں بارہ گھنٹہ بھگو کر نچوڑ لیں۔ بعدہ انھیں بھگوں ہیں۔ دو سیر اور پانی ڈالکر چھ گھنٹے کے بعد نچوڑ لیں اب کل عرق کو فلالین میں چھانکر مذکور الصدر ترکیب سے گاڑھا کرلیں۔ اگر مصری ملانی منظور ہو تو عرق کے چہارم حصہ کے برابر مصری ملالیں۔ یا کوئی رب۔ جیسے شہتوت کا رب۔

شراب مکیف ۔ آب افشردہ میوجات کپڑے میں چھانکر عرق کے سولھویں (۱۶) حصہ کے برابر مصری ملاکر پکاویں جب چہارم حصہ جلجاوے تو اسکو و حصوب میں اتنے عرصہ تک رکھیں کہ ترشی معلوم ہو۔ پھر استعمال کریں یہ کیف خفیف ہوتا ہے۔ اور ایک شراب وہ ہے کہ ادویہ کو روح الخمر میں چوبیس (۲۴) گھنٹہ یا سات روز بھگو کر چھان لیں اسکو انگریزی میں ٹنکچر لکھتے ہیں۔

معجون

موجد اسکا حکیم دیوجانس ہے لیکن حکیم بقراط نے دواؤں کو پیسکر شہد ملایا پھر حکیم سقراط نے معجون کو قوام سے تیار کیا۔ غرض اس طریقہ سے قوت یا گرمی بسہولیت اور عمدہ طور سے پہنچتی ہے۔ اور عرصہ تک خراب نہیں ہوتی۔ ترکیب معجون بنانے کی یہ ہے کہ دواؤں کو باریک کرکے مغزیات کا شیرہ نکالکر کل دواؤں کے ۳ حصہ شکر یا مصری ملاکر قوام تیار کریں اور ادویہ باریک شدہ کو اسی قوام میں ملادیں اور قوام ایسا ہو کہ نہ پتلا ہو نہ بہت خشک۔

خمیرہ

خمیرہ۔ اول دواؤں کو جوش دیں اور اسکا صاف و لطیف عرق چھانکر چینی ملاکر ایسا قوام بنائیں جو شربت اور معجون کے درمیانی ہو (نہ بہت گاڑھا نہ پتلا)

لعوب۔ بعض مغزیات کا شیرہ نکالکر شہد کے مانند قوام بنا لیتے ہیں۔

لعوق

دواؤں کو خوب کوٹ چھانکر اور مغزیات کو پیسکر۔ مربجات کا خیرہ کرکے دواؤں میں تگنی شکر یا مصری کا قوام کرکے پہلے اس میں مربجات کا خیرہ ملا کر پھر خشک دوائیں ملا کر پکائیں اسکا قوام شربت سے گاڑھا معجون سے پتلا ہونا چاہئے۔ تاکہ بآسانی زبان سے نیچے اوتر جاوے اور حلق سے گذرتے گذرتے اثر ہو جاوے قوام گاڑھا ہوگا تو اثر باقاعدہ مقررہ وقت پر ہوگا جیسا کہ طبیبوں نے لکھا ہے

حقنہ

دستور۔ جب کسی مریض کو دست لاگنے۔ یا بوجہ قے ہو جانے کے مقعد کے راستہ سے شوربا یا دودھ تغذیہ کے طور سے یا واقع درد مقعد کے یا کسی جاذب دوا وغیرہ کے پہونچانے کے لئے جو رقیق چیز پچکاری کے ذریعہ مقعد میں پہونچاتے ہیں اسکو حقنہ کہتے ہیں۔ اس میں عجیب و غریب حکمت یہ ہے۔ کہ جب غذا کھانے سے قے ہو جاتی ہو یا معدہ میں زخم ہو۔ اس صورت میں جب غذا معدہ میں پہونچے گی تو فعل ہضم تو معدہ سے یا شوربہ وغیرہ کے ضرور جاری ہوگا۔ اور اگر ایسا نہ ہو تو ذی روح کی زندگی کیسے ہو سکتی ہے یا یوں کہو کہ فعل انہضام کا خود بسبب معدہ کے راستہ سے منحصر ہوتا تو بعض مریض امراض معدہ میں عدم رسی غذا کے کیونکر زندہ رہ سکتے تھے اسلئے قدرت نے انسانی بچاؤ کے لئے کئی ایک صورتیں مقرر کردی ہیں تاکہ کمی قوت کی وجہ سے مریض راہی ملک

بقا نہو جاوے۔ چنانچہ فی زمانہ ایک کی کمی خون کو دوسرے کے خون سے پورا کر دیتے ہیں جسکو انگریزی میں ٹرانسفیوژن آف بلڈ کہتے ہیں۔ غرض ایسی ایسی صورتیں مخلوق کی بہتری کیواسطے ایجاد کی جاتی ہیں از انجملہ ایک دستور ہے کہ ما سار یقا یا جھلی کے ذریعہ وہ شے انسل و ارقلیت میں پہونچ جاتی ہے۔ اور وہاں سے اصلی غذائیت کے لائق ہوکر یعنی خون بنکر جابجا پہنچتا ہے۔ جس سے مریض کمزور اور نڈھال نہیں ہو سکتا ہے کہتے ہیں کہ اس حقنہ کا عمل پہلے پہل ایک حکیم نے کوے کو دوسرے کوے پر کرتے دیکھا تھا۔ کسی جگہ کوئی حکیم سمندر کنارہ جا رہا تھا کہ ایک کوا وہاں بیٹھا ہوا دیکھا۔ کچھ عرصہ بعد ایک کوا اور آیا جو مضمحل و بدحواس تھا اس نو وارد کوے نے پہلے کوے سے کچھ باتیں کیں چنانچہ اس نے اُس شور پانی سے ایک چونچ بھر کر۔ اسکی مقعد میں ڈالدیا۔ تھوڑی دیر بعد مریض کوے کو ایک دست آیا جس سے اسکے ہوش و حواس درست ہو گئے۔ حکیم صاحب نے اس ترکیب کا تجربہ کسی ایک طریقہ سے کیا حتی کہ خاصکر اس عمل کے لئے آلہ بھی ایجاد کرایا وہ آلہ روز بروز نئی نئی صورت اختیار کرتے کرتے اب انگریزی میں ایک ایسی آسان اور سہل صورت میں منتقل ہو گیا کہ جسکو مریض خود بھی استعمال کر سکتا ہے۔ جسکو انڈیا ربڑ انیما سرنج کہتے ہیں۔

ترکیب جوہر نکالنے کی تیزاب یا پانی سے

جوہر عموماً ترش عرق میں حل ہو جایا کرتے ہیں اسلئے حکما و جن ادویات کا جوہر نکالنا چاہتے ہیں انکو تیز آب سرکہ یا ملکے تیزاب گندھک میں خوب باریک کر کے تین تا نو روز بھگو دیتے ہیں۔ تیزاب کی قوت جوہروں کو حل کر لیتی ہے۔ لہذا میں

روز کے عرق کو مقطر کرکے بقایا ادویہ میں اور تھوڑا پانی ڈالکر اسکو بھی مقطر کرلیں۔ اب کل عرق میں کیونکہ کھاری دوا کا عرق مثل سجی یا سوڈا وغیرہ کے داخل کریں تاکہ جوش کھاکر جوہر اوپر کو آجائیں۔ پھر انکو چھان لیں۔ اب جوہر نکالے ہوؤں کو کھاری عرق سے کئی مرتبہ دھو کر کسی جاذب کاغذ پر رکھکر خشک کرلیں۔ طریقہ خوراک پہلے یہ اندازہ کرنا چاہئے کہ ایک سیر دوا میں کسقدر جوہر برآمد ہوا مثلاً ایک سیر دوا میں دس ماشہ جوہر نکلا ہے اور دوا کی خوراک ایک تولہ ہے تو اس حساب سے دس ماشہ کو ایک سیر کے اسی تولہ پر تقسیم کیا تو فی خوراک ایک رتی آتی ہے کیونکہ دس ماشہ کی اسی رتیاں ہوتی ہیں اور ایک سیر کے اسی تولہ فی تولہ دوا دینے کے بجائے ایک رتی جوہر دینا چاہئے۔

ترکیب جوہر گلو نکالنے کی

سبز گلو کوٹ کر کسی مٹی کے برتن یا قلعی دار برتن میں ایک شبانہ روز بھگو کر صبح کو خوب ملکر موٹے کپڑے میں چھانیں۔ پھر اس میں تھوڑا سرد پانی ملاکر جائے محفوظ میں گرد و غبار سے بچاکر رکھ دیں تاکہ ست تہ نشین ہوجائے اور پانی صاف اوپر آجائے۔ پھر اس پانی کو بغیر ہلائے فلالین کی بتی سے نکال دیا جاوے تو ست نیچے بیٹھا رہے گا۔

آسان ترکیب مقطر کرنے کی

ایک برتن مٹی یا قلعی دار مثل پیالے کے گہرا بنوا لیا جاوے اور اسکے دو تہائی نیچے کے حصہ پر ایک نالی مانند عرق نکالنے والے بھبکے کے لگائی جاوے جب کسی ایسے دوا کے جوہر کا پانی مقطر کرنا ہو تو پہلے اس کی نالی میں بکار رکھ

لگا کر بند کر دیا جائے۔

جب ست تہ نشین ہو جائے تو کچھ پانی بسہولت کارک کھولکر نکال دو اور بقایا کے لئے فلالین کی بتی بنا کر بجائے کارک کے لگا دو جو آہستہ آہستہ پانی مقطر ہو جائے گا پھر ست کو کسی جاذب کاغذ پر رکھ کر خشک کر لو۔

جوہر بذریعہ آگ کے اوڑانا

اس عمل کی آسانی کیواسطے دو پیالے بنوائے جائیں جو ایک کا کنارہ دوسرے پیالے کے دراز دار کنارہ میں داخل ہو کر بخارات کو نکلنے سے روک سکے اس ترکیب سے جوہروں کے نکلنے کو دیکھ سکتے ہیں۔ اب جس دوا کا جوہر نکالنا ہو باریک کر کے پیالے میں ڈالکر پھیلا دو بعد کو نرم آگ سے جوہر اوڑا لو خوراک مانند تیزاب والے جوہر کے نکالکر استعمال کرنا چاہئے۔

غذا کا بیان

ستہ ضروریہ میں سے ایک غذا بھی ہے کہ تمام جسم کی نشو و نما کا دار و مدار اسی پر منحصر ہے جب یہ بدن میں وارد ہوتی ہے تو صورت غذائی کو چھوڑ کر تحلیل شدہ ذرات کے بجائے جزو بدن ہونے کے لئے صورت خلطی کو اختیار کر لیتی ہے۔ اور بدن میں کوئی تغیر نہیں پیدا ہوا کرتا ہے۔ لیکن دوا جزو بدن نہیں ہوتی بلکہ وہ حرارت بدن سے متغیر ہو کر اپنی کیفیت سے بدن کو بدلکر طرح طرح کے اثر پہونچاتی ہے۔ اور زہر وارثے تندرستی کی حالت میں اپنی صورت نوعیہ سے بدن انسان کو فاسد اور خراب کر دیتی ہے۔

غرض انسانی زندگی کے لئے غذا ضروریات میں سے ہے اسلئے مختصر ذکر کیا جاتا ہے

کہ غذا کے اجزا ایل ہا مکمل ہونا چاہئے چنانچہ ضروریات بدن منقسم بہ چہار جماعت ہین اُس میں تمام پرورشی اجزا موجود ہوا کرتے ہیں ۔ مثلاً (۱) وہ غذا جسمیں اجزا لحمیہ ہوں جیسے گوشت ہر قسم کی دال ۔ چنا ۔ مونگ ۔ گندم مٹر وغیرہ (۲) وہ غذا جس میں روغنی اجزا ہوں ۔ گندم ۔ جو ۔ مکئی ۔ گوبی ۔ وغیرہ (۳) وہ غذا جس میں میٹھا ہو ۔ جیسے نشاستہ گندم شیرینی مرکب گنا وغیرہ ۔ (۴) وہ غذا جس مین نمک ہو ۔ جیسے گوشت ۔ چاول ۔ باجرہ ۔ مٹر ۔ وغیرہ ۔ غرض ہر ایک غذا میں یہ اجزا ہونے چاہئے ۔ لہذا چند اشیاء کے نام معہ اجزائے مذکورہ اور میعاد ہاضمہ کی درج کئے جاتے ہین ۔

نقشہ اجزائے غذا ضروریہ حساب فیصدی

نام جنس	پانی	اجزاء لحمیہ	اجزاء روغنی	اجزاء نشاستہ دار	نمک	میعاد ہضم	
						گھنٹہ	منٹ
آرد گندم	۱۴۰	۱۴،۶	۱،۲	۸۹،۱۶	۱،۶	۳	۳۰
انڈا نیم برشت	۰	۰	۰	۰	۰	۲	۳۰
جو	۱۵،۵	۱۱،۲۹	۲،۱۳	۶۶،۱۱	۱،۹۱	۳	۳۰
انڈا بہنا ہوا	۰	۰	۰	۰	۰	۲	۱۵
باجرہ	۱۱،۸	۷،۱۳	۴،۶۲	۷۳،۸۵	۲،۶	۳	۴۰
انڈا زیادہ ابلا ہوا	۰	۰	۰	۰	۰	۳	۳۰
برنج	۱۰،۸	۵،۹	۸،۰	۸۳،۱۲	۰،۵		
خشکہ	۱۱	۰	۰	۰	۰	۱	۰

لگا کر بند کر دیا جاتا ہے۔

جب ست تہ نشین ہو جائے تو کچھ پانی بسہولت کارک کھولکر نکال دو اور بقایا کے لئے فلالین کی بتی بناکر بجائے کارک کے لگا دو جو آہستہ آہستہ پانی منقطر ہو جائے گا پھر ست کو کسی جاذب کاغذ پر رکھ کر خشک کر لو۔

جوہر بذریعہ آگ کے اڑانا

اس عمل کی آسانی کیواسطے دو پیالے ہو جائے جا میں جو ایک کا کنارہ دوسرے پیالے کے دراز دار کنارہ میں داخل ہو کر بخارات کو نکلنے سے روک سکے اس ترکیب سے جوہروں کے نکلنے کو دیکھ سکتے ہیں۔ اب جس دوا کا جوہر نکالنا ہو باریک کرکے پیالے میں ڈالکر پھیلا دو بعد کو نرم آگ سے جوہر اڑا لو خوراک مانند تیزاب والے جوہر کے نکالکر استعمال کرنا چاہئے۔

غذا کا بیان

ستہ ضروریہ میں سے ایک غذا بھی ہے کہ تمام جسم کی نشو و نما کا دار و مدار اسی پر منحصر ہے جب یہ بدن میں وارد ہوتی ہے تو صورت غذائی کو چھوڑ کر تحلیل شدہ ذرات کے بجائے جزو بدن ہونے کے لئے صورت خلطی کو اختیار کرتی ہے۔ اور بدن میں کوئی تغیر نہیں پیدا ہوا کرتا ہے۔ لیکن دوا جزو بدن نہیں ہوتی بلکہ وہ حرارت بدن سے متغیر ہو کر اپنی کیفیت سے بدن کو بدلکر طرح طرح کے اثر پہونچاتی ہے۔ اور ہر دار شے تندرستی کی حالت میں اپنی صورت نوعیہ سے بدن انسان کو فاسد اور خراب کر دیتی ہے۔

غرض انسانی زندگی کے لئے غذا ضروریات میں سے ہے اسلئے مختصر ذکر کیا جاتا ہے

کہ غذا کے اجزا بدل ما یتحلل ہونا چاہئے چنانچہ ضروریات بدن منقسم بہ چہار
جماعت ہیں اُس میں تمام پرورشی اجزا موجود ہوا کرتے ہیں۔ مثلاً (۱) وہ غذا
جس میں اجزا لحمیہ ہوں جیسے گوشت ہر قسم کی دال۔ چنا۔ مونگ۔ گندم
مٹر وغیرہ (۲) وہ غذا جس میں روغنی اجزا ہوں۔ گندم۔ جو۔ مکئی۔ گوبی۔ وغیرہ
(۳) وہ غذا جس میں میٹھا ہو۔ جیسے نشاستہ گندم شکر شیرینی مرکب گنا وغیرہ
(۴) وہ غذا جس میں نمک ہو۔ جیسے گوشت۔ چاول۔ باجرہ۔ مٹر۔ وغیرہ۔
غرض ہر ایک غذا میں یہ اجزا ہونے چاہئے۔ لہذا چند اشیاء کے نام بمعہ
اجزائے مذکورہ اور میعاد ہاضمہ کی درج کئے جاتے ہیں۔

نقشہ اجزاے غذاے ضروریہ بحساب فیصدی

نام جنس	پانی	اجزا لحمیہ	اجزا روغنی	اجزا نشاستہ و شکر	نمکیات	میعاد ہضم گھنٹہ	میعاد ہضم منٹ
آرد گندم	۱۴	۱۲٫۶	۱٫۲	۸۶٫۶	۱٫۶	۳	۳۰
انڈا نیم برشت	۰	۰	۰	۰	۰	۲	۳۰
جو	۱۵٫۵	۱۱٫۲۹	۲٫۱۲	۶۶٫۱۱	۱٫۹۱	۳	۳۰
انڈا بھنا ہوا	۰	۰	۰	۰	۰	۲	۱۵
باجرہ	۱۱٫۸	۷٫۱۳	۴٫۶۲	۶۳٫۸۵	۲٫۶	۳	۴۰
انڈا زیادہ ابلا ہوا	۰	۰	۰	۰	۰	۳	۳۰
برنج	۱۰٫۸	۵٫۹	۰٫۸	۸۳٫۱۲	۰٫۵		
خشکہ ,,	،	۰	۰	۰	۰	۱	

نام جنس	پانی فی صدی	اجزاء لحمیہ	اجزاء روغنی	اجزاء نشاستہ	نمک	میعاد ہضم گھنٹے	منٹ
پلاؤ						۳	۴۵
ساگودانہ	۱۵٫۰	۱٫۵	۰	۸۳٫۵	۰	۱	۴۵
انڈا	۷۳٫۴	۱۴٫۰	۱۰٫۵	۰	۱٫۵	۱	۳۰
اراروٹ	۱۸٫۰		۰	۸۲٫۰	۰	۱	۳۰
دال ماش	۱۲٫۴۴	۲۴٫۷۳	۱٫۳۶	۵۵٫۳۰	۳٫۱۷	۲	۴۰
〃 مونگ	۱۶٫۵	۲۳٫۶	۱٫۴	۵۶٫۰	۱۲٫۵	۲	۳۰
دودھ گائے	۸۶٫۰	۴٫۵	۴٫۰	۵٫۰	۰٫۵	۲	
گوبھی	۹۱	۱٫	۰٫۵	۵٫۹۸	۰٫۷	۳	۳۰
گاجر	۸۵٫۴	۲٫۶	۴٫۵	۸٫۴	۱٫۰	۳	۳۰
شلغم	۸۸٫۰	۲٫۵	۲٫۰	۱٫۵	۱٫۰	۱	۳۰
گوشت بکری	۶۹٫۷	۲۰٫۵	۷٫۵	۰	۱٫۳	۳	۰
〃 ہرن	۷۴٫۸	۲۰٫۴	۸٫۰	۰	۲٫۸	۱	۳۰
〃 بھیڑ	۷۴٫۰	۱۹٫۰	۵٫۰	۰	۲٫۰	۳	۰
〃 گائے	۵۴٫۷	۲۳٫۶۲	۱۴٫۰	۰	۴	۲	۰
〃 مرغ	۷۱٫۳	۲۱	۳٫۸	۰	۱٫۲	۳	۳۰
مکھن	۷۱٫۲۵	۱	۹٫۵		۱	۴	۳۰
مچھلی	۷۶٫۰	۱۹٫۰	۱٫۰	۰	۱٫۰	۲	۰
ملائی	۶۶	۲٫۷	۲۶٫۷	۳٫۸	۰٫۷	۳	۰

چند قواعد۔ بخار کی حالت میں لوزتین گلیٹوں کی رطوبت خشک ہونے
کی وجہ سے منہ خشک رہتا ہے تو اسحالت میں نشاستہ دار شئے مریض کو
دینے میں بہت احتیاط رکھنی چاہئے کیونکہ رطوبت لوزتین اس نشاستہ
والی شئے کے ہاضمہ میں معاون وغیرہ ہوا کرتی ہے جبکہ وہ بخار کی وجہ سے
خشک ہوکر کمی پر ہو تو ایسی غذا کا ہضم ہونا مشکل ہے اس حالت میں
طبیعت کو ہاضمہ میں بہت دقت پیش آئے گی۔

قدرت نے ہر ایک عضو کو کسی خاص خاص فعل کیواسطے پیدا کیا ہے
خاصکر اُس سے وہی فعل سرزد ہوا کرتے ہیں۔ جیسے معدہ میں گوشت وغیرہ کے
ہضم کرنے اور امعاء میں سبزی کی۔ جب معدہ اور آنتیں بیمار ہوں تو اُن کے
فعل کا ضرور خیال کرکے غذا کو برعکس کر دیا جاوے۔

ہر ایک غذا مطابق بیماری کے ہونی چاہئے نہ کہ ہر ایک جگہ دال مونگ کی

نام غذا اور ترکیب بنانیکی۔ زیرباج فروج یعنی شوربہ چوزہ۔ اس میں
سرکہ۔ زیرہ۔ دارچینی۔ دھنیا۔ چنے کی دال۔ مغز بادام۔ زعفران۔ دیسی شکر
سفید وغیرہ حسب رائے طبیب تیار کرنا چاہئے یہ غذا صفراوی خون کی جوش
میں دیتے ہیں اور دال مونگ بھی حرارت اور حرارت سوزش صفرا و خون کو
ساکن کرتی ہے۔ غیر مقشر ملین۔ بریان قابض۔

شلہ مونگ۔ روغن بادام ڈالکر ہریسہ بناتے ہیں۔ ایسی غذا میں جسمیں بادام
ڈالے جاتے ہیں سوداوی امراض میں دیجاتی ہیں۔

شلہ مسور مقشر روغن بادام ڈالکر شیر بنایا جاتا ہے اور ماء الشعیر وغیرہ۔ جو جوش
خون میں دیے جاتے ہیں۔

امراض جگر میں چڑیوں جنگلی پرندوں کے گوشت کا استعمال ہونا چاہئے۔

اسفیدباج - یہ شوربا بے مصالحہ اور ترشی کا گرم مزاج والوں کو دیتے ہیں۔

ترکیب آش جو - جو ایک چھٹانک پندرہ چھٹانک پانی میں جوش دیکر پانی کو پھینک دیں بعد کو اسیقدر پانی ڈالکر جوش دیکر اوتار کر چھان لیں کبھی اسکے آخری جوش دیتے ہوئے میں کہالنسی کے لئے سپستان اور عناب بھی شامل کر دیتے ہیں۔ کبھی کوئی خوشبودار شے یا دارچینی۔ پوست لیموں اور روغن بادام۔ ایسی ہی آب نخود بناتے ہیں یہ غذا سخت حرارت کے خارج ہونیکے لئے دیتے ہیں کبھی آش جو میں دودھ ملا کر دیتے ہیں۔

ترکیب اراروٹ - دو تولہ اراروٹ میں چھ چھٹانک پانی یا دودھ کو تھوڑا تھوڑا ڈالکر لکڑی سے چلاتے جائیں تاکہ گٹھلیں نہ پڑ جائیں اب کل دودھ کو آگ پر رکھ کر جوش دو پھر تھوڑا تھوڑا دودھ اراروٹ میں ملا کر چمچہ سے ہلاتے جاؤ پھر پنسٹ آگ پر جوش دیکر اوتار لو یہ غذا ہلکی غذا اور قابض ہے۔

ساگودانہ - نصف چھٹانک صاف کیا ہوا ساگودانہ نصف سیر پانی یا دودھ میں جوش دیں اور چمچہ سے ہلاتے جائیں۔ جب پختہ ہو کر پتلا رہے تو اتار لیں یہ غذا ملین کبھی اسمیں زردی بیضہ یا گوشت کا شوربہ ملا دیتے ہیں تاکہ مقوی ہو جاوے

کھچڑی - مونگ کی کھچڑی زود ہضم اور نرم غذا ہے غرض جیسی مرض اور جس خلط کے متعلق ہو بلحاظ کمزوری اور طاقت کے غذا دینا چاہئے۔

قاعدہ - بعض دفعہ دوائی کی خوراک کی مقدار میں بہت کچھ فرق پڑ جاتا ہے جیسے ریوند چینی اگر تھوڑی مقدار میں دیجاوے تو مقوی معدہ ہے اور زیادہ مقدار میں دست آور ایسے ہی سنکھیا کم مقدار میں مقوی اعصاب دافع بخار وغیرہ زیادہ مقدار میں زہر قاتل نیز القیاس شلجیا وغیرہ قاعدہ ہے کہ اگر ایسی دوائیاں آہستہ آہستہ بڑھائی جائیں تو ایک تو طبیعت میں اثر

دیر تک قایم رہتا ہے ہوکر طبیعت عادی ہوکر اس مقدار کی برداشت کر سکتی ہے۔

قاعدہ ۷۔ حکماء نے دوا کی ساخت کی صورت میں حکمت پوشیدہ رکھی ہے کہ انکی صورت کے لحاظ سے بھی جدا گانہ اثر ہوا کرتا ہے مثل لعوق کے زبان پر رکھتے ہی جھلّی کے ذریعہ اثر شروع ہو جاتا ہے اور گولی کا دو گھنٹہ بعد سفوف کا بہ نسبت گولی کے جلد ہوتا ہے اور عرق کا ہر دو سے جلد اثر نمایاں ہوتا ہے غرض لطیف اور زود ہضم جیسے دوا ہوگی ویسے ہی جلد اثر ہوگا۔

قاعدہ ۸ بعض مرتبہ نسخہ میں اصلی جز میں کوئی دوا بدمزہ بھی ہوا کرتی ہے جس سے دل متلاتا اور برا ہوا کرتا ہے اسلیئے اسمیں کوئی خوشبودار دوا جو اسکی مصلح ہو شامل کر دینی چاہیئے تاکہ اسکا ذائقہ بدل جائے۔

قاعدہ ۹ جن دواؤں کی جڑ یا بیج جسم کے جس حصہ کے مشکل ہونگے انکا اثر عموماً اس حصہ پر ہوگا جیسے کلیتھ کا گردہ پر اور جڑوں کا اور

قاعدہ ۱۰۔ جن دواؤں کے گرہوں میں سوراخ ہوں وہ زخموں کے لئے مفید ہونگی جیسے غافث رعی الحمام۔

قاعدہ ۱۱۔ جن دواؤں میں لزوجت۔ لعاب چیچپاہٹ ہو وہ زخم کیلئے مفید ہیں جیسے خطمی انزروت کندر دم الاخوین وغیرہ۔

قاعدہ ۱۲۔ جن دواؤں کی پتیوں میں سوراخ اور بیجی ہو خارش وغیرہ کے لئے فائدہ بخش ہیں۔

قاعدہ ۱۳۔ جن دواؤں کی مشابہت کسی حیوان سے ہے وہ دوائی اس حیوان کے کاٹے ہوئے کی تریاق ہے جو اسکا مشابہ ہے جیسے بچھو کیلئے درونج عقربی بچھوپل بیخ لبکیرہ وغیرہ۔

یہ باتیں قابل یادداشت ہیں جن سے دواؤں میں فرق پڑ جاتا ہے۔

قاعدہ ۱- اول عمر جس پر دواؤں کا اثر مختلف طور پر ہوا کرتا ہے بچپن سے جوانی تک آہستہ آہستہ خوراک بڑھانا چاہیے اور ۲۰ سال سے زمانہ کہولیت جو ۶۰ برس کا ہے نہ بڑھائیے یا گھٹائیے لیکن بعد ۶۰ سال کے کہ قوائے جسمانی قدرتی طور پر کمزور ہوتے جاتے ہیں وہاں دوا کی مقدار گھٹاتے جانا چاہیے۔

قاعدہ ۲- نسخہ نویسی میں عورت، بچہ، خسرہ، پیشہ، رہائش وغیرہ کا بھی لحاظ ضرور رکھنا چاہیے۔ عورت نازک طبع ہوتی ہے جو معمولی سبب سے اسکے نظام عصبی کو تحریک شروع ہو جاتی ہے اس لئے مردوں کی بہ نسبت اسکو کم مقدار میں دوا دینی چاہیے اور ایام حمل اور رضاعت وغیرہ کا بھی ضرور لحاظ رکھنا چاہیے۔ ایام حمل اور رضاعت میں تیز جلاب نہ دینا چاہیے اور نہ کوئی زہریلی دوا دینی چاہیے جو شیر میں جذب ہو کر بچہ کو نقصان پہنچائے بچوں میں سردی زیادہ ہوا کرتی ہے ان کے علاج میں بہت بڑا خیال رہے

قاعدہ ۳- مزاج کا اثر مختلف طور پر ہوا کرتا ہے جیسے دموی مزاج والوں میں غلبہ خون کے امراض کی برداشت زیادہ ہوتی ہے اور بلغمی کمزور کرنے والی دوایاں برداشت نہیں کر سکتا کیونکہ بلغم کی وجہ سے بیشتر ہی کمزور طبیعت اور سست ہوا کرتی ہے۔

صفراوی مزاج والوں کو قدرتی آلات الہضم کا مرض ہوا کرتا ہے اس لئے تھوڑے سے مسہل سے انکو جلاب ہو جایا کرتا ہے۔

سوداوی مزاج والوں میں خشک دوائیں مضر پڑا کرتی ہیں ان کی اصلاح

کا ضرور خیال رہے۔

قاعدہ ۴- جب عرصہ تک کوئی دوا استعمال کیجاوے تو طبیعت اس کی عادی ہوجاتی ہے اس لئے اس کے اثر پیدا کرنے کے لئے کافی خوراک دینا چاہئے تاکہ دوا کا اثر بخوبی نمایاں ہو۔

قاعدہ ۵- بعض طبیعتیں اس قسم کی واقع ہوئی ہیں جن پر دوائی یا بعض غذا کا اثر برعکس ہوا کرتا ہے جیسے بعض کو مچھلی سے سمیت پیدا ہوتی ہے اور مسہل سے قبضی علی ہذا القیاس دودھ سے بھی۔

قاعدہ ۶- جو شخص افیون کھاتا ہو اسکو پارہ کے مرکبات سے نشہ آجاتا

قاعدہ ۷- مریض پر طبیعت کی خوش اخلاقی یا بداخلاقی کا بہت بڑا اثر پڑا کرتا ہے اسلئے طبیب کو خوش اخلاقی کا طرز طریقہ علاج میں برتنا چاہئے اور مریض کو دوا دیکر اپنی شیرین کلامی سے دوا کی تاثیر کی بابت اس انداز سے گفتگو کرنا چاہئے جس پر مریض کو یہ بھروسہ ہوجاوے کہ اس طبیب کے علاج سے ضرور فائدہ ہوگا۔

مریض کو دوا کسطرح اور کس وقت دینا چاہئے

(۱) خشک دوائی کی بہ نسبت عرق بہت جلد اثر کرتا ہے جیسا ذکر قاعدہ ۷ میں مختصر ہوچکا ہے لہذا یہاں پر شرح وار بیان کیا جاتا ہے کہ اگر یہ منظور ہو کر دوا بہت جلد جذب ہو تو خلو معدہ میں عرق کے طور پر دینا چاہئے کیونکہ سفوف جس وقت دیا جاتا ہے تو پہلے تو سفوف معدہ کی رطوبت میں حل ہوگا اور خون حرارت پہونچانے کے لئے معدہ کی طرف رجوع کرے گا بعد کو معدہ سے خون کیطرف پہنچیگا تو اس صورت میں بہت عرصہ دراز چاہئے لیکن عرق فوراً

جذبیت کے ذریعہ پہونچیگا۔ جب اثر پہونچنا شروع ہوجاتا ہے اور چاہو کہ دوا کا اثر بہت دیر میں ہو تو خشک دوا بعد غذا کے دیدو۔ غرض بہتر یہ ہے کہ معدہ اور آنتوں پر اثر کرنے کے لئے دوا کا موقع اور محل کا ضرور خیال رکھا جاوے اور یاد رہے کہ خراش دار امراض میں دوا غذا سے قبل ایک گھنٹہ یا دو گھنٹہ پہلے دیتے ہیں تاکہ وہ اپنی تاثیر سے خراش کرکے غذا کو باہر نہ نکالدے۔

(۳) نمکین و کھاری دوائیں ایک گھنٹہ پہلے یا بعد از ہضم دینا چاہئے کیونکہ معدہ میں ہاضمہ کیواسطے ترشی کی ضرورت ہے نہ کھاری کی بلکہ جب کھاری دوا کھلائی جاتی ہے تو خون میں ملکر خوب جذب ہوتی ہے اور جو بقایا رہجاتی ہے وہ معدہ کی ترشی جس سے غذا ہضم ہوتی ہے زائل کردیتی ہے جسکی وجہ سے ہاضمہ خراب اور ردی ہوکر معدہ خراب ہوجاتا ہے۔

(۴) جب مریض کو فربہ یا خون میں دوا کی تاثیر کو جذب کرنا منظور ہو تو ایسے وقت میں دوا دیجاوے جبکہ فعل ہاضمہ نصف گھنٹہ بعد شروع ہوتا ہے (۵) جن دواؤں سے معدہ میں خراش ہوجاتی ہے انکو نہار منہ ہرگز نہ دینا چاہئے جیسے کہ سنکھیا

(۶) جست اور دوا جب دینے کی ضرورت ہو تو غذا ایک گھنٹہ پہلے اور بعد از غذا چار گھنٹہ جو ہاضمہ کے خاتمہ کا وقت ہے اسوقت کیمس کے ساتھ ملکر اثر ہوگا

(۷) کرم کش دوا مین شربت ملاکر نہار منہ دینا چاہئے بلکہ اول جلاب دیکر بعد کو نہار منہ دینے سے جلد اثر ہوتا ہے کیونکہ جب آنتوں میں کچھ غذا نہ ہوگی تو کرم اسکو بجائے غذا کھاکر ہلاک ہوجاوینگے۔

ترکیب مقدار خوراک دریافت کرنے کی

جوان آدمی کیواسطے تخم کاہو کی ۹ ماشہ ہے تو ایک سال بچے کے واسطے

چھہ ۶۰ رتی تخم کا ہوگی خوراک ہوگی اس حساب سے ایک ماہ کے بچہ کے لیئے ½ رتی کافی ہے
اسی حساب سے عام خوراکیں نکال لی جاویں۔

نافصات

بنسخہ لکھتے وقت یہ ضرور خیال رہے کہ نسخہ مجوزہ کی دوائوں میں باہم ضد نہو ورنہ دوا جس مطلب کیواسطے دیگئی ہے اثر نہوگا یا مریض کو نقصان پہونچے گا۔

مثلاً افیون قابض اور دہتورہ لفاح ستر نجی ہے۔
یعنے افیون پتلیوں کو سمیٹ لی ہے دہتورہ لفاح سیاہ نکو پہیلاتی ہے جب یہ آپس میں ملینگے مریض کو نقصان پہونچے گا نسخہ استعمال کرتے وقت شیشی کو ہلا لینا چاہیے تاکہ جو اجزا تہ نشین ہو کر بیٹھ گئے ہیں آپس میں ملجاویں جس سے اثر میں کچھ فرق نہ پڑے بلکہ معجون وغیرہ کو ملا لیا کریں۔
اور معجون کے عرق کے ساتھ سجی کے مرکب، چاک مٹی۔ جو اکہار شورہ یا کہاری نمک مثل ہوں کیلئے وغیرہ کے۔ استعمال نہیں کرنا چاہیے۔

ہدایات

بعض مرتبہ نسخہ میں گاڑہے لیپ لکھی ہوئی ہوتے ہیں جسکو دواساز رسمی طور سے سمجھا دیتا ہے۔ لیکن یہ بات ٹھیک نہیں بلکہ مریض کو باقاعدہ ہدایت ہونی چاہیئے کہ وہ کے جابجا ذف کی شکل کے مطابق اندازہ کر کے کسی کاغذ یا موم جامہ پر دوائی پھیلا کر وہاں پر لگانا چاہیے تاکہ کچھ عرصہ تک اثر باقی رہے

مثلاً مونڈھے اور معدہ پر پان کی شکل کا گردن اور دونوں مونڈھوں کے درمیان مستطیل شکل کا خواہ چاروں کونوں کو گول کر دو ناف کا گول اور بیچ میں سوراخ کان کے نیچے نصف ہلالی شکل کا جو درد ایک جگہ سے نیچے کو جاتا ہو یا اوپر کو اسکا ستارہ کی شکل کا پنڈلیوں میں پنڈلی کی بناوٹ پر اوپر چوڑا نیچے پتلا اور مستطیل شکل کا کنپٹیوں پر گول پیسہ کے مانند ہونا چاہئے خواہ کسی جگہ کا ہو خوبصورت اور باقاعدہ طریقہ پر ہو۔

مقالہ دوم

احتیاط نسخہ سازی

نسخہ بنانے والے کو کم از کم دو تین مرتبہ پڑھ کر غور کرنا چاہئے کہ اس میں کوئی دوا زہریلی۔ مقدار خوراک سے زیادہ تو نہیں ہے۔ یا کوئی سنکھیا کا مرکب ہے۔ غرض ہر ایک زہریلی دوا کو سب ادویات کے بعد ڈالا جاوے اور گولیوں میں پہلے باریک کر کے ملانا چاہئے جیسا کہ لکھا گیا ہے۔ اس قسم کی دوا کے دیتے وقت مریض کو باقاعدہ اور پورے طور پر خوش اخلاقی طریقہ سے دوا کا استعمال سمجھا دینا چاہئے مثلاً جس نسخہ میں سنکھیا ہو تو مریض کو ہدایت کردہ کہ نہار منہ دوا ہرگز استعمال نہ کرے۔ ورنہ خلو معدہ کے باعث سے خراش ہو کر۔ آنکھیں سرخ۔ گلے میں سوزش۔ اور زیادتی پیاس کی ہو کر جان معرض خطرہ میں پڑے گی۔ ایسی بے پرواہی کا بوجھ اور ذمہ نسخہ ساز پر ہوگا۔ کوئی غلطی یا سہو نسخہ نویس سے ہو تو اسکو بغیر دریافت کئے ہوئے ہرگز

نسخہ نہ بنانا چاہیے یا کوئی بات اپنی سمجھ میں نہ آئی ہو تو بغیر دریافت اور اطمینان کرنے کے ہرگز نسخہ نہ بناؤ ورنہ اس غلطی کا خمیازہ نسخہ بنانے والے کو اٹھانا پڑے گا۔

چند اصطلاحات طبی جو نسخہ نویس کے اشارہ ہیں ہر طالب فن کو اُن کا جاننا ضروری ہے

نمبر	اصطلاح	معنی	تفصیل	سبب عمل
۱	آبزن	پانی میں بیٹھانا	دواؤں کے نیم گرم جوشاندہ میں بیٹھانا ٹونٹی کے ذریعہ سے عضو ماؤف پر بہانا	پھوڑے نکلے نرم کرنے یا سدے کھولنے کے واسطے کیا جاتا ہے۔
۲	اکتحال	بطور سرمہ کے لگایا جاتا ہے	سرمہ یا کسی دوا کو خوب باریک کر کے سلائی سے آنکھ میں لگا دینا	امراض چشم کے واسطے
۳	انکباب	بپارہ	دواؤں کے بخارات اس ترکیب سے پہونچائے جائیں کہ تمام جسم پوشیدہ رہے اور منہ دم لینے کے لئے چھوڑ دیتے یا باہر رہے	
۴	تبخیر	دھونی	خشک دوا کا بخار تمام جسم پر پہونچانا اگر اس عمل کے واسطے ایک صندوق جو	

نمبر	نام عربی	معنی	تفصیل	سبب عمل
			ایک گز لمبا سوا گز بلند ڈھائی فٹ چوڑا ہوا سکو مانند نقشہ ذیل کے اوپر سے کاٹا جاوے۔ اور سرپوش قبضہ دار بمعہ شگاف گردن لگانے کا درمیان میں رہے۔	



نمبر	نام عربی	معنی	تفصیل	سبب عمل
			اسکے بیچ میں ایک بیت کی کرسی حسب ترکیب نقشہ رکھا ہو اسکے نیچے ایک پیالہ جسمیں آگ ہو رکھا اسپر بخور والی دوا ڈالیں اور مریض کو برہنہ کرسی پر بٹھا کر صندوق کو بند کردیں تو اس ترکیب سے مریض کا سر اس شگاف سے باہر رہیگا جو سرپوش کے درمیان میں ہے بخور پہونچانے کے لیے	

نمبر شمار	نام عربی	معنی	تفصیل	سبب عمل
			یہ ترکیب بہت بہتر ہے گلے میں ایک کپڑا لپیٹ دیں تاکہ وہاں سے دھواں نکلکر آنکھوں کو ضرر نہ پہنچائے بعد اختتام عمل بہت ہوشیاری سے مریض کو کچھ دیر بعد نکالیں ورنہ پسینہ کی حالت میں جسم پر ہوا لگنے سے کوئی اور مرض ہو جاوے گا۔	
۵	برود	پوٹلی	چند دوا دن کو ایک کپڑے کی پوٹلی میں باندھ کر عرق گلاب یا آب کوکنار وغیرہ میں تر کرکے آنکھوں پر پھیریں	آشوب چشم کیواسطے یہ عمل کیا جاتا ہے۔
۶	پاشویہ	پاؤں دھونا	دو اون کے نیم گرم جوشاندہ سے گھٹنے سے نیچے تک پاؤں کا دھونا اور تونا بعد عمل کے خشک کرکے پنڈلیوں پر کپڑا لپیٹ دینا لیکن تلوے کھلے رہیں۔ یہ عمل ایسی جگہ کرنا چاہئے جہاں پسینہ کی حالت میں ہوا نہ لگ جائے۔	تاکہ بخارات سر سے نیچے اتر آئیں سرسام اور سخت بیماریوں میں کیا جاتا ہے۔
۷	تدہین	تیل کی مالش	کسی عضو پر تیل لگا کر آہستہ آہستہ ملنا۔	عصبی درد یا ورم یا پٹھوں کو نرم کرنے کیلئے کیا جاتا ہے

نمبر شمار	نام عمل	معنی	تفصیل	سبب عمل
٢٠	عطوس	ہلاس سنگھنا	چھینک لانے کے واسطے خشک دوا کو سونگھنا۔	دماغی مواد کے نکالنے اور نزلہ وزکام کی رکاوٹ کیلئے کیا جاتا ہے۔
٢١	غرغرہ	کلی کرنا	دوا کا جوشاندہ چند لمحہ منہ میں رکھکر گرا دینا	تنقیہ دماغ و درد گلو و خناق و ورم سینہ کیلئے کیا جاتا ہے
٢٢	فتیلہ	کپڑے کی دوا آلود بتی	دوا کو خوب باریک کرکے کپڑے کی بتی کو تیل یا پانی یا عرق میں تر کرکے دوا میں لتھیڑ کرنا سدہ یا ناک کان میں رکھتے ہیں	تنگ منہ والے زخم میں اندمال کیلئے کیا جاتا ہے
٢٣	قطور	ٹپکانا	رقیق دوا کا کان یا ناک وغیرہ میں ڈالنا۔	تنگ درازوں میں پچکاری یا کسی اور طریقہ سے دوا کا پہنچانا۔
٢٤	کاجل	چراغ بجھے دھوئیں کو کسی ظرف میں جمع کر لینا	چند دواؤں کے سفوف کپڑے پر بچھا کر جلائیں اور اسکا دھواں کسی ظرف میں جمع کرلیں لیکن بتی تیل میں بھگو لیں۔	امراض چشم میں اس قسم کی استعمال کیجاتی ہے
٢٥	کماد	خشک سینک	کسی اینٹ یا پتھر۔ فلالین یا بوتل میں گرم پانی بھرکر کپڑا بھگو نچوڑ کر کسی عضو کو سینکتے ہیں۔	تحلیل ورم اور گسر یا چوٹ خون بستہ یا سوزش اعضاء کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

نمبر شمار	نام عربی	ہندی	تفصیل	سبب عمل
۲۶	لخلخہ	سونگھنا	تیل خوشبودار مرکب دوا شیشی میں ڈالکر سونگھنا۔	یہ ایک خاص عمل ہے او نہ عموم عام ہے۔
۲۷	مغلی	جوشاندہ	دوا کو پانی میں جوش کرنے کو کہتے ہیں	دوا کی تاثیر جوش دینے سے نکل آتی ہے۔
۲۸	نطول	رقیق شے کو برابر دھار سے گرانا	نطول اور سکوب میں یہ فرق ہے کہ اسمیں جوشاندہ یا سرد پانی برابر لگاتار ڈالتے رہتے ہیں اور سکوب میں یکبارگی	ہر دو طریقہ ایک ہی کام کیواسطے کئے جاتے ہیں
۲۹	نفوخ	پھونکنا	خشک دوا باریک پسی ہوئی کو کسی نلی کے ذریعہ ناک یا کان یا زخم میں پھونکنا۔ اس کام کیواسطے ربڑ کی گونج دار گیند میں ایک نگاہ دم نلکی لگا کر کام لیا جاوے تو بہتر ہے۔	جہاں پسی ہوئی دوا کی ہالی ہے نہ پہونچتی ہو ایسا کیا جاتا ہے جیسے بہتے ہوئے کان میں یا سکتہ غشی میں۔
۳۰	وجور	حلق میں ٹپکانا	کسی دوا کا عرق کمزوری کی حالت میں ٹپکایا جاتا جبکہ مریض میں نگلنے کی طاقت نہ ہو جیسے خناق وغیرہ دیگر امراض حلق میں	
۳۱	زروق	پچکاری کرنا۔	عرقیات یا روغن ہاسے وغیرہ ناسور یا زخم میں پہونچانا۔	سوراخ یا اور کسی تنگ منہ زیادہ ہے ناسور میں دوا پہونچانی کیلئے کیا جاتا

مقالہ سوم

اصطلاحات اسماء افعال ادویہ بہ جماعت بندی اُنکے فوائد اور اثرات

نمبر شمار	نام اصطلاح	معنی	تفصیل	مثال
۱	اکال	عضو کو کھا جانے والی	تیزی اور قوت تحلیل کے سبب سے جوہر عضو کو فنا کر دیتی ہے۔	زنگار۔ طوطیا۔ صدف سوختہ چونہ۔ نمک۔ سیندور۔ نورہ۔ مردار سنگ۔
۲	جاذب	کھینچنے والی	اپنی لطافت اور گرمی کے سبب کسی خلط یا مواد کو اپنی طرف یا بجانب جلد جذب کر لیتی ہے جس سے مادہ کا اخراج سہل ہو۔	جند بیدستر۔ چھوارہ۔ غاریقون گندہ بروزہ لہسن بعض ادویہ ایسی بھی ہوتی ہیں جو پیکان اور خار کو اندر سے باہر نکال لاتی ہیں جیسے مینڈک۔ کوڑی۔ پیلا۔ سرطان۔ گوہ اور گھونگے کا گوشت۔ بعض دوا بصورت نوعیہ

مثلاً	تفصیل	معنی	نام جماعت	نمبر شمار
کے سبب جذب کر لیتی ہے جیسے سنگ مقناطیس لوہے کو۔				
نوشادر۔ پھٹکری۔ سرکہ۔ عرق کاغذی لیموں۔ شہد۔ شورہ۔ انزروت۔ نمک مصری۔ ہڑتال۔ جو۔ زفت۔ تخم بلسان۔ بابچی۔ گندھک۔ بورہ ارمنی۔ کلونجی۔ فرفیون۔ رائی۔ عاقرقرحا۔ کنگنی۔ بباہوان۔ صابون۔ سونج بکھی۔ اہیل۔ نمک چکنی بوجہ	اپنی تیزی کی وجہ سے لیسدار رطوبت کی سطح چھیل کر صاف کر دیتی ہے	پاک کرنے والی جلا کرنے والی	جالی	۴۳،
دم الاخوین۔ جفت بلوط۔ کندر۔ سرمہ۔ مازو۔ گل ارمنی۔ مسور۔ بارتنگ۔ مصطگی۔ گیرو۔ بیخ انجبار۔ جو کے ستو۔ سماق۔ کچنال۔ تخم ریحان۔ اسبغول۔ کنوچہ۔ حب الآس۔ نیم بریان	یہ اپنی قبضیت کی وجہ سے گزرگاہ کو بند کر دیتی ہے جو کھل نہیں سکتا جو رطوبت خارج ہو سکے یا انتہائی شق شدہ عروق میں جیسے پیدا کر دیتی ہے یا انکے منہ کے سرے کو اندر کھینچ لیتی ہے یا سخت سردی پیدا ہونے کے سبب سے مادہ گاڑھا پڑ جاتا ہے	روکنے والی	حابس	۴۴

مثلاً	تفصیل	معنی	نام قسم	نمبر شمار
زرنشک زہرمہرہ۔ کہربا۔ خیرہ۔ ہڑتال۔ چونہ سفیدہ راکھ۔	یا مادہ کا رخ بجانب دیگر ہو جاتا ہی اپنی تیزی کے سبب سے بالون کو سست کرکے اوکھاڑنے اور اگر جانے پر آمادہ کردیتی ہے	بال ہوڑانے والی	حلاق	
خیری کے پتے۔ بھنڈی کے پتے۔ کونچ پہلی کاروان۔ ناگ پھنی کاروان۔ اونگق اردی سے پتی کل کاروان	اپنی تیزی اور گرمی کے سبب سے تیز کاٹنے والے خلط کو مسام کیطرف کھینچتی ہے۔ بعض کاروان جلد کے مساموں مین داخل ہو کر خارش پیدا کردیتا ہے۔	کھجلی پیدا کرنیوالی	حکاک	۶
ہیرا کسیس۔ مرکب حدید تلخ ہنڑ۔ چرائتہ۔ بکائین۔ اڑوسہ۔ کچلہ	اپنی تاثیرات سے کیڑون کے مادہ کو پیدا ہونے ہنین دیتی۔	کیڑے پیدا ہونے کو روکنیوالی	مانع تولید کرم	۷
کافور۔ افیون۔ کاہو۔ صندل۔ نیلوفر۔ الو بخارا۔ خرفہ۔ کدو۔ بالکہ۔ املی ککڑی۔ کہیرا۔ شیر بکری۔	اپنی قوت سردہ سے اعضاء کو سردی پہونچا کر مساموں کو بند کردیتی ہے	سرد کرنے والی	مبرد	۸
	ایسی دواؤن کے استعمال سے خون مین ایک قسم کی تبدیلی واقع ہوا کرتی ہے جس سے جسمی ساخت مین	بدلنے والی	مبدلات	۹

بدل عمل	تفصیل		نام	نمبر شمار
مرکبات پارہ۔ عنبہ۔ چرائتہ۔ شاہترہ۔ عناب اور کڑوی ادویہ	کوئی تغیر و تبدل نہیں ہوتا بلکہ اس کی اصلی حالت حرارت سے آہستہ آہستہ ٹھیک ہو جاتی ہے ایسی ادویہ پرانی بیماریوں میں برتی جاتی ہیں۔			
چھوارہ۔ تیتر۔ بٹیر۔ گوشت بکری۔ بگلا۔ بیضہ مرغ نیم برشت۔ گوشت چڑیا خانگی۔ مغز۔ دودھ گائے۔ بکری۔ گھی۔ ریشم۔ فندق۔ شقاقل۔ بوزیدان۔ ہاون۔ تخم کونچ۔ موصلی سیاہ۔ سفید۔ سنبل۔ عاقرقرحا۔ چھڑیلہ۔ مشک۔ گنا۔ خبث الحدید۔ ریگ ماہی۔ ماہی دریا۔ سقنقور۔ انگور۔ جاوتری۔ گوشت بط۔ گرڑ۔ گھونگچی۔ تخم گاجر۔ تخم مولی۔ نولہ	معتدل گرمی اور رطوبت فضلیہ کے سبب اعصاب اور اعضاء تناسلی میں رطوبت غلیظ اور خون و روح کو پہنچاتی ہے۔	قوت جامع پیدا کرنے والی	لحمی	۱۰

مثلاً	تفصیل	معنی	نام مرکب	نمبر شمار
ترنجبین ۔ بادام ۔ اخروٹ ۔ دارچینی ۔ مغز چلغوزہ ۔ پستہ ۔ لعاب بہی تخم ۔ گوکھرو ۔ بہمنین ۔ تودری ۔ عنبر ۔				
صدف سوختہ ۔ اشق ۔ انزروت ۔ مردار سنگ ۔ سنگ جراحت ۔ ایلوہ ۔ چونہ ۔ سفیدہ ۔ رتن جوت ۔ سرمہ ۔ طباشیر ۔ توتیا ۔	اپنی خشکی کی وجہ سے اعضاء کی رطوبت کو خشک اور تحلیل کر دیتی ہے ۔	خشک کرنیوالی	مجفف	۱۱
اجوائن خراسانی ۔ نشاستہ ۔ کتیرا ۔ کہربا ۔ گوند	برودت اور قبضیت کی وجہ سے سیال اخلاط کو جما دیتی ہے ۔	جمانے والی	مجمد	۱۲
فرفیون ۔ ہڑتال ۔ سجی ۔ زنگار ۔ چونہ ۔ نورہ ۔ دودھ آک ۔ نیلا تھوتھا ۔ تیزاب سرکہ ۔ تیزاب شورہ ۔ تیزاب نمک ۔ تیزاب گندھک	شدت گرمی اور قوت نفوذ کی رطوبت ، اعضا کو جلا دیتی ہے ۔ زائد گوشت ۔ زہریلے جانوروں کے دانے گزیدگی پر لگاتے ہیں ۔	جلانے والی	محرق	۱۳
کافور ۔ ہینگ ۔ [illegible] ۔ رال ۔ سنبل الطیب	محرک دواؤں کی تاثیر شریانوں کے ذریعہ اول قلب پر ہوتی ہے از آں	حرکت دینے والی	محرک	۱۴

			بعد اور جگہ پر یہ دوائیں اسوقت استعمال کیجاتی ہین - جب قلب کا فعل سست ہو جاتا ہے -	خوشبودار چیزین جو اکثر مصالحہ مین پڑتی جاتی ہین -
۱۵	محلمات ردیہ	بدخواب پیدا کرنے والی	رطوبت غیر معتدلہ کے بخارات دماغ پر چڑھتے ہین -	شراب کثرت سے مینا کچی پیاز کھانا - آلو - بینگن - لوبیا - باقلا گوبھی - مسور -
۱۶	محلل	انگڑے	قوت حرارت کے سبب لیسدار اخلاط کو جو اعضا پر چسپیدہ ہے لطیف کر کے بخاراتی صورت مین معدوم کر دیتی ہے -	مرو - زرادند - جندبیدستر - اکلیل الملک - بابونہ - سنبراج - عنبر - بید - اسارون - پودینہ - کوہی - اشق - پیاز دشتی - جھاؤ - سعلم کا گوند - حاشا - ہلدی - رائی - کھیکڑا - نکھو - کاسنی - سویہ - برنجاسف - جوز اذخر - کشنہ - پھروزہ - انبہلدی - بکھیان بید - تالون - درونج - چوب چینی - جاکسو - نسیتی - اقاقیا - بابچھڑ - عنبر - افسنتین

				تخم نیل۔ زعفران۔ ابہل۔
۱۷	محمّر	سرخ کرنے والی	یہ وہ دوائیں ہیں کہ جب باہر کسی مقام پر لگائی جاتی ہیں تو قوت جاذبہ کے سبب سے خون باہر کو کھینچکر اسجگہ کو سرخ کردیتی ہیں۔	رائی۔ پودینہ۔ انجیر۔ چھلکا نارنگی۔ بالچھڑ۔ بورہ ارمنی۔ روغن بادام۔ تخم خربزہ۔
۱۸	مخرجات بلغم	بلغم نکالنے والی	بعض دواؤں کی تاثیر پھیپھڑے کی ہوائی نالیوں کی جھلی پر دو طرح سے ہوا کرتی ہے۔ ایک ہاضمے دوسرے کھانسنے سے۔	عنبر۔ حب بلسان۔ لوبان۔ پوست بیخ مدار۔ ہینگ۔
۱۹	مخدّر	بے حس کرنیوالی	سردی دیبوست کی وجہ سے اخلاط کو جما کر مسامات کو بند کردیتی ہے جسکے سبب سے روح نفسانی اعضا میں دورہ نہیں کرسکتی یا روح نفسانی خود ہی بے حس ہوکر دورہ کرنے سے ٹھہر رہتی ہے یا کثافت کی وجہ سے حس و حرکت کم ہو جاتی ہے۔	افیون۔ بیخ شاہترہ۔ تمباکو۔ شوکران۔ دھتورہ۔ اجوائن خراسانی۔ بیخ یبروج الصنم۔ کاکنج۔ بھنگ۔
۲۰	مخرجات جنین	بچہ اور آنول نکالنے والی	وہ دوائیں جن سے رحم میں تحریک پیدا ہوتی اور منہ چوڑا کرکے بچہ کو باہر نکال دیتی ہیں۔	ابہل۔ ایلوا۔ زراوند۔ تخم السی۔ بوزیدان۔ برساؤشان۔ کالا زیرہ۔ مہندی۔ تخم بابچی کے اجزا اعظم۔

				کی ہیلی کے چھلکے۔ جند بیدستر۔ سلیخہ۔ روغن بلسان مُر۔ قنطوریون۔ قردمانا
۲۱	محشن	کھردرا کرنیوالی	قبضیت اور خشکی کی وجہ سے جلد کے ظاہر سطح میں فراز و نشیب پیدا ہو جاتا ہے۔	آملہ۔ فلفل سیاہ۔ آم کی گٹھلی۔ سپاری۔
۲۲	مدرات	پیشاب جاری کرنیوالی	جن دواؤں سے پیشاب کا ادرار ہوتا ہے وہ دو قسم کی ہیں ایک تو وہ ہیں کہ جنکا اثر بغیر تبدیلی کے خون میں جذب ہوکر گردوں پر پہنچتا ہے جیسے روغن تارپین۔ دوسری جزوی طور سے گردوں کو تحریک دیکر پیشاب جاری کراتی ہیں۔	کاہندا۔ سورنجان۔ روغن بلسان۔ کباب چینی گوکھرو۔ تخم خیارین۔ گل خیرو۔ آب مروق۔ کالنی۔ تخم خربزہ کدو۔ آب تربوز۔ آش جو۔ تخم گاجر۔ ہنسراج۔ قسط شیرین۔ زعفران۔ زوفا خشک۔ سداب۔ اسارون۔ چاے۔ کلونجی۔ چوب چینی۔ ریوند چینی۔ بابونہ۔ بادیان۔
۲۳	مدرات حیض	خون حیض جاری کرنیوالی	بوجہ خاص اثر جزوی یا کل براہ راست یا کسی ذریعہ سے ان دواؤں کا اثر رحم پر جا کر جاتا ہے جسکی وجہ سے رحم	عنبر۔ زعفران۔ ہینگ۔ مصبر۔ حنظل۔ تخم کرفس۔ سہاگہ۔ کباب چینی۔

			کے اندر کی جھلی میں اجتماع خون سے خراش ہوکر خون جاری ہوجاتا ہے۔	کلونجی۔ سونف۔ سرطان۔ زرنباد۔ قسط شیریں۔ اسپند۔ پکھان بید۔ بادآورد۔ بابونہ۔ املتاش کی پھلی کا چھلکا۔ ناگرموتھا۔ اجمود۔ ابہل۔ عاقرقرحا۔ تخم بادیان۔ فراسیون۔
۳۴	مدرات منی	منی جاری کرنے والی	گرمی کے سبب سے منی کو پتلا کرتی ہیں۔ اور راستہ کشادہ ہونے کی وجہ سے بہا دیتی ہیں	اجمود۔ اکاس بیل۔ سونف۔ درمنہ ترکی۔
۳۵	مدرات لبن	دودھ جاری کرنے والی	رطوبت فضلیہ کے باعث دودھ زیادہ پیدا کرتی ہے۔	ستاور۔ موصلی سفید۔ سیاہ۔ تودری سفید۔ گل۔ گوند ببول۔ بادیان۔ زیرہ سفید۔ سونف۔ عاقرقرحا
۳۶	مندمل	زخم بھرنے والی	زخم میں قابل اندمال دانہ پیدا کرکے اس پر ایک سپنجی رنگ کی لطیف جھلی پیدا کرکے کثیف کردیتی ہے وہی کھال ہوتی ہے۔	سنگ جراحت۔ سریش۔ گوند کتیرہ۔ ایلوا۔ دم الاخوین۔ گلنار۔ اسفنج۔ انزروت سفید۔ موم سفید۔ زراوند
۳۷	مرخی	عضو کو سست کرنے والی	قوت حرارت و رطوبت کے سبب سے اعضاء اور ان کے مسام کو نرم و کشادہ	سیاہ زیرہ۔ رال۔ ملتانی مٹی۔ ریٹھا۔ لودھ۔

			کرتی ہے جس سے فضلات کا اخراج آسانی سے ہو جاتا ہے۔	السی۔ برگ کرم کلہ۔ روغن گل۔ سویا۔ خطمی خربوزہ۔ مرغی اشیاء رب بہی۔
۲۸	مرطب	اعضا کو تر کرنے والی	اپنی تری کے سبب اعضاء کو رطوبت بخشتی ہے۔	کدو دراز۔ خربوزہ۔ تربوز۔ اسبغول۔ گائے۔ بکری کا دودھ۔ کھیرا ککڑی۔ لوبئی۔ تخم خیار۔ دودھ گدھی۔ بہدانہ۔ بھنڈی
۲۹	مرقق	پتلا کرنے والی	قوت نافذہ اور حرارت اور تری کے سبب سے خلطوں کو نرم اور پتلا کرتی ہیں۔	شہد۔ سرکہ۔ شکر۔ عرق پودینہ۔ صعتر
۳۰	مزلق	پھسلن پیدا کرنے والی	اس قسم کی ادویہ میں قوت تلیین اور پھسلنے کا مادہ ہوتا ہے جس کے باعث عضو باطن کی سطح اندرونی نرم اور پھسلانے والے مادہ کو دفع کرتی ہے	آلو بخارا۔ لعاب بہدانہ۔ لعاب ریشہ خطمی۔ لعاب اسبغول۔ لعاب گاؤزبان۔ لعاب السی۔ لعاب پستان۔ تخم ریحان۔
۳۱	دافع امراض مسری	چھوت کی امراض اور وبائی زہریلی ہوا کو دفع کرنے والی	ایسی دوائیاں متعدی امراض اور عفونت کو دور کرتی ہیں۔ بعض ایسی ہیں کہ اگر انہیں نباتی اور حیوانی اشیاء پر ڈالیں تو سڑنے سے محفوظ رکھتی ہیں۔	سنکھیا۔ شراب بطلق۔ شراب سہاگہ۔ کوئلہ۔ شراب گندک۔ نیلا تھوتھا۔ گل ختوم۔ بخور عنبر۔ سنبھالو

				کمافیطوس - پیاز - درونج عقرقرحا - تمباکو - ریحان
۴۳	واقع سعال	کھانسی دور کرنے والی	انکی قوت مخصوصہ کیوجہ جگر اور پھیپھڑوں میں مادہ مرطوبی کو مانع ہوا کرتے ہیں جسکی وجہ سے قوام خون اس درجہ پر نہیں ہوتا جو بلغم غیر طبعی بن سکے۔	بلیلہ - گاؤزبان - مویز - شکر تیغال - بنفشہ - حب بلسان - خشخاش سفید - پستہ - خطمی - شہد - تخم خبازی - اسطوخودوس - بالچھڑ - گوشت مرغ - سپستان - پان - عناب - دار تری - بادام - بسفائج - اجوائن خراسانی - قنبیل - فودری - زوفا یابس - کاکڑا سنگی - زیرہ - تخم قرطم - تیز پات - ترنجبین - بیٹر - گوندھ ببول - صنوبر - انجیر - انیسون -
۴۴	مسدد	سدہ پیدا کرنیوالی	ایسی دوائیں اپنی چسپدار مادہ کے سبب نالیوں کی گذرگاہ میں سدہ پیدا کرتی ہیں یا لزوجیت وکثافت کیوجہ سے غلاظت پیدا ہو کر مانع رطوبت ہوتی ہیں۔	خشخاش سفید - مغز بادام کی گری - اسپغول کوفتہ - مغز بہی - سورنجان تلخ - صندل - کچی املی - سفیدہ

نمبر شمار	نام عربی	معنی	تفصیل	مثلاً
۳۳	مسکر	نشہ لانے والی	سریع النفوذ ہونے کے سبب سے منتشی ابخرات کے دماغ پر چڑہ کر روح نفسانی کو مکدر کر دیتی ہیں جس کے سبب سے وہ قوت اپنا فعل بخوبی کر نہیں سکتی۔	بھنگ۔ شراب۔ جائفل۔ میوہ۔
۳۴	مسکن	تسکین دینے والی	ان دواؤں کا فعل نظام عصبی پر ہوا کرتا ہے اور جو مادہ کسی مرض کی وجہ سے بڑھ گیا ہو ساکن کرنے والا ہوتا ہے دوا مسکن اور سموم میں یہ فرق ہے کہ مسکن غفلت نہیں لاتی۔ برخلاف نیند آور کے۔	شوکران۔ بادام تلخ تمباکو۔ افیون۔ حب کاکنج۔ اجواین خراسانی کشتہ پارہ۔ چربی بطخ سفیدی بیضہ مرغ۔ نشاستہ۔ کتیرا گوند۔ گوند ببول۔
۳۵	مسکن قے	قے روکنے والی	ایسی دوا یا تو اس عصب پر کہ جسکی تحریک سے فعل معدہ برعکس ہوتا ہے سست کرتی ہے یا شئے ایذادہ کو جسکی وجہ سے قے نہیں ہوتی ہے	پودینہ۔ نفح۔ لیمون جائفل۔ چونا۔ طباشیر بردو الائچی۔ برگ دہنیا زہر مہرہ۔ زرشک۔ نشاستہ۔ سماق۔ جو کے ستو۔ انگور۔ سیب ترش۔
۳۶	مسبت	اکثر سے نیند لانیوالی	انجرات رطوبت متقدہ کے دماغ	سلارس۔ افیون۔ زعفران

			کیطرف چڑھتے ہیں۔ جو کثافت کیوجہ سے روح نفسانی کا گذرگاہ گدلا ہوجاتا ہے روح مذکور کو باقاعدہ فعل کرنیکا موقع نہیں ملتا اسوجہ سے ظاہری حواسوں میں غرق آجاتا ہے جسکو خواب سے تعبیر کرتے ہیں۔	سویہ۔ کاہو۔ سیب تلسی۔ حب کاکنج۔
۳۷	مسمن	جسم کو موٹا کرنے والی	نرمی اور نشاستہ دار اغذیہ کثرت سے کھانا۔ اور ورزش نکرنا سست کاہل پڑے رہنا اور دودھ وسیال شے کا دلدادہ رہنے سے جلد کے نیچے اور اندرونی اعضا کے گرد چربی کی مقدار زیادہ ہوجاتی ہے۔	بادام۔ بہمن۔ پستہ انگور۔ پنیرمایہ۔ فستق تودری۔ چہم ونجی۔ خوب کلاں۔ چاول آم۔ انجیر۔ دودھ کیلا مکھن۔
۳۸	سہر	دافع غلبہ نیند	غلبہ حدت سے مرطوبی اخرا فنا ہوجاتے ہیں جسکی وجہ سے نیند جاتی رہتی ہے	چاء۔ رائی۔ مرچ سیاہ۔ لونگ۔ پودینہ۔ رتیلہ۔ مشک کا سونگھنا۔ کافور ابریشم۔
۳۹	مسقط جنین	بچہ پیٹ سے نکالنا	ایسی دوا اپنی خاص تاثیر سے رحم کو حرکت دیکر بچہ نکالدیتی ہے۔	سورنج مکھی۔ تخم حنظل جینگ۔ تخم حنا۔ سداب ابہل۔ جندبیدستر۔ کلونجی بوزیدان۔
۴۰	مسہلات	صفرا کو نکالنے والی	اگرچہ دوا کا اثر ہر ایک خلط پر	

		نکالنے والی	ہوا کرتا ہے لیکن خلط منسوبہ کی نسبت دوسرے کو کم خارج کرتی ہے۔	ہلیلہ زرد۔ سنا۔ ہلیلہ کابلی نسوت۔ کٹکی سیاہ۔ غاریقون۔ سقمونیا عصارہ ریوند۔
۴۱	مسہلات بلغم	بلغم نکالنے والی	مطابق تاثیر صفرا کے۔	تخم حنظل۔ غاریقون نسوت۔ ایارج فیقرا۔ فرفیون۔ کالادانہ۔ نمک لاہوری۔ گوگل۔ جمالگوٹہ۔ سورنجان خربق سیاہ۔ ریوند چینی۔ بورہ ارمنی۔ سقمونیا۔ سنا۔
۴۲	مسہلات سودا	سودا نکالنے والی	مانند صفرا کے۔	لاجورد۔ کابلی ہڑ۔ سنا مکی۔ غاریقون۔ عصارہ ریوند۔ تخم حنظل نسوت۔ پوست بیخ کل اصلی۔ سقمونیا۔ لاجورد
۴۳	مخرج جنین	رحم سے بچہ باہر نکالنے والی	رحم کو حرکت دیکر منہ کو چوڑا کردیتی ہے جسکی وجہ سے بسہولت باہر آجاتا ہے۔	گوگل۔ تخم حنظل۔ تخم میتھی مولی۔ دہنی ران میں باندھنا بالخاصیت اثر رکھتا ہے۔
۴۴	مشتہی	بھوک پیدا کرنے والی	وہ دوائیں جو معدہ میں بھوک پیدا کریں	عرق لیموں۔ جوارش ترنج

سکنجبین سفرجلی۔ سرکہ۔ زرشک۔ مرچ سیاہ۔ نمک سانبر۔ مصطگی۔ الائچی۔ پودینہ۔ اجوائن۔ سونٹھ۔ زیرہ	ترشی۔ اور کسیلے پن سے گھبراہٹ پیدا کرتی ہیں۔ جس سے بھوک معلوم ہوتی ہے۔			
گوشت چکور۔ اطفال الطیب۔ دھنکھیرو۔ اجوائن خراسانی۔ جدوار۔ گندنا۔ لہسن۔ پیاز۔ مسور۔ درونج۔ شہتوت۔ انیسون۔ دارچینی۔ گل خیرو۔ مولی۔ بیگن۔ زرنباد۔ شحم حنظل۔ جائفل۔ حب البطم۔ زعفران۔ بہمن۔	بخارات ردیہ پیدا ہو کر دوران خون اسقدر تیز ہو جاتا ہے۔ کہ شریانیں خون کو آسانی سے گذار نہیں سکتی ہیں یا رفتار خون ایسی کمزور ہو جائے کہ خون اچھی طرح دورہ نہ کر سکے ان ہر دو حالت میں شریانیں کھنچنے لگتی ہیں۔ جس سے درد محسوس ہوتا ہے	دردِ سر پیدا کرنیوالی	مصدع	۴۵
شقاقل۔ بوزیدان۔ چربی سور۔	ایسی دوا عضو یا اُس جگہ کے مواد کو سردی پہونچا کر خشکی اور کثافت کی وجہ سے مادہ کو سخت کر دیتی ہے۔	سخت کرنے والی	مصلب	۴۶
فرنجمشک۔ کاسنی۔ کاہو۔ دھنیا۔ [illegible] خام۔ خشخاش۔ پرسیا۔ قہوہ۔ چرگا۔ کافور	سردی یا اپنی خاصیت کی وجہ سے یا ریح غلیظہ پہنچانے جائے مخصوص کے لئے مضر ہے	قوت باہ کو نقصان پہونچانے والی	مضرات باہ	۴۷

مثلاً	تفصیل	ترجمہ	اصطلاح	نمبر
املی۔ آلو بخارا۔ لیموں سرد پانی۔ خرفہ۔ صندل۔				
مسور۔ خرفہ کا ساگ۔ چوگا۔ کاہو۔ کثرت جماع دھوپ میں کثرت سے رہنا۔ آگ کے قریب بیٹھنا۔ چمکدار چیز کیطرف دیکھتے رہنا۔	بخارات ردیہ دماغ پر پہنچکر روح باصرہ کو گدلا کردیتی ہیں۔	آنکھوں کی روشنی کو نقصان پہنچانے والی	مضرات بینائی	۴۸
کھجور۔ انجیر۔ نارنگی۔ سرکہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ جاوتری۔ سرد پانی۔ سورنجان۔ مرچ سیاہ۔ کائفل۔ حجر الیہود۔ سقمونیا۔ انار ترش۔ جائفل۔	جگر کو وہی دوا مضر ہے جو اس کے علت فاعلی میں کمی بیشی کا اثر کرے جسکی وجہ سے وہ باقاعدہ اپنا کام انجام نہ دے سکے۔	جگر کو نقصان کرنیوالی	مضرات جگر	۴۹
بھنگ۔ خشخاش۔ ریحان۔ آلو بخارا۔ اونٹ کٹارہ۔ تمباکو۔ تلسی۔ کلتھی۔	دماغی فعل میں سردی یا سستی کی وجہ سے کچھ فرق آجاتا ہے۔	دماغ کو نقصان پہنچانے والی	مضرات دماغ	۵۰
عاقرقرحا۔ اسارون۔	پھیپھڑے کے جرم میں سستی پیدا ہوجاتی ہے	پھیپھڑے کو ضرر دینیوالی	مضرات ریہ	۵۱

مثلاً	تفصیل	معنی	نام مضرت	نمبر شمار
کلونجی۔ حاشا۔ بادآورد۔ شکاعی۔ زیرہ کرنوش۔ الائچی۔ اسطوخودوس۔ افتیمون۔ درنہ ترکی	یا حرکت میں کوئی نقص پیدا ہو جاتا ہے۔			
اشق۔ انار شیریں۔ تل۔ آنجبو۔ سورنجان۔ آلو شیریں۔ السی۔ انجیر۔ تربوز۔ انگور خام۔ گرم پانی۔ مغز سر ثعلب مصری۔ تخم خربزہ۔ سقمونیا۔	ہاضمہ میں خرابی ہو جاتی ہے خواہ زیادہ ہو یا کم۔	معدہ کو نقصان دینے والی	مضرات معدہ	۵۲
کیلا۔ انتیمون۔ باٹرنگ۔ سقمونیا۔ انجرہ۔ تربد۔ جدوار۔	مانند معدہ کے	آنتوں کو نقصان دینے والی	مضرات امعاء	۵۳
اشق۔ رب السوس۔ مالون۔ سنبل الطیب۔ سندروس۔ بسفائج۔	یبوست کی وجہ سے مسام بند ہو جاتے ہیں۔ یا اسکی جھلی میں خشکی کے سبب سے گردہ محرک ہے کوئی	گردہ کو نقصان دینے والی	مضرات گردہ	۵۴

نمبر شمار	نام عربی	معنی	تفصیل	مثالیں
			خرابی پیدا ہو کر ساکن کر دے۔	کلونجی۔ فلفل سیاہ سنبھالو۔
۵۵	مضرات انثیین	خصیوں کو نقصان دینے والی	خصیے کے اندر فعل منی بنانے والے میں کوئی خرابی پیدا ہو جائے یا تحلیل ہونا شروع ہو۔	اکلیل الملک۔ بزر بندان رسوت۔
۵۶	مضرات قلب	دل کو نقصان پہونچانیوالی	زیادہ حرارت یا رطوبت خارج ہو جانے سے فعل قلب میں نقص ہو جاتا ہے۔	ہلدی۔ زرنباد سقمونیا۔
۵۷	مضرات مثانہ	مثانہ کو نقصان دینے والی	مثانہ میں خراش پیدا کر دیتی ہیں	حب بلسان۔ دارچینی کباب چینی۔ نانخواہ۔ تیزاب۔ سرطان بحری
۵۸	مضرات سپرز	تلی کو ضرر دینے والی	اپنی سردی کی وجہ سے طحال کے فعل میں خرابی پیدا کرتی ہیں	ابرک۔ کشوث۔ گل مختوم۔ بارتنگ گاؤزبان۔ حجر الیہود آملہ۔ تخم بالنگ۔ ترنجبین املی۔ حب النیل۔ تربوز۔
۵۹	مطفی	تیزی اور گرمی کو بجھانیوالی	زیادہ سردی اور رطوبت کے سبب سے گرمی اور سوزش کو دفع کرتی ہے۔	کافور۔ کاہو۔ کدو۔ نیلوفر۔ کاسنی۔ تخم بالنگ آب کھیرا۔ آب کدو۔ سردیاتی

نمبر شمار	نام ترکیب	معنی	تفصیل	مثلاً
٦٠	معدلات مصفیات خون	خون کو اصلی قوام پر لانے اور صاف کرنیوالی	اپنی لطافت اور سردی۔ گرمی۔ تری کیوجہ سے خون کو اصلی حالت میں لاتی ہیں۔	کاہو۔ کاسنی۔ عناب صندلین۔ شاہترہ۔ منڈی۔ برگ حنا۔ لیموں۔ براده شیشم۔ برادہ آبنوس۔ نیم افتیموں۔ بکائن ہلیلجات۔ بیخ کیوڑہ چرائتہ۔ چوب چینی عشبہ۔ ماء الجبن۔ تمالہ۔ سرپھوکا۔
٦١	معدلات صفرا	تیز صفرا کو اصلی حالت پر لانے والی	صفرا میں بلغم یا سودا ملکر اسکو اپنی اصلی کیفیت سے تیز کر دیتا ہے ان ادویات کے استعمال سے اصلی حالت پر آجاتا ہے۔	کاسنی۔ خرفہ۔ تخم خیارین۔ دھنیا خشک کاہو۔ کافور عبد لانہ پالک۔ بنفشہ۔ نیلوفر تخم کدو شیریں۔ قرص طباشیر آلو بخارا۔
٦٢	معدلات بلغم	بلغم کو اعتدال پر لانیوالی	مانند صفرا جیسے اس میں صفرا یا سودا ملجاوے تو اس کے طبعی فعل میں نقص ہو جاتا ہے تو	سپستان۔ گاؤزبان۔ تخم خربوزہ اصل السوس اکاسن بیل۔ انجیر۔

نمبر شمار	نام عربی	معنی	تفصیل	مثلاً
			تو یہ دوائیں راہ راست پر سے آتی ہیں۔	سینئے۔ اسطوخودوس ہنسراج۔ شاہترہ۔ عناب۔ بادرنجبویہ۔ افتیمون۔
٦٣	معرق	پسینہ لانیوالی	خون میں حرارت پیدا کرکے دوران خون کو تر کر دیتی ہیں۔ جس سے رگیں دہنہ ہوکر خون بہت زور سے دورہ کرنا شروع کر دیتا ہے جسکی وجہ سے خون سے پانی علیحدہ ہوکر جلد کے مساموں کے راستہ نکل جاتا ہے۔	نمک۔ عشبہ۔ کافور گندک۔ عاقرقرحا۔
٦٤	عطس	چھینک لانیوالی	اپنی قوت حرارت اور نفوذیت کے سبب ناک کی جھلی میں خراش پیدا ہوکر چھینکیں لاتی ہے۔	تمباکو۔ نکچھکنی۔ کندش۔ سونٹھ۔ نوشادر۔
٦٥	معفن	سڑا دینے والی	رطوبت کے مزاج کو اس درجہ فاسد کر دیتی ہے کہ وہ قابل جزو بدن بننے کے نہیں رہتی لیکن ویسا اس درجہ تک نہیں پہنچتا کہ حرارت پیدا ہوکر عضو کی رطوبت	ہڑتال۔ گندک کا تیل گوشت سو لیسن خام گوشت کو اچیل صابون۔

نمبر شمار	نام عربی	معنی	تفصیل	مثلاً
			تحلیل ہو جائے۔ بلکہ حرارت غریبہ پیدا ہو کر سوزش پیدا ہو جاتی ہے	
۶۶	مغری	چپکنے والی	جس دوا میں کچھ لزوج رطوبت ہو تو وہ اپنی وجہ سے راستوں میں اپنے چسپ دار مادہ سے سیال چیز کو نکلنے سے مانع ہوا کرتی ہے ہر ایک لعاب دار شئے آگ پر رکھنے سے چپکدار ہو جاتی ہے یہی باعث ہے کہ لعابی چیزوں کو پیچش میں بریان کرکے دیتے ہیں۔	گوند کتیرا۔ سریش سفید۔ تخم ریحان۔ بارتنگ۔
۶۷ -	مغشی	غشی پیدا کرنیوالی	نفاخ۔ ریح پیدا کرنے والی شئے کے استعمال سے بخارات غیر معتدلہ دماغ پر پہنچکر روح نفسانی کے گذرگاہ کو گدلا کردیتی ہیں۔ جسکے سبب سے بے ہوشی ہو جاتی ہے	افیون۔ اکاس بیل تخم گاجر۔ تخم سنبھالو پیپلا مول۔ زیرہ سیاہ مرچ سیاہ۔ سونٹھ۔ نرکچور۔ سداب۔ اجمود۔ اجوائن۔ تاگر مرہتا۔
۶۸	مغلظ	گاڑھا کرنیوالی	بحالت رطوبت یعنی ارضی اجزاء یا حرارت کا معمول ہو زیادہ تر خشکی کی وجہ سے ہوا کرتی ہے	کتیرا۔ گوشت نیم بریان گل ساگ پات

نمبر شمار	نام ادویہ	معنی	تفصیل	مثلاً
			ہوا کرتی ہے معمول سے زیادہ یا مائی اجزا کسی سبب سے نکل گئی ہوں۔	
۶۹	مفتت	توڑنے والی	یہ بات صورت نوعیہ یا کیفیت کے تیز سریع النفوذ اثر ہونے کے سبب سے ہوا کرتا ہے جسکی وجہ سے گردہ مثانہ کی پتھری ریزہ ریزہ ہو جاتی ہے۔	فراطین - یشب - گلکی سفید - روغن بلسان - جرجیر - اسارون - حجر الیہود - سنگ سرماہی - راکھ بچھو سیاہ - تخم خربوزہ - باکھڑ - گوکھرو - نخود سیاہ - ناگرموتھا - تخم پیازہ -
۷۰	مفتح	سدہ کھولنے والی	لطیف اور محلل ہونے کے سبب سے آنتوں اور مسامات کو کھولتی ہیں۔	شاہترہ - سونف - غاریقون - سلیخون - افسنتین - کباب چینی - عود - اسطوخودوس - صعتر - جوتری - اجمود - بکھان بید - دیرو سیاہ - اسبند - ہلون - خاکسی - دارچینی - زعفران -

نمبر شمار	نام دوا	معنی	تفصیل	مثالیں
				تخم گاجر - سونٹھ - دار فلفل - سداب - کشوث - انجیر - ملی لوشون بادیان - حب بید - شربت بزوری
٦١	منضج	پکانے والی	اپنی برودت کی وجہ سے حرارت خارجی اور اصلی کو فعل کرنے سے مانع ہو کر خلط کو خام اور ہضم کو ناقص رکھتی ہے۔	ریوند چینی - اسبغول - تخم ریحان
٦٢	منفجر اورام	ورم کو پھاڑنے والی	تیزی حرارت کی وجہ سے مادہ جلد کو پھیلا کر کے مواد کو ادھر لے آتی ہے۔ جسکی وجہ سے مواد کی حجم بڑھ جاتی ہے۔ جو اپنے اصلی مقام میں پھیلاؤ کی وجہ سے سما نہیں سکتا اسلئے جائے ماوف پھٹ جاتا ہے۔	پیاز جنگلی - سفید ہڑتال - کبوتر کی بیٹ - ناخون - چونہ - صابون - فرفیون - پھٹکری - رتن جوت -
٦٣	مفرح	فرحت دینے والی	حرارت حیوانی بیماری کی وجہ سے کمزور ہو جاتی ہے تو یہ دوا اس کو قوت پہونچا کر نسیم کے جذب کرنے کی طاقت زیادہ کر دیتی ہے جس سے طبیعت میں فرحت آجاتی ہے۔	زعفران - ریشم - لونگ - عنبر - صندل - مشک - بالچھڑ - ترنج - زہر مہرہ - خطائی و سیواج - کیوڑہ - گل سرخ -

نمبر شمار	بزبان عربی	معنی	تفصیل	مثلاً
				اگر - موتی - طباشیر - نیلوفر - پودینہ - یاقوت - یشب - عنبر - ورق طلا - بہمنین - یشب - جدوار - دارچینی - الائچی - خشخاش - کہربا - گاؤزبان - بلی لوٹن - اسطوخودوس
۷۴	مقرح	زخم کرنیوالی	اپنی شدت حرارت کی وجہ سے عضو کا مزاج فاسد کر کے زخم ڈال دیتی ہے یا رطوبت مجتمع کو جو اسجگہ پر ہوتی ہے۔ خراب کر کے بثور یا چھالے ڈالدیتی ہے	ہڑتال - چیائہ دشتی - لہسن - کبوتر کی بیٹ - چونہ - قسط - پودینہ - صابون - فرفیون - اذان الفار - جمالگوٹہ - ہر قسم کا تیزاب -
۷۵	مقطع	کاٹنے والی	اپنی لطافت کی وجہ سے مادہ غلیظ لزج جو عضو میں چپکا ہوا ہو نفوذ کر کے اسکو جزو جزو کر دیتی ہے جسکی وجہ سے حرارت کا فعل بخوبی ہو کر اس جگہ کی رطوبت چھل جاتی ہے	رائی - ہالون - جاوشیر - ریوند چینی - کلونجی - سلیخہ - غاریقون -
۷۶	مقیٔ	قے لانے والی	اسکا اثر آلات قے پر خراش کے طور پر	سنگ بصری - نیلا تھوتھا

نمبر شمار	نام عربی	معنی	تفصیل	مثلاً
			ہوا کرتا ہے جسکی وجہ سے متعدد ایذا رساں شئے کو باہر نکالنے کی کوشش کرتا ہے۔	نمک خوردنی بکل یا نوشادر تخم مولی۔ تخم سویہ۔ ملیٹھی کا چھلکا۔ بیج خربوزہ۔ شکنجبین۔ تخم کرفس۔ نکچھکنی کنگھی۔ تلخ کدو۔ حسن یوسف۔ کھاری نمک گرم پانی۔ تخم خرچیا۔
۷۷	مقوی	قوت پہونچانے والی	ایسی دوائیں سردی گرمی میں۔ معتدل ہوا کرتی ہیں۔ اس وجہ سے جسم میں توانائی آ جاتی ہے۔	مغز کدو۔ بادام۔ پستہ اخروٹ۔ چرونجی۔ نارجیل۔ تربوز۔ مغز حیوانات۔ تل سفید۔ مربہ ہلیلجات۔ انناس۔ مشک۔ عنبر۔ زعفران یاسمین۔ امرود۔ بانگو۔ سرخہ مروارید صندل سفید۔ عرق گلاب کوزہ۔ سیب۔
۷۸	مقویات بصر	نگاہ کو طاقت دینے والی	بوجہ لطیف خون پیدا ہونے کے	آملہ۔ ہلیلہ زرد۔ بادام

نمبر شمار	نام مرکب	معنی	تفصیل	مثلاً
		قوت دینے والی	دماغ کو طاقت پہونچتی ہے جسکے سبب سے بینائی قوی ہو جاتی ہے	سونف۔ منڈی۔ شہد۔ مرچ سیاہ چاندی۔
٧٩	مقویات جگر	جگر کو قوت دینے والی	جو جگر کے مزاج کو اعتدال میں رکھے تاکہ قوام خلط با قاعدہ بنکر خون بننے کے قابل ہو۔	کاسنی۔ افسنتین۔ جوزبویا۔ زرنجور۔ بردنیہ۔ زعفران۔ ناگرموتھ۔ الائچی سفید دارچینی۔ مصطگی۔ لونگ غافث۔ بادرنجبویہ۔ گاؤزبان۔ گل سرخ نشاستہ۔ آب بادیان چوب چینی۔ ترنج۔ بادرنگ
٨٠	مقویات اسنان لثہ	دانتوں مسوڑوں کو قوت دینے والی	بوجہ قبضیت اور یبوست کے مانع رطوبت ہو کر دانتوں کی اس جھلی کو کہ جنمیں وہ پٹے ہوئے ہیں میں فضلات ردیہ کو گرنے سے روکتی ہیں۔	پھٹکری۔ مستی۔ پوست بلیلہ سپاری۔ عاقرقرحا۔ زیرہ۔ گل سرخ۔ گلنار۔ لوبان۔ مازو کشتہ۔ بارہ سنگہ۔ چھوٹی بڑی مائین۔ مصطگی کالی مرچ سیس طباشیر

نمبر شمار	نام دوا	معنی	تفصیل	مثلاً
				سنگ جراحت۔ کف دریا۔ حب الآس تمباکو سوختہ۔ برادہ آہن چھال ببول۔
۸۰	مقویات دماغ	دماغ کو قوت دینے والی	ان کی تاثیرات کی وجہ سے دماغ کا فعل قوی ہو جاتا ہے۔	ہولی۔ گلسرخ۔ سونٹھ۔ آملہ۔ مشک کندر۔ ناگرموتھ۔ عنبر۔ گل سیب۔ گل ناشپاتی۔ ان جانوروں کا مغز۔ زعفران مرغی۔ تیتر۔ ایسے کا گوشت۔ مغز کدو۔ کاہو۔ مربہ ہڑ۔ بادام۔ صندل سفید۔ برگ گاؤزبان۔ اسطوخودوس
۸۱	مقویات قلب۔	دل کو قوت دینے والی		میٹھا انار۔ آملہ۔ سیب۔ ابریشم۔ پوست ترنج۔ صندل۔ طباشیر۔ گل سرخ

نمبر شمار	نام دوا	معنی	تفصیل	مثلاً
				بہمن۔ برغانج۔ گل مختوم گاؤزبان۔ درونج۔ دارچینی اندرا۔ مولنگا۔ نیلوفر۔ ناگر بیلی۔ بالچھڑ عنبر۔ مشک۔ [illegible] یاقوت۔ نرکچور۔ چاندی سونا۔ یشب۔ [illegible] روح کو طاقت دینے والی۔
۸۲	مقویات روح	-	روح کو طاقت دینے والی	حب الآس۔ گاؤزبان ابریشم۔ اسطوخودوس زمرد۔ درونج۔ دارچینی بہی۔ بالنگو۔ لوٹن۔ زرنباد۔ کافور۔
۸۳	مقویات معدہ		جو معدہ کو طاقت دینے والی ہے وہی آنتوں کو۔	انار دانہ۔ آملہ۔ سہڑ بہی۔ طباشیر۔ اذخر۔ پوست ترنج۔ گوند ببول جائفل۔ کالی مرچ۔ شیرخشت۔ شکر۔ اونٹ کا دودھ دارچینی۔ نرکچور۔ تیزپات لونگ۔ الائچی۔ [illegible] زرشک۔ لسبد۔ بالچھڑ

مثلاً	تفصیل	معنی	نام گروپ	نمبر شمار
شقاقل - جاوتری انڈا - مشکطرا مشیع				
چنار روشنی - پکھان بید اسطوخودوس - اسارون بابونہ - پودینہ - سرکہ - جند بیدستر - بلسان - عنبر - کباب چینی - رائی زوفا خشک - سداب صعتر - عاقر قرحا - کرڑا اجوائن - مرچ سرخ - بادرنجبویہ - تالون -	حرارت کی وجہ سے گاڑھے اخلاط کو لطیف اور لطیف کو زیادہ پتلا کر دیتی ہے۔	لطافت بخشنے والی	لطیف	۸۴
اکلیل الملک - کرنجوہ - سلارس - تخم خطمی - موم - روغن بید انجیر چربی بط - گوگل - بکری - گائے کی ہڈی کا مغز کنوچہ - بابونہ - برگ جھاؤ	قوت محللہ کے سبب سے انجماد کی صورت کو قابل تحلیل کر کے نرم کر دیتی ہے۔	ورموں کو نرم کرنے والی	ملینات اورام	۸۵
چرونجی - ساگ خرفہ - مولی - کرم کلہ - مغز تخم عمولہ	ایسی دوا اپنی معتدل حرارت کی وجہ سے معدہ، آنتوں کا سدہ ا	پیٹ نرم کرنیوالی	ملینات بطن	۸۶

مثالاً	تفصیل	معنی	[illegible]	نمبر شمار
سرکہ۔ پالک بکری بھیڑ کا دودھ۔ پرانی املی۔ گل سرخ۔ ترنجبین۔ آلو بخارا۔ ارنڈ خربوزہ۔ گلقند۔ عرق سونف روغن بید انجیر۔ گل بنفشہ عاقرقرحا۔ اکاس بیل ادرک۔ اخروٹ۔ شاہترہ۔ تخم کشوث۔ سپستان تخم کاسنی عناب۔ بہدانہ۔ پرسیاوشاں زوفا۔ سونیز۔ انجیر اصل السوس۔ افتیمون گاؤزبان۔ افیون۔ مکھن۔ بادام۔ [illegible]	بند مادہ کو نرم کر کے دستوں کی راہ خارج کر کے نکالتی ہیں۔			
افیون۔ جائفل۔ بیر بہوٹی۔ گوگل۔ تخم دھتورہ۔ اجوائن خراسانی۔ لونگ۔	یہ لفظ عموماً منی کی رکاوٹ کے لیے بولا جاتا ہے۔ جو اپنی خشکی یا بلطیف گرمی کی وجہ سے نکلنے نہیں دیتی	روکنے والی	ممسک	۸۷

نمبر شمار	نام عربی	معنی	تفصیل	مثلاً
				سیاہ مرچ ۔ جاوتری ۔ زعفران ۔ دارچینی ۔ سونٹھ ۔ مشک ۔ عاقرقرحا ۔ ست گلو ۔ پھول ببول ۔
۸۸	ملمّس	کھردرے پن دفع کرنے والی ۔	اپنی لزوجت کیوجہ سے کھردری سطح پر پھیلکر اسکو چکنا کردیتی ہے یا اسکی تاثیر سے رطوبت نکلکر اسی جگہ جمع ہوجاتی ہے ۔ جس سے کھرکھراٹ جاتی رہتی ہے ۔	جو دوائیں ۔ جالی ۔ غسالی ۔ قابض میں ذکر ہو چکا ۔
۸۹	منضج	پکانیوالی	خلطی توام کو اپنی قوت منضجہ کے سبب سے اس لائق کردیتی ہے کہ ہر ایک خلط اپنی منسوبہ دوا کے ساتھ قابل نکلنے کے ہوجاتی ہے ۔	وہ دوائیں جن کا ہر ایک خلط کے بیان میں ذکر ہوچکا ہے ۔
۹۰	منضجات اورام	ورموں کو پکانیوالی		اکلیل الملک ۔ پرسیاؤشان ۔ صابون کلونجی ۔ سویہ ۔ خطمی آرد گندم ۔ بابونہ ۔
۹۱	منضجات صفرا	صفرا کے پکانیوالی	اس قسم کی دوائیں ۔ صفرا کو اس	عناب ۔ گل سرخ

نمبر شمار	نام مرکب	معنی	تفصیل	مثلاً
			قابل کر دیتی ہیں جو ایام منعقدہ ہیں اپنی ادویات منسوبہ کے ساتھ اخراج کے قابل ہو جاتا ہے	بنفشہ - گل نیلوفر - شاہترہ - تخم کاسنی - بیخ کاسنی - تخم کاہو - ترنجبین - شربت آلو بخارا - گلقند -
۹۲	منضج بلغم	بلغم پکانے والی	مانند صفرا کے	مویز منقے - تخم خطمی - بیخ کاسنی - بادیان - پرسیاوشان - اصل السوس - انیسون - شکاعی - انجیر - گل سرخ - گلقند
۹۳	منضج سودا	سودا کے پکانے والی	مانند صفرا	سپستان - گاؤزبان - بلی لوٹن - پرسیاوشان - اصل السوس - شکاعی - شاہترہ - سونف - ترنجبین - گلقند -
۹۴	منبت لحم	گوشت بھرلانے والی	مقام زخم میں خراب شدہ فصل کو اپنی تاثیرات سے حرکت دیکر ایسا اعتدال کر دیتی ہیں - کہ نہ تو ایسی چوبت ہوتی ہے - جس سے	

نمبر شمار	نام عربی	معنی	تفصیل	
			اس کی رفتار مانند بال سست ہو۔ اور نہ ایسا کہ رطوبت سے جسم خراب ہو جاوے۔ بلکہ وہان پر خون اس طریقہ سے پہونچتا ہے کہ حرارت غریزی اسکو مبدل بہ گوشت کرتی جائے۔	دم الاخوین۔ کیترا۔ روغن زیتون۔
۹۵	منبت شعر	بال اوگانے والی	ان دواؤن کا اثر اس جھلی پر ہوا کرتا ہے جسکے ذریعہ سے بالونکی پرورش ہوتی ہے ان کے مسامون کو کھولکر دخانی مادہ کو قابل گذر بناتی ہین۔	خطمی۔ برگ بیری۔ برگ سرو۔ لعاب آلاش پہول ثعلب مصری۔ روغن ناریل۔ روغن زردی بیضہ۔
۹۶	منفذ	مسامون مین گذرنے والی	یہ ایسی دوائین ہین جو دوسری دوا کے ساتھ ملکر بہت جلد وہان پر پہونچ جاتی ہین جہان جانا ضروری ہے	کافور کے ہمراہ زعفران
۹۷	منوم	نیند لانے والی	یہ وہ دوائین ہین۔ کہ جن کے کہانے سے دماغ مین روح نفسانی کا گذرگاہ گرم ہو جاتا ہے اور اسکی تاثیر تحذیر سے اس کے فعل مین سکون ہو جاتی ہے	پوست کوکنار زعفرانی۔ حب کاکنج۔ کاہو۔ سیب۔ دھنیہ سبز۔ آش جو۔ اجوائین خراسانی بابونہ بھنگ۔ دھتورا۔ ملکو۔

مثلاً	تفصیل	معنی	نام اصطلاح	نمبر شمار
سورنجان۔ شیرینی۔ دودھ۔ گھی۔ کنگھی کے چاول۔ کچی پیاز۔ بہمن۔ بوزیدان۔ بادام۔ پستہ۔ الیچی خیار۔ شلغم۔ کھوپرہ۔ تودری۔ سونٹھ۔ مشک۔ زعفران۔ شقاقل۔ گوشت مرغ		منی پیدا کرنیوالی	مولدات منی	۹۸
رال۔ لاکھ۔ آبکامہ سرکہ۔	کافی طور سے غذا ہضم نہ ہونے کی وجہ سے۔	دبلا کرنے والی	مہزل	۹۹
رس۔ صفرا کو ترشیاں بلغم کو فواکہ خون کو میوہ جات باہ کو۔	کسی قوت کو ہیجان میں لاتی ہیں	اُبھارنے والی	مہیج	۱۰۰
خشک چونہ۔ سفنج۔ زہر مہرہ خطائی۔	اپنی قوت جاذبہ سے بہتی ہوئی رطوبت کو کھینچ لینا۔	رطوبت کو جذب کرنیوالی	ناشف	۱۰۱
لوبیا۔ باقلا۔ گوبھی پیاز۔ کرم کلہ۔ چقندر موٹھ۔ گوشت بگلا۔	رطوبت فضلیہ کے باعث حرارت کو تحلیل کرنے کی قدرت نہ ہونے کی وجہ سے بدن میں ایک قسم کا دھواں	اوبخار پیدا کرنے والی	نفاخ	۱۰۲

نمبر شمار	نام دوا	معنی	تفصیل	مثلاً
			غلیظ پیدا ہوتا ہے جو بسبب نہ تحلیل ہونے کے تقیح کرتا ہے	سمندر سوکھ - برگ شلغم - ناشپاتی - انجیر - کٹھل - مٹر - خوبانی - کھیرا -
۱۰۳	ہاضم	ٹکڑے ٹکڑے کرنیوالی	اپنی حرارت کی وجہ سے معدہ کی قوت دیگر غذا کو قابل ہضم کر دیتی ہے	اجوائن - سنر کچور - پیپلا مول - جوتری - مولی - شہد - گڑ - سرکہ - اچار -
۱۰۴	خاتم	پورا کرنی والی	اپنی یبوست کی وجہ سے زخمی جگہ میں خشکی پیدا کرکے کھرنڈ باندھ دیتی ہیں تاکہ بیرونی صدمات سے زخم محفوظ رہے۔	سفیدہ - چاک - اراروٹ - نشاستہ - شاوزہ - ایلوہ -
۱۰۵	دافع تشنج	تشنج دور کرنیوالی	یہ دوا ہیں غیر طبعی فعل کو جو کسی ایذا رساں خلط یا یبوست کی وجہ سے ہوا کرتا ہے ساکن یا زائل کر دیتی ہیں جس سے تشنج رفع ہو جایا کرتا ہے۔ بعض ادویہ ایسی بھی ہیں کہ تشنج کو خواہ کسی وجہ سے ہو ساکن کر دیتی ہیں۔	بھنگ - رخبد بید ستر - سنبل الطیب - افیون - اکاس بیل - اذخر - اسطوخودوس - دھتورہ - بارہ سنگے کی چربی -
۱۰۶	رادع	لوٹا دینے والی	قوت قابضہ اور برودت وغیرہ	مکوہ - دھنیے - اسبغول

نمبر شمار	نام عربی	معنی	تفصیل	مثلاً
			کے عضو میں اسقدر سردی پیدا کردیتی ہیں جس سے وہاں کے مسام بند ہوکر اس حرارت کو جو مادہ کے جذب کرتے پر مستعد ہوتی ہے۔ سردی کے سبب سے پیچھے ہٹ جاتی ہے یا انجمادی صورت میں بدلتی ہی تاکہ عضو ماؤف پر نہ گرے۔	گلنار۔ اقاقیا۔ گل ارمنی گلسرخ۔ صندلین۔ بارتنگ۔ پوست خشخاس خطمی۔ بالنگ۔ کاہو۔ جُفت بلوط۔ سفیدی بیضہ مرغ۔ تم بہیرہ۔ افیون۔ خبازی۔ دم الاخوین۔ سماق۔ ملتانی مٹی۔ اجواین خراسانی۔
۶۳	عاصر	نچوڑنے والی	زیادتی قبض جو کسیلے پن کی وجہ سے عضو کو سمیٹتی ہے۔ جس کے سبب سے عضوی رطوبت جو باہر نکلنے کا راستہ پاتی ہے۔ نکل جاتی ہے اور اپنے ساتھ دوسرے مادہ کا بھی اخراج کرتی جاتی ہے۔	ہلیلہ آملہ۔ پوست انار انار کی چھال۔ جامن کی گٹھلی
۶۴	غسالی	دہونیوالی	قوت جالیہ کے سبب سے اخلاط کو حرکت دیکر سطح عضو کو دہوتی ہے	آشنجو۔ آب شہد۔ آب نیم گرم۔

مثلاً	تفصیل	معنی	بہ عربی	نمبر شمار
سنکھیا۔ دھتورا۔ کچلہ۔ افیون۔ تیلیا۔ فرفیون۔ دہنہ۔ سرمہ۔ سیندور۔ جند بیدستر۔ سیاہ جانگلی۔ کنگلی سیاہ۔ زنگار۔ سیندورک ابری رسکفاح۔ مردارسنگ۔	اپنی زہریلی خاصیت اور سخت مخالفت جسد کے قوائے ارواح کو فنا کرکے ہلاک کردیتی ہیں۔	مار ڈالنے والی	قاتل	۷۵
تارمین۔ انار ترش کی جڑ کی چھال۔ کمیلہ۔ ہڑ۔ سرکہ اور دودھ کے بابرنگ۔ کلونجی۔ آڑو کے پتے۔ ندفا خشک۔ پودینہ۔ افسنتین۔ بوزیدان۔ بورہ ارمنی۔ زراوند۔ ہمعتر۔ سقمونیا۔ سندروس۔	ان ادویہ کی تاثیر کرم پر زہریلی ہوا کرتی ہے۔ یا اپنی جگہ کو باعث تکلیف سمجھکر چھوڑ دیتے ہیں۔ ہر ایک دوا کا خاص خاص مقام پر اثر ہوا کرتا ہے بعض کا کدو دانوں پر کیچا چنمنوں پر بعض کا دوسروں پر۔	پیٹ کے کیڑے مارنیوالی	کرم کش	۷۶
سنگ دانہ مرغ۔ جفت بلوط۔ پوست پستہ بیرون۔ زرشک۔ حب الآس۔ دم الاخوین۔ گلنار۔	عضو میں گیلے پن کی وجہ سے یہ کیفیت پیدا کردیتی ہیں کہ جس کی وجہ سے راستہ تنگ ہوکر فضلات نہیں ہوتے ہیں۔	روکنے والی بند کرنے والی	قابض	۷۷

نمبر شمار	نام عربی	معنی	تفصیل	مثلاً
				سماق - جامن - آم کی گٹھلی - پوست چنیا گوند - چاولی - جوز السرو - تخم ریحان - گلنار - جھاؤ - مازو - بیلگری - سرمہ - اقاقیا -
۷۸	قاشر	چھیلکا اتارنے والی	بسبب شدت جلا کی وجہ سے عضو کی دخیرا سے بخار فاسدہ کو چھیلکر صاف کرتی ہے ایسی دوا مرض چھائیں کو مفید ہے -	جو بریان - خشخاش - تل سیاہ - قسط - زراوند -
۷۹	کاوی	داغ دینے والی	تیزی اور سوزش اور خشکی کے سبب سے عضو کو جلا کر مردار کر دیتی ہے - جسکے سبب سے اخراج رطوبت بند ہو کر کھرنڈ بندھ جاتا ہے ایسی دوا کو خون بند کرنے کے واسطے استعمال کرتے ہیں -	زرد پھٹکری - تیزاب
۸۰	کاسر ریاح	ریح کو توڑنے والی -	یہ سبب حرارت لطیف کے ریاح غلیظ کو پتلا کر کے توڑتی ہے -	انیسون - ادرک - بادیان - نمک سیاہ - سعتر - کالی مرچ - زیرہ - سونٹھ - نرکچور - اجواین

نمبر	نام عربی	معنی	تفصیل	مثلاً
				کلونجی۔ سانبھر۔ سرسون۔ کھاری نمک سہاگہ۔ نوشادر۔ دارچینی۔ گندک۔
۸۱	لاذع	سوزش پیدا کرنے والی	گرمی۔ سختی اور قوت نفوذ کے سبب سے عضو میں اتصال اور تفرق غیر محسوس پیدا کرکے سوزش اور درد پیدا کردیتی ہے بعض دوائیں ترشی بھی سوزش پیدا کرنے والی ہیں۔	سرکہ۔ لیموں۔ کھاری نمک۔ رائی ہرتال۔ تیزاب۔ جامن
۸۲	مانع التبخرات الاعلام ردیہ	مانع بخار پریشان	بخارات غیر معتدلہ کو اپنی تاثیرات سے دماغ پر چڑھنے نہیں دیتی ہیں	درونج۔ خرفہ۔ غلاف خرما زیتون کی لکڑی گلے میں لٹکانا۔ پھٹکری۔ سرہانے رکھنا۔
۸۳	حابس الدم	خون بند کرنے والی	اپنی خشکی کی وجہ سے خون کی ساخت اور کیفیت میں تغیر پیدا کرکے انجمادی صفت کو تیز کردیتی ہیں جسکے سبب رطوبت بہنے اور جمنے سے رک جاتی ہے بلکہ قوت قابضہ کی	دم الاخوین۔ کشنیز تر زرشک۔ گیرو۔ مغث بلوط سرمہ۔ بارتنگ۔ کہربا نشاستہ۔ گلنار۔ لحیۃ التیس چھوٹی مائیں۔ کتھ

نمبر شمار	نام جماعت	معنی	تفصیل	مثلاً
			وہ دوے تحریاً مین سمٹ جاتی ہین	کاکنگل - سماق - گرگس - گیریامٹی -

مقالہ چہارم

چند ضروری قاعدے

(۱) کُشتہ - جسکے لغوی معنی جلانے کے ہین - ادویات مصلح (۱) کے ساتھ جلا لینے سے نقائص دور ہو کر قابل استعمال ہو جاتی ہین جنکا ذکر اسی کے بیان مین کیا جاوے گا -

(۲) بعض ادویہ خاص قاعدہ اور مناسب شے کے ہمراہ رکھی جاتی ہین - جیسے کافور - سیاہ مرچ کے ساتھ - رنج عفری - جدوار - ریگ ماہی سرطان - عود صلیب وغیرہ ریگ میں رکھی جاتی ہین - اور خوشبودار شے کو تنگ دہن والی بوتل مین تاکہ ہوا لگنے سے خوشبو اڑ نہ جاوے - برادہ آہن - مقناطیس کے ساتھ بیضہ مرغ اور مشک - خانونج - سونٹھ - نچوڑے ہوئے عرق تنگ دہن کی بوتل مین روغن بادام اوپر ڈالکر رکھے جاتے ہین - عرق پیاز تلے کے برتن میں

(۳) تمام جڑین اور پھولوں کو نمی اور دھوپ سے دور رکھنا چاہئے - عصارات چینی یا چاندی کے برتن میں - روغنہائے بوتل یا چینی کے برتن میں -

(۴) ادویہ حیوانی جیسے چربی۔ پتہ۔ سنگ۔ ہڈی۔ سرگین۔ خون۔ پنیر۔ چربی نمک آمیز کی قوت ایک سال تک باقی رہتی ہے۔ پنیر مایہ کی دو سال تک۔ سنگ۔ کھر۔ ہڈی۔ پتہ سالہا سال تک سرگین۔ خون صرف ایک سال تک لیکن جندبیدستر دس سال تک۔

(۵) کتیرا۔ دم الاخوین۔ وغیرہ کی طاقت دس سال تک۔ عصارہ کی طاقت گوندسے کم۔

(۶) پھول۔ کلیاں۔ جیسے گلنار۔ گلسرخ۔ گل بنفشہ اور برگ حناء کی تیج پات وغیرہ ایک سے دو سال تک۔

(۷) شیر درختان جیسے فرفیون چار سال۔ سقمونیا بیس سال۔

(۸) روغنہائے۔ بارد۔ دو ہفتہ اور گرم کی دو سال تک برخلاف بلسان کے اگر احتیاط سے رکھا جاوے تو دیر تک رہ سکتا ہے۔ یہ روغن جیسا پرانا ہوتا ہے سریع التاثیر اور قوی ہوتا ہے۔

(۹) مغزیات جس میں دہنیت ہے جیسے اخروٹ۔ بادام۔ وغیرہ اگر چھلکے کے اندر رہیں تو انکی قوت ایک سال تک۔ اگر چھلکے اوتار دیں جائیں تو دو ہفتہ تک جن کا چھلکا بادام کی مانند نہیں ہے انکی قوت دو سال تک

(۱۰) بیجوں کا حال مانند پھولوں کے۔ جنمیں دہنیت کم ہے۔ جیسے میتھی سونف وغیرہ دو برس تک بشرطیکہ حفاظت سے رکھے جاویں اور جنمیں دہنیت زیادہ ہے مانند خشخاش کے انکی قوت کم عرصہ تک رہتی ہے۔

حصہ اول

پانی - چہار ارکان بسیط میں سے ایک رکن ہے جسکے اجزا ایک

جنس ہونے کی وجہ سے تہ نشین نہیں ہو سکتے۔ برخلاف اجزا مرکب کے۔

شناخت پانی کی

اچھا پانی وہ ہوتا ہے جسمین نہ بو ہو نہ ذائقہ خراب۔ اور نہ ایسا میلا کہ دیکھنے سے کثافت معلوم ہو۔ ہمارے ملک مین کوئون کا پانی برتا جاتا ہے یا تالاؤن کا جو بارش کا جمع ہوا کرتا ہے۔ اور وہ بالکل نہ نکلنے اور تالاب کے نہ صاف کرانے کی وجہ سے خراب ہو جایا کرتا ہے۔ ایسے تالابون کے پانی استعمال کرنے والون کی صحت خراب رہا کرتی ہے چونکہ بھرے ہوئے پانی مین نباتاتی و حیوانی اجزا کے سڑ جانے یا خراب اجزا کے ارضی کے ملنے سے پانی کے اصلی جوہر خراب ہو جاتے ہین۔ جو پکانے سے بھورے رنگ کے نباتاتی اجزا تہ نشین ہو جاتے ہین۔ اور زیادہ حرارت پہونچانے سے جلکر سیاہ ہو جاتے ہین لیکن ارضی اجزا بدستور رہتے ہین۔ صحت کیواسطے پانی کا صاف خوش ذائقہ ہونا بہت ضروری ہے۔ چنانچہ بہترین پانی اُس چشمہ کا ہوتا ہے کہ جسکا بہاؤ شور زمین اور نمک کی کان پر نہو۔ بلکہ اُس کی روانی کی پتھریلی زمین یا خالص مٹی پر ہو جو تہ نشین ہونے وقت پانی کو دیگر آمیزشون سے پاک صاف کر دیتی ہے نیز مانع عفونت بھی ہے۔

مقدار پانی انسان اور بعض حیوان کیلئے

تندرست انسان کی مختلف ضرورتون کے لئے پونے چار سیر۔ کھانا پکانے کے واسطے سوا سیر۔ غسل اور برتنون کے واسطے پچپن سیر

اس حساب سے کل پانی ڈیڑھ من ہوتا ہے۔ ایسے ہی حیوانات کے لیئے۔ مثلاً ہاتھی کیواسطے تین من اونٹ پچاس سیر۔ بیل گھوڑا اکتیس سیر۔ خچر پچیس سیر۔ بھیڑ بکری۔ پانچ پانچ سیر۔ نالیوں کی صفائی اور دیگر ضروریات کو ملا کر فی کس ایک من پندرہ سیر پانی کی ضرورت ہوا کرتی ہے۔ اب اس طریقہ سے ہر ایک شہر کی آبادی کا شمار کر کے حساب ہو سکتا ہے۔ کہ روزانہ کسقدر پانی کا خرچ ہو رہا ہے۔

صاف اور لطیف پانی

بارش کے پانی میں خراب اجزا حیوانی۔ نباتاتی وغیرہ کم ہوا کرتے ہیں بہ نسبت برف کے جو کہ بہاری ہوتا ہے۔ کیونکہ انجماد کیوقت لطیف ہوا میں خارج ہو جاتی ہیں اور کثیف ہوا میں رہجاتی ہیں۔ اسی اصول پر ایام سرما کی بارش کا پانی دیگر موسموں کی نسبت بہتر ہے۔ کیونکہ سردی میں برودت کے سبب سے خراب ہواؤں کے بخارات صعود نہیں کرتے ہیں جو پانی میں ملسکیں یہی باعث ہے کہ وہ پانی خراب ہواؤں اور ارضی اجزا سے پاک صاف ہوتا ہے۔

کوئیں یا چشمہ کا صاف پانی

طبیبوں نے صاف اور خوشگوار پانی کو ہرطرح کے امراض میں برتا ہے مثلاً حمام میں صاف اور شیریں پانی جو استعمال کرتے ہیں۔ تو

اس سے وجع مفاصل - درد نقرس - اختناق الرحم - ضعف جگر
اورام کہنہ - امراض گردہ وغیرہ - کو فائدہ ہوتا ہے - جہان حمام نہ ہو
وہان ایسے مریضون کے لئے بند مکان مین ایک بڑا برتن جس میں شخص
بیٹھ کر بآسانی غسل کر سکتا ہے مانند حمام کے غسل کرایا جاوے تو تمام
جسم میل کچیل سے صاف ہوکر بدن ایسا نرم وسبک ہو جائے گا جیسے
تندرستون کا ہوتا ہے اور جب ایسے صاف پانی سے حمامی اصول پر
غسل کرایا جاتا ہے تو گرم پانی کا اثر اعصاب شریانان ورید - جلد
آلات تنفس وغیرہ پر پڑا کرتا ہے تو دوران خون کے ذریعہ جلدی فضلات
ردیہ مسامون سے باہر خارج ہوجاتے ہیں اور دیگر نالیان وغیرہ
صاف ہوکر دوران خون کو گردش دینے اور بقایا فضلات کو مسامون
کے راستہ سے نکالنے کیلئے طبیعت کو بہت موقع ملجاتا ہے اسی طرح اکثر مرض غسل سے بھی دور ہو جاتے
ہین بخار مین سرد پانی سے غسل کرنا یا کافور سر عرق گلاب صندل وغیرہ
کپڑا تر کرکے جسم پر پھیرنے سے حرارت کم ہوکر بخار اُتر جاتا ہے

تغیرات تاثیر پانی

پانی بوجہ مائیت کے مختلف قسم کی زمینون کی تاثیر سے متاثر ہو جایا کرتا
ہے - یہی وجہ ہے کہ پانی ایک ہے اور صدہا قسم کے چشمے مشہور آفاق
اور مختلف قسم کے امراض مین بکار آمد ہین -

چشمہ گندک

عین الکبریت ——————— چشمہ گوگرد

اس کے دہانے کے پتھروں پر گندک جمی ہونے کیوجہ سے اس کی فورا تمیز ہوسکتی ہے۔ اسکا پانی امراض ذیل کے مریضوں کے لئے برتا جاتا ہے۔ وجع مفاصل - نقرس - خارش تر - خشک داد - چنبل - امراض جگر۔ اسکا پانی عموماً گرم ہوا کرتا ہے۔

ترکیب غسل

گندک کے چشمہ میں بیٹھے کا جسم پانی میں ڈوبا رہنا چاہئے۔ تاکہ نرم حرارت کی وجہ سے مسامات کشادہ ہوکر گندک کے اجزائے دخانی جسم میں سرایت کرکے باعث محرک خون مسکن اعصاب ہوتے ہیں۔ جس سے جلد ہی امراض کا مادہ وغیرہ میل کچیل کے ہمراہ دھل دھلا کر پاک صاف ہو جاتا ہے اور جو اجزا خون میں ملکر دوران خون کے ذریعہ جلد کے مسامات سے باہر کو خارج ہوا کرتے ہیں وہ اور زیادہ تر جلد کو نرم اور غلاظت سے پاک صاف کردیتے ہیں۔ لیکن یاد رہے کہ اسکے چشمہ میں دیر تک بیٹھے رہنے سے مسام کشادہ ہوکر حرارت غریزی خارج ہونا شروع ہو جاتی ہے جو باعث غشی کا ہوتا ہے۔

ترکیب مصنوعی گندک کے پانی کی

جس وقت اصلی پانی گندک کے چشمہ کا نہ مل سکے تو ترکیب ذیل سے تیار کرکے ایک بڑے برتن میں کہ جس میں مریض آسانی سے بیٹھ سکتا ہو۔ غسل کرے۔ پانی بیس سیر۔ گندک۔ دس تولہ آگ پر خوب جوش دیں جب گندک حل ہو جاوے تو نیم گرم پانی سے غسل کیا جاوے۔ لیکن پانی کی گرمی یکساں رہنی چاہیئے تاکہ عمل چشمہ کے پانی کے مانند جاری رہے اس ترکیب کی مدد کے لئے زیادہ پانی تیار رکھنا چاہیے جس میں سے پے درپے ملانے جائیں۔

چشمہ نمکین دست آور

یہ چشمہ دست آور علاقہ ریاست جموں میں واقع ہے۔ وہاں کے لوگ بغرض مسہل اپنے ہمراہ اس چشمہ پر بھنے ہوئے چنے لیجایا کرتے ہیں جب پانی پینے سے پیاس معلوم ہوتی ہے تو وہ لوگ چنے کھاتے ہیں تو اُن کی یبوست سے پیاس کی زیادتی ہوتی ہے پھر وہ اسی چشمہ کا پانی بجائے مدد کے بھی پیتے رہتے ہیں جب انکی حسب منشا خوب دست آکر طبیعت بالکل صاف ہو جاتی ہے۔ تو وہ اطمینان کیلئے کسی درخت کا پتہ بھی کہا کر پانی پیتے ہیں اگر وہ پتہ بغیر رکاوٹ صاف نکل گیا تو انکو تسلی ہو جاتی ہے کہ اب مسہل باقاعدہ ہو گیا ہے ورنہ اور پانی پیتے ہیں۔ ایسے چشمہ کا پانی امراض استسقا۔ یرقان۔ بلغم۔ جلدی

امراض مثل داد۔ اور وجع مفاصل۔ خراب زخم بعض بخار وغیرہ کے لئے مفید ہے۔ اس پانی میں نمک وغیرہ کا ایسا ذائقہ نہیں ہوتا جو طبیعت کو بہت ناگوار ہو۔ ترکیب مصنوعی آبی نمک سو حصہ میں ایک حصہ اور نوشادر تین حصہ فیصدی ہوتا ہے۔

غسل کی فلاسفی

جسمانی صحت کی ضروریات میں سے غسل بھی مفید مطلب ہے بشرطیکہ رسمی طور سے پانی نہ بہایا جاوے۔ جب غسل کیا جاتا ہے تو تمام رگوں اور اعصاب اور خون میں ایک قسم کی حرکت پیدا ہو کر تغیر و تبدل ہونا شروع ہو جاتا ہے جسکی وجہ سے جلدی امراض جو میل کچیل کے صاف نہونے کے سبب سے پیدا ہو جایا کرتے ہیں بلکہ ان کی چھوت سے تندرستوں کو بھی اپنا شکار بنا لینے میں دریغ نہیں کرتے۔ دور ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ اس مطلب کے لئے مختلف چشموں وغیرہ کا پانی مفید صحت ہے۔ چشمہ مذکور کے پانی سے داد۔ زخم۔ بعض قسم کے بخار خواہ وہ مساموں کے بند ہونے سے ہوں یا ویسے ہی۔ مثلاً جب جسم کی حرارت بہت بڑھ جاوے تو اس حالت میں سرد پانی خالص۔ یا سرکہ یا عرق گلاب لیمو کا فوراً ملا کر تمام جسم پر ایک صاف کپڑا بھگو کر پھیرنے سے حرارت کم ہو جاتی ہے جب حرارت کی زیادتی دیکھیں اس عمل کو بدستور جاری رکھیں۔

ایام گرما میں جب جسم پر حصفہ نکل آتی ہے جسکو گرمی دانے یا پت بھی کہتے ہیں۔ یا بخارات عفنیہ۔ فکریہ۔ ہمیہ۔ نوبیہ۔ راحتی وغیرہ میں بھی ایسا عمل کرنا مفید ثابت ہوتا ہے۔

پاپڑ لون

بورق ———————— بورہ ارمنی ہے

ایک قسم کا ہلکا نمک ہے جو معدنی اور مصنوعی دو قسم کا ہوتا ہے مصنوعی دو قسم کا ہوتا ہے۔ جو سفید جالیدار ہے اسی کو بورا ارمنی کہتے ہیں

خاصیت۔ رنگ سفید سبک سوراخ دار۔ ذائقہ شور۔ طبیعت گرم خشک۔ بدل نمک اندرانی۔

مضر معدہ۔ مصلح گوند۔ ببول۔ مصطگی۔ بدل۔ نمک اندرانی۔

فوائد۔ محلل ریاح۔ مقوی باہ۔ مخرج بلغم۔ دافع قولنج۔ مدر حیض۔ جاذب۔

استعمال۔ استسقاء سم۔ خارش۔ قرحہ رطوبت رحم کے لئے مفید ہے۔

مرکبات

حمول ———————— دوا آلود بتی

بورہ ارمنی۔ سداب باریک کر کے برقاعدہ حمول کے شہد میں ملا کر اور روئی آلودہ کر کے مطابق قاعدہ استعمال کریں۔

فوائد استعمال استسقاء طبلی وغیرہ میں اخراج ریاح کے لئے منفعد میں رکھتے ہیں۔

لیپ بورہ ارمنی

بورہ - بورہ ہر ایک ۹ ماشہ - زرنیخ ۲ ماشہ سم الفار - زنگار ہر ایک تین ماشہ - چار تولہ مرغ کی چربی پگھلا کر صاف کر کے ایک شیشی میں بحفاظت رکھیں - فوائد استعمال دافع مسہ بواسیر - ترکیب استعمال - روئی میں لگا کر مسوں دو یا تین بار مسوں پر لگایا جاوے اگر مریض قوی ہو تو پانچ روز تک لگاتے رہیں - ورنہ ایک دو بار ہی لگا کر دیکھیں اگر کسی قسم کی تکلیف ہے تو مرہم پیاز گائے کے گھی میں بنا کر ہر روز لگاتے رہیں تاکہ مسّے گر پڑیں جب تک آرام نہ آئے پانی نہ استعمال کریں - جب مسے گر جائیں تو یہ مرہم لگائیں - انزروت دو ماشہ دم الاخوین دو ماشہ - سفیدی بیضہ مرغ ایک باہم ملا کر مسوں پر لگایا جاوے - لیکن یاد رہے کہ کوئی دوا کھانے والی بھی دیجاوے جس سے قبض نہ ہونے پاوے اور جو بواسیر کو اندرونی طور سے بھی فائدہ پہنچے -

ملح ۶ ... ... نمک

اس کی کانیں چشمے تمام دنیا میں کثرت سے پائے جاتے ہیں عموماً ہر ایک ملک میں نمک کے پہاڑ اور چشمے موجود ہیں بلکہ - جودہ پورا اور جے پور کی شرکت میں ایک سانبھر نامی جھیل جو بائیس میل طول اور چھ میل عرض میں واقع ہے اسکا پانی خشک کر کے نمک بناتے ہیں چنانچہ ایسے ہی بحر شور وغیرہ سے بنایا جاتا ہے

خاصیت - سفید چمکدار اور شفاف جو پانی میں باسانی حل ہو جاتا ہے ذائقہ نمکین جلانے سے زرد رنگ کا شعلہ نکلتا ہے گرم خشک مضر دماغ پھیپھڑ مصلح ترچرب بدل دوسرا نمک -

فوائد - محلل ریاح - مخرج بلغم بذریعہ اسہال - مجلا دانت -

استعمال - قدرت نے غذائی اجزا میں سے ایک جز نمک کا مقرر کیا ہے - یعنی تمام قسم کی غذاؤں کے پرورشی اجزا چہار جماعت پر منقسم ہیں ایک وہ ہے جس میں اجزا گوشت کے ہیں دوم روغنی اجزا سوم - انشاستہ اور میٹھے اجزا - چہارم نمکیات - اگر ذرا بھی غور کیا جائے تو معلوم ہو جاوے گا کہ دنیا میں نمکین اجزا کا کثرت سے پایا جانا بے فائدہ نہیں ہے - سمندر وغیرہ انسان کے لئے بڑے مفید مطلب ہیں - جنکا یہاں پر بحث کرنا فضول ہے البتہ اسقدر کافی ہے کہ نمکین اجزا سڑنے سے روکتے ہیں - اگر جونک معدہ میں یا حلق میں یا دھمین چلی گئی ہو تو نمک کے پانی کی پچکاری سے نکل آتی ہے - بعض زہروں کے دفعیہ کے لئے گرم پانی میں گھولکر قے کراتے ہیں - جیسے افیون - دھتورہ کبھی اس سے دست آجاتے ہیں مقعد کے کیڑے نمک کی پچکاری کرنے سے نکلجاتے ہیں - خوراک ۱ ماشہ -

مرکبات

ترکیب تیزاب نمک -

سفید پھٹکری - نمک سانبھر ہموزن باریک پیسکر ایک پتھر کی ہانڈی میں بھرکر اوس پر ایک مٹی کا لوٹا اولٹا رکھکر ہر دو کا منہ سے منہ ملا کر گل حکمت کردو - اور لوٹے کی ٹونٹی میں ایک کانچ کی نالی لگاکر اُس کو ایک بوتل میں تھوڑا پانی ڈالکر اُس نلی کو بوتل سے مضبوط کردو - اب نمک والی ہانڈی کو چولہے پر رکھکر آگ جلادو تو بخارات نالی کے رستہ سے بوتل میں جاکر صورت نالی میں تبدیل ہوجاوینگے یہی تیزاب

کھلاتا ہے۔

نافصمانات۔ اگر اس ہیں۔ کہار ادویہ یا سیسہ چاندی کے مرکبات ملائے جائیں تو خراب ہو جاتا ہے۔

مرکب تیزاب نمک

خالص تیزاب ایک حصہ پانی دو حصہ ملا کر ایک شیشی میں بحفاظت رکھا جاوے۔ طاقت تین حصہ میں ایک حصہ۔

فوائد استعمال

کل فوائد نمک کے موجود ہیں۔ بدہضمی۔ درد سر۔ بخار۔ امراض جگر۔ حلق کے زخم میں کلی کرانا مفید ہے۔ خوراک ۳۰ بوند۔

سفوف نمک

نمک سانبھر۔ نمک سنگ۔ نمک اندرانی۔ نوشادر معدنی ہر ایک سات حصہ۔ اجمود۔ نانخواہ۔ مرچ سیاہ۔ زنجبیل۔ لونگ زیرہ سیاہ۔ جائفل۔ جاوتری ہر ایک ایک حصہ۔ باریک کرکے نصف سیر سرکہ میں جوش دیں جب خشک ہو جاوے سفوف کرکے شیشی کی ڈاٹ والی بوتل میں با حتیاط رکھیں۔

فوائد استعمال

دافع بدہضمی۔ ارغ ترش۔ مخرج ریح۔ جاذب رطوبت معدہ

دردریح - تونج - مشتہی طعام خوراک ۱ ماشہ

کحل ظفرہ - نمک لاہوری - طبرزد - کف دریا - شورہ قلمی ہموزن خوب باریک کرلیا جاوے **فوائد استعمال** ناخونہ اور سفیدی قرنیہ کیواسطے معمول آ[illegible]

پھٹکری

نام ع - ---- پھٹکری

یہ معدنی شے ہے جو جلاکر مقطر کرنے سے حاصل ہوتی ہے - اس جمی ہوئی کو پھٹکری کہتے ہیں - ہر کئی قسم کی ہوتی ہے -

خاصیت - مختلف رنگ شفاف چمکدار - ذائقہ ترش کچھ میٹھا اور کسیلا گرم خشک سفر معدہ - امعاء - مصلح - شیرہ لعابات بدل - نوشادر پھٹکری سرخ -

فائدہ - قابض - حابس الدم - دست آور - مقئی

استعمال - آشوب چشم محلل - انجماد خون - اندست - مانع کانچ یعنی نکلنی کھانسی - پارہ کھانے سے منہ آجاتا ہے تو اسکی کلی کرنے سے فائدہ ہوتا ہے - جاذب رطوبت زخم

نافقصات - چونہ - سیسہ - کمہار خوراک دو ماشہ -

مرکبات پھٹکری

حب نام ---- پھٹکری کی گولیان

دم الاخوین ۲ ماشہ - گل مختوم - گیرو ہر ایک ۲ ماشہ - تخم کاسنی - رب کا[illegible] شورہ قلمی - ہرایک ۹ ماشہ - آب جل نیم میں حل کرکے گولیان بنائین -

فوائد استعمال دو دو گولی دن میں سہ مرتبہ سوزاک میں -

حب نزاح ـــــــ پھٹکری کی گولیان

پھٹکری تین درم - افیون ایک درم - رسوت چار درم - نیم کی پتی پانچ عدد - زعفران پانچ رتی - جملہ ادویہ کو لوہی کی کڑاہی مین ڈالکر قدرے پانی ملاکر خوب رگڑین پھر آگ پر خشک کرکے گولیان بنالی جاوین -

فوائد استعمال - کو کنارہ یا آب سرد میں گھسکر آنکھ کے گردا گرد - لیپ کرنے سے آنکھ کے نقصانات رویہ تحلیل ہوکر تین سکون درد - بد - سبل میں معمول ہے -

زرقہ ـــــــ پچکاری کرنا

پھٹکری رسوت چھ چھ ماشہ - کافور ایک ماشہ - افیون ایک ماشہ کتھ چھ ماشہ جملہ ادویہ کو خوب باریک کرکے نصف پاؤ پانی مین کہرل کرین - باضافہ ڈیرھ پاؤ پانی ایک رات بھگو کر نتھار لین -

فوائد استعمال - اس عرق مین سے دو تولہ لیکر پچکاری کرین -

ترکیب پچکاری

اول پچکاری کو بھر کر ادسکا منہ اوپر کو کرکے چلائین تاکہ ہوا نکل جائے اب پچکاری کے منہ کو پیشاب کی نالی کے اندر داخل کرکے بسہولت چلائیں تاکہ دوا کا عرق پچکاری سے زمین پر نہ نکل جاوے - پھر فوراً پیشاب کی نالی کا منہ بند کر دیا جاوے تاکہ عرصہ پانچ منٹ تک دوا اندر رہے -

اسیطرح کم از کم دن مین تین یا چار مرتبہ کرنا چاہیے -

سفوف سوزاک

اصل السوس مقشر - سلاجیت - شورہ قلمی - جوا کہار - دانہ الائچی کلان

گل ٹیسو۔ ہلدی۔ برگ حنا۔ ہر ایک دس حصہ۔ پھٹکری ایک حصہ۔ زیرہ سفید دو حصہ۔ مصری تالیس حصہ باریک کرکے سفوف بنائیں۔

فواید استعمال ۔ جس سوزاک میں خون آتا ہو دن میں سہ مرتبہ ۳ ماشہ ہمراہ پانی کے کہایا جاوے۔

سفوف سوزاک

شب یمانی۔ گل ارمنی۔ کاکنج۔ کتہ سفید۔ کرنانج۔ گلنار۔ رال بازو ہر ایک سہ ماشہ۔ مصری ہموزن باریک کرکے سفوف بنائیں۔

فوائد استعمال ۔ سوزاک نئے پرانے میں ۲-۳ ماشہ ہمراہ پانی کے سہ مرتبہ استعمال کیا جاوے۔

سفوف سوزاک

پھٹکری بریان۔ کباب چینی۔ جو کہار۔ گوڑیالا لوبان۔ طباشیر۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک ہموزن باریک کرلیں۔

فواید استعمال ۔ نئے سوزاک میں چھ ماشہ۔ ہمراہ پانی کے ۲ مرتبہ دینا چاہئیں

فتیلہ ۔ پھٹکری بریان۔ زرنیخ۔ مرکی۔ تانبا سوختہ۔ بڑی مائین۔ گلنار ہر ایک ایک تولہ۔ مازو تین ماشہ۔ اقلیمیا محرق چھ ماشہ۔ زاج سیاہ چھ ماشہ۔ اسرب سوختہ ۹ ماشہ۔ بورہ ارمنی چار ماشہ خوب باریک کرلیں

فوائد استعمال ۔ کپڑا پانی میں بھگوئیں بعد کو دواسیں لتھیڑ کر ناک کے زخم میں رکھیں خون بند کرنے میں مجرب ہے

کحل

پھٹکری۔ تخم سرس۔ تخم کبرنی۔ مصری کوزہ ہموزن ملاکر خوب باریک کیا جاوے۔

فوائد استعمال۔ سفید آنکھ میں معمول ہے۔

حجر لاجورد

لازورد ______________ لاجورد

یہ فیروزی قسم کا پتھر جواہرات میں سے ہے۔

خاصیت۔ سبز نیلگون۔ نقطہ دار۔ ذائقہ۔ پھیکا قدرے سوندا۔ سرد خشک مضر معدہ۔ مورث غثیان۔ کرب۔ مصلح۔ کتیرا۔ مصطگی۔ شہد۔ بدل بورہ ارمنی۔

فائدہ۔ مفرح۔ مقوی۔ قلب۔ **استعمال**۔ حبس بول۔ درد گردہ۔ امراض سوداوی۔ مالیخولیا۔ وغیرہ کو نافع ہے۔ سرمہ بینائی کو طاقت دیتا ہے اور پلکوں کے بال گرنے کو مانع۔ خوراک ۲ ماشہ۔

مرکبات

سفوف لاجورد ______________

حجر لاجورد۔ ابریشم سوختہ۔ درونج عقربی۔ ہر ایک چھ ماشہ بہمن سفید سنبل الطیب۔ ہر ایک ۹ ماشہ۔ یاقوت سرخ تین ماشہ۔ ورق نقرہ ۲۵ عدد خوب باریک کرلیں۔

فوائد استعمال۔ خفقان۔ مقوی قلب۔ وسواس۔ تقویت جگر۔ گردہ۔ دماغ۔ مصفی رنگ چہرہ میں مفید ہے۔ خوراک ۳ ماشہ۔ سفوف ہمراہ شربت سیب یا صندل یا عرق بید مشک کے استعمال کیا جاوے۔

سرمہ لاجورد۔

لاجورد۔ سنگ بصری۔ یاقوت۔ ہلدی ہر ایک تین ماشہ عقیق چھ ماشہ

ورق نقرہ پانچ عدد عرق سونف میں خوب کھرل کرلیں تاکہ عرق خشک ہوجاوے۔ یاد رہے عرق لکڑی تنہ بیخ غرض تمام درخت کو کوٹ کر نکالا جاوے۔

فوائد استعمال۔ ضعف بصر کیواسطے معمول ہے۔

حب لاجورد۔

لاجورد مغسول۔ جند بیدستر۔ لونگ۔ بسفائج سائیدہ۔ سقمونیا مدبر۔ رب السوس ہر ایک دو درم غاریقون۔ تربد سقشر مجوف سکبینج۔ ہڑ کابلی۔ ہڑ سیاہ بہیڑا۔ آملہ۔ سکنجبین۔ شاہترہ۔ قسط تلخ۔ سورنجان شیریں۔ سنا مکی برج سفید۔ زعفران۔ حب النیل۔ درونج۔ گل گاؤزبان۔ بہروزہ زرنباد۔ انیسون۔ افتیمون۔ افسنتین۔ اسطوخودوس ایارج فیقرا ہر ایک تین درم سب کو کوٹ چھان کر گولیاں بنائیں ہر روز دو گولیاں کھاکر شربت اسطوخودوس دس مثقال پی لیا کریں۔

فوائد استعمال۔ صرع سوداوی میں معمول ہے۔

معجون لاجورد۔

حجر لاجورد۔ یاقوت۔ عقیق ہر ایک چھ ماشہ۔ مروارید دو ماشہ۔ عود قماری تین ماشہ۔ عنبر اشہب۔ مشک ترکی۔ ہر ایک دو ماشہ۔ ورق طلا بارہ عدد جملہ دواؤں کو خوب باریک کرکے دواسے چند شہد ملالیں۔

فوائد استعمال۔ مقوی باہ اور عام کمزوری اور گردہ۔ امراض سوداوی میں معمول ہے خوراک دو ماشہ

حجر ارمنی

حجر ارمنی۔ سنگ ارمنی

یہ مشہور پتھر ہے جو ملک ارمن سے لایا جاتا ہے چھونے سے نرم اور ملایم معلوم ہوتا۔

خاصیت۔ رنگ لاجوردی خاکستری کچھ اودا ذائقہ قدرے پھیکا سفر تحلیل پیدا کرتا ہے۔ مصلح۔ کتیرا۔ شہد۔ تج۔ انیسون۔ بدل لاجورد۔

فوائد۔ مفرح قلب۔ مسہل سودا۔

استعمال۔ جذام بالخاصیت مفید ہے۔ زردوں کو جلا کرتا ہے زیادہ استعمال سے متلی قے پیدا ہوتی ہے خوراک ۲ ماشہ

مرکبات

حب حجر ارمنی

حجر ارمنی ایک تولہ۔ تج۔ سنگ یشب ہر ایک چھ ماشہ۔ ابریشم سوختہ پانچ ماشہ۔ زیرہ۔ کیوڑہ چار ماشہ خوب باریک کرکے ہمراہ شہد کے گولیاں بنائیں۔

فوائد استعمال۔ ضعف قلب۔ جگر۔ معدہ میں مستعمل ہے خوراک دو گولی۔

سفوف حجر ارمنی

حجر ارمنی۔ تودری زرد۔ سنائکی۔ گل سرخ ہر ایک چھ ماشہ اسطوخودوس افتیموں ہر ایک نو ماشہ خوب باریک کیا جاوے۔

فوائد استعمال۔ جب قلب سے دھواں اٹھتا ہوا یا قلب بجرتا ہوا معلوم ہو تو ۷ سے ۹ ماشہ تک ہمراہ عرق گاؤزبان کے دیا جاوے۔

گل ارمنی

طین ارمنی مع ——— گل ارمنی ۴

ایک قسم کی چکنی مٹی ہے اور چیکدار کلیجی کی رنگ کی جو زبان پر لگانے سے چپک جاتی ہے اور اس مین سے خوشبو آتی ہے اور ملک ارم سے لاتی مین بہتر وہ ہے جو صاف خالص سہری ہو اور زبان پر چپکے

خاصیت - رنگ سرخ سیاہی مائل چکناہٹ خوشبودار - ذایقہ پھیکا سرد خشک - مضر طحال - مصلح مصطگی بدل - گیرو ملتانی مٹی

فوائد - قابض - حابس - اندرونی بیرونی - محلل اورام -

استعمال - خون تھوکنے یا جاری ہونے خواہ سینہ یا رحم یا بواسیر - قروح اسعاو واعضاء - زخم - سلہ - ضیق النفس - ترکھانسی - سل اسہال ورم پر لیپ کرنے سے روح ہو جاتا ہے -

مرکبات

حب ارمنی ———

گل ارمنی نوماشہ - کوڑیا لوبان - سفوف ریوند چینی - رسوت ہر ایک چھ ماشہ صمغ عربی دو ماشہ مصطگی خوب باریک کر کے گولیان بنائی جائیں -

فوائد استعمال - اسہال - کہانسی بواسیر میں معمول ہے خوراک چار گولیان -

حب ارمنی -———

گل ارمنی - کتیرا سفید - ناگرموتھا - لونگ - افیون - عود - جائفل -

دھنیہ خشک کوٹ چھانکر گولیان بنائین۔ منہ مین رکھنے سے خوشبو پیدا ہوتی ہے صعود بخارات کو مانع ہے منہ کو صاف کرتے مین اور دوا دن سے بہتر ہے۔

حب نفث الدم

گل ارمنی۔ کہربا ہر ایک دو دانگ۔ دم الاخوین۔ صمغ عربی۔ اقاقیا۔ ہر ایک تین درم۔ سائیر۔ نشاستہ۔ عصارہ الحیۃ التیس ہر ایک دو مثقال۔ کتیرا۔ گلنار فارسی۔ ہر ایک کو باریک کرکے گولیان بنائین

فوائد استعمال۔ اسہال کبدی کے واسطے معمول ہے۔

پچکاری گل ارمنی

گل ارمنی۔ دم الاخوین۔ انزروت سفید۔ سفیدہ کاشغری۔ سنگ جراحت رسوت کتھہ سفید۔ کافور ہر ایک تین ماشہ۔ مردار سنگ نیلہ تھوتھا بریان ہر ایک ایک ماشہ خوب باریک کرکے اس مین سے حسب ضرورت لیکر لعاب اسبغول مین حل کرکے سوزاک مین روزانہ سہ مرتبہ پچکاری لیجاوے

سفوف گل ارمنی

گل ارمنی۔ پھٹکری بریان۔ کلگچ۔ کتھہ سفید۔ کزمازج۔ گلنار۔ رال۔ مازو۔ ہر ایک سہ ماشہ۔ مصری ہموزن کوٹ کر چھان لین۔

فواید استعمال۔ برائے اندمال زخم سوزاک چھہ ماشہ ہمراہ آب نخود پانچ تولہ دن مین سہ مرتبہ دینا چاہئے۔

سفوف دیگر

گل ارمنی خشخاش ہر ایک پانچ حصہ۔ اسبغول۔ تخم ریحان تخم کنوچہ بارتنگ سہ صمغ عربی ہر ایک تین حصہ۔ تخم حماض نشاستہ۔ تخم خرفہ۔

ہر ایک دو حصّہ بیجوں کو سوا اسے اسپغول کے بریان کرکے باریک کرلین
فوائد استعمال مرطوب صفراوی پیچش۔ اسہال الدم کبیدی۔ خون بواسیر کو مفید ہے خوراک ۷ ماشہ ہمراہ سرد پانی کے۔

قرص گل ارمنی

گل ارمنی نشاستہ۔ گل سرخ ہر ایک چھ درم۔ کشتہ سرطان دس درم کتیرا۔ طباشیر۔ شاف بخم ہر ایک نصف درم۔ اصل السوس تین درم۔ خوب باریک کرکے گاؤزبان کے پانی میں قرص بنائے جاوین **فوائد استعمال** سل۔ نفث الدم میں معمول ہے۔ خوراک ۲ درم۔

تحلخہ گل ارمنی

گل ارمنی۔ صندل کافور۔ رب دھنیا سبز۔ سرکہ۔ عرق گلاب ایک کشادہ دہن کی شیشی میں رکھکر وقت ضرورت استعمال کیا جاوی دافع عفونت اور دردسر میں معمول ہے۔

ت

پشتیہ ع — روحی توتیا

بو شورہ دبات گندک وغیرہ میں ملی ہوئی دستیاب ہوتی ہے۔ اصلی رنگ سفید۔ تانبے کے نسبت دیر میں گرم ہوتی ہے اور پانی سے سات گنا بھاری ہے۔ زیادہ جلائے سے راکھ کے مانند سفید ہو جاتی ہے

خاصیت۔ رنگ بھورا مائل بسیاہی۔ ذائقہ کسیلا گرم خشک مضر الحال مصلح شہد۔ روغن۔ بدل سیسہ۔

فوائد۔ مقوی معدہ۔ محلل ورم۔ دافع خفقان۔ جاذب۔ قابض۔
استعمال۔ آشوب چشم۔ دافع خارش چشم۔ رطوبت کو جذب کرتا ہے

مرکبات جست

کحل جست

جست - مامیران چینی - مرچ سفید - دانہ موصلہ ہر ایک چھ ماشہ - سرمہ اصفہانی ایک درم - سنگ بصری پانچ ماشہ - عرق گلاب بیس تولہ - کلی چنبیلی ۲ ماشہ - اول جست کو برگ چنبیلی سے کشتہ کریں جو دس تولہ عرق گلاب میں تر کر کے دو روز رکھدیں پھر دواؤں کو خوب باریک کر کے جست ملا کر کھرل کریں ایسے ہی عرق گلاب میں تر کر کے جست کو دو مرتبہ کشتہ کریں ہدایت جست کو چنبیلی کے پتوں میں تہ بہ تہ رکھکر کشتہ کریں -

فوائد استعمال - روشنی زیادہ کرتا ہے - مقوی بصر - دفع دھند - سلاق میں معمول ہے -

مرکب

سفیدہ

جست کو شورہ کے تیزاب میں بھگو کر آگ دینے سے یہ مرکب تیار ہوا کرتا ہے یہ شے سفید اور ہلکی ہوتی ہے البتہ کاشغری بھاری ہوتا ہے -

فوائد استعمال - باہر لگانے سے عمدہ تالیف اور مسکن ہے محمول بانع حمل - اور قاطع سیلان الرحم -

مرکب سفیدہ -

مرہم ابیض

مرہم ابیض

سفیدہ کاشغری - مردار سنگ ہر ایک پانچ درم - موم سفید ایک اوقیہ

روغن گل دو اوقیہ اول روغن کو گرم کرکے دوسری دواؤں کے ساتھ بقدرے کتیرا ملا کر باریک پیسکر ملائیں ۔

فوایٔد استعمال ۔ مرطوب زخم کی رطوبت کو جذب کرتا ہے اور خارش تر خشک میں مفید ہے ۔

مرہم مرکب ابیض

مرہم ابیض ۔ سات تولہ کافور دو ماشہ سفیدی بیضہ مرغ ۲ عدد لعاب اسبغول ۲ ماشہ باہم ملالیں ۔

فوایٔد استعمال ۔ آگ یا گرم پانی اور شوربہ سے جلے ہوئے مقام پر لگانے سے آرام اور تسکین ہوتی ہے اور زخم بھر جاتا ہے بواسیر کے مسوں پر بھی لگاتے ہیں ۔

مردار سنگ

مردار سنج ———— مردار سنگ ۹

یہ شے مصنوعی اور قدرتی ہوا کرتی ہے ۔

خاصیت ۔ رنگ زرد زبری مائل دانے چمکدار ۔ ذایقہ پھیکا کرکرا گرم خشک معمول سرد خشک مضر قاتل ۔ مصلح شوربہ مرغن ۔ گھی ۔ مولی ۔ سپیدہ قلعی یا فضہ

فوائد ۔ مندمل ۔ محلل خون بستہ ۔ مہلک جراثیم جلد ۔ جاذب ۔ محلل ورم

استعمال تر خشک خارش قاطع ہے گوشت جلدی امراض میں معمول ہے

خوراک ایک ماشہ ۔

علامات زہر ۔ پیشاب بند ہو جاتا ہے ۔ نفخ شکم ۔ قولنج ۔ درد پیچش ہو جاتی ہے ۔ زبان سفید اور کھچ جاتی ہے ۔ ضیق النفس جاری ہوتا ہے کبھی خراش کی وجہ سے آنتیں کٹ جاتی ہیں

علاج۔ دس ماشہ ۔ مرکی پانی میں گھول کر پلائیں اوپر سے گرم پانی پلا کر قے کرائیں۔ جب بالکل اطمینان ہو جاوے تو شوربہ یا یخنی مرغ یا مربہ کا شراب پلائیں۔

مرکبات مردار سنگ

حب مردار سنگ

اجوائن خراسانی۔ اجوائن دیسی۔ اجمود صحرائی ہر ایک ایک تولہ۔ مردار سنگ تین ماشہ۔ قند سیاہ تین تولہ۔ سب کو سپرا میں کھرل کر کے گولیاں بنائیں فوائد استعمال۔ آتشک درجہ دوم میں برنج پختہ کے بے نمک والے پانی سے کھائیں۔ غذا چاول اور روٹی گندم بے نمک کی گھی زیادہ مقدار میں استعمال کیا جائے۔ ورنہ تکلیف ہوگی۔ طاقت آٹھ حصہ میں ایک حصہ مردار سنگ۔

طلاء مردار سنگ

مردار سنگ۔ زیرہ سیاہ۔ تلسی۔ مسور۔ شراب کی تلچھٹ یا سرکہ میں ملا کر پہلے پستان سے دودھ نکالیں بعد کو لیپ کر دینے سے دودھ بند ہو جاتا ہے۔

طلاء دیگر

مردار سنگ۔ پارہ۔ ہڑتال۔ سم الفار ہر ایک تین ماشہ۔ تخم کتائی چار درم گھی دس تولہ۔ تخم کتائی کے شیرہ میں جملہ ادویہ کو باسوا گھی کے ایک شبانہ روز کھرل کریں پھر ایک روز گھی میں کھرل کر کے رکھ لیا جاوے وقت ضرورت قریب ایک دمڑی کے طلا کریں قوت باہ میں عجیب الاثر ہے۔

فرزجہ

مردار سنگ ایک درم - عرق کاسنی میں پیسکر - چربی مرغی - موم سفید ہر ایک دس درم - روغن گل بیس درم وقت ضرورت کے استعمال کریں -

فوائد استعمال - دردِ فرزجہ کو تسکین دیتا ہے

مرہم مردار سنگ

مردار سنگ سات ماشہ - تیر و ٹی ڈھائی تولہ خوب حل کرلیں

فوائد استعمال - خارش تر اور مرطوب زخم کو مفید ہے -

رصاص الاسود ۶ — **سیسہ** — سیسہ

یہ دھات زمین سے گندھک میں ملی ہوئی پائی جاتی ہے جلانے سے گندھک اوڑ جاتی ہے اور سیسہ رہجاتا ہے یہ دھات بہت نرم اور بھاری ہوتی ہے اسکا وزن پانی سے بارہ گنا زیادہ ہوتا ہے ہلکی ضرب سے چپٹی ہوجاتی ہے اسمیں میل زیادہ ہوتا ہے ہوا میں خراب نہیں ہوتی البتہ ترشی سے ملکر زہریلی ہوجاتی ہے بعض قلعی گر قلعی میں ملاکر برتنوں پر قلعی کردیتے ہیں ایسے برتنوں میں کھانے سے صحت خراب ہوجاتی ہے

خاصیت - رنگ نیلا سفید دانہ دار - ذائقہ کسیلا سرد تر - مضر میرودین - پھیپھڑہ - مصلح شہد بدل رانگ -

فوائد - مندمل - محلل ورم - قابض و حابس خون -

استعمال - آشوب چشم - دمہ - سل میں اورک کے پانی میں کشتہ کرکے استعمال کرایا جاتا ہے - غذا نان خمیری - شوربہ گوسفند - حلوان - دینا چاہئے ضماد استسقا کو مفید -

علامت زہر سیسہ مسوڑوں پر ایک نیلی لکیر نمایاں ہوتی ہے اور خاص قسم کی

منہ سے بو آتی ہے اور ذائقہ بھی بڑا ہو جاتا ہے تمام مریض یرقان قولنج میں مبتلا ہو جاتا ہے بھوک جاتی رہتی ہے اور جسمی پرورش نہ ہونے کے سبب سے مریض دبلا ہو کر میلے رنگ کا ہو جاتا ہے دل کی حرکت کمزور نبض بطی ہاتھ کے کشی اعضاء مفلوج ہونیکے سبب سے نیچے کو خم کھا کر سخت ہو جاتا ہے گویا کلائی سے گرا ہوا معلوم ہوتا ہے اسکا سبب یہ ہے کہ کلائی کے اوپر کھینچنے والے عضلوں کے مفلوج ہونے سے حرکت زائل ہو کر خم کھا کر سخت ہو جاتا ہے اور اعضاء حس پر تغیرات کیوجہ سے جسم کے مختلف حصوں میں درد ہوتا ہے اور قوت لامسہ کم ہو جاتی ہے۔ جب دماغ کے متحرک مرکز پر اثر پہونچتا ہے تو عضلوں کے مفلوج ہونے سے عصبی امراض پیدا ہوتے ہیں۔ چنانچہ جب عصب البصر میں اثر پہونچتا ہے تو بینائی زائل ہو جاتی ہے۔

علاج۔ ذہر سیسہ روغن بیدانجیر پلاویں یا گل چاندنی کی راکھ پانی میں ملا کر قے کراویں اور بطور مسہل کے یہ نسخہ دیا جاوے پاپڑی نمک ۹ ماشہ بنفشہ ۹ ماشہ گلقند دو تولہ۔ چہار مغز چار ماشہ باریک پیسکر شربت عناب دو تولہ ملا کر پلایا جاوے تاکہ چند اسہال ہو کر معدہ صاف ہو جاوے بعد کو مرکبات بجلہ سے علاج کرنا چاہئے۔

حفظ ماتقدم۔ جو لوگ اس دہات کو بکثرت استعمال کرتے ہیں وہ گندک اور پھٹکری کے مرکبات گاہ بگاہ استعمال کر لیا کریں۔ یا گندک کے تیزاب کے چند قطرہ شربت میں ملا کر پی لیا کریں اور دودھ زیادہ پیا کریں اس ترکیب سے جسم میں سیسہ کا اثر نہیں ہونے پاتا ہے۔

تصفیہ سیسہ کو پگھلا کر۔ چہار چہار روغن کنجد یا آب مرغلہ میں سات مرتبہ بجھائیں۔

کشتہ سیسہ۔ صاف شدہ سیسے کے باریک باریک ٹکڑے ایک تولہ آب زخم حیات بیس تولہ میں خوب کھرل کرکے ایک، باڈ برنگ زخم حیات کی ٹکڑی میں گل حکمت کرکے سیر بھر کے دو اوپلوں میں رکھکر اُن کے کنارے کو چاک مٹی سے بند کرکے ایک گڑہے میں رکھکر مطابق قاعدہ کے آگ دیجاوے کشتہ بہت مفید ہے

فوائد استعمال :۔ ضعف جگر میں چار چاول بتاشہ میں رکھکر استعمال کیا جاوے۔ اور اوپر سے بکری کا دودھ پیا جاوے ایسے ہی پندرہ روز کیا جاوے اور ساتھ ہی زہریلی علامات کا خیال رہے۔

مرہم سیسہ

سیسہ مسحوق شدہ یا بہار جنگ میں ماشہ سفوف زیرہ گلاب دو ماشہ سادہ مرہم دو تولہ ملائیں۔

فوائد استعمال :۔ زخم سرطان پر لگایا جاوے۔

سرمہ

۱- اثمد ———————————— سرمہ

یہ پتھر نرم پرت دار چمکیلا اور عام مشہور ہے۔ جو آنکھوں میں قوت کے لئے لگایا جاتا ہے اس کی کئی جگہ کانین ہیں اچھا سرمہ وہ ہے جس میں رگین نہوں اور سیاہ براق اور سخت زیادہ ہو خصوصاً اصفہانی بہت مشہور ہے۔

ماہیت :۔ سیاہ رنگ چمکدار ذائقہ بدمزہ سرد وخشک مصلح کتیرا روغن شکر بدل سنگ بصری ہم وزن ملا ہوا سیسہ

فوائد :۔ قابض محافظ چشم۔ مقوی بینائی۔ مندمل زخم۔ فرزبہ عالیس

خون حیض۔
استعمال۔ اسکے مرہم سے خراب زخم اچھا ہو جاتا ہے۔ خارش تر اور ورم رحم کہنہ جو سخت ہو گیا ہو مفید ہے کانچ کے نکلنے کو نافع ہے
علامات۔ زہر اسکے کھانے سے علامات مفصلہ ذیل نمایان ہوتی ہین۔ کرب۔ غشی۔ سرسام۔ التہاب۔ خناق وغیرہ پیدا ہوتا ہے آواز بیٹھ جاتی ہے۔
علاج زہر۔ شہد مین گرم پانی یا دودھ ملا کر قے کرائی جاوے۔ بعد کو مرغن شوربہ پلایا جاوے۔ ترش چیزین دین جیسے شربت ترنج وغیرہ۔

مرکبات سرمہ

کحل
سرمہ۔ توتیا ہارونی۔ پھٹکری بریان ہر ایک ایک ماشہ۔ مامیران چینی ۵ ماشہ سنگ بصری سات ماشہ اسرب ایک تولہ پارہ دو ماشہ۔ اول اسرب کو آگ مین پگھلائین پھر اوتار کر پارہ ڈالدین تاکہ اس مین ملجائے۔ پھر اسکو پیسکر دوسری ادویہ ملا کر خوب باریک کرین۔
فوائد استعمال۔ سرخی چشم۔ نزلہ۔ مقوی بصارت جاذب رطوبت چشم مین معمول ہے۔

مرہم
سرمہ تین ماشہ۔ گندک تین ماشہ سادہ مرہم دو تولہ باہم ملالین۔
فوائد استعمال۔ تر کھجلی اور خشک اور دیگر جلدی امراض مین معمول ہے۔

تانبا

نحاس ——————— مس

یہ دہات سرخ چمکدار پانی سے نو گنا وزنی ہوتی ہے قبرسی تانبا جو جزیرہ قبرس سے آتا ہے اسکو نحاس کہتے ہیں بہتر ہوتا ہے اسکا کشتہ یا دیگر مرکبات کھانیکے

خاصیت - سرخی مائیل بزردی دمکتا ہوا ذایقہ کسیلا بدمزہ گرم خشک

بعض گرم مزاجوں کو مصلح دودھ دغن چرب اشیاء سرد تربدل

فوائد - محلل اورام ضرکہ کے ہمراہ - مقئی حابس اسہال - مانع فساد بلغم تر مندمل - مقوی بصر -

استعمال - دہ کھانسی - آتشک - جذام پرانے اسہال - پیچش - اونگ زہری پھوڑا - سوزاک میں پچکاری مفید ہے - زہروں میں اس سے قے کراتے ہیں بعض عصبی امراض میں اسکا سفید کشتہ کھلانے کے کام میں لایا جاتا ہے

علامت - زہر تانبا - منہ کا ذایقہ تانبے کے مانند - اسہال - قے تشنج درد سر - معدہ - منہ آجاتا ہے - بیہوشی ہو کر موت واقع ہوتی ہے

علاج - لعابات - شیر تازہ - کتیرا - چرب اور زیادہ مرغن شوربہ دینا چاہئے اور گرم دودہ پلا کر قے کرائی جاوے -

مرکبات

حب توتیا ———————

ہلیلہ زنگی ایک تولہ - ملیا تیر چھ ماشہ - نیلہ تھوتا تین ماشہ - بیس تولہ لیموں کے عرق میں کھرل کرکے گولیاں بنائیں -

فوائد استعمال۔ دن مین سہ مرتبہ دو دو گولی اگر برداشت ہو سکے تو لیموں کے عرق مین گھول کر کے زخم آتشک پر لگائین اور کھلائین۔ اور علامات تابنے کا خیال رہے

پرہیز۔ طبعی شئ سے

روغن

نیلہ تھوتھا ایک دام۔ جالئعل ایک عدد دونون کو باریک کر کے رسی خام مین مانند گیند کے لپیٹین اور چوبیس دام روغن گاؤ مین تر کر کے دو ساعت رکھین بعد کو کالسی کے برتن مین جلا دین اور جلے ہوئے کو جیسے تراشین روغن باقی مین گیند کو تر کرین تا کہ رسی اچھی طرح سے جل جاوے پھر اس گیند کی راکھ کو ڈھاک کی لکڑی سے جس مین بسیہ چسپان ہو کالسی کے برتن مین حل کر کے کسی شیشی مین رکھ لین۔

فوائد استعمال۔ سلاق۔ سبل دیگر امراض چشم مین استعمال کرتے ہین۔

پچکاری

توتیا۔ کافور ہر ایک ایک ماشہ۔ ریوٹ۔ کتھ سفید ہر ایک تین ماشہ افیون نصف ماشہ۔ نصف سیر پانی مین ایک رات بھگو لین پانچ تولہ روح الخمر اور تین تولہ پانی ملا کر ادویہ مذکورہ بالا کو چوبیس گھنٹہ بھگو کر مقطر کر لین اس مین سے تین ماشہ دوا ایک تولہ نیم گرم پانی مین ملا کر دن مین سہ مرتبہ پچکاری کیجاوے۔ یہ عمل سوزاک مین کیا جاتا ہے۔

سنون توتیا

نیلہ تھوتھا بریان۔ دھنیہ خشک بریان۔ زیرہ سفید بریان۔ سونٹھ۔ فلفل۔ پیپل۔ مرچ سیاہ۔ کتھ سفید۔ نمک سیاہ۔ کنیس۔ مصطگی ہموزن کی نسخہ مین بجائے

نمک سیاہ کے لاہوری نمک شامل کرتے ہین خوب باریک کرلین۔
فوایدہ استعمال۔ دانت کے درد مین سود مند ہے ملنے سے دانت کی جڑون کو مضبوط کرتا ہے۔

طلا توتیا

نیلہ تھوتھا بریان۔ مرچ سیاہ سوختہ ہر ایک نصف تولہ۔ مسور ثابت سوختہ آملہ سوختہ۔ پوست انار۔ کوکنار کمیلہ جلا ہوا ہر ایک ایک تولہ۔ روغن سیاہ میں جلالین۔
فوایدہ استعمال۔ گنج شدید العفونت کہ جسمین پیپ پڑگئی ہو لگایا جاوے

کشتہ تانبا

ایک موٹا پیسہ لیکر ناک پیٹھے کو بقدر اسا فانی کرکے اسمین پیسہ رکھکر وہی گودا بھر کر ملتانی مٹی سے گل حکمت کرکے گڑھے مین رکھکر بیس سیر اوپلون کی آگ دیدو سفید ہو جاوے گا۔ فوائد استعمال۔ نامردی۔ دمہ کھانسی۔ مین حسب رائے طبیب برتا جاسے۔ خوراک ایک رتی۔

کحل توتیا

کشتہ تانبا سیاہ۔ شادنج مغسول ہر ایک پانچ ماشہ کوٹ چھان کر سرمہ کی مانند باریک کرلین۔
فوایدہ استعمال۔ سبل ناخنہ۔ بیاض چشم مین معمول ہے۔

حب توتیا

توتیا سبز۔ کتھ سفید۔ پوست ہلیلہ زرد۔ ست ہیمون۔ صمغ عربی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ خوب باریک کرکے قدرے پانی سے لگدی بناکر گولیان بوزن نخود
فوایدہ استعمال۔ مصفی خون۔ آتشک درجہ دوم سویم۔ اسہال عصبی تم...

مین دیتے ہین
خوراک ۵ رتی - طاقت پانچ حصہ میں ایک حصہ

مرہم توتیا

توتیا کربائی - سنگجراحت - کتھ سفید - رال - کافور - مرداسنگ ہر ایک دو حصہ قیروطی بیس حصہ دواؤن کو بار یک کرکے قیروطی مین ملالین -
فوایداستعمال - تراشدار کمزور مرطوب - آتشک درجہ دویم و سوئم کے زخمون پر استعمال کیا جاتا ہے -

مرہم زنگار

زنگار ۲ ماشہ - قیروطی دو تولہ ملالین -
استعمال - گندہ زخم کو صاف کرکے بھرلاتا ہے -

گل مختوم

طین مختوم — گل مختوم

یہ مٹی سرخ رنگ کی بصورت ٹکیون کے جزائر بحر ہند سے لائی جاتی ہے عمدہ وہ ہے جسکا اندر باہر ایک سا رنگ ہو اور زبان پر رکھنے سے چپک جائے اگر خون بہتے ہوئے گھاؤ پر چھڑکین تو فوراً بند ہو جاوے -
خاصیت - سرخ مکئی اندر باہر یکسان - ذائقہ پھیکا - ہونٹ زبان پر چپک جاتے ہین - سرد خشک مضر پھیپھڑہ تلی مصلح کتیرا گلاب بدل گل داغستان -
فوایدـ قابض - حابس الدم اندرونی بیرونی مقوی دل معد.
استعمال - مواد گرنے کو مانع ہے - اسہال امعائی - تپ گرم - سل نفث الدم - ذوسنطاریا - سیلان خون - اندرونی - بیرونی مین معمول ہے

خوراک ۱ ماشہ

مرکبات

پچکاری گل مختوم

گل مختوم ۔ گل قیمولیا ۔ کشتہ بارہ سنگہ ہر ایک ایک ماشہ ۔ شادنج مغسول پھٹکری ہر ایک چھ رتی ۔ افیون چھ ماشہ ۔ سفیدہ آب کاشغری تین ماشہ انزروت سفید ڈیڑھ ماشہ ۔ مرکی ۔ کندر ہر ایک پانچ رتی سب دوادن کو پیس کر اسبغول یا گدہی کے دودھ مین حل کرین ۔ کبھی اس مین ممراون مدہج اور ہیلیائی کالی زیادہ کرنے سے بہت فائدہ ہوتا ہے ۔

فوائد استعمال ۔ زخم مثانہ میں پچکاری کی جاوے

سفوف گل مختوم

گل مختوم ۔ کتیرا ۔ گل ارمنی ۔ مصطگی ۔ طباشیر ۔ کشتہ سرطان ۔ رست گلو ہر ایک ہموزن باریک کرکے ہمراہ شیر بکری کے دن مین تین مرتبہ بل مین استعمال کیا جاوے ۔

ھڑتال

زرنیخ ہڑتال

یہ معدنی جیسے گندک کے مانند پیدا ہوتی ہے لیکن ارضی اجزا اور رطوبت ثقیل بہت ہے اور جوہر ناری کم ہین اس وجہ سے آگ پر کبھی بھک سے نہین اڑتا ۔ اس کی چند قسمین ہین بہتر وہ ہے جو صاف شنگرف کی طرح ہو اور توڑنے سے جلد ٹوٹ جائے ۔

خاصیت - یہ پانچ قسم کا ہوتا ہے زرد - سُرخ - سفید - سبز - سیاہ ذائقہ پھیکا - گرم خشک - مضر - امعاء معدہ - مصلح گھی - لعابات اسپغول

آتش جو بدل میں سل -

فوائد - مہلک کرم شکم - دافع بلغم - مصفی خون - ۱

استعمال - دافع گنج - قاطع مکتہ وبد گوشت - تیز کھالنی - عفارش دمہ - پھوڑ ہا تاہے - آتشک میں معمول ہے -

علامات زہر - کچا ہڑتال کھانے سے معدہ میں خراش ہوکر خون جمع ہوکر سخت درد شروع ہو جاتا ہے معدہ اور امعاء میں زخم ہو جاتے ہیں - اخلاط فاسد ہو جاتے ہیں عموماً قولنج سے موت واقع ہوتی تھے ایام ملازمت میں ایک لاش کھولنے کا اتفاق ہوا تھا تو اسکے معدہ میں زرنیخ کے ٹکڑے ملے - اور وہاں پر خون سیاہ رنگ کا جما ہوا تھا -

علاج - شیر گرم اور شہد سے قے کرائی جاوے - تخم بودینہ ہر ایک چھ ماشہ - سکنجبین سادہ دو تولہ ملاکر نیم گرم پلائیں - پنیر مایۂ خرگوش بھی مفید ہے -

روغن زرنیخ

روغن سرسوں نکا ہارٹے ہے چار تولہ خوب جوش دیں ہڑتال دو ماشہ باریک کرکے تیل میں ڈالیں جب خوب حل ہو جاوے - پھر پانچ عدد برگ کنیر الیس پتے ڈالکر جلائیں پھر نیچے اوتار کر حل کرلیں -

فوائد استعمال - خارش گنج - ہر قسم کے بثور جس سے پانی جاری ہو نافع ہے -

سفوف ہڑتال

چونا قلعی دو حصہ - زرنیخ ایک حصہ قدرے ایلوہ ملاکر طلا کرنے سے چند منٹ مین بال گر جاتے ہین - کبھی اسی مین پانی ملاکر پکاکر عرق بنالیتے ہین - اور کبھی اس عرق کو دہوپ مین اسقدر دیر تک رکھا جاتا ہے جو خشک ہوکر نمک بن جاتا ہے پھر اس نمک سے بال اوڑانے کا عرق تیار کیا جاتا ہے -

قرص ہڑتال -

ہڑتال سرخ پہٹکری اور صمغ عربی - ماندہموزن کوٹ چھانکر سرکہ مین قرص بنائین -

فوائد استعمال - ایک قرص جلاکر بقدر ایک دانگ مسوڑے پر ملین ایک ساعت بعد دہو ڈالین اور روغن گل منہ مین رکھین زخم - اور بدبو کیواسطے مفید ہے -

کشتہ ہڑتال -

ہڑتال ایک تولہ کی گولی بناکر اوسپر مین بیل کو بار یک پیسکر لیپکے بعد دیگرے خشک کرکے چار مرتبہ چڑہائین بعد کو گل حکمت کرکے چار سیر اوپلون کی آگ دیدیں جب سرد ہو جاوے نکال لو

فوائد استعمال - آتشک جذام - تر کہانسی - وتردمہ - دافع امراض بلغمی مین مفید ہے -

خوراک ؎ رتی ہمراہ مکھن غذا خوب مرغن -

نوشادر

نوشادر

ملح النار

یہ مصنوعی اور قدرتی تین قسم کا ہوا کرتا ہے ایک چشمہ کا پانی جمایا ہوا دوسرے معدنی۔ تیسرے بنایا ہوا۔ خراسان۔ اصفہان۔ بخارا۔ سمرقند۔ سغد وغیرہ میں چشموں کے کنارے پر جما ہوا ملا کرتا ہے۔ زنجبار۔ حبشہ چین میں اس کی کانیں ہیں جہاں سنگ ریزوں کی صورت میں نکلا کرتا ہے

خاصیت۔ رنگ سفید قلمدار۔ ذائقہ شور تیز۔ خشک گرم ۳ خشک

مضر۔ اعصاب کو خشک کرتا ہے جگر امعاء کو مضر ہے۔ اور اکال ہے۔ مصلح گھی دودھ الشیاء چرب

فوائد۔ قبض کشا مخرج ریاح۔ مسکن درد عصبی۔ مدر بول وقبض۔ مخرج بلغم محلل ورم۔ جالب خون۔ رطوبت۔

استعمال درد بچھو نکا۔ کھانسی۔ جگر کی خرابی سے قبض ہو مفید ہے جب اسکو چوسا جاوے تو آہستہ آہستہ بلغم نکلنا شروع ہو جاتا ہے بلکہ جلدی غدودوں کو تحریک ہو کر پسینہ آتا ہے۔ خوراک ۱ ماشہ۔

علامت زہر نوشادر۔ قریب دس ماشہ کی مقدار میں کھانے سے معدہ اور آنتوں میں خراش پیدا ہو کر آنتیں اور معدہ چھیل جاتا ہے جس کی وجہ تحیش اور مروڑ ہوا کرتی ہے بعض مرتبہ مریض مر بھی جاتا ہے۔

علاج۔ گھی اور دودھ سے کئی بار قے کرائیں۔ اور چکنا شوربہ اور مرغن غذا دیں۔ سرد اور مسکن دوائیں استعمال کرائیں

سفوف نوشادر۔

نوشادر ۱۰ تولہ۔ مرچ سیاہ پانچ تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ڈھائی ماشہ۔ نمک سیاہ دو تولہ

باریک کرکے سفوف بنائیں۔

فوائد استعمال۔ ہاضم ہے بھوک زیادہ کرتا ہے ریح کو دور کرتا ہے خوراک ۲ ماشہ۔

کحل نوشادر

نوشادر تین ماشہ۔ شورہ قلمی ایک تولہ تخم سرس بارہ عدد مرچ سیاہ بارہ عدد توتیا سبز دو رتی خوب باریک کرلیں۔

فوائد استعمال۔ برائے ناخونہ۔

حب نوشادر

نوشادر۔ پکھان بید۔ پیاز دشتی صمغ عربی ہر ایک دو ماشہ منہراج پانچ ماشہ عرق کاغذی لیموں میں باریک کرکے گولیاں بنائیں

فوائد استعمال۔ ورم طحال و جگر میں مجرب ہے۔

عرق نوشادر

پیپلی نمک دو ماشہ۔ نوشادر دو ماشہ پوست ترنج چھ ماشہ پانی میں رات کو بھگوئیں۔ اور صبح کو چھان کر استعمال کریں۔

فوائد استعمال۔ ورم طحال و جگر میں مجرب ہے خوراک ۵ تولہ روزانہ۔

چونہ

چونہ نورہ ع

یہ شئے سنگ مرمر جلاکر بنائی جاتی ہے اور کبھی کبھی سیپ انڈے کے چھلکے جلاکر بناتے ہیں۔

خاصیت۔ رنگ باہر سے کسیقدر سفید لیکن اندر سے بہت سفید اگر اسکے وزن سے دو تہائی پانی ڈالا جاوے تو جلد پختہ ہو کر اندر سے

برف کی مانند ہو جاتا ہے ذائقہ پھیکا تیز۔ گرم خشک مصلح گھی بادام کہنہ
فوائد۔ محلل اورام۔ دافع سڑن۔ حابس خون۔
استعمال۔ بدہضمی و ترشی معدہ دافع خارش اور جلے ہوئے مقام پر لگانے سے آرام آتا ہے خراب بودار زخموں کو صاف کرتا ہے۔

مرکبات

آب چونہ۔

ان بجھا ہوا چونہ ایک چھٹانک پانی چار سیر بارہ گھنٹہ بھگو کر گاہ بگاہ ہلا دیا کریں بعد میعاد کے صاف کر کے نیلی بوتل میں رکھ لیا جاوے ہمیشہ تازہ تیار کرنا چاہئے۔
فوائد استعمال۔ قابض۔ محافظ شیر۔ اسکی قبضیت کا اثر تھوڑا ہوا کرتا ہے جس کی وجہ سے معدہ میں ترشی کم پیدا ہوتی ہے۔

مرکب آب چونہ

کریم چونہ

آب چونہ ایک حصہ۔ روغن کنجد دو حصہ ملا کر خوب ہلالیں تا کہ گاڑھا ہو جاوے
فوائد استعمال۔ جلے ہوئے مقام پر لگایا جاتا ہے ٹھنڈک پہنچاتی ہے فوراً ہی لگانے سے چھالہ نہیں پڑتا۔

نورہ

عرق بال صفا

ان بجھا ہوا چونہ چوتھائی حصہ قدرے پانی ڈالکر بجھایا جاتا ہے جب سرد

ہونے کے قریب ہو تو سفوف زرنیخ ایک حصہ ڈالکر خوب ہلائیں یا گرم کرلیں پھر تیار کرکے کارک والی بوتل میں رکھ لیں۔

فوائد استعمال۔ جہاں کے بال اوڑانا ہو اس عرق کو روئی کے ذریعہ اسجگہ لگا کر پانچ منٹ کے بعد کپڑے سے صاف کرکے قدرے تیل لگا دیں۔ کبھی کوئی خوشبو والی چیز بلد یتے ہیں۔ اسی عرق کا صابون بنا لیا جاتا ہے۔

حسب چونہ

چونہ۔ افیون۔ صمغ عربی۔ کتھ سفید۔ دارچینی ہر ایک دو حصہ باریک کرکے گولیاں بنائی جاویں۔

فوائد استعمال۔ اسہال پیچش مروڑ میں مجرب ہیں طاقت۔ ۱ حصہ میں ایک حصہ

طلاچونہ

چونہ ان بجہا ہوا درخت بڑکی راکھ ہموزن باریک کرکے ملالیں **فوائد استعمال** پہوڑے کا منہ بڑھانے میں استعمال کرتے ہیں

آہن

حدید — لوہا

یہ معدنی شئے دو قسم کی ہوتی ہے ایک نرم جسکو کہرے دوسرے سخت جسکو فولاد کہتے ہیں۔ یہ پانی سے آٹھ گونا بہاری ہوتا ہے۔ لیکن سختی اور مضبوطی میں تمام دہاتوں سے افضل ہے۔

خاصیت۔ رنگ سفید قدرے نیلا اندر چھوٹے چھوٹے دانے چلادار ذائقہ کسیلا۔ گرم خشک۔ مضر یبوست۔ پیدا کرتا ہے مصلح مکھن تازہ دودھ۔

فوائد۔ مقوی معدہ۔ قابض۔ حابس خون۔
استعمال۔ حرارت غریزی زیادہ پیدا کرتا ہے۔ محرک رحم ہے طحال سلسل البول۔ درد ریح۔ استحاضہ۔ امراض بلغمی۔ یرقان۔ رگمی خون مقوی ممسک منی۔ بواسیر۔ خوراک ۳ ماشہ۔

مرکبات

شراب فنجوش

آب انگور خام ڈیڑھ سیر۔ مازو۔ گلنار۔ گل سرخ۔ کندر۔ صعتر۔ سعد ہر ایک ایک درم۔ زعفران۔ شب یمانی ہر ایک نصف درم۔ خبث الحدید پندرہ مثقال۔ سب دواؤں کو خوب باریک کر کے آب انگور ملا کر جوش دیں جب تیسرا حصہ رہجاوے اوتار کر رکھ لیں۔

فوائد استعمال۔ سرعت انزال جو بسبب ضعف معدہ قوت ماسکہ یا سردی کی وجہ سے ہو خوراک ایک تولہ۔

(۲) سفوف خبث الحدید

پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بہیڑہ۔ آملہ۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ ہر ایک ایک تولہ۔ خبث الحدید دو تولہ۔ کوٹ چھانکر بحفاظت رکھ لیں۔

فوائد استعمال۔ سرعت انزال میں مفید ہے جبکہ سردی یا ضعف قوت ماسکہ سے ہو خوراک چھ ماشہ

(۳) کشتہ فولاد

برادہ فولاد ایک تولہ۔ سرکہ جامن ایک پاؤ میں بھگو کر دہوپ میں رکھیں اور

کبھی کبھی دن میں ہلا دیا کریں جب جھلکی کے ملنے سے پس جائے تو کام میں لائیں اگر نہ پس سکے اور رس رکہ خشک ہوگیا ہو تو اور ڈالو۔ پھر ایک سیر تخپتہ دہی امین ملا کر پکانا شروع کردیں اور ہلاتے جائیں جب گاڑہا ہوجاوے تو نکالکر ایک کوری برتن میں گل حکمت کرکے دس سیر اپلون کی آگ دیدیں یہ کشتہ بہت عمدہ ہوگا خوراک ایک ماشہ مکھن کے ساتھ کھائیں۔

حب خبث الحدید

پوست ترنج۔ سفوف خبث الحدید ہر ایک دو ماشہ۔ گلقند چار ماشہ خوب ہا یک کرکے اسکی آٹھ گولیاں بنائی جاویں

فوائد استعمال۔ مقوی خون دافع سرعت انزال۔

ہیرا کسیس

لوہے کے تار کو گندک کی تیزاب میں ڈالکر حل کرلیں بعد کو قلمیں بازہ لیں سبز رنگ کا ہوتا ہے

فوائد استعمال۔ مقوی خون ہے خوراک ۲ سے ۵ رتی۔

سنگجراحت

حجر الاعرابی — سنگجراحت

یہ ایک قسم کا پتھر سفید ہلکا جسقدر نیلگون ہو بہتر ہے

خاصیت۔ رنگ سفید نیلگون قدرے سبزی مائل۔ ذایقہ پھیکا نرم چکنا سرد خشک مضر مثانہ مصلح شہد مکھن بدل گیرو۔

فوائد۔ حابس خون۔ مندمل۔ مجلا دانت۔

استعمال۔ خون کے اخراج کو روکتا ہے مثلاً خون کے دست خون کی قے حیض کی بے قاعدگی خون کو سوڑون کو مضبوط کرتا ہے۔ سوزاک میں مفید ہے خوراک ۳ ماشہ

مرکبات

حب سنگجراحت

سنگجراحت ایک تولہ۔ شیرہ جو مقشر چھ ماشہ۔ رب السوس افیون مغز بادام مقشر ہر ایک چار ماشہ کتیرا صمغ عربی۔ مغز تخم کدو شیرین۔ تخم خرفہ مقشر خشخاش گلِ واغشالی لبد ہر ایک تین ماشہ۔ مغز بہدانہ۔ مغز تخم خربوزہ۔ دم الاخوین گل ارمنی ہر ایک دو ماشہ۔ مغز تخم خیارین دو تولہ۔ علیحدہ علیحدہ کوٹ چھانکر ملالین بعد اسکے گل بنفشہ چار ماشہ۔ گل نیلوفر۔ تخم خطمی ہر ایک چھ ماشہ سپستان دس دانہ کوکنار تین عدد۔ اسبغول دو ماشہ پرسیاوشان۔ زوفا خشک ہر ایک ۳ ماشہ۔ دواؤن کو ڈیڑہ پانی مین جوشدین جب پانی تیسرا حصہ رہجاوے صاف کرین اور شیرہ جو مقشر نہایت سفید نو ماشہ زیادہ کرکے جوشدین حتی کہ گاڑہا ہوجاوے پہر کل دواؤن کو ملاکر حسب قاعدہ گولیان بنائین

فواید استعمال براے سل ۱۰ گولیان روزانہ کافی ہین۔

سفوف سنگجراحت

سنگجراحت نصف درم۔ موتی کی سیپ۔ دم الاخوین۔ ہر ایک ایک درم کہربا۔ ریشہ انجبار ہر ایک دو درم۔ نشاستہ۔ خرفہ ہر ایک دو مثقال کوٹ چہانکر سفوف بنائین۔

فواید استعمال۔ نفث الدم مین معمول ہے خوراک ۱ سے ۲ درم۔

فتیلہ سنگجراحت

سنگجراحت دو ٹکڑے لیکر ایک پر تہوڑے روغن بید انجیر ڈالکر ہر دو ٹکڑون کو باہم رگڑا جاوے جب روغن غلیظ ہوجاوے تو فتیلہ کو اس روغن مین آلودہ

گر کھٹنا سوزمین کھا جاوے۔ **گیرو**

گیرو—————————— مغرہ

یہ دو قسم کا ہوتا ہے۔ ایک سرخ کم دوسرا سرخ تیرہ۔ اچھا وہ ہوتا ہے جو پانی مین ڈالنے سے پھیل جاتا ہے۔

خاصیت۔ رنگ سرخ ذایقہ پھیکا سرد خشک سفر۔ طحال امعاء مصلح گلاب۔ مصطگی۔ بدل۔ گل ارمنی۔ کتیرا۔

فوائد۔ قابض مجفف رطوبت۔ مسکن تشنگی۔ حابس خون محلل اورام

استعمال۔ زخم امعاء پیچش۔ جریان خون۔ سوزاک۔ بواسیر حیض کی زیادتی مین دیا جاتا ہے ۳ ماشہ۔

مرکبات

حب گیرو——————————

گیرو چار درم۔ افیون ایک درم۔ سونٹھ چوتھائی درم۔ کوٹ چھانکر گوکنار یا سبز دھنیہ کے پانی مین گولیان بنائین

فوائد استعمال۔ رمد۔ سبل مین کوکنار کے پانی مین گھسکر آنکھ کے آس پاس لیپ کرین۔

حب رادع——————————

گیرو۔ رسوت ہلیلہ زنگی۔ اقاقیا۔ پوست انار۔ فوفل۔ صندل سفید۔ مردار سنگ کتھ سفید۔ ہر ایک برابر وزن لیکر خوب باریک کرکے گولیان بنائین۔

فوائد استعمال۔ آب مکو یا سرکہ مین گھسکر ورم پر لیپ کرین۔

سفوف گیرو

گیرو۔ پھٹکری بریان۔ سلاجیت۔ گل ارمنی۔ جو اکہار۔ کباب چینی۔ ہر ایک ہموزن خوب باریک کرلین **فوائد استعمال**۔ جس سوزاک مین خون کثرت سے آتا ہو یا سیب و بانشہ استعمال کریا جاوے۔

قرص گیرو

گیرو۔ چھالیا ہر ایک دو درم۔ سونٹھ خوب باریک کرکے سبز دھنئے یا کدو سفید کے پانی مین قرص بنا مین۔

فوائد استعمال۔ کان کے درد اور ورم مین پانی سے گھسکر استعمال کیا جاوے۔

سنکھیا

سم الفار — سنکھیا

یہ دہات چار قسم کی ہوتی ہے۔ سفید۔ سیاہ۔ سفید سرخ۔ سرخ زرد۔ سفید سرخ۔ رنگا جاتا ہے یہ عموماً چین۔ خلیج فارس۔ جبرال۔ برہما مین ہوتا ہے

خاصیت۔ رنگ مذکور الصدر۔ ذائقہ کسیلا۔ گرم و خشک مغز قاتل مصلح گھی۔ کتھ سفید تے کرائی جاوے۔ الائچی۔ بدل ایک کا دوسرا۔

فوائد۔ مقوی اعصاب۔ دافع بخار باری۔ مصفی خون

استعمال۔ امراض بلغمی۔ فالج۔ لقوہ۔ رعشہ۔ آتشک۔ جذام قوت باہ ضیق النفس باہر لگانے سے جلاتا ہے وجع مفاصل۔ بھیوڑہ۔ خارش وغیرہ مین حسب رائے طبیب استعمال کرنا چاہیئے۔ خوراک ایک تی

چالیسوین حصّہ سے ساٹھوین تک

علامات۔ زہر سنکھیا۔ اس کے کھانے سے ایک سے پانچ گھنٹہ تک منہ۔ حلق۔ گلے مین کھچاوٹ ہونے لگتی ہے۔ حلق مری کی جھلی مین زخم ہوجاتا ہے۔ گلے مین خشکی اور جلن معلوم ہوتی ہے سانس تنگی سے لیاجاتا ہے۔ آواز بیٹھ جاتی ہے کبھی کبھی مانند پارہ کے زہر کے منہ آجاتا ہے۔ نگلنے میں دقت ہوتی ہے۔ خون کا پیشاب آتا ہے۔ شروع مین دست۔ قے اخیر میں معدہ امعاء سے خون جاری ہوتا ہے اس کی گذرگاہ میں سوزش وخراش ہوکر دست قے شروع ہوجاتے ہین پیٹ میں سخت درد اٹھتا ہے اور چھونے سے زیادہ ہوا کرتا ہے۔ پسینہ بکثرت آتا ہے نبض کمزور باریک سریع بیقاعدہ چلتی ہے ہاتھ پاؤن سرد۔ گاہے گرم خشک ہوکر تشنج ہوکر مرجاتا ہے۔

علاج۔ سنکھیا۔ یہ خود قے آور ہے اسوجہ سے بعض مرتبہ خود بخود قے شروع ہوکر اسکا زہر معدہ سے خارج ہوجاتا ہے اگر قے نہ ہو تو مقوی ادویہ دیکر قے کرانا چاہئے۔ مثل رائی۔ نمک وغیرہ سے قے کراکر معدہ کو خوب صاف کرین فادزہر استعمال کرین۔ یہ شئے معدہ کی جھلی مین رطوبت کے سبب سے چمٹ جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے مقئی ادویہ اور فادزہر کا بخوبی اثر نہین ہوتا۔ بعد قے کے دودھ انڈا پھینٹ کر تھوڑا تھوڑا دیتے ہین۔ اگر ورم اور سوزش رہجاوے تو اسکا علاج کرین دافع درد مانند افیون رب کاہو وغیرہ کے دین

علاج۔ مطابق علامت کے کرین۔

مرکبات سنکھیا

حب سنکھیا

سنکھیا ایک تولہ۔ عرق کٹائی نو چھٹانک دانہ الائچی ایک تولہ۔ صمغ عربی۔ چار تولہ۔ کشتہ سفید ایک تولہ۔ اول سنکھیا الائچی کو باریک کرکے بقایا ادویہ کو ملاکر عرق میں خوب کھرل کریں اور گولیوں کے واسطے لگدی بنائیں مقدار گولی ایک رتی **طاقت** ساٹھ حصہ میں ایک حصہ سنکھیا ہے۔

ہدایت۔ نہار منہ یہ گولی نہ کھانی چاہئے بلکہ بعد غذا۔

فوائد استعمال۔ آتشک۔ امراض بلغم۔ ترکھانسی۔ امراض دماغی قوت باہ وغیرہ میں مفید ہے۔

حب سم الفار

کشتہ سفید چار تولہ۔ گلسرخ چار ماشہ۔ سم الفار چھ رتی سبکو باریک کرکے ایک رتی کے برابر گولیاں بنائیں۔

فوائد استعمال۔ قبل از باری تپ چار گھڑی پہلے ایک گولی کھائی جاوے۔ ترشی۔ بادی۔ تیل سے پرہیز کیا جاوے۔ **طاقت** ۱۰۳ حصہ میں ایک حصہ سنکھیا ہے۔

عرق سنکھیا

سنکھیا بیس رتی۔ جواکھار بیس رتی۔ سرخ صندل دو ماشہ دال چینی ایک ماشہ جائفل نصف عدد عرق گلاب پانچ چھٹانک پانی پانچ چھٹانک۔ کل ادویہ کو خوب باریک کرکے ایک چینی کے برتن یا قلعی دار برتن میں ڈالکر خوب جوش دیں جب خوب جوش آجاوے اوتار کر سرد کرلیں اب اس میں عرق گلاب اس قدر ڈالیں کہ کل عرق سوا پاؤ ہوجاوے اسکو ایک بوتل میں نام لکھکر

رکھ لیں یہ عرق گلابی سیاہی مائل ہوگا۔ خوراک ۵ بوند سے ۸ بوند تک اسکے دس قطرہ میں نصف رتی کا بارھواں حصہ سنکھیا ہوتا ہے۔

استعمال مانند سنکھیے کے۔

کشتہ سنکھیا

ایک سفید پیاز اندر سے خالی کر کے اسمیں شورہ قلمی بچھائیں ایک ٹکڑا سنکھیا کا رکھیں اوپر سے شورہ قلمی ڈالیں اوپر اسکے دیگر پیاز کے ٹکڑے ڈال کر گل حکمت کر کے آگ دیں وہ بہت عمدہ سفید کشتہ تیار ہو جاوے گا۔

فوائد استعمال۔ سنکھیے کے مانند۔

سلاجیت

سلاجیت ——— سلاجیت

یہ ایک سیاہ رنگ کی رطوبت علاقہ کشمیر دکن وغیرہ کے پہاڑوں سے مومیا کے مانند ٹپک کر پتھروں میں ملی ہوئی دستیاب ہوا کرتی ہے

خاصیت۔ رنگ سیاہ مائل بسرخی۔ ذائقہ قدرے تلخ گرم خشک مضر محرورین مصلح روغن۔ دودھ بدل مومیائی۔

فوائد۔ مخرج سنگ مثانہ۔ مقوی گردہ۔ دافع ورم۔ مقوی اعضاء رئیسہ مزید حرارت غریزی۔

استعمال۔ سوزاک جریان۔ بواسیر خونی۔ خشک۔ ضعف باہ کو مفید ہے خوراک ایک رتی سے ۱ ماشہ۔

شناخت۔ سیاہ سرخی مائل ذرا چرب گائے کے پیشاب کیطرح بو آتی ہے

حب سلاجیت۔

ست سلاجیت۔ مغز تخم پیاز۔ الائچی خورد۔ طباشیر۔ پکھان بید مصری

ہر ایک ایک درم کوٹ چھانکر ہمراہ شہد کے گولیان بناہین۔

فوایدِ استعمال ۔ دافع سوزاک۔ مغلظ منی مقوی باہ۔ خوراک نصف درم۔

سفوف سلاجیت

سلاجیت۔ الائچی خورد۔ طباشیر۔ بیخ بھنڈی۔ پھٹکری بریان بیشورہ قلمی کوڑیا لوبان ہموزن باریک کرلین سوزاک مین معمول ہے خوراک دو ماشہ

مومیائی

عرق الجبال ———— مومیائی

یہ شئے سیاہ رنگ کی رطوبت دار آبی۔ کوہ کیلبہ۔ دریائے فیرآباد فارس افریقہ وغیرہ کے پہاڑون کی درازون سے نکلتی ہے اس کو دودہ مین پکاکر صاف کرکے استعمال کرتے ہین۔

خاصیت ۔ رنگ سیاہ پانی مین گھولنے سے سرخی دیتی ہے۔ ذائقہ پھیکا۔ چکدار گرم خشک۔ مضر تلی مصلح۔ مشک کافور سکنجبین۔

بدل الحجر الیہودی۔

فوایدِ ۔ مقوی اعضاء رئیسہ مفرح محلل اورام سرد۔ جاذب رطوبت مقوی باہ۔ محافظ اورام۔ مصلح سدہ۔ **استعمال** ۔ ہچکی۔ فالج لقوہ۔ دردمعدہ۔ وجع الفواد۔ اختناق الرحم۔ نفث الدم۔ ثقل زبان وردسر دہین مفید ہے۔ خوراک آدہی رتی سے دو ٹنک۔

حب مومیائی

ہرایک ایک ماشہ۔ لونگ۔ دارچینی۔ لوبان۔ صمغ عربی۔ عود ہندی۔ رب السوس

ہر ایک تین ماشہ۔ مصطگی۔ ثمنین۔ کلیجن ہر ایک ایک ماشہ ابریشم مقرض چار ماشہ
مومیائی چھ ماشہ۔ بہیہ سائدہ چھ ماشہ۔ کوٹ چھانکر روغن بادام مین چرب
کرین۔ عرق پوست خشخاش مین گولیان بنائیں۔

فوائد استعمال۔ نزلہ زکام کھانسی مقوی دماغ اور بچوں مین اپنا
نظیر نہیں رکھتی ہیں خوراک ایک یا دو گولی صبح شام۔

سعوط مومیائی

مومیائی نصف رتی۔ روغن بان یا گل لگاکر۔ مشک تبتی۔ کافور۔
جند بید ستر۔ ہر ایک ایک حبہ خوب حل کرکے سعوط کرین۔

فوائد استعمال۔ سدر دوار۔ کو مفید ہے۔

طلا مومیائی

مومیائی۔ نیلہ تھوتھا۔ نوشادر۔ چوک۔ سرکہ عنصلی میں پیسکر مساوت
کے سر پر بال صاف کرکے ملین۔ **فوائد** سکتہ کیواسطے۔

نشوق مومیائی

مومیائی اصل۔ دارچینی۔ دونون کو روغن بابونہ مین ملاکر سونگھیں۔

فوائد۔ برائے خوذہ۔ شقیقہ کے

زہر مہرہ

نادر زہر معدنی — زہر مہرہ

یہ بہت ہلکا معدنی پتھر ہے جو خطا چین تبت۔ قندھار۔ باختر۔ خراسان گرگان
توران انواح مدینہ طیبہ اجمیر کوئٹہ دکن وغیرہ مین ہوا کرتا ہے۔ لیکن عمدہ
خطائی ہوتا ہے۔ پھر قندھاری۔ خراسانی۔ فلسطی جو نواح مدینہ طیبہ کے

ہے۔

شناخت۔ نیم کے چھتون کی تلخی اور افیون کی زائل ہو جاتی ہے نیم پیکر اس مین زہر مہرہ ملا دیا جاوے تو تلخی دور ہو جاتی ہے ۔ اور زہر آمیز کھانے مین رکھنے سے پانی بہنا شروع ہو جاتا ہے

خاصیت۔ رنگ سفیدی مائل بزردی و سبز۔ ذایقہ پھیکا چکنا مصلح معتدل مائل بحرارت ۔ خشک مغرپدل ہموزن زہرجد نصف مرد ڈیوڑہی گل داغستانی۔

فوایدہ۔ مقوی۔ محافظ ارواح ۔ دافع وبائی ہوا۔ نعفن خلط وسمیت مقوی اعصاب۔ محلل اورام۔

استعمال۔ مقوی باہ۔ دافع امراض سوداوی۔ کھانسی۔ دمہ۔ ہیضہ۔ طاعون ۔ زہرگزندہ پر لگانے سے معاً فایدہ ہوتا ہے۔ بچون کو جب سبز دست یا پاخانہ آتا ہو اسوقت دینے سے اصلاح ہو جاتی ہے۔

سفوف زہر مہرہ

زہر مہرہ۔ بہمن۔ درونج عقربی۔ ابریشم ۔ صندل سفید۔ کہربا شمعی۔ تنکہ تشتیب کلیجی ۔ جائفل۔ جاوتری ہر ایک دو مثقال خوب بار یک کر کے سفوف بنائین ۔ خوراک ایک ماشہ

فوایداستعمال۔ ضعف قلب اور اختلاج مین معمول ہے۔

پارہ

زیبق ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پارہ

ایک مشہور دھات سفید جو مختلف دھاتوں مین ملی ہوئی پائی جاتی ہے

امریکہ یورپ مین اس کی کانین ہین یہ عجیب شے چاندیسا اُجلا پانی سا
نیلا حرارت سے اِدھر اُدھر اُچھل جاتا ہے اور سردی سے منجمد ہو جاتا ہے
اور زیادہ حرارت سے ہوا ہو کر اڑ جاتا ہے۔ پانی سے ساڑھے تیرہ گنا
وزنی ہے۔ یہ دھات شنگرف بعض نباتات وغیرہ مین ملا کرتا ہے۔
آتشک کے زہر کا تریاق ہے ہدایت۔ افیونی کو پارہ دینے سے منہ
آجاتا ہے

خاصیت۔ رنگ سفید چیلا۔ ذائقہ ہیروتیز۔ مضر اعصاب منہ۔ حلق
بدل کشتہ قلعی

فوائد۔ دافع امراض آتشک۔ مقوی باہ دست آور۔

استعمال۔ آتشک درجہ دوم و سوم بخور۔ گنج آتشک کے زہر کا
مصلح ہے خوراک ۱۔ ۲ ماشہ تک۔

علامات زہر۔ منہ آجاتا ہے۔ پیٹ مین درد پیشاب بند ہو جاتا ہے
زبان ورم کر جاتی ہے اور مسوڑے پھولکر بدبو آنے لگتی ہے بدن
پر ملنے سے بھی منہ آجاتا ہے

علاج۔ گائے کا تازہ دودھ پیکر قے کرین۔ افسنتین پہ دینہ کوہی
اجمود کی جڑ کا جوشاندہ یا شوربہ مرغن استعمال کرایا جاوے اور جیسی
موجودہ حالت ہو علاج کیا جاوے۔

مرکبات

حب سیماب

تخم سیاہ دھتورہ۔ پارہ ہر ایک دو ماشہ۔ عرق ادرک دو تولہ میں خوب

کھرل کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں۔

فوائد استعمال - فالج لقوہ آتشک وغیرہ میں معمول ہے۔ پارہ کی خراب علامات کا خیال رہے طاقت نو حصہ میں ایک حصہ۔

پچکاری پارہ

پارہ تین ماشہ پچکاری میں ڈالکر نائیرہ میں کریں اگر کوئی سنگریزہ آکر پیشاب بند ہو گیا ہو پیچھے کو ہٹ جاتا ہے اور پیشاب کے راستہ بوجھ کے سبب نیچے نکل جاتا ہے۔

سفوف پارہ

پارہ ایک حصہ۔ انگوا ایک حصہ۔ اجوائن خراسانی ایک حصہ۔ اسپند ایک حصہ۔ خوب باریک کریں چاک مٹی دو حصہ اسقدر باریک کی جاوے کہ پارہ خوب ملجاوے۔

طاقت چھ حصہ میں ایک حصہ پارہ ہے۔

فوائد استعمال آتشک درجہ دوم اور اسکی متعلقہ امراض میں دیا جاتا ہے۔ خوراک۔ پانچ رتی۔

طلا پارہ

پارہ ایک حصہ۔ بچھناگ ایک حصہ۔ مرچ سیاہ چار حصہ۔ تخم بیاد دھتورا آٹھ حصہ اول بچھناگ اور پارہ کو خوب کھرل کریں پھر بقایا ادویہ کو شیرہ برگ مدار میں ملاکر خوب کھرل کریں۔

فوائد استعمال - سستی کے واسطے حسب ضرورت استعمال کیا جاوے اگر دانہ نکل آویں روغن چنبیلی کی پٹی رکھی جاوے جب آرام نہ آوے پٹی بدستور استعمال کرنا چاہئے۔

کشتہ پارہ

پارہ کو تیزاب گندھک میں ڈالدیں جب حباب اُٹھنا بند ہو جاوے پھر اسکو برگ سوئے میں کھرل کر کے خشک گولی بناکر اسکی للدی کو گل حکمت کر کے ایک ظرف گلی میں رکھ کر دو سیر اوپلوں کی آگ دیجاوے۔ جب سرد ہو جاوے نکال لیں۔

استعمال مانند پارہ کے۔

مرہم پارہ

پارہ ایک حصہ۔ قیروطی پانچ حصہ۔ خوب حل کرلیں

فوائد استعمال۔ آتشک کے زخموں پر لگایا جاتا ہے

ابرک

طلق ——— ابرک

یہ معدنی چیز پتھر کی قسم سے سفید شفاف چمکدار تہ بہ تہ ہوتی ہے اور اس کی تین قسمیں ہیں۔ یمانی۔ اندلسی۔ ہندی۔ عمدہ یمانی ہے جو چاندی کے مانند سفید ہوتی ہے بعد کو اندلسی۔ جو سیاہی مائل ہوتی ہے۔

خاصیت۔ رنگ سفید سیاہ۔ ذائقہ پھیکا۔ سرد خشک مضر گردہ طحال

مصلح کتیرا شہد بدل طین قیمولیا۔

فوائد۔ حابس خون۔ مقوی۔ دافع بخار

استعمال۔ سنگ گردہ مثانہ۔ نفث الدم۔ کھانسی۔ ورم پستان پر ضماد کرنے سے آرام آجاتا ہے

خوراک ماشہ سے ایک ماشہ تک۔

مرکب

قرص ابرک

ابرک محلول سبعہ ساعۃ۔ زعفران ہرایک کو دو درم۔ تخم کرفس۔ بسنج کرفس پوست بیخ کبر ہرایک ڈیڑھ درم۔ گل سرخ۔ لکباتیر۔ تخم کاسنی ہرایک دو درم۔ مغز بادام تلخ۔ مغز پستہ ہرایک ۵ درم کوٹ چھانکر کرفس کے پانی یا سونف کے پانی مین ایک درم کے برابر قرص بناکر سایہ مین خشک کرلین

فوائد استعمال۔ یرقان سدی مین ہمراہ سکنجبین بزوری یا کسی سرد شربت کے ساتھ دین۔

خوراک ایک یا دو قرص۔

کشتہ ابرک

ابرک کو تحلیس کرکے عرق کردندہ مین کہرل کرکے کسی ظرف گلی مین رکھکر گل حکمت کرین اور پانچ سیر اپلون مین آگ دین ایسا عمل ۳ مرتبہ کرنے سے کشتہ ہوجاتا ہے۔

فوائد استعمال۔ بخار۔ امراض خون کے اخراج مین دیتے ہین

خوراک ۲ رتی سے چار رتی تک۔

گندک

کبریت۔ ع گوگرد۔ ف

یہ مشہور معدنی شئے دو قسم کی ہوتی ہے ایک آتولسار دوسری بتیان۔ اور رنگ پانچ قسم کے زرد۔ سبزی سفیدی مائل نیلاہٹ سیاہ سرخ۔ سرخ نہایت اچھی ہوتی ہے۔

خاصیت۔ رنگ مذکور سفید ذائقہ پھیکا بدبودار گرم خشک۔ مضر دماغ ومعدہ

مصلح کتیرا دودھ بدل ایک دوسرے کی۔
فوائد۔ ملین۔ مصفی خون۔ مخرج بلغم۔
استعمال۔ بواسیر۔ زکام۔ نزلہ۔ آتشک۔ خارش۔ داد۔ طحال
درد معدہ۔ کھانسی۔ بواسیر۔ تیل مین پکاکر خارش پر ملنا مفید ہے۔

مرکبات

حب کبریت صغیر

گندک مغسول، مرچ سیاہ ہر ایک چار تولہ نمک سندی نصف درم
کوٹ چھانکر عرق لیموں مین کھرل کرکے گولیان بنائین۔
فوایدِ استعمال۔ بھوک بڑھاتی ہین۔
امراض بلغمی معدہ کی رطوبت فضلہ کو خشک کرتی ہین۔
خوراک ۲-۳ گولیان ہمراہ پانی کے۔

حب کبریت کبیر

گندک دودھ مین صاف کی ہوئی ایک تولہ۔ مرچ سیاہ۔ باؤبڑنگ۔ اجمود
جوکھار۔ ہر ایک دو درم۔ نمک سیاہ۔ پیپل۔ سمندر جھاگ ہر ایک ایک درم
نمک سیندھا تین درم۔ پوست ہلیلہ چھ درم۔ کوٹ چھانکر پہلے ادرک کے
پانی مین کھرل کرین پھر لیموں کے عرق مین کھرل کرکے گولیان بنائین۔
فوایدِ استعمال۔ بھوک زیادہ کرتی ہین۔ امراض بلغمی ہیضہ مین مفید ہین
خوراک ۲ گولی سے ۴ گولی تک۔

سفوف گندک

گندک۔ سناد۔ کتیرا۔ اصل السوس۔ سونف۔ گل سرخ۔ پوست ہلیلہ زرد

ہموزن خوب کوٹ چہانکر شکر سفید برابر ملالیں۔
فوائد استعمال۔ بواسیر۔ قبض۔ درد شکم جو قبض سے ہو ہمراہ گرم دودھ کے خوراک ۲ ماشہ۔

طلا گندک

گندک املہ سار۔ کتھہ سفید۔ رال۔ قسط تلخ یا کچہ ہر ایک ایک تولہ۔ تخم پنواڑ چھہ تولہ کوٹ چہانکر پانی میں حل کرکے داد پر لگائیں۔

عرق گندک

گندک پانچ تولہ۔ چونہ ان بجہا ہوا پانچ تولہ۔ پانچ سیر پانی میں خوب جوش دیکر اوتار لیں۔
فوائد استعمال۔ اس عرق سے کپڑا بھگوکر خارش تر یا خشک پر مالش کریں دن میں دو تین مرتبہ۔ جلدی امراض کیواسطے بہت مفید ہے۔

مرہم گندک

گندک ۲ ماشہ۔ قیروطی ڈہائی تولہ۔ خوب ملالیں۔
استعمال۔ خارش تر میں مالش کیجاتی ہے۔

مرکب مرہم گندک

مرہم گندک ڈہائی تولہ۔ جوا کہار ۲ ماشہ ملالیں۔
استعمال۔ بجنسہ۔ خارش داد کیواسطے مفید ہے۔

عقیق

عقیق

عقیق یمنی سب سے بہتر ہے۔ بہتر وہ ہے جو بہت سخت اور بے رگ ہو۔ اگر دینار ام

کنارے پر ملتاہے۔

خاصیت۔ رنگ سرخ سفید۔ زرد۔ سیاہ۔ سبزی جنمیں سبز زرد خطوط ہوتے ہیں اس کو ہینہ کہتے ہیں ذائقہ پھیکا سرد خشک۔ مضر گردہ مصلح کتیرا تخم کدو۔ بدل مونگا۔ کہربا۔

فوائد۔ مقوی قلب۔ حابس خون۔

استعمال۔ مقوی دل۔ وحشت کو دور کرتا۔ خون حیض نفث الدم طحال سیلان الرحم کو مفید ہے خوراک ۴ رتی سے ۲ ماشہ تک

مرکبات

سفوف عقیق

سنگ یشب۔ عقیق۔ کتیرا۔ ابریشم تمحیض ہر ایک دو درم۔ گل مختوم ۷ ماشہ۔ گلسرخ پانچ ماشہ خوب باریک کرلیں۔

فوائد استعمال۔ ضعف قلب۔ خفقان۔ استحاضہ اختلاج قلب میں ایک ماشہ ہمراہ شربت سیب کے۔

سرمہ عقیق

سنگ بصری ایک تولہ۔ ریٹھا سوختہ نو ماشہ عقیق چھ ماشہ سرمہ سیاہ ایک تولہ مامیران چینی تین ماشہ۔ زعفران دو ماشہ موتی دو ماشہ۔ خوب باریک کرلیں

فوائد استعمال۔ مقوی بصر ہے۔

شنگرف

زنجرف شنگرف

یہ دو قسم کی ہوتی ہے ایک مصنوعی دوسری قدرتی جو کبریت احمر کے

نام سے مشہور ہے۔ بہتر وہ ہے جسکی قلمیں بڑی اور سرخ اور تیز ہون اور گندک کی بونہ آتی ہو بغیر تنقیہ اور تصفیہ استعمال ناجائز ہے۔

خاصیت۔ رنگ سرخ ذایقہ پھیکا مفرد گرم خشک مغز موروث کرب خناق۔ مصلح گھی دودھ۔

فوائد قابض جاذب۔

استعمال۔ مقوی باہ۔ امراض آتشک کی مصلح۔ کھانسی تر۔ اور جذام۔ جلدی امراض درد۔ جریان خون کو بند کرتا ہے۔ اسکا دہوان خراب زخم کو اچھا کرتا ہے۔ آنکھہ کی حفاظت کرنا چاہیے۔

تصفیہ شنگرف کو عرق لیموں اور شیر گاے مین ایک دن بھر کھرل کر کے خشک کر لین۔

مرکبات

حب شنگرف

زعفران۔ دارچینی۔ عاقرقرحا۔ لونگ شنگرف۔ اجواین خراسانی جائفل ہر ایک دو رتی۔ افیون چودہ رتی۔ باریک کر کے ایک ایک رتی کی گولیان بنا مین طاقت افیون برابر ہے۔

فوائد استعمال۔ نزلہ سرد مین معمول ہے خوراک ایک۔ دو گولی تک

فتیلہ شنگرف

شنگرف۔ زنگار ہر ایک سات ماشہ۔ موم ایک ماشہ۔ اور ادویہ کو خوب باریک کیا جاوے پھر موم کو پگھلا کر خوب حل کر لین۔ نصف گز ململ پھیلا کر سات حصہ کر لین ایک چراغ مین گائے کا گھی ڈالکر ایک ایک ٹکڑا پارچہ کا فتیلہ

بنا کر بیمار سے ایک گز کے فاصلہ پر جلائی جاوے اگر اسکی
تاثیر سے مریض کا منہ خوش کر آوے تو چنبیلی کے پتوں کے جوشاندہ کا غرغرہ
کرائیں۔
استعمال۔ آتشک کیواسطے مفید ہے۔

کشتہ شنگرف

شنگرف ایک تولہ۔ فلفل دراز دو تولہ۔ دونوں کو تین روز خوب کھرل کر کے اور
شیر گائے میں خمیر کر کے قرص بنائیں بعدہ کو گائے کے گھی میں اسقدر بریان
کریں کہ حباب اوٹھنا موقوف ہو کر سیاہ ہو جاوے تو پلٹ دیں تاکہ
دوسری طرف بھی سیاہ ہو جاوے پھر نکالکر بحفاظت رکھ لیا جاوے
فوایدا استعمال۔ یہ کشتہ دافع دمہ۔ امراض بلغمی کے لئے معمولی
خوراک ایک رتی پان میں کھلادیں۔
پرہیز۔ ترش اشیاء اور بلغم پیدا کرنے والی سے۔

ملتانی مٹی

طین ملتانی ــــــــــ ملتانی مٹی

یہ مٹی سخت پرت دار اور عام طور سے مشہور ہے۔
خاصیت۔ سفید زردی مائل۔ ذایقہ پھیکا سرد خشک مضر مورث
مصلح نخنی بدل +
فوایدہ۔ قابض۔ مقوی معدہ مسکن حرارت۔ محلل ورم۔
استعمال۔ سوزش والو پر لگانے سے آرام ہوتا ہے۔ اسکا آب
مقطر کے پلانے سے دست قئے بند ہو جاتے ہیں۔ رو علے ورم۔

سرد ہونے سے بال صاف ہو جاتے ہین - خوراک ۳ - ۷ ماشہ -

مرکبات

ضماد ملتانی مٹی

ملتانی مٹی ایک تولہ - گل ارمنی ۹ ماشہ - تخم کاسنی ایک تولہ - صندل سفید چھ ماشہ - باریک کر کے استعمال کرین

فوائد استعمال - ابتدائی ورم مین سردی پہونچانے کے لیئے لگایا جاتا ہے تاکہ مادہ ورم پیچھے کو ہٹ جاوے -

سفوف ملتانی مٹی

سماق - گل نیلوفر - بادیان - ملتانی مٹی - کا ہر ایک دو ماشہ باریک کر کے با حفاظت رکھا جاوے اس مین سے دو ماشہ لیکر ایک پاؤ پانی میں بھگو دیا جاوے -

فوائد استعمال - جب بچون کو دانت نکلتے ہین اس وقت انکو پیاس اور دستون کی بہت تکلیف ہوتی ہے حسب رائے طبیب دیا جاوے -

مرہم ملتانی مٹی

سفوف ملتانی مٹی - ایک تولہ - سفوف سرمہ سیاہ ۹ ماشہ - نیل دیسی ۹ ماشہ خوب باریک کر کے پانچ تولہ قیروطی مین ملایا جاوے -

فوائد استعمال - سوزش داشتن - شور جاودسیہ - خارش تر داد - مرطوب زخم مین استعمال کرنا چاہئے -

سنگ یشب

حجرالیشب ———— سنگ یشب

یہ ایک قسم کا سخت پتھر مختلف رنگ کا ہوتا ہے۔ بہتر سبز زیتونی زردی مایل۔ بعدہٗ سبز صاف سفیدی مایل پھر سفید جس کو کافوری بھی کہتے ہیں۔ جیسا صاف شفاف ہو عمدہ ہے +

خاصیت۔ رنگ۔ مذکورۃ الصدر۔ ذائقہ پھیکا۔ سرد خشک۔ مضر مثانہ۔ مصلح شہد بدل۔ یاقوت زرد۔

فوائد۔ مقوی قلب۔ حابس الدم۔ مفجر سنگ۔ مندمل زخم۔

استعمال۔ مقوی معدہ۔ دل۔ قلب پر لٹکانے سے اختلاج وخناق کو فایدہ ہوتا ہے۔ انگوٹھی پر نگینہ لگانے سے نظر بد اور ضرر بجلی سے محفوظ رکھتا ہے۔ خوراک ۲ رتی سے ۱ ماشہ +

مرکبات

سفوف سنگ یشب ————

سنگ یشب ایک تولہ۔ صندل سفید چھ ماشہ۔ طباشیر ۹ ماشہ۔ کشنیز گل گاؤزبان۔ گل مختوم۔ کہربا۔ گلسرخ ہر ایک ایک تولہ۔ ورق نقرہ پانچ ماشہ باریک کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک پانچ ماشہ ہمراہ شربت نیلوفر۔

فواید۔ اختلاج قلب۔ وحشت۔ ضعف قلب میں معمول ہے

معجون سنگ یشب ————

سنگ یشب دو تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ گل گاؤزبان۔ صندل سفید۔

پوست ترنج۔ گل سرخ۔ ابریشم تخمیض شدہ ہر ایک ایک تولہ۔ مروارید چار ماشہ باریک کر کے ایک پاؤ شہد میں حسب قاعدہ معجون بنالیں۔ فوائد اصلاح قلب۔ ضعف قلب میں ہمراہ عرق بید مشک استعمال کرایا جاوے۔ خوراک ۷ ماشہ ❖

سہاگہ

سہاگہ ——————— تنکار

یہ دوا دو قسم کی ہوتی ہے ایک معدنی دوسرے مصنوعی۔ جس کو نمک ۱ حصہ۔ سجی ۸ حصہ۔ اور بورہ ارمنی ۶ حصہ ملا کر بناتے ہیں۔ اگر مصنوعی کو آگ پر رکھا جاوے تو پانی نکلے گا۔ لیکن معدنی سے نہیں۔

خاصیت۔ رنگ سفید۔ تیز شور۔ گرم خشک۔ مضر اعضاء رئیسہ۔ مصلح صمغ عربی۔ بدل بورہ ارمنی۔

فوائد۔ ملطف ریاح۔ محلل ورم۔ مخرج بلغم و ریح۔ نافع درد۔ قبض ہاضم۔ استعمال۔ طحال۔ یرقان۔ کھانسی۔ دمہ۔ مدر حیض۔ خوراک ۲ رتی سے ۱ ماشہ ❖

مرکبات

پچکاری سوزاک ———————

سہاگہ بریان چار ماشہ۔ پھٹکری سفید بریان چھ ماشہ۔ نیلہ تھوتھہ بریان دو ماشہ۔ گیرو ڈیڑھ ماشہ کوٹ چھان کر دو پڑیاں بنائیں۔ ڈیڑھ پاؤ پانی میں پڑیا کو بھگو کر صاف نتھارے ہوئے پانی سے دن میں چار

مرتبہ پچکاری کریں۔ مطابق ہدایت پچکاری کے۔

حب تنکار

سہاگہ دو درم۔ اجواین خراسانی ڈھائی درم۔ مرچ سیاہ بارہ درم ایلوہ سولہ درم۔ کوٹ چھان کر عرق گھیگوار کے پانی میں گولیاں بنائیں۔

فوائد استعمال۔ اخراج ریح کے واسطے دو یا تین گولی۔ رفع قبض کے لئے زیادہ۔ اور مدامت کلان شکم کے واسطے مفید ہے ❖

حب تنکار

سہاگہ بریان دو تولہ۔ ایلوہ مدبر دو تولہ۔ صمغ عربی چھ ماشہ۔ عرق لیموں میں کھرل کر کے گولیاں بنائیں ❖

فوائد استعمال۔ قولنج۔ طحال۔ قبض۔ کھانسی۔ یرقان میں معمول ہے۔ خوراک ۲ گولی دن میں دو مرتبہ ❖

سنون سہاگہ۔ سہاگہ۔ نیلہ تھوتھہ بریان۔ پھٹکڑی بریان ہر ایک ایک تولہ۔ لونگ نو ماشہ مین پھل مازو ہر ایک دو عدد۔ مرچ سیاہ کہنہ پانچ یا نمک لاہوری۔ ہیڑ اکسیس ہر ایک چھ ماشہ۔ زیرہ گلاب۔ گلسرخ۔ صندل سفید۔ گلنار۔ سماق۔ فلفل دراز۔ سونٹھ۔ مصطگی۔ کفِ دریا۔ قسط۔ کباب چھوٹی مائیں۔ ناگرموتھ۔ الائچی دانہ ہر ایک چار ماشہ۔ چھالیہ سوختہ ایک عدد۔ کوٹ چھان کر منجن بنائیں ❖

فوائد استعمال۔ دانتوں کو مضبوط کرتا ہے۔ خون نکلنے کو بند کرتا ہے ❖

طلا سہاگہ

سہاگہ بریان۔ مرچ سیاہ۔ ہڑ زنگی۔ سمندر جھاگ۔ پھٹکڑی ہر ایک ہموزن عرق لیموں میں کھرل کر کے بحفاظت رکھا جاوے وقت ضرورت

کے بھگو کر داد پر لگایا جاوے +

کھریا مٹی

طین ابیض ———— گل سفید

یہ سفید خشک پرت دار مٹی ہے جو پانی میں گھلکر پھول جاتی ہے۔

خاصیت۔ سفید چمکدار۔ پانی میں حل نہیں ہوتی ہے۔ ذائقہ پھیکا سوندھا

سرد خشک۔ مضر معدہ۔ مصلح روغن۔ گوند دودھ۔ بدل سنگجراحت ملتانی مٹی

فوائد۔ جاذب رطوبت۔ دافع سوزش۔ قابض محلل اورام گرم +

استعمال۔ صفرا کے فساد کو دور کرتی ہے۔ زخم کو بھرتی ہے۔ جلے ہوئے

مقام پہ لگانے سے سوزش رفع ہوتی ہے۔ تیزابوں کا فاد زہر ہے۔

خوراک ۵ رتی سے ۲ ماشہ۔

مرکبات

عرق چاک مٹی ————

کھریا مٹی مقول سفوف صمغ عربی ہر ایک ایک حصہ۔ شکر دو حصہ۔ عرق

دارچینی تیس حصہ۔ خوب کھرل کر کے ایک بوتل میں رکھ لیں۔

فوائد استعمال۔ اسہال۔ پیچش۔ رقت منی مجمول ہے۔ بوقت استعمال

ہلا لیا کریں +

سفوف چاک مٹی ————

دارچینی آٹھ حصہ۔ چائے پھل چھ حصہ۔ لونگ تین حصہ۔ الائچی خورد

دو حصہ چاک مقول خشک بائیس حصہ شکر سفید پچاس حصہ خوب باریک کر کے

سفوف بنالیں +

فوائد استعمال۔ اسہال میں دیتے ہیں۔ خوراک ۳ ماشہ۔

سفوف مرکب چاک مٹی

مرکب سفوف چاک مٹی اٹھ حصہ۔ کمرکس دو حصہ۔ سفوف بلاگیر دو حصہ افیون ایک حصہ۔ صمغ عربی ایک حصہ خوب باریک کر کے ملالیں۔

فوائد استعمال۔ اسہال پیچش ذرب میں ایک ماشہ۔ طاقت چودہ حصہ میں ایک حصہ افیون ہے +

حجر الیہود

حجر الیہود ـــــــ سنگ جہودان

یہ ایک پتھر ہے جو بیر کی شکل پر تین قسم کا ہوتا ہے۔ نر پر خط ہوا کرتے ہیں۔ یہ مردوں کی بیماری میں کارآمد ہے۔ اور مادہ پر خط نہیں ہوتے۔ بلکہ اس کا رنگ سرخ ثمردہ ہوتا ہے۔ یہ عورتوں کی بیماریوں میں برتا جاتا ہے +

خاصیت۔ رنگ سفیدی مائل۔ ذائقہ پھیکا۔ گرم۔ خشک مفر جگر۔ مصلح گوند شیر تازہ۔ روغن بادام +

فوائد۔ نافع حبس بول۔ مفجر۔ سنگ گردہ۔ شانہ۔ جاذب +

استعمال۔ پیشاب لاتا ہے۔ خون بستہ مثانہ اور سوزش بول کو مفید ہے زخم کی رطوبت کو جذب کرتا ہے اور قائمقام مومیائی کے ہے۔ خوراک ۱-۳ ماشہ

مرکبات

سفوف حجر الیہود

کلتھی پندرہ درم مغز تخم خربوزہ ۔مغز تخم خیارہ ۔مغز تخم کدو ہر ایک ساڑھے چار درم سیاالوس دو درم ۔ صمغ عربی ۔نشاستہ ۔کتیرا سفید ہر ایک تین درم ۔ حجر الیہود چھ درم ۔قند سفید اٹھائیس درم ۔خوب باریک کر کے سفوف بنائیں

فوائد استعمال ۔ریگ سنگ گردہ مثانہ کے اخراج کے لئے معمول ہے خوراک دو درم مدرات کے ساتھ +

کشتہ حجر الیہود

حجر الیہود دو تولہ ۔لصف سیر برگ پیلو کی لگدی میں گل حکمت کر کے دس سیر اُپلوں کی آگ میں رکھدیں ۔اگر ایک مرتبہ کشتہ نہ ہو تو دوبارہ ایسا ہی عمل کرنا چاہیئے +

ترکیب حجر الیہود کے مدبر کرنے کی ۔حجر الیہود کو عرق گلاب ۔عرق گاؤزبان سرکہ ہموزن میں چار پہر آگ پر رکھیں پھر کام میں لائیں +

شورہ

شورہ ـــــــــ اَلبقر

یہ کھار زمین سے منقطر کر کے قلمیں باندھ لیتے ہیں ۔آگ پر رکھنے سے شعلہ دیتا ہے ۔پانی میں حل ہو جاتا ہے ۔

خاصیت ۔رنگ سفید ۔ذائقہ تیز سرد ۔گرم خشک ۔مضر گردہ ۔مصلح کتیرا شہد ۔بدل نمک اندرانی ۔

فوائد ۔مخرج بلغم ۔مدر حیض ۔پیشاب ۔دست آور ۔

استعمال ۔سوزاک ۔سوزش بول ۔ورم طحال ۔درد کمر ۔قولنج ریح ۔ہمراہ شکمہ کے پینے سے پیشاب ۔حیض کو جاری کرتا ہے +

مرکبات

تیزاب شورہ

شورہ اور گندھک کا تیزاب ملا کر مقطر کرنے سے حاصل کیا جاتا ہے
خاصیت۔ یہ تیزاب زردی مایل ہوتا ہے۔ اس کو خالص کھانے میں نہیں استعمال کرتے +

مرکب تیزاب شورہ

خالص تیزاب شورہ چھ حصہ۔ پانی چوبیس حصہ ملا لیں۔
فواید استعمال۔ امراض جگر۔ مفرح۔ مقوی۔ مخرج ریگ گردہ مثانہ خوراک پانچ قطرہ سے تیئس تک طاقت۔ پانچ قطروں میں ایک قطرہ خالص تیزاب ہوتا ہے +

حب شورہ

شورہ قلمی۔ سہاگہ بریان۔ پھٹکڑی بریان۔ نمک سونچر۔ نمک سیندہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ آنبہ ہلدی۔ اجواین ہر ایک ایک درم کوٹ چھان کر تین مرتبہ عرق لیموں میں اور تین دفعہ عرق ادرک میں کھرل کرکے گولیاں بنائیں +
فواید استعمال۔ امراض طحال۔ جگر میں دو گولیاں صبح و شام کھانی چاہئیے

قطور شورہ

شورہ قلمی دو حصہ۔ پانی آٹھ حصہ میں حل کرلیں +
فواید استعمال۔ جب پیشاب سردی یا مثانہ کے منہ کی گلیاں بڑھ جانے سے بند ہوگیا ہو۔ اس عرق کی پچکاری کرنے سے کھل جاتا ہے +

چاندی

فضہ ——————— نقرہ

یہ دھات سفید خالص پانی سے ساڑھے دس حصہ بھاری ہوتی ہے

خاصیت۔ سفید۔ چمکدار۔ ذائقہ کیلا۔ سرد خشک۔ مضر امعاء۔ مصلح کتیرا۔ شہد۔ بدل فیروزہ +

فوائد۔ مقوی اعضاء رئیسہ۔ مثمن بدن۔ مفرح +

استعمال۔ یاقوت کے ہم پلہ ہے۔ محافظ روح حیوانی۔ استسقا۔ جنون۔ وسواس گوشت۔ چربی۔ مغز ہڈی۔ منی۔ دل۔ معدہ کو قوت دیتا ہے۔ خوراک ۴ رتی سے ۲ ماشہ +

مرکبات

سفوف

ورق نقرہ دو ماشہ۔ طباشیر۔ شقاقل مصری۔ بہمن سفید۔ موصلی۔ سنبل ہر ایک ۶ ماشہ باریک کر کے سفوف کریں +

فوائد استعمال۔ رقیق منی میں ایک ماشہ ہمراہ شیر گائے کے +

کشتہ چاندی

چاندی کے باریک پتر کو شورہ کے خالص تیزاب میں دس مرتبہ بجھائیں پھر ہرن کھری کے ایک پاؤ نگدہ میں گولی بنا کر رکھکر ایک گڑھے میں ڈھائی سیر جنگلی اوپلے اوپر ڈھائی سیر نیچے رکھکر گڑھے کو بحفاظت بند کر دیں۔ لیکن ایک طرف ہوا کے واسطے کھلا رکھیں۔ اور آگ دیدیں سفید کشتہ ہو جاوے گا

اگر ٹھیک نہ ہو تو دوبارہ یہ عمل کیا جاوے۔

سونا

ذہب ——————— زر

یہ مشہور دھات جو تمام دھاتوں سے پلاٹینم کی نسبت بھاری ہے۔ اس کا وزن مناسبہ خالص پانی سے ۱۹٫۳ ہے۔ اس کے ذرات آپس میں بہت پیوستہ ہوتے ہیں۔ اس وجہ سے یہ وزن دار ہوتا ہے۔ اور ایک تولہ خالص سونے کا باریک تار نو میل تک کھینچا جا سکتا ہے۔

خاصیت۔ زردی مائل بسرخی ذائقہ کیلا معتدل مائل بگرمی۔ مضر مثانہ آلات البول۔ مصلح۔ شہد۔ مشک۔

فواید۔ مقوی اعضاء رئیسہ۔ معطف۔ مفرح۔

استعمال گردہ۔ مثانہ قوت باہ کو طاقت دیتا ہے۔ فکر۔ غم۔ خفقان۔ جنون۔ ہر قسم کی بواسیر کو نافع ہے۔ خوراک ۱ سے ۲ رتی۔

حب ذہب ———————

طلا سکلس۔ فادزہر معدنی۔ جدوار خطائی۔ قنب ہر ایک ایک مثقال جائفل۔ مصطگی۔ زعفران ہر ایک چار دانگ۔ دارچینی۔ لونگ ہر ایک نصف مثقال۔ صمغ عربی دو دانگ۔ کتیرا ایک دانگ۔ کوٹ چھان کر عرق گلاب میں گولیاں بنائیں۔

فواید استعمال۔ تپ صفراوی۔ مقوی دل۔ جگر۔ چوتھیا میں معمول ہے +

کشتہ سونا ———————

ورق طلا تین ماشہ۔ پانچ تولہ عرق میں کھرل کر کے ایک ظرف گلی میں گل حکمت کر کے دس سیر اپلیوں کی آگ دی جاوے۔ جب کشتہ ہو جاوے کام میں لادیں۔ خوراک۔ ا سے ۲ رتی۔

عنبر

عنبر اشہب ——————— عنبر

ایک منجمد رطوبت ہے جو بحر اطلانٹک - برازیل - مڈاگاسکر کے ساحل اور افریقہ کے ساحل پر ایسٹ انڈیز - چین - جاپان - جزایر ملاکا سے لایا جاتا ہے۔ لیکن انگلستان میں جو کثرت سے آتا ہے وہ جزائر بہاما سے آتا ہے۔ اس کی اصلی ماہیت پر مختلف قسم کے اقوال ہیں۔ چنانچہ کوئی شبنم بتلاتا ہے۔ کوئی وہیل کے ناف کا مادہ اور گوبر - و قے - کوئی ایک قسم کی مکھی کا موم۔ غرض ہر ایک نے اپنی اپنی رائے زنی کی ہے۔ لیکن حق بات تو یہ ہے۔ کہ جب عنبر کو ایک سو پینتالیس درجہ کی حرارت پہنچائی جاتی ہے تو رال کی مانند پگل جاتا ہے۔ اور دو سو بارہ درجہ کی حرارت میں ہوا ہو کر اڑ جاتا ہے۔ اگر یہ کسی جانور کا گوبر یا قے یا اور کوئی مادہ ہوتا تو ضرور حرارت پہنچنے سے لطیف اجزا ہوا بن کر اڑ جاتے اور کثیف باقی رہتے۔ مگر قابل تسلیم بات یہ ہے۔ کہ یہ شئے گندھک کی مانند مفرد اور معدنی ہے۔ جو انجمادی صورت میں متشکل ہو کر بہتا پھرتا ہے۔ اور سمندر کے حیوان غذا سمجھ کر نگل جاتے ہیں۔ لیکن ان کا معدہ اس کے ہضم کرنے کی قابلیت نہیں رکھتا جو بوجہ ثقالت کے قے کر دیتے ہیں۔ اس وجہ سے اس کا اطلاق حیوان کی قے پر ہو سکتا ہے جو حقیقت میں درست نہیں۔ کیونکہ غذا کے اجزا ارضی ہوا کرتے ہیں نہ ہوائی جو حرارت پہنچانے سے کچھ نہ کچھ باقی رہ سکتے ہیں خواہ گوبر ہو یا قے۔ لیکن جب اس میں حرارت پہنچائی جاتی ہے۔ تو کچھ بھی بقایا نہیں رہتا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ یہ شئے غیر محلل سمندر کے

پہاڑی چشموں سے نکل کر سطح سمندر پر بہتی پھرتی ہے جس کو ویل وغیرہ اپنی غذا سمجھ کر نگل جاتی ہیں +

شناخت عنبر۔ اچھا عنبر وہ ہے جو اشہب اور زیادہ چمکتا ہوا۔ تہ وار اگر توڑیں تو سفیدی زردی آمیز ظاہر ہو جس قدر بھورا کمزور ہلکا ہو عمدہ ہے۔ ۲۔ لیتی۔ زرد۔ سیاہ رنگ سب سے بدتر ہے اور جس میں خوشبو کم ہو وہ بھی خراب ہے +

خاصیت۔ رنگ سفید زردی مایل نقطہ دار۔ ذائقہ قدرے تلخ چکنا۔ نہایت خوشبودار۔ مضر امعاء۔ مصلح۔ گوند۔ کافور۔ طباشیر کشنیز بدل کستوری۔ زعفران +

فواید۔ محافظ ارواح۔ مقوی اعضاء رئیسہ حواس خمسہ ظاہر و باطن

استعمال بھوک بڑھاتا ہے۔ قوتوں کو واپس لاتا ہے۔ زہروں کا تریاق ہے۔ پرانی کھانسی۔ امراض سینہ۔ عرصہ تک کھانے سے مایوس العلاج کو مفید ہے۔ خوراک ۴ سے ۷ رتی +

مرکبات

جوارش عنبر

عنبر اشہب مشک خالص ہر ایک دو ماشہ تگر۔ لونگ۔ زعفران ہر ایک تین ماشہ۔ دانہ الائچی خورد۔ دارچینی۔ فلفل دراز۔ سونٹھ جائفل ہر ایک چھ ماشہ۔ نبات سفید۔ شہد خالص ہر ایک ایک پاؤ بدستور جوارش تیار کریں +

فواید استعمال۔ معدہ کو گرم کرتی ہے۔ محلل ریاح غلیظہ مخرج بلغم دل۔ دماغ۔ حواس کو طاقت دیتی ہے +

سعوط عنبری

عنبر۔ زعفران ہموزن عرق پودینہ میں گھول کر ناک کی بدبو میں سعوط کریں +

سفوف عنبر

عنبر اشہب۔ مشک خالص۔ عطر گلاب ہر ایک ایک ماشہ۔ قرفہ تیز پات۔ عود غرقی۔ دانہ الائچی خورد۔ مصطگی۔ تگر۔ پوست ہلیلہ زرد لونگ۔ فرنجمشک۔ نارجیل۔ زیرہ کرمانی۔ دارچینی ۲ ماشہ۔ مرچ سیاہ پیپل سونٹھ۔ انار دانہ۔ جائفل ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ چینی سات درم عالمگیری (وزن مروجہ حال پونے نو درم ہوتے ہیں) سب کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر ماسوا عطر کے ملالیں بعد ازاں عطر ملا کر بحفاظت رکھ لیں +

فوائد استعمال۔ دل کی سرد مرضوں میں۔ غشی خفقان میں فی الفور تقویت بخشتا ہے +

رسکپور

رسکپور ــــــــ رسکپور

یہ ایک مصنوعی دھات وزنی سفید رنگ کی ہوتی ہے۔ ترکیب رسکپور بنانے کی۔ پارہ دو حصہ۔ گندھک کا تیزاب تین حصہ۔ نمک ڈیڑھ حصہ۔ پہلے گندھک کے تیزاب اور پارہ کو ملا کر ایک کانچ کے برتن میں رکھ کر جوش دیں جو بقایا سفید رنگ رہ جاوے۔ اس کو کھرل کر کے نمک کے ساتھ ملا کر اوڑالیں۔ وہ رسکپور ہے۔ یہ از قسم زہر ہے +

خاصیت۔ رنگ سفید شفاف۔ ذائقہ پھیکا۔ قدرے تیز۔ گرم خشک ۴ مضر اعضائے رئیسہ۔ مصلح شیر گاؤ۔ گھی۔ بدل جمالگوٹہ +

فواید۔مصفی خون۔آتشک

استعمال۔آتشک کے مرضوں۔گٹھیا وغیرہ میں مفید ہے۔خوراک ایک رتی چوتھائی حصہ سے نصف تک +

علامات زہر رسکپور۔اس کے گذرگاہ میں سوزش اور خراش ہوا کرتی ہے۔خون آتا ہے۔معدہ میں ایسا درد ہوتا ہے کہ چھوا نہیں جاتا۔دست آتے ہیں۔پیشاب کم مقدار اور جلن سے آیا کرتا ہے ضعف کمال درجہ کا ہونے سے زیست محال ہوتی ہے۔اگر دو تین روز زندہ رہا تو منہ آجاتا ہے۔اور زخم پڑکر متورم ہوجاتا ہے پیچش شروع ہوجاتی ہے +

علاج۔دودھ سے قے کرائیں۔اور روغن شربہ سادہ پلائیں۔یا لعاب دار شئے بقایا موجودہ علامات کا علاج کیا جاوے +

مرکبات

حب رسکپور

اجوائن خراسانی ایک ماشہ۔رسکپور چار رتی۔ریوند چینی ایک ماشہ رب بکھان بید۔حسب ضرورت رب کے ماسوا ادویات خوب باریک کرکے رب میں ملا کر گولیاں بنائیں۔طاقت چھ حصہ میں ایک حصہ خوراک ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ عرق گاؤزبان کے +

فواید استعمال مانند رسکپور کے +

پچکاری

رسکپور ایک رتی پھٹکری ایک رتی باریک کرکے ایک چھٹانک پانی میں حل کرلیں۔سوزاک میں پچکاری کی جاوے دن میں چار مرتبہ +

مرہم رسکپور

رسکپور چار رتی۔ ویزلین ڈھائی تولہ۔ رسکپور کو خوب باریک کر کے مرہم میں حل کریں +

فوائد استعمال۔ داد میں معمول ہے +

تصعید رسکپور

رسکپور باریک پیس کر پیالوں میں ڈال کر اوڑالیں۔ یہ جوہر خالص ہوتا ہے۔ استعمال مانند رسکپور کے +

منسل

منسل ——— زرنیخ سرخ

یہ ایک مشہور دھات جو سرخ رنگ کی ہوتی ہے جو سمیات کی قسم سے ہے۔ اس میں سنکھیا۔ گندھک برابر ہوا کرتی ہے اس کو خارجا استعمال کرتے ہیں +

خاصیت۔ رنگ سرخ۔ پھیکا بدبودار۔ گرم خشک۔ مضر مفسد اخلاط مصلح پوست ہلیلہ زرد۔ بدل ہڑتال گندھک +

فوائد۔ مفسد خون۔ تردمہ۔ کھانسی۔ ملین شکم۔ محلل ورم۔

استعمال۔ خارش۔ داد۔ جلدی امراض۔ بلغمی امراض۔ خوراک ایک سے ۴ رتی۔ تصفیہ منسل۔ منسل کو چھاچھ میں ایک پہر تک خوب کھرل کر کے صاف کر کے استعمال میں لائیں +

مرکبات

ضماد منسل

گل روغن۔ تخم ہنوار۔ منسل برابر باریک کر کے روغن ملا کر نیم گرم

ورم پر لیپ کیا جاوے +

مرہم من سل

من سل سات ماشہ۔ گندھک تین ماشہ۔ سرمہ سیاہ تین ماشہ قیروطی دو تولہ۔ ادویہ کو باریک کر کے مرہم بنالیں۔

استعمال۔ خارش تر میں مفید ہے +

سونا مکھی

خبث الذہب — **چرک طلا**

یہ ایک معدنی پتھر ہے جو سونے کی کان سے نکلنے کے باعث سونا مکھی کہتے ہیں +

خاصیت۔ سنہرا چمکدار۔ ذائقہ کسیلا۔ گرم خشک۔ مضر پھیپھڑہ۔ مصلح روغن بادام۔ بدل۔ روپا مکھی +

فوائد محلل اورام۔ مقوی بصر۔

استعمال۔ لیپ ورم طحال کو تحلیل کرتا ہے۔ ناخنہ۔ جالا کو قطع کرتا ہے +

مرکبات

سرمہ سونا مکھی

سونا مکھی ایک ماشہ۔ سرمہ سفید دو ماشہ۔ دہنہ فرنگ چھ ماشہ عقیق تین ماشہ۔ خوب باریک کرلیں +

فوائد استعمال۔ مقوی مجلا چشم۔ مخرج پیپ چشم +

کشتہ سونا مکھی

کلتھی کے خساندہ میں کھرل کریں۔ اور ظرف گلی میں گل حکمت کر کے

ایک گڑھے میں رکھ کر آگ دیں کشتہ تیار ہو جاویگا - خوراک ایک رتی +
فوائد استعمال - دق - امراض سرد - جذام - بواسیر - فساد خون میں استعمال کرتے ہیں +

یاقوت

یہ جواہرات کی قسم سے مشہور پتھر ہے - اور یہ کئی قسم کا ہوتا ہے۔
سرخ - زرد - سبز - پستئی - سفید - کبود - سرخ رنگ پتھر ہے +
خاصیت - سرخ براق - ذائقہ پھیکا - گرمی سردی میں معتدل خشک مفرح

مصلح عنبر سونا لیشب - بدل نامڑی

فوائد - مقوی قلب - محافظ حرارت غریزی - مقوی بصر وچشم -
استعمال - طاعون - خفقان - مرگی - وسواس دل کو نافع - خوراک ۱-۲ رتی

مرکبات

سفوف یاقوت

یاقوت سرخ ایک ماشہ - ورق طلا پانچ عدد باریک کریں - خوراک
دو رتی - کمزوری اور بے ہوشی میں معمول ہے +

سرمہ یاقوت

عقیق - زنگار - سرمہ سفید - کشتہ جست - سونا مکھی - مامیران چینی
ہر یک ہموزن باریک کریں -
فوائد استعمال - مقوی بصر - دافع سفیدی چشم +

پہلا حصہ ختم ہوا

حصہ دوم

نباتات

کاسنی

کاسنی مشہور نباتات بستانی اور صحرائی۔ دو قسم کی ہوتی ہے بستانی کو
ہندبا کہتے ہیں دوسری قسم کو ہندبا بریقلہ۔ صحرائی کے پتے بڑے بڑے پھول لاجورد
ذائقہ تلخی مائل۔ بستانی کے پتے پھول چھوٹے چھوٹے رنگ لاجوردی۔ ذائقہ تلخ بہتر وہ ہے
جو تر و تازہ ذائقہ شیریں۔ اسکے پتوں میں لطافت ہوتی ہے اسلئے بغیر دھوئے ہوئے استعمال کرنا اچھا ہے

خاصیت۔ پتے سبز۔ پھول لاجوردی۔ ذائقہ تلخی مائل۔ طبیعت سرد تر
مضر۔ کھانسی پیدا کرتی ہے مصلح سکنجبین۔ بدل تخم خسم شاہترہ تخم کشوث

فوایدر مقوی معدہ۔ جگر۔ مسکن تشنگی مفتح مسام۔ جگر۔ گردہ۔
استعمال۔ اسکے بیج اخلاط کو لطیف اور غذا کی نالی کو صاف کرتے
ہیں۔ پیشاب جاری کرتے ہیں۔ مصفی خون۔ ورم شکم کو تحلیل کرتے ہیں
صفراوی بخار کو مفید ہیں۔

مرکبات برگ

عرق برگ سبز کاسنی ۳ تولہ۔ پانی ۳۰ تولہ۔ جوش دیں جب یہ عرق پکتے
پکتے پھٹ کر صاف و لطیف پانی علیحدہ اور کثافت جدا ہو جائے۔
تو اس پانی کو چھانکر سکنجبین سادہ دو تولہ ملا کر دو مرتبہ استعمال کریں۔
فوایدر حمی ربع۔ صفراوی۔ استسقا زردی۔ مفتح سدہ جگر۔ مخرج
رطوبت متعفن براہ گردہ۔

عصارہ کاسنی

عرق برگ کاسنی بہا ڈکر مقطر کرلیں آب مروق ۱۰ حصہ سکنجبین سادہ ایک حصہ
نرم آنچ پر گاڑھا کرکے ٹکیاں بنالیں۔
فوایدر استعمال۔ مانند نسخہ بالا کے خوراک ۴۔ ۶ ماشہ۔

شربت کاسنی

عرق برگ سبز کاسنی۔ بہاڑا ہوا نصف سیر مصری تین پاؤ قوام کرلیں اور
قریب تیاری قوام کے عرق کاغذی لیموں چار تولہ ملا دیں۔
فوایدیت ہائے صفراوی۔ تقویت جگر۔ دل۔ معدہ۔ تفتیح سدہ۔ مدر بول
ہے۔ خوراک ۲ تولہ

مرکبات تخم کاسنی

رب کاسنی

تخم کاسنی ایک سیر باریک کوٹ کر دو سیر پانی میں ۱۲ گھنٹے بھگو کر ۱۵ منٹ جوش دیکر نچوڑ لیں۔ بعد کو دو سیر اور پانی ڈالکر چھ گھنٹے بھیگنے کے بعد نچوڑ کر ہر دو عرق میں بنصف پاؤ چینی ملاکر شہد کی مانند قوام کر لیں۔

فوائد استعمال۔ مانند کاسنی کے۔

خوراک ۶ ماشہ۔

شربت بزوری

تخم کاسنی ۲ تولہ۔ تخم خربوزہ ۲ تولہ۔ تخم کدو ۲ تولہ۔ تخم کرفس ۲ تولہ۔ پوست بیخ کاسنی ڈیڑھ تولہ۔ تخم خطمی ڈیڑھ تولہ۔ اصل السوس ڈیڑھ تولہ۔ سنبل الطیب ڈیڑھ تولہ۔ گل بنفشہ ڈیڑھ تولہ۔ برگ گاؤزبان ڈیڑھ تولہ۔ شکر سفید ۳ پاؤ۔ اول جملہ ادویہ کو جوکوب کرکے ایک شبانہ روز ڈھائی پاؤ پانی میں بھگو کر جوش دیں جب ڈیڑھ پاؤ رہجاوے مل کر صاف کرکے شکر ملاکر بدستور قوام کریں۔ **استعمال**۔ یرقان۔ عسر بول۔ حیض۔ سنگ گردہ۔ مثانہ مصلح سدہ جگر۔ طحال۔

خوراک ۱-۲ تولہ۔

مطبوخ کاسنی

تخم کاسنی ۹ ماشہ بیخ کاسنی ۹ ماشہ۔ سکوپت پاپڑہ۔ پوست ہلیلہ زرد ایک تولہ۔ پوست ہلیلہ سیاہ ایک تولہ۔ آملہ ایک تولہ۔ دھنیا خشک ۶ ماشہ

نسوت مقشر مجوف مدبر ایک تولہ۔ سونٹھ ۹ ماشہ گل اسطوخودوس ۹ ماشہ بنفشہ ۹ ماشہ۔ مصطگی ۵ ماشہ۔ گلقند دو تولہ۔ جملہ ادویہ کو جوکوب کرکے نصف سیر پانی میں رات کو بھگو دیں جب تیسرا حصہ پانی رہے استعمال کریں۔

استعمال۔ برائے ورم۔ جڑناک کے مفید ہے غذا مونگ کی دال میں گھی ڈالکر چپاتی سے کھائیں۔

سفوف تخم کاسنی

تخم کاسنی ۵ ماشہ۔ انیس ۹ ماشہ۔ ڈنڈی ہرسنگار ۷ ماشہ۔ پاپچیا ۱ ماشہ برادہ کردہ۔ اصل السوس ایک تولہ۔ خوب کلاں ۶ ماشہ۔ خوب باریک کرلیں۔

فوائد استعمال۔ تپ صفراوی۔ کھانسی۔ یرقان دافع جوش خون خوراک ۳ ماشہ ہمراہ عرق مناسب کے۔

مرکبات بیخ کاسنی

شربت بزوری بارد

پوست بیخ کاسنی ۲ تولہ۔ تخم خربوزہ ڈیڑھ تولہ تخم خیارین ڈیڑھ تولہ چینی ڈھائی پاؤ۔ بدستور قوام بنائیں وقت تیاری قوام کے نیرہ مغز تخم خربوزہ ایک تولہ۔ مغز پیٹھہ ایک تولہ کا داخل کریں۔ **استعمال**۔ امراض ورم جگر۔ گردہ و مثانہ۔ تپ ہائے گرم کو مفید ہے خوراک ۲ تولہ۔

شربت بزوری حار

پوست بیخ کاسنی ۳ تولہ۔ پوست بیخ بادیان ۲ تولہ۔ تخم کاسنی ۲ تولہ۔

تخم کرفس ایک تولہ۔ بیخ کرفس ایک تولہ۔ تخم کشوث ایک تولہ جوکوب کرکے ایک شبانہ روز ڈہائی پاو پانی مین بہگو کر جوشدین حبیب ڈیڑہ پاو رہجاوے مصری ڈیڑہ پاو داخل کرکے قوام کرلین۔

فوائد استعمال امراض باردہ جگر گردہ۔ معدہ۔ تپ باردہ کو مفید ہے۔ خوراک ۲ تولہ۔

عرق کاسنی

تخم کاسنی ایک چہٹانک پانی ڈیڑہ سیر۔ ایک سیر عرق کشید کرلیا جاوے۔

فوائد استعمال۔ مانند کاسنی کے خوراک ایک تولہ سے دس تولہ۔

کاہو

خس ——— کاہو

ایک قسم کی نباتی رویدگی ہے جو بستانی۔ صحرائی ہوتی ہے پہلی قسم کا درخت قریب نصف گز کے لمبا ہوتا ہے پتے چوڑے۔ چرب سبز رنگ شاخین نازک۔ باریک۔ اسکے اطراف مین پہول آتا ہے بعد اسکے بیج باریک سفید رنگ کے پیدا ہوتے ہین۔ تو اسی زمانہ مین دودھ پیدا ہوتا اور پتون کا ذائقہ تلخ ہوجاتا ہے یہ ہندوستان ہین ایام سرما اور ایران۔ روم فصل بہار مین پیدا ہوتا ہے (۲) جنگلی کاہو چرب نہین ہوتا اس مین تلخی بہت ہوتی ہے۔ بعض جگہ اسکے دودھ سے افیون تیار کرتے ہین مگر خشخاس کی افیم کے مانند نہین ہوتی۔

خاصیت۔ پتے سبز تخم سفید ذائقہ پہیکا۔ سرد خشک۔ مضر باہ۔

مصلح مصطگی۔ شہد۔ بہل خشخاش سفید۔ دم الاخوین۔

فوائد۔ مولد خلط صالح۔ ملطف اخلاط۔ مخدر۔ مسکن صفرا۔ مصفی خون محلل اورام گرم۔ منہوم۔

استعمال۔ چھون کا استعمال بغیر دہوئے ہوئے بہتر ہے تاکہ لطافت زائل نہ ہو۔ دافع احتلام۔ یرقان۔ زخم سینہ۔ زبان۔ دافع درد پیشانی درد سینہ۔ گرم کہانسی تشنگی۔ سوزش معدہ کو مفید ہے

خوراک۔ تخم ۳ سے ۹ ماشہ تک۔

مرکب برگ

عصارہ کاہو

آب برگ مقطر کاہو۔ نرم آگ پر گاڑہا کرکے ٹکیاں بنا کر خشک کر لیں۔

خوراک ۱ سے ۳ ماشہ تک۔

فوائد استعمال۔ مانند کاہو کے۔

مضمضہ

عرق برگ کاہو ایک تولہ۔ عرق برگ عنب الثعلب ایک تولہ۔ عرق برگ کاسنی ایک تولہ۔ عرق برگ شہتوت ایک تولہ پانی بیس تولہ۔ سب ملا کر خناق میں غرغرہ کریں۔

مرکبات تخم کاہو

شربت تخم کاہو

تخم کاہو۔ تشنیز۔ گل گاؤزبان۔ صندل سفید۔ تخم کاسنی۔ گل نیلوفر۔ گل بنفشہ

تخم خیارین۔ تخم خربوزہ۔ گل سرخ ہرایک ایک تولہ مصری تین پاؤ۔
داخل کرکے مطابق قاعدہ شربت کے قوام بنائیں
فوایداستعمال۔ تپ صفراوی کہنہ۔ مسکن تشنگی۔ مانع صعود ابخرات
دافع سوزش معدہ۔
خوراک۔ دو تولہ۔

سفوف کاہو

تخم کاہو۔ دھنیہ خشک۔ تخم کاسنی۔ مغز تخم خیار ہرایک سات ماشہ
تخم کشاہترہ۔ عدس مقشر۔ خشخاش سفید۔ گلسرخ۔ آملہ خشک۔ صندل سفید
صندل سرخ۔ سماق طباشیر ہرایک چھ ماشہ۔ کوٹ چھانکر سفوف بنائیں
فوایداستعمال۔ غلبۂ خون کے واسطے۔
خوراک ۶ ماشہ۔

مفرح باردکاہو

تخم کاہو مقشر۔ مغز تخم خربوزہ۔ مغز تخم کدو شیرین۔ مغز تخم خیارین۔
تخم خرفہ ہرایک ۹ ماشہ۔ مروارید۔ بسد۔ کہربا۔ کیکڑا نہری۔ آبریشم مقرض
سوختہ ہرایک تین ماشہ۔ صندل سفید صندل سرخ۔ دانہ الایچی سفید
طباشیر ہرایک چھ ماشہ۔ گلسرخ ایک تولہ عود ہندی تین ماشہ درونج۔
زرنباد۔ بہمن سفید ہرایک پانچ ماشہ زعفران ڈیڑھ ماشہ گاؤزبان دانہ
عنبراشہب ایک ماشہ۔ شربت سیب شربت انار شیرین بھی ہرایک
پندرہ تولہ۔ ورق نقرہ سات ماشہ کبھی اس میں کافور دو ماشہ زیادہ کیا جاتا
ہے سب دواؤں کو باریک کرکے مطابق قاعدہ تیار کریں۔
فوایداستعمال۔ دلکو فرحت دیتا ہے خفقان گرم تپ دق۔

بخار سوداوی۔ بحرقہ کو دفع کرتا ہے گو دو گرم مزاج والون کو بہت مفید ہے

خوراک ۹ ماشہ۔

روغن کاہو

عصیرہ تخم کاہو دو حصہ۔ روغن کنجد ایک حصہ روغن بادام ایک حصہ ہموزن پانی ملاکر جوش دین۔ جب پانی خشک ہوجاوے اوتارکر سرد کرکے صاف کرلین۔ فوائد استعمال۔ یہ روغن گرم مزاجون کے لئے مفید ہے مرطب دماغ۔ منوم۔ دافع نشہ شراب۔ دردسر حار۔ دافع یبوست ہے

مرکبات بیج کاہو

طلا بیج کاہو

بیج کاہو ڈہائی تولہ۔ بیج دھتورہ ڈہائی تولہ۔ روح الخمر دس چہٹانک مین بہگو کر مقطر کرین۔

فوائد استعمال۔ مسکن درد۔ محلل اورام۔ باحتیاط روئی سے جلتے ناف پر لگایا جاوے۔ آنکھ مین پڑجانے سے پتلی پہیل جاتی ہے اور بغیر دوائی کے خود بخود ۲۴ گھنٹہ مین ارام آجاتا ہے۔ اگر آرام نہ آوے تو چند قطرہ افیون کے عرق کے ڈالدئے جاوین۔

دہنیا

مزرالکزبرہ — تخم کشنیز

یہ مشہور گول بیج قدرے لمبا دو ٹکڑے باہم ملے ہوئے سطح پر رگین نمایان ہوتی ہین

خاصیت۔ رنگ سفید بزردی مائل۔ ذائقہ پھیکا۔ خوشبو دار۔ سرد خشک
مضر۔ قلیل المنی۔ نسیان دوار۔ مصلح شہد۔ سکنجبین۔ بہی۔ بدل تخم کاہو
خشخاش سفید۔

فوائد۔ مفرح۔ دل۔ دماغ۔ معدہ۔ مسکن تشنگی۔ مانع ابخرات۔ حابس
اسہال۔ سموم۔

استعمال۔ وسواس۔ جنون۔ خفقان۔ جریان لعاب۔ بیر۔ منہ کے زخم
مجاری بول کو مفید ہے۔ زیادتی استعمال سے قوت باہ زائل ہوتی ہے۔

مرکبات برگ دہنیا

نسماد

عرق برگ دہنیا ایک تولہ۔ عرق برگ کا ایک تولہ۔ پاپڑہ مسحوق تین ماشہ۔
مصبر چھ ماشہ۔ عرق گلاب میں پکاکر لیپ بنائیں۔

فوائد استعمال۔ محلل اورام مانع التہاب۔ دافع خنازیر۔

غرغرہ

آب برگ دہنیہ۔ آب برگ مکو۔ لعاب اسبغول۔ ہر ایک ۲ تولہ۔ رب سفید
تین ماشہ حل کرکے زخیم چھالے وہن میں استعمال کریں۔

مرکبات تخم دہنیا

اطریفل کشنیز

دہنیا مقشر چھ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد چودہ ماشہ۔ پوست ہلیلہ کابلی پوست
بہیڑہ۔ پوست ہلیلہ سیاہ۔ آملہ ہر ایک چودہ ماشہ۔ گل گاوزبان۔ بلی لوٹن

اسطوخودوس - بسفائج فستقی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ - لاجورد مغسول - شاہترہ - مصطگی رومی ہر ایک سات ماشہ - ابریشم ساڑھے دس ماشہ - سنا مکی چھ تولہ - اول سنا کو تھوڑے پانی میں جوش دیکر صاف کرکے اس میں شہد نصف سیر ملا کر قوام کریں بعدہ جملہ ادویہ کو باریک کرکے قوام میں داخل کرکے گاڑھا کر لیا جاوے -

فوائد استعمال - امراض سوداوی - مقوی دل - ملین بلغم -

خوراک چھ ماشہ سے ایک تولہ -

حبوب دہنیا

دہنیہ چھ ماشہ - گلسرخ صمغ عربی - خشخاش سفید ہر ایک تین ماشہ رب السوس دو ماشہ - نشاستہ چھ ماشہ - کتیرا تین ماشہ - زعفران دو ماشہ - تخم کاہو چھ ماشہ - باریک کرکے گوند کے پانی میں گولیاں بنائیں -

فوائد استعمال - اسہال - ذرب کھانسی میں مفید ہے -

خوراک چار گولی -

سفوف دہنیا

کشنیز - ثاگر موختہ - ہلیلہ سیاہ بریان بروغن بادام مغز بیل - بادیان کوکنار بریان - رال سفید - مرد کیلی - مغز تخم انبہ خشک ہموزن کوفتہ بیختہ کرکے جملہ ادویہ کے برابر چینی ملالیں -

فوائد استعمال - ذرب - پیچش - اسہال میں -

خوراک ۶ ماشہ -

دیگر

دہنیا خشک - خشخاش سفید بریان تخم کاہو مقشر - مغز بادام - مغز تخم کدو

نیترن ڈہائی مثقال۔ مصری بارہ مثقال کوٹ چہانکر سفوف بنالیں

فوایداستعمال ۔ بہر تقویت دماغ مانع نزلات ۔

خوراک ۷ ماشہ ۔

قرص دہنیا

دہنیہ کوکنار ۔ اجوائن خراسانی ۔ خشخش مرکی ۔ سلیخہ ۔ پوست انار طائفی چہالیا ۔ صمغ عربی ۔ کتیرا ۔ گیرو ۔ ایلوہ ۔ قشاف مامیثا ہر ایک تین ماشہ افیون کا گنج ہر ایک چار ماشہ کوٹ چہانکر کوکنار کے پانی مین قرص بنائیں

فوایداستعمال ۔ سیلان نزلہ مین جب کنپٹی پر یا اور جگہ لگانا چاہئے تو اول جائے بجاوگت کے برابر کاغذ کاٹکر اس مین باریک باریک سوئی سے سوراخ کرین پھر اس پر انڈے کی سفیدی لگاکر بعد کو دوائی لگائی جائے ۔

روغن دہنیا

شیرہ دہنیہ دو حصہ روغن کنجد ایک حصہ اسقدر پکائیں کہ پانی جل جائے اوتار کر سرد کرلیں ۔

فوایداستعمال ۔ دموی دردسر مین مالش کرتے ہین ۔

پھول گلاب

وردالاحمر — **گلسرخ**

یہ مشہور پھول ہے جو بہت قسم کا ہوتا ہے ۔ لیکن دوا سازی مین دیسی خوشبودار استعمال کئے جاتے ہین ۔ تازہ پھول دست آور خشک قابض کچھ تلخی مائل ہوتا ہے ۔

خاصیت رنگ سرخی سفیدی مائل۔ ذائقہ۔ قدرے تلخ شیرین۔
مرکب القویٰ سرد خشک ۲ ۔ مضر باہ۔ مورث نزلہ۔ زکام۔ مصلح
حب الزلم۔ انیسون۔ بدل۔ بنفشہ۔ دونا مروا۔
فواید۔ مرکب القویٰ مفرح روح۔ محلل ریاح۔ مسکن صفرا۔ ملین بلغم
مقوی دل۔ جگر۔
استعمال۔ درد سر گرم۔ غشی کو مفید ہے۔ رحم۔ روح کو طاقت
دیتا ہے اسکا لیپ ورم کو تحلیل کرتا ہے درد زخم کو خشک کرتا ہے
خوراک ۴ ماشہ سے ۲ تولہ تک۔

مرکبات گل

حب جالینوس

گل سرخ تین درم۔ مصطگی چار درم۔ ایلوہ ۷ درم۔ تربت مقشر مجوف ہیر
دس درم۔ کوٹ چھانکر گولیا بنائیں۔
فوایدے استعمال۔ پندرہ گولیاں گرم پانی کے ساتھ معدہ اخلاط
فاسدہ کے نکالنے سردی کو دور کرنے۔ دست لانے کے لیے استعمال
کرتے ہیں۔

شربت ورد

دیسی گلاب کے پھول سوا سیر کو چھ سیر پانی میں جوش دیں جب پانی
پانچ سیر باقی رہے صاف کرکے اس میں ایک سیر اور گلاب کے پھول
ڈالکر جوش دیں جب پانی تین پاؤ اور جل جاوے تو صاف کرکے تین پاؤ
اور گلاب کے پھول ڈالیں جب تین پاؤ اور پانی جلکر کل ساڑھے تین سیر

باقی رہے پھر گلاب کے تازہ پھول نصف سیر ڈالکر جوش دین جب
تین پاؤ اور پانی جل جاوے بقایا پہ تین سیر رہجاوے تو پھر ایک
پاؤ پھول ڈالکر جوش دین جب تک تین پاؤ پانی جل جاوے تو بقیہ یا
دو سیر پانی مین تین سیر چینی داخل کرکے قوام کرلین۔

فوایداستعمال۔ صفراوی مزاج والون کا مسہل ہے۔

خوراک۔ ۵ سے ۹ تولہ تک ہمراہ سرد پانی کے۔

عرق گلاب

جسقدر عرق نکالنا ہو اسیقدر پھول ڈیوڑھے پانی مین ڈالکر عرق کشید
کرلین۔

فوایداستعمال مفرح قلب۔ دل۔ دماغ۔ فم معدہ کو طاقت دیتا
ہے۔ غشی۔ درد۔ اسہال۔ طحال۔ خشونت سینہ۔ درد سر گرم کو نافع
ہے۔

خوراک ۲ سے ۱۰ تولہ

شربت وردبکر مرکب

سناو نو تولہ۔ شربت ورد بکر تین پاؤ اول سنا کو تین پاؤ پانی مین
جوش دین جب تیسرا حصہ پانی رہے صاف کرکے شربت ملاکر قوام کرین

فوایداستعمال۔ چھ تولہ سرد پانی کے ساتھ پینے سے ایک دست
آتا ہے۔

عطوس گلاب

گلسرخ۔ چرائتہ۔ کندش مساوی کوٹ کر چھان لین۔

فوایداستعمال۔ درد دل مین نصف دانگ دماغ مین پہونکتے ہین۔

روغن گل

گلسرخ - روغن کنجد مین ڈالکر دہوپ مین اسقدر رکھین کہ خوشبو پھولونکی تیل مین آجاوے پھر صاف کرلین یہ روغن زردی یا گل سرخی ذائقہ پھیکا طبیعت سرد تر - مضر باہ - مصلح - انیسون - روغن بادام شیرین گرم درد - مرطب دماغ - منوم -

خوراک ۶ ماشہ سے ۲ تولہ -

روغن گل مرکب -

روغن گل صرف چھ حصہ - سرکہ دس حصہ روغن بادام تین حصہ آگ پر اسقدر جوش دین کہ صرف روغن رہجاوے اور سرکہ جل جاوے -

فوائد استعمال - درد کان مین جو غلبہ خون کے سبب سے ہو عجیب الاثر ہے

ہدایت - کان مین جب کوئی دوائی ڈالی جاوے تو نیم گرم کرلین تاکہ عصب السمعی پر سرد اثر پہنچکر مسام بند کردے - جس سے سماعت مین نقص نہ ہو جائے -

قرص ورد

گل سرخ ۷ درم - عصارہ غافث طباشیر - رب السوس ہر ایک ایک درم کوٹ چھانکر قرص بنائین -

فوائد استعمال - سدہ کشا جگر - تپ بلغمی - صفراوی کو مفید ہے -

خوراک ۲ درم -

قرص ورد کبیر

گلسرخ چھ درم - ملیٹھی چار درم - سنبل الطیب ایک درم باریک کرکے قرص بنائیں -

فوایداستعمال ۔ درد معدہ ۔ بلغمی پتوں میں مفید ہے ۔
خوراک ایک مثقال ۔

طلاء درد

روغن گل ۔ زردی بیضہ مرغ قدرے مرداسنگ خوب حل کرلیں ۔
فوایداستعمال ۔ زحیر وریحی وغیرہ کے درد ساکن کرنے کے لئے
مقعد پر طلاء کرتے ہیں ۔

لخلخہ درد

عرق گلاب ۔ عرق کیوڑہ ۔ عرق بید مشک ۔ آب امرود ۔ آب سیب
روغن بادام شیریں ۔ عرق بہار نارنج ہر ایک ایک تولہ ملالیں ۔
فوایداستعمال ۔ ضعف دماغ کے لئے ۔

گلقند درد

پنکھڑیاں گلسرخ دو حصہ دیسی شکر سفید یا شہد دو حصہ ہر دو کو خوب ملیں ۔
اور دھوپ میں رکھیں حتےکہ میٹھا اور پھول ایک ہو جاویں ۔
فوایداستعمال ۔ سدہ کشا امعاء ۔ درد قولنج ۔ مروڑ ۔ درد معدہ
مفرح ۔ ملین ۔ مخرج صفرا ۔
خوراک ۔ ایک سے ۴ تولہ تک ۔
ہدایت اسکا اثر دو برس تک رہتا ہے بشرطیکہ حفاظت کی جاوے ۔

نطوخ درد

گل سرخ ۔ دھنیا ہر ایک چار ماشہ ۔ بابونہ تین ماشہ ۔ افیون ایک ماشہ
بیخ بنفشہ تین ماشہ ۔ صندل سفید دو ماشہ ۔ روغن گل ساڑھے تین تولہ
دوائیں رات کو بھگو کر صبح کو جوش دیں ملکر صاف کرکے ملادیں اور

جوش دین جب پانی خشک ہو جاوے تیل نتھار لین ۔
فوائد استعمال ۔ کپڑا تر کر کے آدہا سیسی کے درد پر لگائین ۔

مطبوخ ورد

گلقند دو تولہ ۔ تخم سویہ ۔ لسوت مغشر مجوف ہر ایک ایک تولہ ۔
ڈیڑھ سیر پانی مین جوش دین ۔ جب تہائی حصہ رہجاوے ریوند چینی
ساڑھے تین ماشہ ملاکر ایک مرتبہ پیوین ۔
فوائد استعمال ۔ استسقاء زقی مین مفید ہے ۔

معجون ورد

گلسرخ ایک تولہ ۔ تخم سوسن ڈیڑھ تولہ ۔ ریوند چینی ۔ لک مغسول چھ چھ
ماشہ ۔ سلیخہ ۔ زعفران ہر ایک تین ماشہ شہد دس تولہ سرکہ پانچ تولہ
دواؤن کو باریک کر کے شہد سرکہ کے قوام مین ملالین ۔
فوائد استعمال ۔ ورم جگر مین ۲ تولہ دین ۔

معجون مسیح

گلسرخ ۔ سعد کوفی ۔ سداب ۔ عقر قرحا ۔ قرنفل ۔ سنبل الطیب ۔ مصطگی
زرنباد ۔ زعفران ۔ قاقلتین ۔ جوز بواسادی شہد سہ چند طابدستور
معجون بنائیں ۔
فوائد استعمال ۔ درد پشت ۔ درد پا ۔ مین نو ماشہ سے ایک تولہ
تک ہمراہ عرق سولف کے استعمال کرین ۔

مرکبات زہرہ گلاب

حب زہرہ ورد

زہرہ گلاب ۔ حب الآس ۔ نشاستہ ۔ سفید ۔ کہربا ۔ دم الاخوین ہموزن

کوٹ چھانکر گولیان بنائیں۔

فوایداستعمال۔ منہ کے زخم میں اندمال نہوتا ہو تو مکھن یا پانی مین گھسکر لگائیں۔

سفوف نفث الدم

گل سرخ۔ طباشیر۔ گل ارمنی۔ گل مختوم۔ تخم خرفہ۔ شادنہ عدسی مغسول ہر ایک پانچ ماشہ۔ کہربا شمعی۔ صمغ عربی۔ گلنار۔ خشخاش سفید رب السوس۔ اقاقیا۔ عصارۃ لحیۃ التیس ہر ایک تین ماشہ۔ اسبغول تیس ماشہ۔ افیون خالص دو ماشہ۔ سوائے اسبغول کے سب کو کوٹ چھانکر سفوف بنائیں

فوایداستعمال۔ خون کی قئے آنے کو روکتا ہے۔

خوراک ۶ ماشہ ہمراہ شربت انجبار اور باتشے کے بیاڑے ہوئے پانی کے ساتھ استعمال کرین۔

سفوف زیرہ ورد

زیرہ گلاب۔ طباشیر ہر ایک دو ماشہ۔ دھنیہ خشک۔ سماق ہر ایک چار ماشہ۔ کوٹ چھانکر سفوف بنائین۔

فوایداستعمال۔ صفراوی قئے کو تسکین دیتا ہے یہ ایک خوراک ہے

لیمون

لیمون — ترنج

یہ مشہور پہل کی قسم کا ہوتا ہے۔ بہتر وہ ہے جسکا عرق پتلا ترش چاشنی دار اور جسکا چھلکا باریک ہو جسکو کاغذی لیمون کہتے ہین۔ مفرح جسکو

میٹھا کہتے ہین - فوایدمین کھٹے سے کم ہے لیکن ہیٹھون کو مضر نہین جب درخت کو نرنے کھٹے کے ساتھ پیوند لگاتے ہین تو اسکا پھل ترش لیمون کے افعال سے ضعیف ہوتا ہے۔

خاصیت - رنگ خام سبز پختہ زرد - ذایقہ ترش - سرد خشک - بعض خشک - مضر اعصاب - سرفہ مصلح شہد شکر - بدل اُترنج -

فوائد - مقوی معدہ - جگر - دافع ریاح - مسکن تشنگی - دافع صفرا - قاطع اخلاط لزوجہ

استعمال - سوزش معدہ - قے غثیان - خفقان - یرقان - تپ دموی - صفراوی - مانع تبخیر - اسکو کاٹ کر نمک سیاہ مرچ چھڑک کر نیم گرم کرکے چاٹنا تپ صفراوی کو مفید ہے - چھلکا نارنج نے قوت مین کچھ کم ہے۔

استعمال - جریان - فساد خون مقوی باہ ہے۔

خوراک ½ سے ایک چھٹانک۔

مرکبات عرق لیمون

عرق لیمون

لیمون کو نچوڑ کر صاف عرق بوتل مین ڈالکر اوپر سے چند قطرہ روح الخمر یا روغن بادام ڈالدین تاکہ خراب نہ ہونے پائے۔

استعمال - قئے غثیان - بدہضمی - جو شراب سے ہوا کرتی ہے مانع صعود ابخرات مانع نشہ شراب - بے ہوشی اور مفرح ہے

خوراک ½ سے ایک چھٹانک۔

شربت لیموں۔

عرق لیموں ایک چھٹانک۔ عرق گلاب دس چھٹانک۔ عرق سونف پانچ چھٹانک۔ مصری آٹھ چھٹانک قوام کرلیں۔

فوائد استعمال۔ تپ صفراوی۔ مسکن تشنگی۔ دافع بد ہضمی۔ مقوی معدہ جگر۔ دافع سکربوٹ۔ یرقان ہمراہ عرق کاسنی کے۔

خوراک۔ دو تولہ ہمراہ کسی عرق یا پانی کے۔

گیرۂ برائے چشم

بیس کاغذی لیموں کا عرق لیکر اس میں افیون ڈیڑھ دام پھٹکری بریاں پانچ تولہ ڈالکر لوہے کی کڑاہی میں خوب کھرل کریں جب گل پانی خشک ہوجاوے تو گولیاں بناکر رکھ لیں۔

فوائد استعمال۔ آشوب چشم۔ سرخی۔ درد۔ گرد۔ ناخنہ میں مفید ہے۔

تیزاب لیموں

یہ تیزاب۔ گندھک کے تیزاب۔ چاک مٹی سے تیار کیا جاتا ہے اسکی قلمیں صاف اور نہایت ترش ہوتی ہیں بخار میں گھولکر کھلانے سے تشنگی اور حرارت کم ہوجاتی ہے خوراک ایک رتی تا ۱۵ رتی۔

جوارش اترج

پوست ترنج تین درم۔ لونگ جائفل۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ چھوٹی الائچی دارچینی۔ کلیجن۔ سونٹھ ہر ایک ایک درم مشک ایک دانگ باریک کرکے شہد میں ملالیں۔

فوائد استعمال۔ ہاضم۔ رنگ چہرہ کا نکھارتا ہے۔ منہ کو خوشبودار کرتا ہے۔

حب پوست ترنج

پوست ترنج۔ برگ ترنج۔ فرنجمشک۔ بالچھڑ۔ لونگ۔ جائفل۔ شنار مشک
الائچی خورد۔ کبابہ۔ عاد ونزی۔ ناگرموتھا۔ ہر ایک تین تین حصہ
مشک ایک حصہ۔ صمغ عربی حسب ضرورت۔ باریک کرکے گولیاں
بنائیں۔ اور پانی میں استعمال کریں۔ منہ کو خوشبودار۔ سردی کو دور کرتی ہے

روغن لیموں

یہ روغن چھلکوں سے حاصل کیا جاتا ہے۔

فوائد استعمال۔ محرک نظام عصبی۔ ادرخ آور۔ جاذب رطوبت۔
خراش کنندہ۔

خوراک۔ چار پانچ بوند تک۔

معجون لیموں

پوست لیموں تین ماشہ۔ گل گاؤزبان نو ماشہ۔ تخم کاہو نو ماشہ۔ ونباتشر
پانچ ماشہ۔ چینی ایک پاؤ۔ مطابق ہدایت کے ادویہ کو باریک کرکے
معجون بنائیں۔

فوائد استعمال۔ مانع صعود بخارسدہ دوار۔ خفقان۔ توحش۔
انحرافات سودادی میں مجرب ہے۔

خوراک۔ ایک تولہ۔

خمیرہ نعرہ

پوست ترنج۔ تین ماشہ۔ گلسرخ پانچ ماشہ۔ صندل سفید تین ماشہ
شنارکمی پانچ ماشہ۔ تخم کاہو پانچ ماشہ۔ کشنیز چار ماشہ۔ نیلوفر
سات ماشہ۔ عناب آٹھ دانہ۔ عرق بیدمشک پندرہ تولہ۔ جوکوب کرکے

اسقدر بھگویا جاوے کہ پانی مین رنگ دوا کا آجاوے۔
فوائد استعمال۔ تپ صفراوی۔ صعود ابخرات۔ کثرت تشنگی۔ مفرح روح مین مفید ہے۔
خوراک۔ ایک تولہ

شربت پوست لیمون

پوست لیمون پانچ تولہ۔ گلسرخ ایک تولہ۔ عرق بیدمشک بیس تولہ مصری نصف سیر حسب ہدایت۔ شربت بنائین۔
فوائد استعمال۔ غلبہ صفرا مین مفید ہے۔
خوراک دو تولہ۔

حب تخم ترنج۔

تخم ترنج۔ عاقرقرحا۔ تخم مویز۔ سماق۔ کتیرا ہر ایک تین ماشہ باریک کرکے سفوف بنائین۔
فوائد استعمال۔ دانتون کی بے حسی جو ترشی کھانے سے پیدا ہوتی ہے۔ درد دانت کے لئے مفید ہے اور حابس اسہال ہے۔
خوراک۔ ایک ماشہ ہمراہ شربت انجبار یا مناسب عرق کے۔

عناب

عناب۔ ع۔ سیلان۔ ف

یہ مشہور ایک درخت کا پھل جھربیری کے بیر کے مشابہ ہے جو رطوبت پیوست میں معتدل ہے۔ بہتر وہ ہے جو بڑا۔ اور پکا سرخ رنگ گودے دار۔ بہترین ذائقہ ہو

خاصیت - رنگ سرخ - ذایقہ ترش - معتدل - مضر معدہ - باہ - مصلح شکر - مویز - بدل - سپستان - مویز -
فوائد - مصفی خون - منضج اخلاط - مسہل - ملین صدر احشا - مسکن تشنگی -
استعمال - تپ کھانسی - درد جگر - گردہ - مقعدہ - سوزش - مثانہ - خشکی حلق آواز کو مفید ہے - خوراک ۵ عدد -

مرکبات

حسو عناب ——— حریرہ

عناب سپاخ - انجیر تین سپستان دس دانہ - تخم مرو - تخم ریحان - بہیدانہ ہر ایک نصف مثقال کوٹ کر تھوڑے پانی میں بھگو کر مطابق قاعدے تیار کرے - نیم گرم استعمال کریں -

فوائد استعمال - آواز بیٹھی ہوئی کے واسطے مفید ہے -

خوراک - یہ ایک وقت میں -

سکنجبین عنابی ———

عناب ولایتی پچیس تولہ - دھنیا مقشر پانچ تولہ - گلسرخ دو تولہ - پوست بیخ کاسنی دو تولہ - شاہترہ دو تولہ - چینی تین پاؤ - سرکہ انگوری ڈیڑھ سیر بدستور دواؤں کو تھوڑے پانی میں رات بھر بھگو کر صبح کو قدرے جوش دیں مل صاف کرکے سرکہ - چینی ملا کرکے قوام کر لیں -

فوائد استعمال - فساد خون کے واسطے -

خوراک - دو تولہ -

شربت عناب ———

عناب ولایتی نصف سیر۔ ایک سیر پانی میں جوشدہ بن مل صاف کرکے مصری ایک سیر میں قوام کرلیں۔

فوایداستعمال۔ کھانسی۔ دردسینہ۔ بانزلے۔ غلبہ خون کو مفید ہے

شربت اعجاز

شربت اعجاز۔

عناب بیس دانہ۔ سپستان ساٹھ دانہ اصل السوس مقشر۔ تخم خبازی۔ گل نیلوفر۔ گل بنفشہ ہر ایک ایک ڈیڑھ تولہ۔ بہدانہ چھ ماشہ صمغ عربی نو ماشہ۔ ایک سیر پانی میں خساندہ کرکے چینی تین پاؤ ملاکر مطابق قاعدہ کے قوام بنائیں۔ اور بوقت تیاری قوام کے کتیرا نو ماشہ باریک پیس کے ملادیں۔

فوایداستعمال۔ برائے اقسام کھانسی خشک تپ دق کو مفید ہے

شربت عناب مرکب

عناب بیس دانہ بنفشہ سات ماشہ۔ گل نیلوفر سات ماشہ۔ گل گاؤزبان سات ماشہ۔ گلسرخ سات ماشہ عرق گلاب تین سیر عرق بیدمشک ایک سیر۔ سب کو جوش دیں جب عرق نصف رہ جاوے تو مل کر صاف کرکے چینی نصف سیر۔ ترنجبین نصف سیر۔ شیرخشت نصف سیر داخل کرکے قوام کرلیں۔

فوایداستعمال۔ خفقان۔ امراض قلب و موی دردسر گرمی ہوئی کو مفید ہے۔

خوراک ۲ تولہ۔

لعوق عناب

عناب بیس دانہ۔ مویز منقے چالیس دانہ۔ انجیر زرد پانچ دانہ۔ گل سرخ
اصل السوس شکر تیغال رب السوس ہر ایک چار تولہ۔ گل بنفشہ سراج
گوکنار ہر ایک دو تولہ۔ گل زوفا۔ صمغ عربی کتیرا۔ خشخاش ہر ایک
پانچ تولہ۔ تخم خطمی۔ تخم خبازی ہر ایک دو ماشہ۔ بہدانہ ایک درم
شہد خالص نصف سیر۔ مصری ڈیڑھ سیر۔ ترنجبین پانچ تولہ اصل لعاب اسبغول
چار تولہ دو سیر پانی میں جوش دیں جب نصف رہجاوے تو مصری
شہد۔ ترنجبین داخل کر قوام کرلیں۔

فوائد استعمال۔ کھانسی۔ نزلہ۔ سل کے واسطے مفید ہے۔

مطبوخ عناب۔

عناب دس دانہ۔ مویز منقہ بیس دانہ۔ سپستان بیس دانہ۔ گلسرخ تین درم
آلو بخارا سات دانہ۔ املی چار درم۔ بنفشہ نیلوفر تخم کاسنی ہر ایک دو درم۔
ترنجبین گلقند ہر ایک دس درم اگر دستور کی ضرورت ہو تو شیرخشت
املتاس حسب حاجت زیادہ کریں۔ اگر کھانسی ہو تو املی آلو بخارا نکالدو
اور بجائے اسکے خطمی خبازی اصل السوس شامل کرکے پانی حسب ضرورت
جو آسانی سے پی لیا جاوے جوش دیکر استعمال میں لاویں۔

فوائد استعمال درد سر سام گرم میں مفید ہے۔

مسہل مرکب بلغم

عناب بیس دانہ سپستان بیس دانہ۔ زوفا۔ نیلوفر بنفشہ پرسیاوشان۔
تراز یانہ ہر ایک تین ماشہ نیم کوفتہ۔ مویز منقے پندرہ دانہ انجیر سات دانہ
اصل السوس خراشیدہ ایک تولہ ڈیڑھ سیر پانی میں جوش دیں جب

نصف رہجاوے طبابت ترنجبین گلقند ہر ایک تین تولہ باضافہ روغن بادام ساڑھے تین ماشہ مطابق قاعدہ کے تیار کرکے یہ ایک مرتبہ پیا جاوے بغیر کسی تکلیف کے دست بخوبی آجاوینگے۔

مطبوخ عناب ——————

عناب، دانہ ۔ گل بنفشہ ۔ منسراج ہر ایک نو ماشہ برگ گاؤزبان ۔ برگ نیلوفر تخم کاسنی ۔ حب قلت ہر ایک سات ماشہ آلو بالو دو تولہ ۔ گوکھرو نو ماشہ سناء مکی ۔ گل سرخ ہر ایک ایک تولہ رات بھر ڈیڑھ پاؤ پانی میں بھگو کر صبح کو جوش دیکر صاف کرکے املتاس چار تولہ ۔ ترنجبین پانچ تولہ داخل کرکے باضابطہ روغن بادام چار ماشہ ۔ ایک دفعہ پی لیا جاوے

فوائد استعمال ۔ سنگ گردہ اور مثانہ کے تفتیہ کے لئے بہت مفید

صندل سفید

صندل سفید ——————— صندل ابیض

یہ ایک درخت خوشبودار کی سفید لکڑی ہے۔ اسکے پھل خوشوں میں ہوتے ہیں۔ بہتر صندل وہ ہے جو نہایت خوشبودار کم ریشہ ۔ صاف سخت چکنا اور پتھریلی زمین میں پیدا ہو اور رنگ خوب ہو اس کو کاٹ کر زمین دبا دیتے ہیں تاکہ ناکارہ چھلکا دیمک کھا جاوے اور خوشبودار گودا رہ جاوے۔

خاصیت ۔ رنگ سفید ۔ ذائقہ قدرے تلخ ۔ خوشبودار ۔ سرد خشک مضر مورث خارش قاطع باہ ۔ مخرب آواز ۔ مصلح شہد ۔ مصری ۔ شکر ۔ روغن گرم ۔ بدل ۔ سرخ صندل یا نصف وزن کافور۔

فوائد۔ مفرح۔ مقوی قلب۔ معدہ۔ مصفی خون۔ محلل اورام۔ حابس اسہال صفراوی۔ مسکن تشنگی۔
استعمال۔ سوزش معدہ۔ خفقان۔ تپ صفراوی۔ مانع صعود ابخارات دماغی۔ گلاب میں گھسکر پینے سے پیاس کو تسکین ہوتی ہے۔
خوراک۔ ساڑھے چار ماشہ۔

مرکبات صندل

حب صندل۔
صندل سفید۔ صندل سرخ۔ گل سیوتی۔ گل نیلوفر۔ ہلیلہ زرد۔ ملیٹھی۔ الائچی خورد۔ طباشیر۔ گلنار۔ کتھہ سفید باریک کرکے گولیاں بنائیں۔
فوائد استعمال۔ جوش خون۔ چھالے وغیرہ میں گھسکر لگائیں۔

جوارش صندل۔
مروارید۔ مرجان۔ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ صندل سفید مسحوق بعرق گلاب خشک کیا ہوا ڈھائی ماشہ۔ صندل سرخ مسحوق بعرق گلاب ایک تولہ۔ طباشیر۔ تخم خرفہ مقشر۔ کشنیز خشک بریان۔ پوست پستہ بیرون ہر ایک چھ ماشہ۔ مصطگی۔ زعفران ہر ایک تین ماشہ۔ مشک تبتی ڈیڑھ ماشہ۔ آب سیب ترش تیرہ تولہ۔ عرق گلاب پانچ تولہ۔ قند سفید ایک سیر۔ جملہ دویہ کو باریک کرکے قند کے قوام میں گوندھ لیں۔
فوائد استعمالی۔ دل و دماغ کو قوت دیتی ہے۔ صفراوی دستوں کو بند کرتی ہے۔ مانع خفقان ہے۔
خوراک۔ سہ درم تک

سفوف صندل

صندل سفید سحوق، عرق گلاب دو تولہ، کافور ۶ ماشہ - نوشادر ۲ تولہ - چاک مٹی ۸ تولہ - اول آب گشنیز تر یا خشک مین چاک مٹی کو مع کافور اور صندل سحوق شدہ کے جوشندہ کر گاڑھا کر لیا جاوے جب خشک ہو جاوے کاٹ کر ٹکڑے کر لئے جاوین یا سفوف کر کے شیشی مین رکھ لیا جاوے - **استعمال** - درد سر گرم مین سنگھایا جاوے

سفوف صندل

صندلین مصری گلسرخ - ہر ایک ساڑھے چار درم - ریوند خطائی نشاستہ رب السوس ہر ایک ڈھائی درم - کتھ بارہ سنگہ - صمغ عربی ہر ایک ڈھائی درم - مغز تخم خیارین تخم تربوز ہر ایک ایک مثقال - کتیرا مغز تخم کدو شیرین ہر ایک ایک درم - کافور قیصوری - کہربا ہر ایک چونہائی درم کوٹ چھانکر شیشی مین رکھین -

فواید استعمال - گردہ مثانہ کے زخم اور مجاری بول ذیابطیس جگر کو قوت دیتا ہے - دافع حبس ادرار بول ہے -

خوراک - چار درم -

شربت صندل سادہ

برادہ صندل سفید - دس تولہ، عرق گلاب نصف سیر ایک شبانہ روز برادہ کو عرق مین بھگو کر نتھار لین - پھر برادہ کو ایک پاؤ پانی مین تھوڑے جوش دیکر نتھار کر ہر دو پانی کو ملا کر نصف سیر چینی داخل کر کے مطابق قاعدہ کے قوام بنا لین -

فواید استعمال - سوزش معدہ، خفقان - جگر مسکن تشنگی - خوراک ۲ تولہ

شربت صندل ترش

برادہ صندل سفید پانچ تولہ دھنیا ڈیڑھ تولہ - سرکہ خالص [illegible] تولہ - رب انگور

پانچ چھٹانک - پانی ایک پاؤ - ایک شبانہ روز بھگو کر چوتھائی دین جب تیسرا حصہ رہجا وے - تو ایک سیر چینی داخل کرکے قوام کرین - اور بوقت تیاری زعفران ڈیڑھ ماشہ کپڑے مین باندھ کر ڈالدین -

فوائد استعمال - شربت سیب یا شیرہ تخم خرفہ کے ہمراہ ضعف قلب خفقان گرم مین کام آتا ہے -

خوراک ۱ سے ۲ تولہ -

طلاء صندل

صندل سفید - صندل سرخ - انزروت ہر ایک ایک درم - افیون - ایلوہ - زعفران ہر ایک نصف درم - کوٹ چھانکر سرکہ مین ملاکر پیشانی کنپٹیون پر طلا کرین -

فوائد - استعمال - درد سر - احتراقی کے واسطے مفید ہے -

عرق صندل -

برادہ صندل سفید چار تولہ - ابریشم خام دو تولہ - گل گاؤزبان سات تولہ خرفہ - تلی بوٹی - فرنجمشک - پوست ترنج - بہمن سفید ہر ایک تین تولہ - عرق گلاب چھ سیر - عرق بید مشک - عرق بادرنجبویہ - ڈیڑھ سیر - عرق گاؤزبان ڈیڑھ سیر - ایک شبانہ روز ادویہ کو عرق مین بھگو کر مشک تین ماشہ - عنبر اشہب چھ ماشہ - ہر دو کو کپڑے مین باندھ کر عرق کھینچنے کے وقت بھبکے کے منہ پر باندھا جائے -

فوائد استعمال - سرد تر امراض مین ایک تولہ مفید ہے -

روغن صندل

مانند عرق گلاب کے اوٹاکر حاصل کیا جاتا ہے -

فوایدِ استعمال۔ محرک نظام عصبی۔ قابض۔ سوزاک۔ اختناق الرحم۔ نفخ شکم۔ قولنج میں برتا جاتا ہے۔
خوراک۔ چار بوند۔

خمیرۂ صندل

صندل لیں ڈھائی تولہ۔ نصف سیر عرق گلاب میں ایک شبانہ روز بھگو کر قدرے جوش دیں بعد کو صاف پانی نتھار کر اڑھائی پاؤ چینی ملا کر قوام کر کے گاڑھا کر لیں۔
فوایدِ استعمال۔ خفقان۔ طپش قلب۔ سوزش۔ امراض سوداوی میں بہتر ہے۔
خوراک ایک تولہ۔

سفوف مرکب صندل

ست گلو۔ خس۔ سعد ہندی۔ ہر ایک ایک تولہ۔ اتیس۔ بہارنگی ہر ایک دو تولہ۔ فلفل دراز نو ماشہ۔ صندل سرخ چھ ماشہ باریک کر کے سفوف تیار کر لیں۔
فوایدِ استعمال۔ تپ صفراوی میں قبل از باری دو ساعت ایک ماشہ ہمراہ صندل سادہ کے۔ خوراک تین ماشہ۔

طلا کر دی

صندل لیں۔ مامیشا۔ گل ارمنی۔ رسوت۔ سفیدہ آب۔ تخم کاسنی۔ طباشیر۔ کافور کوٹ چھان کر اسبغول کے لعاب میں ملا کر نرم دی صورت میں بنا لیں۔
فوایدِ استعمال۔ آب کاسنی یا مکو کے پانی میں گھس کر ورم گرم پر طلا کریں۔

مفرح بارد صندل -

صندل سفید - طباشیر - گل ارمنی - بادرنجبویہ - پوست ترنج - پوست بیرون
پستہ ہر ایک دو مثقال زرنبک فوفل ہر ایک تین مثقال - کشنیز خشک
تخم خرفہ - گل گاوزبان ہر ایک پانچ مثقال - گلسرخ ایک مثقال شربت
سیب سو مثقال ادویہ کو کوفتہ بیختہ کرکے شربت میں ملالیں - کبھی گرم مزاج
والون کے واسطے - عنبر اشہب نصف مثقال - ورق نقرہ ورق طلا
ہر ایک ایک مثقال فادزہر معدنی ایک درم - ابریشم مقرض پانچ مثقال -
زیادہ کرتے ہین -

فواید استعمال - مانع بخار - سدر ودوار -

خوراک دو مثقال -

حب رجا

صندل سفید - صندل سرخ - اجواین خراسانی ہر ایک پندرہ درم - طباشیر
نشاستہ سفید ہر ایک پانچ درم - کافور قیصوری - زعفران ایک ایک
درم - افیون نصف درم کوٹ چھانکر گولیان بنائیں -

فواید استعمال - غلبہ خون صفراوی مین مفید ہے طاقت ۱۵ حصہ
میں افیون ایک حصہ - خوراک پانچ درم -

نخلخہ صندل سفید

صندل سفید سائیدہ بعرق گلاب حسب ضرورت - سرکہ - آب کشنیز
جمادیکر چوڑے منہ کی شیشی مین باحتیاط رکھلین -

فواید استعمال - درد سر گرمی مین سونگھنا - اگر بیخوابی ہو تو سرکہ نہ ملائین
اگر گرمی زیادہ ہو تو کافور شامل کرین -

شاہترہ

شاہترج ——————— شاہترہ

ایک قسم کی مشہور روئیدگی ہے جو دو طرح کی ہوتی ہے۔

(۱) ایک کے پتے برگ دھنیہ کی طرح رنگ خاکستری پھول بنفشی رنگ

(۲) پتے چوڑے۔ سبز۔ پھول سفید۔ ذائقہ ہر دو کا تلخ قدرے تیز

خاصیت۔ رنگ سبز۔ ذائقہ تلخ۔ معتدل مائل بحرارت۔ مسہل صفرا طحال گردہ پھیپھڑہ غشی پیدا کرتا ہے مصلح ہلیلہ زرد۔ بدل۔ نصف وزن شاہلی۔ دو تہائی ہلیلہ زرد۔

فوائد۔ مفتح۔ سدہ جگر و طحال۔ مقوی معدہ۔ ملین شکم۔ مصفی خون۔ مدر بول

استعمال۔ اپنے مصلح کے ہمراہ صفرا کو براہ راست نکالتا ہے خون صاف کرتا ہے۔ تپ کہنہ۔ امراض سوداوی۔ جرب۔ حکہ۔ داد۔ یرقان۔ مانع متلی۔ قئے۔ بھوک زیادہ کرتا ہے۔

خوراک۔ سفوف تنہا صہ ۳ درم۔

شاہترہ

شربت شاہترہ

پوست ہلیلہ زرد۔ برادہ شیشم۔ برادہ سال۔ برادہ آبنوس۔ کشنیز خشک براده صندل سفید ہر ایک ایک تولہ شاہترہ دو تولہ۔ مصری تین پاؤ۔ جملہ ادویہ کو جوکوب کر کے ایک سیر دو ڈھائی پاؤ پانی میں بھگو کر جوشاندہ بعد کو صاف کر کے مصری ملا کر قوام کرلیں۔

فوائد استعمال - امراض سوداوی - آتشک - نقرس - خارش وغیرہ مین استعمال کرتے ہین -
خوراک ۲ تولہ -

سفوف شاہترہ

شاہترہ - حنا - پوست ہلیلہ زرد - پوست کجنال - عشبہ - کشنیز ہر ایک ایک تولہ باریک کرکے سفوف بنائین -
فوائد استعمال - مصفی خون - مانع جوش خون صفراوی -
خوراک - ۶ ماشہ ہمراہ شربت عناب کے -

مرکب

عرق شاہترہ

شاہترہ - پوست ہلیلہ زرد - پوست بیخ نیم - افتیمون - مکو - سرپھوکہ ہر ایک ایک سیر چرایتہ نصف سیر - بیخ جنبیلی - گاوزبان - گلسرخ - صندل ہر ایک ایک پاو سات سیر پانی مین ایک شبانہ روز بھگو کر چھ بوتلین عرق کھینچ لیں -
فوائد استعمال - آتشک نقرس - ریح - امراض سوداوی - خارش - داد کلف - جہائین مین - چھ تولہ - ہمراہ شہد کے نہار منہ اکتالیس روز استعمال کرین -

معجون شاہترہ

پوست ہلیلہ زرد - پوست ہلیلہ کابلی - پوست بہیڑہ - املہ - برگ سرپھوکہ پوست ہلیلہ زنگی ہر ایک ایک تولہ - شاہترہ دو تولہ - چرایتہ ساڑھے ۶ ماشہ

اصل السوس ساڑھے سات ماشہ - خشخاش سفید سات ماشہ ہلیلجات کو بادام روغن میں مدبر کر کے جملہ ادویہ کوفتہ بیختہ کر کے سہ چند شہد میں کف گرفتہ کے قوام میں معجون تیار کر لیں -

فوائد استعمال - امراض سوداوی - سدر - دوار میں مجرب ہے -

خوراک - ایک تولہ

تخم شاہترہ

سفوف یرقان

تخم کاسنی - حب الثعلب - گل سرخ گل نیلوفر - تخم شاہترہ ہر ایک ۵ ماشہ نوشادر - سہاگہ بریان - پوست لیموں - ہر ایک ۲ ماشہ - باریک کر کے سفوف بنایا جاوے - فوائد استعمال - یرقان کو فی الحال میں ہمراہ شربت تیار کر ۶ ماشہ

اسبغول

بزر قطونا - اسبغول

مشہور نباتات کا بیج ہے جو تین قسم کا ہوتا ہے - سفید - سرخ - سیاہ سفید بہتر ہے اور خاصکر پانی میں ڈالنے سے جسکا دانہ پھٹ جاوے -

خاصیت - رنگ مذکور الصدر - ذائقہ پھیکا - لعاب دار - سرد و تر درجہ ۲ مضر اعصاب - مصلح شہد - بدل - تخم کے مقام پر السی - قبض خشونت سینہ حلق - کھانسی کے - تخم کنوچہ - تخم بارتنگ - ترطیب کے لئے خرفہ -

فوائد - ملین - محلل اورام -

استعمال - خشونت سینہ - حلق - زبان - پیچش - زحیر سے آنتوں

رقت منی ۔ اسبغول سالم کو سفوف کو کتان اور برگ حنظلی مین پکا گرگرم گرم درد مفاصل و تمام اعصابی دردون پر استعمال کیا جاتا ہے
خوراک ۶ ماشہ سے ۱ ماشہ۔

مرکبات تخم اسبغول

رب اسبغول

اسبغول کو پانی مین بھگودین جب خوب بھیگ جاوے ملکر چھان لین اب اس لعاب کو پانی کے بخارات سے گاڑھا کرلین۔ استعمال مانند اسبغول۔
خوراک ۳ ماشہ۔

سفوف اسبغول

سفوف بیلگری۔ شکر۔ گمرکس چھلکا اسبغول ہر ایک چھ ماشہ۔ سفوف بادیان۔ صمغ عربی ہر ایک تین ماشہ۔ سفوف عنب الثعلب پانچ ماشہ باہم ملالین خوراک ۵ ماشہ
استعمال۔ پیچش مین ہمراہ شربت الجبار۔

سفوف اسبغول

اسبغول تین ماشہ۔ کشنیز خشک دو درم طباشیر سفید ایک درم سوائے اسبغول کے کوٹ چھانکر سفوف بنائین۔
فوائد استعمال۔ مانع بخار۔ دافع دردسر بخار مین معمول ہے۔
خوراک۔ ایک درم

لیپ اسبغول

سرکہ ایک تولہ۔ اسبغول تین ماشہ۔ روغن چنبیلی ایک تولہ۔ باہم ملالیں۔
استعمال۔ جو درد غلبہ گرمی سے ہو ضماد کریں۔

کیوڑہ

کیوڑہ ——— کندر

ایک درخت خاردار غیر موزوں اور شاخوں میں گرہ ہوتی ہیں نزدیک سے خوشبو نہیں آتی۔ البتہ دور سے آیا کرتی ہے۔ پتے سبز رام بانس کے مانند مگر چھوٹے راجپوتانہ میں بہت پیدا ہوتا ہے اس کے پھول اور جڑ استعمال میں آتی ہے۔

خاصیت۔ پھول زرد و سبز اندر سے سفید نرم ذائقہ تلخ جسکا کا ملمی مائل خوشبودار۔ گرم خشک مضر محرک نزلہ تی مصلح عناب۔ بدل صندل سرخ
فواید۔ مفرح۔ دل۔ دماغ۔ حواس۔ مقوی اعصاب۔ مصفی خون۔ مصفی حرارت۔ قلب وجگر۔

استعمال۔ قبل از خروج چیچک اسکا شربت پلانے سے کم نکلتی ہیں۔ خفقان۔ غشی۔ متلی کو مفید ہے۔ خوراک ایک ماشہ ایک تولہ۔

عرق کیوڑہ

پھول کیوڑہ ۵ سیر۔ پانی ۳۰ سیر۔ ۲۰ سیر عرق کشید کیا جاوے۔
خاصیت۔ سفید مانند پانی کے خوشبودار ذائقہ پھیکا سرد تر بعض گرم خشک مضر محرک نزلہ مصلح عرق بید مشک۔ عناب۔ بدل عرق گشنیز۔ فوائد مفرح۔ مصفی خون۔ مقوی دماغ۔ حواس۔

استعمال ۔ چیچک ۔ خسرہ ۔ بثور ۔ جرب ۔ حکہ ۔ غشی ۔ خفقان ۔ قلبی حرارت معدہ کو مفید ہے

خوراک ۔ دو تولہ سے ۶ تولہ تک

مرکبات بیخ کیوڑہ

شربت کیوڑہ

کیوڑے کی لکڑی ۔ املی ۔ عناب ہر ایک نصف سیر ۔ بیخ بادیان ساڑھے تین تولہ صندل سفید ۔ صندل سرخ ہر ایک پونے تین تولہ ۔ گل سرخ ۔ بالچھڑ ہر ایک سات تولہ ۔ ادویہ کو چار چند پانی میں جوش دیں جب تہائی رہ جاوے تو آب انار شیریں ۔ اور ترش ۔ سرکہ انگوری ہر ایک نصف سیر ۔ ایک سیر کی ہانڈی میں ڈالکر قوام کر لیں بوقت اتارنے کے زعفران کافور قیصوری ہر ایک ساڑھے تین ماشہ حل کر کے بوتل میں رکھ لیں ۔

استعمال فوائد ۔ غلیہ خون کے امراض جلدی ۔ حصہ وغیرہ میں مفید ہے

روح کیوڑہ

پھول کیوڑہ ۵ سیر ۔ پانی ۷ سیر ۔ عرق پانچ سیر کشید کیا جاوے ۔

فوائد استعمال ۔ ماء اللحم کے ۔

سرکہ

خل سرکہ

مختلف قسم کے پھلوں اور گنے ۔ گڑ ۔ وغیرہ کے رس کو دھوپ میں رکھکر تیار کیا جاتا ہے ۔

خاصیت۔ تازہ سرخ رنگ کم بو۔ پرانا سیاہ۔ تیز بو والقہ تازہ ترش وتیز مائل شیرینی۔ کہنہ نہایت تیز۔ سرد خشک مضر باعصاب۔ مصلح خربزہ روغن بادام۔ شہد۔ بدل عرق لیموں۔

فوائد۔ مجفف۔ ملطف۔ قابض۔ محلل اورام۔ قاطع بلغم۔

استعمال۔ جلد اثر کرتا ہے۔ درد معدہ ورم طحال۔ تپ صفراوی۔ داد و خارش۔ سموم حیوانی کو دفع کرتا ہے۔ غرغرہ مسوڑوں کے اخراج خون کو مفید ہے تپ محرقہ۔ سل کی حرارت کو کم کرنے کے واسطے۔ جسم پر کپڑا یا اسفنج بھگو کر پھیر کر دوسرے کپڑے سے صاف کر دیتے ہیں

مرکبات سرکہ

سکنجبین سادہ

سرکہ ایک حصہ۔ جنی ڈہائی حصہ قدرے پانی ملا کر قوام کر لیں۔

فوائد استعمال۔ ہاضمہ زیادہ کرتی ہے۔ بلغم کو نکالتی ہے۔ صفراوی تپ کو بند کرتی ہے۔

خوراک۔ چار تولہ۔

ضماد سرکہ

سرکہ رتھاش۔ اقاقیا۔ اسپغول۔ سریش گداختہ باہم ملا کر بچوں کے یافوخ (مقام تالو جہاں پر ہلتا ہوا معلوم ہوتا ہے) لگانے سے لہات سفلوج کو فائدہ ہوتا ہے۔

فتیلہ سرکہ

سرکہ سات درم۔ شہد خالص آٹھ درم۔ جوش کریں جب قوام ہو جاوے تو دو

درم زنگار پیکر زیادہ کرکے حل کرلیں۔
استعمال۔ فتیلہ آلودہ کرکے کان میں رکھیں۔

بخارہ سرکہ

سرکہ پانچ تولہ۔ کافور ایک تولہ۔ عرق گلاب دس تولہ۔ صندل سفید سحوق شدہ چار ماشہ۔ جملہ ادویہ حل کرکے ایک کشادہ دہن کی بوتل میں رکھ لیں۔
استعمال۔ بخار میں حرارت کی زیادتی کو دور کرنے کیواسطے قلب پر لگایا جاتا ہے۔ نیز لطیف بخارات سنگھاتے ہیں۔

بہدانہ

حب السفرجل — بہدانہ

بہی کا بیج ہے۔ جو پختہ بہیوں کو تراش کر نکال لیتے ہیں
خاصیت۔ رنگ سیاہ سرخ اندر سے سفید ذائقہ پھیکا لیسدار۔ سرد ۲ تر ۲
بجیف۔ مرخی معدہ۔ مصلح شکر سونف بدل اسپغول۔
فوائد۔ مقوی دل۔ مسکن تشنگی۔ مندمل زخم۔
استعمال۔ پھیپھڑہ۔ امعاء کے زخم خشک کھانسی۔ یبوست سینہ۔ حلق معدہ۔ تپ صفراوی کو مفید ہے۔
خوراک۔ نو ماشہ سے سوا دو تولہ۔

رب بہی

رب بہی۔ مانند رب شہتوت تیار کیا جاوے۔
خوراک۔ ایک تولہ۔

مرکبات بہدانہ

خسائدانہ بہدانہ

بہدانہ۔ ریشہ خطمی ہر ایک چار ماشہ۔ تخم حب الاس۔ کوفتہ تین ماشہ۔ عرق سونف پانچ تولہ۔ بھگو کے ملکر صاف کرکے ایک مرتبہ استعمال کریں

فوایداستعمال۔ سوزش سے پاخانہ آتا ہو یا صفراوی خراش سے دست آتے ہوں۔ اور جماگوٹہ کی تریاک ہے۔

سفوف بہدانہ

مصطگی دو دانگ۔ طباشیر نصف درم۔ گل ارمنی۔ گلاب کے پھول ایک مغول۔ پاپچہر۔ ملیٹھی۔ ہر ایک ایک درم۔ بہدانہ نشاشتہ مغز تخم خیارین ہر ایک چار درم۔ سفوف بنالیں۔

فوایداستعمال۔ حرارت جگر۔ یرقان نفث الدم۔ سدہ کشا جگر۔

خوراک۔ ایک درم۔

شربت بہدانہ

اسبغول بہدانہ۔ گاوزبان۔ ملیٹھی۔ سونف ہر ایک ایک تولہ۔ کوکنار چہ عدد عناب بارہ دانہ۔ بنفشہ۔ السی ہر ایک تین تولہ۔ مصری تین پاؤ۔ شہد ایک پاؤ۔ مطابق قاعدہ مقررہ کے شربت بنائیں۔

فوایداستعمال۔ خشک کھانسی۔ نزلہ۔ زکام میں معمول ہے

خوراک۔ دو تولہ۔

لعوق بہدانہ

بہدانہ صمغ عربی۔ کتیرا مرچ سیاہ۔ ناگر موتھا۔ نشاشتہ۔ زوفا خشک۔

کلیجن۔ سونف۔ دانہ چھوٹی الائچی۔ ہرایک نصف درم۔ ملیٹھی ایک درم
زنجبیل زرد ۲ عدد مویز منقی سات دانہ۔ دواؤں کو باریک کرکے ہموزن شہد ملا لیں
فوائد استعمال۔ بچوں کی کھانسی میں معمول ہے۔ مطابق عمر کے چٹائیں۔

مضمضہ بہدانہ

بہدانہ۔ سپستان۔ پانی میں جوش دیکر صاف کرکے شیرہ مغز تخم کدو شیرہ مغز
خیارین۔ شیر بکری میں ملاکر۔ زبان کے پھٹنے پر کلیاں کرنے سے فائدہ ہوتا ہے

مطبوخ بہدانہ

بہدانہ ایک درم۔ ملیٹھی دو درم۔ عناب سات دانہ۔ سپستان بیس دانہ
نصف سیر پانی میں جوش دیں جب نصف رہجا دے صاف کرکے شربت
بنفشہ سات درم حل کرکے پیویں نیز نیم گرم پانی میں ملاکر۔

خرفہ

بقلۃ الحمقا۔ ع — خرفہ

مشہور ساگ ہے۔ موٹے پتے اور لیسدار لکڑی سفید سرخی مائل ملاحم۔ ل
خاصیت۔ رنگ سبزی سفیدی مائل ذائقہ پھیکا۔ سرد و تر۔ مضر کثرت استعمال
بینائی چشم۔ آنتوں۔ معدہ کو خراب کرتا ہے مصلح پودینہ گوشت۔ اگر ضعف
انکہ معدہ کے لئے گرم مصالحہ۔ مصطگی صمغ عربی۔ بدل کاہو۔
فوائد۔ مسکن تشنگی۔ حابس الدم۔ مدر بول۔ محلل ورم گرم۔
استعمال۔ ساگ پکاکر کھانے سے دست صفراوی بند ہوتے ہیں۔
خون تھوکنے۔ خون بواسیر۔ ذیابطیس۔ کدو دانہ۔ صفراوی دستوں میں جلے
ہوئے مقام پر لیپ کرنا مفید ہے۔

مرکب برگ خرفہ

لیپ برگ خرفہ

برگ خرفہ - تراشہ کدو سفید - گل خطمی - صندل سفید - ہر ایک مساوی -
عرق گلاب میں پیس کر سرکہ ملاکر درد سر حارین استعمال کیا جاوے -

مرکب بیخ خرفہ

ضماد بیخ خرفہ

صندل سفید - عنب الثعلب - بیخ خرفہ - تخم خطمی باریک پیس لیں استعمال
ورم گرم برد مسہّل بواسیر میں معمول ہے -

مرکب تخم خرفہ

تخم خرفہ ——— بزرۃ الحمقا

یہ مشہور ویلدگی خرفہ کا تخم ہے -

خاصیت - رنگ سیاہ - ذائقہ پھیکا ہر اندہ سرد ۲ تر ۳ - مضر باہ - تلی بہ
مصلح قندبدل اسپغول فوائد مسکن تشنگی قاطع باہ - مدر بول - حابس الدم لمین ستعال
درد سر حرارت معدہ ورم رحم - حرارت جگر - گرم کھانسی - قے الدم ذیابیطس استحاضہ
کو مفید ہے - بریان قابض ہے -

خوراک - چھ ماشہ سے ڈیڑھ تولہ -

رب خرفہ -

مانند اسپغول کے تیار کیا جاوے - یہ یاد رہے کہ جب لعاب اور معجون کو حرارت سے

کا شربت تیار کیا جاوے گا۔ اسکی تاثیر میں قبضیت پیدا ہو جاتی ہے۔
خوراک۔ چھ ماشہ۔

سفوف تخم خرفہ

تخم خرفہ بریاں چھ ماشہ۔ شکر سفید تین ماشہ باریک کرکے عرق گاؤزبان پانچ تولہ کے ہمراہ۔ تپ صفراوی۔ کھانسی۔ سوزش معدہ۔ جگر۔ سینہ۔ حرارت بول میں معمول ہے۔ یہ ایک خوراک ہے۔

ککڑی

قثا ۔ع خیار دراز

ایک بیلدار درخت کا پھل ہے۔ جو گرمی کی موسم میں پیدا ہوتا ہے۔
خاصیت۔ رنگ سبز۔ ذائقہ پھیکا قدرے شیریں۔ سرد تر مضر دیر ہضم نفاخ۔ مصلح۔ کالی مرچ۔ سکنجبین۔
فوائد۔ تسکین تشنگی۔ مورث۔ تپ صفراوی۔ قراقر شکم۔ مدر۔
استعمال۔ سوزش جگر اور خربوزہ سے کم ہے۔ بحرۃ طبیعت میں کرتی ہے۔ خلط غالب کیطرف منتقل ہوتی ہے۔

تخم ککڑی

یہ بیج عام مشہور ہیں۔ عمدہ وہ ہیں جو سفید اور وزنی ہو۔ اور پختہ ککڑی سے نکالا گیا ہو۔
خاصیت۔ رنگ سفید۔ ذائقہ پھیکا۔ قدرے شیریں۔ سرد و تر مضر ریہ مصلح سکنجبین۔ بدل تخم کھیرا۔
خوراک۔ ۵ ماشہ سے ۲ تولہ۔

فوائد۔ مدر بول حیض۔ مسکن پیاس۔ مطفی حرارت خون۔ صفر
استعمال۔ سوزش بول۔ سوزاک۔ دافع جوش صفرا۔ طلا مصفی رنگت جسم

حسو تخم خیار

مغز تخم خیارین دو تولہ۔ خشخاش سفید ایک تولہ۔ مغز بادام چار ماشہ۔ مغز گو... ماشہ
مصری دو تولہ۔ عرق گلاب پانچ تولہ۔ بھیڑی کے دودھ میں شیرہ نکالکر جوشدیں
لیپ گاڑھا ہو جاوے تو لعاب مصری۔ نشاستہ مصری۔ ہمیں۔ کلیجی ... ایک
نصف ماشہ باریک کر کے ملالیں۔

فوائد۔ استعمال۔ مقوی باہ۔ یہ ایک مرتبہ کے استعمال کا ہے۔

روغن لبوب سبعہ بارد

روغن لبوب سبعہ بارد

مغز تخم خیارین۔ مغز تخم کدو شیرین۔ تخم کاہو۔ مغز بادام۔ خشخاش سفید۔ تل
سفید مقشر۔ مانند روغن بادام کے نکالیں۔

فوائد استعمال۔ درد سر گرم۔ سرسام سوداوی۔ بھر مانجولیا میں مالش
بھی مفید ہے۔

سفوف ثرور

سفوف

مغز تخم خیارین۔ مغز تخم خربوزہ۔ ہر ایک پانچ درم۔ تخم کاسنی۔ تخم کشوث
ہر ایک تین درم۔ تخم کرفس۔ سونف۔ انیسون۔ ہر ایک دو درم۔ ...
چار درم۔ ریوند چینی۔ ... ماشہ۔ طباشیر ایک درم۔ ...

چار درم - کوٹ چھانکر سفوف بنائیں -
فوایدا استعمال - برائے ورم - محدب جگر و مدر بول ہے -
خوراک ۲ سے دس درم تک ہمراہ سادہ سکنجبین شکر کے یا لعبد فصد باسلیق
استعمال کریں -

شربت خیارین

شربت تخم خیارین

مغز تخم ککڑی مغز تخم خیار - ہر ایک سات ماشہ - سپستان ۸۰ دانہ - عناب ۳۲ دانہ
اصل السوس - بسفایج ہر ایک ۹ ماشہ - زوفا ۹ ماشہ چینی ایک پاؤ جوش دیکر
شربت بنائیں - خوراک ۲ تولہ -

کلگونہ تخم خیار

تخم ککڑی مقشر - چرونجی - خشخاش سفید - حسن یوسف - گل سرخ - ہموزن
عرق گلاب میں ملاکر لیپ کرلیں -
استعمال - منہ کو خوبصورت بناتا ہے - چھائیاں مٹاتا ہے اور بدنما
داغوں کو دور کرتا ہے -

لعوق تخم خیار

لعوق خیار

مغز تخم خیارین - مغز بادام مغز حب الخضرا تخم منیں - تودری - تل سفید مقشر -
بالچھڑ - تخم گاجر - درونج عقربی - انجیر - خشخاش سفید - سورنجان بوزیدان
دھنیا خشک ہر ایک ۶ ماشہ - باریک کرکے سفوف بنائیں - فوائد استعمال

خشونت حلق وسینہ۔ مقوی باہ۔ دماغ کھانسی میں معمول ہے۔

مطبوخ تخم خیار

مطبوخ خیار

تخم خیارین چھ ماشہ۔ بکھان بید۔ آملہ۔ گندک ہر ایک تین ماشہ۔ نشاستہ چار ماشہ۔ جوکوب کرکے تین پاؤ پانی میں جوش دیں جب نصف پاؤ رہجاوے صاف کرکے بحفاظت رکھ لیں۔

خوراک سات ماشہ میں قدرے شہد ملاکر استعمال کیا جاوے۔

پرہیز۔ کوئی شئے شور۔ تیز۔ ترش بادی نہ کھائی جاوے۔

استعمال:۔ سوزاک میں معمول ہے۔

سورنجان شیرین

سورنجان حلو

یہ جڑ دو قسم کی تلخ اور شیرین کھاتے ہیں شیرین اور لگاتے ہیں تلخ بر تی جاتی ہے شکل صورت میں سنگھاڑہ کی طرح ہوتی ہے۔ اس میں قوت مسہلہ پیدا ہوجاتی ہیں اور محللہ باقی رہجاتی ہے جو مفاصل کے مادہ کو جذب کرکے نکالدیتی ہے اور آپ اسجگہ مادہ مفاصل نہ پیدا ہونے کے لئے ایسا رکاوٹ بن جاتی ہے کہ مادہ ندکور اثر کرنے سے مانع ہوتا ہے۔ اسیوجہ سے گٹھیا میں کھلایا کرتے ہیں۔ لیکن بغیر اصلاح کے معدہ کو کمزور کرتی ہے۔

خاصیت۔ رنگ اوپر کا قدرے بادامی اندر سفید ذائقہ شیرین لودار گرم خشک ۲ بار طوبت فضلہ۔ مضر معدہ جگر۔ مصلح کتیرہ زعفران بدل ترمد سونٹھ۔

فوائد ۔ محلل بلغم ۔ دافع طحال ۔ مقوی باہ ۔
استعمال ۔ بالتخاصہ درد مفاصل ۔ نقرس ۔ عرق النساء مین مفید ہے
درد استخوان مین سفیدی بیضہ مرغ ۔ زعفران کے ہمراہ لگانے سے
تسکین ہوتی ہے

حب سورنجان شیرین

سورنجان شیرین ۔ تربد سفید مدبر ہر ایک سات ماشہ ۔ ایلوہ مدبر ایک درم
حب النیل ۔ غاریقون ۔ انیسون ہر ایک نصف درم ۔ گوگل مصطگی ہر ایک
ایک درم ۔ تخم کرفس کے پانی مین گولیان بنائین ۔
فوائد استعمال ۔ درد مفاصل تنقیہ دماغ میں مفید ہے ۔
خوراک یہ ایک خوراک ہے ۔

سفوف سورنجان ۔

سورنجان شیرین دس درم ۔ سناکی سات درم ۔ پوست ہلیلہ زرد چار درم
مغز بادام مقشر تین درم ۔ زعفران نصف درم ۔ سقمونیا مدبر ایکدرم
گلاب کے پھول چھ درم ۔ قند سفید تیس درم ۔ اگر بلغمی مادہ ہو تو نسوت
سفید مدبر پانچ مثقال سقمونیا نصف درم زیادہ کرین ۔
فوائد استعمال ۔ درد مفاصل ۔ نقرس ۔ عرق النساء مین معمول ہے
اور مسہل اخلاط مین بعد تنقیح مادہ کے مستعمل ہے ۔

طلاء

سورنجان ۔ بوزیدان ۔ قسط تلخ ۔ کلیجن ۔ زرنباد ۔ جائفل ۔ وج ترکی
عود ہندی ۔ عود صلیب ۔ عاقرقرحا ۔ سب کو عرق گلاب مین پیس لین
فوائد استعمال ۔ درد مفاصل ہیں جوڑون پر فالج کی جگہ پر طلا کرین ۔

لعوے ہیں سر اور گردن کے فقرون پر طلا کرین۔

مطبوخ سورنجان شرین

سورنجان شرین ۵ درم ۔ گل سرخ ۔ پوست ہلیلہ زرد ہر ایک دو درم سونٹھ نصف درم ۔ انجیر ۵ عدد سپستان بیس عدد ۔ سنا مکی ۶ درم ترنجبین دس درم ۔ املتاس ایک درم جوش کر کے تیار کرین ۔

فوایداستعمال ۔ درد مفاصل ۔ درد نقرس ۔ سبل بلغم صفراوی مین یہ ایک خوراک ہے ۔

معجون سورنجان

سورنجان شرین سفید ۔ بوزیدان ۔ ماہی زہرہ ۔ زیرہ کرمانی ۔ شیطرج ہر ایک دو حصہ ۔ ہلیلہ زرد ۲ ۔ حصہ ۔ تخم اجمود ۔ سونف دیسی برگ غار ۔ سمندر جھاگ ۔ مرچ سفید ۔ دہنیا ۔ نمک ہندی ہر ایک ایک حصہ ۔ گل سرخ ۔ سقمونیا ۔ زنجبیل ۔ ہر ایک ۳ حصہ ۔ تربد سفید ۵ حصہ ۔ روغن بادام ۶ حصہ ۔ شہد ایک سو پچاس حصہ معجون بنائین

فوایداستعمال ۔ گنٹھیا ۔ نقرس مین خوراک ایک تولہ ۔

ناگرموتھا

سعد کوفی ——— مشک زیر زمین

ایک ساقدار درخت کی جڑ ہے ۔ اسکے پتے گیندے کے پتون کی مانند ہوتے ہین مگر ان سے کچھ باریک اور سخت ہوتے ہین پھول ساق سے ملا ہوا ہوتا ہے ۔ ناگرموتھا خوشبو دار ۔ اور بشکل گرہ دار ہوتا ہے ۔

خاصیت ۔ رنگ اوپر کا سیاہ اندر سفید ۔ ذایقہ تلخ تیز ۔ گرم خشک مفر

حلق۔ ریہ آواز۔ مصلح۔ انیسون۔ شکر۔
فوائد۔ مدر بول۔ مفتح سنگ گردہ۔ مثانہ۔ مصلح سدہ۔ ہاضم۔ مفرح۔ مجفف۔ مقوی۔
استعمال۔ مصفی خون۔ یرقان۔ تپ سوداوی کو دفع کرتا ہے عقل فہم معدہ اور اعضاء کو طاقت دیتا ہے۔ مسمن۔ مقوی لثہ ہے
خوراک۔ ۲ سے ۵ ماشہ تک

مرکبات

حب سعد کوفی

سعد کوفی ایک تولہ۔ انیسون۔ پوست ہلیلہ زرد۔ دارچینی ہر ایک ۶ ماشہ سفوف کلیجن۔ ایک تولہ۔ رب املی میں گولیاں بنائیں۔
فوائد استعمال۔ ہاضم مفتح سنگ گردہ مثانہ مصفی خون۔ مفرح۔
خوراک۔ ۲ گولی۔

سفوف سعد کوفی

سعد کوفی دو تولہ۔ پوست ترنج۔ انیسون مول ہر ایک ایک تولہ تخم کرفس تخم خربوزہ۔ ہر ایک ۹ ماشہ باریک کر کے سفوف بنائیں۔
فوائد استعمال۔ مفرح مصفی آواز۔ مدر بول۔ مقوی۔
خوراک۔ سات ماشہ۔

ست سعد کوفی۔

سعد کو ایک سیر باریک کر کے تیزاب میں بانند طریقہ مذکورہ دیباچہ کے تین اشبانہ روز بھگو کر حسب قاعدہ مقطر کر لیں۔ بجوہر اخراجہ حلالہ تیزاب

ہیں نکل آئینگے۔ اب اس ثفل میں تھوڑا پانی ملاکر نتھار لو بعد کو ان ہر دو عرقوں کو باہم ملاکر اس میں سوڈا ڈالو تاکہ صندگی وجہ سے جوہر اوپر کو آجائیں پھر انکو چھانکر دو مرتبہ عرق کہار سے دہوکر جاذب کاغذ پر رکھکر خشک کرلو۔ اور خوراک حسب برآمدگی جوہر۔

شربت سعد کوفی

سعد کوفی ۳ تولہ۔ دارچینی۔ پوست ترنج ہر ایک ۲ تولہ۔ چینی ڈہائی پاؤ حسب قاعدہ شربت طیار کرلیں۔

فوائد۔ مفرح۔ مقوی۔

خوراک۔ ۴ تولہ۔

گوکھرو

بزرالخسک ـــــ تخم خارخسک

ایک خاردار درخت کا بیج ہے۔ یہ دو قسم کا خورد کلاں ہوتا ہے۔

خاصیت رنگ سبز زرد ذائقہ پھیکا قدرے تلخ سرد خشک مضر طحال مصلح بادام روغن کنجد نارجیل بدل تخم خارین **فوائد**۔ مدر بول مسکن سوزش بول سوزاک۔ **استعمال**۔ سنگ گردہ مثانہ حرارت جگر تو بیج کو مفید ہے چنیے چند مرتبہ بھگوکر خشک کرکے حلوا بنایا جاوے تو مقوی باہ ہوتا ہے۔ **خوراک** ۵ ماشہ سے ایک تولہ تک۔

مرکب

سفوف خ ـــــ

قسم کا ہوتا ہے۔ ایک تلخ۔ خاصیت۔ رنگ نارنجی بھورا اور ادا ذائقہ تلخ دوسری قسم میں تلخی نہیں گرم ا خشک مضر پھیپھڑہ مصلح انیسون کرکے لئے اصل السوس بدل اظفار الطیب جنگلی سوزن عفران سلیخہ گل سرخ فوائد ملطف مدر مصفی خون محلل ورم مقوی دل جگر استعمال ہاضمہ اور بھوک کو زیادہ کرتا ہے ورم جگر اور معدہ کو درست کرتا ہے فساد اخلاط ثلاثہ کو نافع ہے خارش کھجلی اور خشک کو دور کرتا ہے خوراک ۷ ماشہ۔

مرکبات

جوشاندہ چرایتہ

چرایتہ ۷ ماشہ کھولتے ہوئے سوا پاؤ پانی میں ڈالکر سرد کریں ایام گرما میں جب سرد ہو جاوے ۵ رتی شورہ قلمی ڈالدو تو خراب نہو گا۔

فوائد۔ استعمال۔ مطابق اصل کے

خوراک۔ ایک چھٹانک اگر اسی کو گاڑھا کرلیا جاوے تو ہر ایک ۳ ماشہ۔ دار چینی دو ماشہ لونگ ۲ ماشہ اکلیل الملک ۲ ماشہ مصری ۲ تولہ سب کو ایک سیر پانی میں جوش دیں جب چوتھائی حصہ باقی رہے صاف کرکے حجر الیہود ۲ ماشہ حل کرکے اول معجون عقرب یا معجون ید اللہ ۴ ماشہ کھا کر پویں فوائد۔ مخرج سنگ مثانہ۔

چرائتہ

یہ ایران ہندوستان میں پیدا ہوتا ہے اسکا تمام تنہ دوائی کے کام آتا ہے پتے سفیدی جیسے پانچ سات رنگین ہوتی ہیں پھول چھوٹے گچھے نہیں ہوتے یہ دو

مقدار خوراک کم ہو جاتی ہے۔

سفوف چرائتہ۔

چرائتہ دو تولہ انیسون ایک تولہ شاہترہ ۹ ماشہ۔ صندل سرخ پوست نیم باریک کرکے سفوف بنایا جاوے

فوائد استعمال۔ صفراوی بخار میں خوراک تین ماشہ ہمراہ شربت عناب

کریم چرائتہ

چرائتہ۔ لونگ باچھڑ۔ گل سیوتی ہر ایک تین ماشہ ایلوہ مرکی مازو ہر ایک ایک ماشہ۔ مشک خالص کافور ہر ایک ایک رتی چاندی کا ورق چار رتی باریک کرکے قنبر وٹی ۲ تولہ میں ملاویں

فوائد۔ زخم ناک میں بتی آلودہ کرکے یا ویسے ہی لگایا جاوے۔

ہلیلہ زرد

الہلیلج اصفر۔ ہلیلہ زرد

یہ مشہور ثمرہ ہے جو بڑی۔ زرد اور گٹھلی چھوٹی ہو۔

خاصیت۔ باہر بھوری اندر زرد۔ ذائقہ بہت پھیکا بدمزہ سرد خشک مضر خشونت معدہ امعاء۔ قریج مصلح روغن بادام۔ گرم۔ عناب سپستان۔

فوائد۔ مقوی معدہ۔ دماغ۔ حواس۔ ذہن۔ مسہل صفرا۔ مفتح معدہ ہاضم مجفف رطوبت بلغم۔ محلل ورم طحال۔ دافع دردیح

استعمال۔ بھوک کو زیادہ کرتی ہے۔ تپ مرکب۔ مالیخولیا۔ جلندر بواسیر بینائی کو مفید ہے۔

مرکبات

جوارش فنجوش

بلیلہ۔ بہیڑہ۔ آملہ۔ فلفل دراز۔ سونٹھہ۔ مرچ سیاہ۔ ناگر موتھا چیتہ۔ بالچھڑ۔ ہر ایک دس درم۔ تخم سویہ۔ گندنا۔ ہر ایک ۴ درم۔ بہمن نو درم کوٹ چھانکر شہد چہند کف گرفتہ کاے کے گھی مین ملاکر چہہ ماہ رکھکر استعمال کیجاوے۔ اگر دو درم مشک زیادہ کرین تو بہتر ہے۔

فواید استعمال۔ اسہر ہا معدہ۔ ریاح۔ بلا سیر و فسادِ رنگ۔ زیادتی پیشاب کو مانع ہے۔

بعض لوگ تعجب کرینگے کہ یہ مرکب لوہے کا ہے بلیلہ مین کیون ڈالا گیا اسلیئے مختصر عرض کرتا ہون۔ کہ لفظ فنجوش۔ مرکب ہے فن۔ جوش اور جوش مخفف جوشن کا ہے۔ فن بمعنی شاخ۔ گویا یہ مرکب انسانی صحت کی حفاظت کے لیے جزوی طور سے جوشن ہے اور جوشن جس کے جسم پر ہوتا ہے اسکو بیرونی صدمات سے بچاتا ہے۔ رہی یہ بات کہ جب اس کی نسبت جوشن ہے لوہے کا مرکب ہے ہاہلیلہ مین کیون رکھا گیا۔ سبب یہ ہے کہ ہلیلہ مین قدرتی طور سے بذات خود وہ صفتین موجود ہین جو فولاد مین ہین اسلیئے۔ مرکب مین پہلا نام ہونے سے لکھدیا۔ تیز طبیعت کو فولاد کی بہت کم ضرورت رہا کرتی ہے اور ہلیلہ بنسبت فولاد دوسرے لوازمات کم بہت محتاج ہے۔

حب ہلیلہ زرد

پوست بلیلہ زرد ۴ درم۔ پوست بہیڑہ آملہ مقشر ہر ایک ۲ درم سناءمکی

لاجورد مغسول - افیتمون - غاریقون - سعد - کتیرا - ہر ایک ایک دانگ کوٹ چھانکر روغن بادام سے چرب کرکے ہمراہ مویز منقے کے گولیاں بناویں

فوائد استعمال - مالیخولیا میں تنقیہ کے لئے ایک مرتبہ کھلایا جاوے -

زروق

ہلیلہ زرد - بہیڑ - آملہ ہر ایک تین تولہ - تین پاؤ پانی میں ایک شبانہ روز بھگوکر صاف کرکے ایک بوتل میں رکھ لیں - گل ارمنی - دم الاخوین - انزروت سفید - رسوت - سفیدہ کاشغری - کتیرا سفید - نشاستہ - مردار سنگ - کاغذ سوختہ - نیل ولایتی کافور ہر ایک تین ماشہ جملہ ادویہ کو خوب باریک کرکے بوتل میں ڈالدیں - وقت استعمال کے نتھار لیا جاوے -

فوائد استعمال - نیم گرم کرکے سوزاک میں پچکاری کریں -

سفوف ہلیلہ

پوست ہلیلہ - پوست بہیڑہ - آملہ - پوست بیخ باچی - خنبگلی انجیر - سب کو کوٹ چھانکر سفوف بنایا جاوے -

فوائد استعمال - خنازیر کے واسطے نافع ہے -

خوراک ۲ سے ۶ ماشہ -

طلا ہلیلہ زرد

پوست ہلیلہ زرد - ایلوہ - مغز تخم مہوہ ہر ایک مساوی پیسکر - روغن بیدانجیر ملاکر لگائیں -

فوائد استعمال - بچوں کے توبخ میں ناف اور پیڑو پر لگایا جاوے -

عرق ہلیلہ زرد

پوست ہلیلہ زرد - پوست بہیڑہ - آملہ - گلسرخ - مویز منقے - ہر ایک ایک

پاؤ۔ اسطوخودوس۔ تیزپات۔ گل سیوتی۔ گل گاؤزبان۔ ہر ایک نصف پاؤ۔ عود غرقی۔ ابریشم مقرض۔ برادہ صندل سفید ہر ایک پانچ تولہ۔ بسفائج ۶ تولہ۔ بادنجبویہ ۲ تولہ۔ رات کو ۱۸ سیر پانی میں بھگو کر صبح کو ۱۲ سیر عرق کشید کیا جاوے۔

فوائد استعمال۔ دافع سودا۔ مقوی دماغ۔ حواس۔

خوراک ۵ تولہ سے ۱۰ تولہ۔

تخم کرفس

تخم کرفس ——— بزرالکرفس

اس نباتات کی بہت قسمیں ہیں۔ جس جگہ پیدا ہوتی ہے اسکے نام سے منسوب ہو جایا کرتی ہے مثلاً بستانی۔ صحرائی۔ مائی وغیرہ مطلق کرفس سے مراد بستانی ہوا کرتی ہے اس کے پتے گول شاخیں پتلی پتلی درخت ایک گز لمبا۔ جڑ سیاہ اس میں باریک ریشے ہوتے ہیں۔ جڑ کی قوت تین برس بیجوں کی ۳ برس جڑ کل اجزا سے قوی الاثر ہے اسکے بیج انیسوں سے مشابہ سیاہ رنگ تیز ذائقہ گول ہوتے ہیں خاصیت۔ رنگ سیاہ۔ ذائقہ تیز۔ تند جرپرہ۔ گرم خشک بعض مورث مرگی۔ محرورین۔ مصلح۔ انیسوں۔ مصطگی۔ بدل۔ بادیان زیرہ۔

فوائد۔ مضعف معدہ۔ باہ۔ محلل ریاح۔ ورم طحال۔ مدر بول۔

استعمال۔ دمہ۔ استسقا۔ امراض بلغمی میں مفید ہے۔

خوراک۔ بیج ۳ ماشہ۔ جوشاندہ جڑ ۷ ماشہ۔

مرکبات برگ

ضماد

عرق برگ کرفس - یا عصارہ کرفس آرد جو - اکلیل الملک ملا کر لگانے سے ورم تحلیل ہو جاتا ہے -

عصارہ برگ کرفس

عرق برگ کرفس کو نچوڑ کر مطابق قاعدہ خشک کر کر ٹکیاں بنائی جاویں -

فوائد استعمال - امراض سینہ بلغمی احشا ذات الجنب تحلی کو مفید ہے دافع قولنج - مروڑ - مقوی قوت باہ - بھوک زیادہ

مرکبات تخم

جوشاندہ تخم کرفس

تخم کرفس - زوفا - پودینہ بری خشک ہر ایک ۲ ماشہ - ہنسراج - انیسون - اصل السوس ہر ایک تین ماشہ - دار چینی - سپستان دس دانہ ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیں جب ایک پاؤ پانی رہ جاوے صاف کر لیں -

فوائد استعمال - امراض بلغم میں دینے سے سینہ کو صاف کرتا ہے خوراک - ۵ تولہ دن میں ۳ مرتبہ -

حب تخم کرفس

تخم کرفس - سپند - مرچ سیاہ - پیپل - سونف - نمک طعام - چیتہ ہر ایک ایک درم - تودری - دس درم - سقمونیا گیارہ درم - پوست بلیلہ زرد - نسوت سفید - ہر ایک ۵ درم - قند سیاہ ۳۰ درم - جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر

قند کے ذریعہ گولیان بنائی جاوین۔

فوائد استعمال۔ درد نشت ریح مین ایک گولی ہمراہ پانی کے استعمال کیجاوے۔

سفوف تخم کرفس

تخم کرفس ۶ ماشہ انیسون ۲ ماشہ۔ صبیر۔ ثعلب مصری شقاقل مصری۔ تودری سماق قرمام ہر ایک ایک ۲ ماشہ باریک کرکے چینی ہموزن ملالین

فوائد استعمال۔ قوت باہ اور رقیق منی مین مجرب ہے۔

خوراک۔ ۷ ماشہ ہمراہ سادہ شیر گاے۔

مطبوخ تخم کشوث

تخم کرفس ۷ سونف۔ انیسون۔ بیخ کرفس۔ بیخ سونف۔ زیرہ سفید کردیا۔ نانخواہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ بالچھڑ۔ گلسرخ۔ وج۔ خراسانی۔ مجیٹھ ریوند چینی۔ ہر ایک تین ماشہ۔ مویز منقے دس دانہ۔ ملیٹھی تین ماشہ۔ انجیر زرد ۵ دانہ پانی مین جوش دین جب نصف رہجاوے صاف کرکے اس مین ۹ تولہ روغن بید انجیر مین ملاکر پلادین۔

فوائد استعمال ۔ ایک خوراک واسطے اوراربول بستہ کیلئے نہایت مفید ہے

مرکب بیخ کرفس

ماء الاصول

بیخ کرفس۔ بیخ سونف۔ ہر ایک ۲۲ ماشہ بیخ اذخر۔ خلوتہ اذخر ہر ایک ۱۵ ماشہ مصطگی بالچھڑ ہر ایک ساٹھ ماشہ مغزول۔ عود ملسان۔ ہر ایک ۶ ماشہ ۱ اصل السوس۔ افسنتین۔ گلسرخ ہر ایک ۹ ماشہ۔ مویز منقے ۱۲ تولہ۔ انجیر دس عدد۔ دو سیر پانی مین جوش دین جب نکھرف رہجاوے ایک سیر چینی ملاکر قوام کرلین یا پانی مین کوئی شربت ملاکر استعمال کیا جاوے۔ فوائد استعمال۔ بخارات بلغمی۔ استسقا۔ منضج معدہ۔ سدہ بین مفید ہے۔ خوراک

کپور

کافور ——— کافور

یہ بھی ہینگ کی مانند درختوں سے حاصل کیا جاتا ہے۔ اس کی کاشت جاپان کے جزیرہ فارموزہ میں کثرت سے ہوا کرتی ہے۔ اس کی لکڑی کے صندوق میں کپڑے رکھنے سے کیڑا نہیں لگتا ہے۔ جاپان میں کیمیاوی ترکیب سے نقلی کافور تیار کر لیتے ہیں۔ لیکن اصل کافور کے درخت یورپ میں پیدا کئے گئے ہیں ان کے تنے پچیس فٹ تک لمبے اور سرسبز رہا کرتے ہیں۔ ان کی شاخوں کو ہلانے سے کافور کی خوشبو نکلتی ہے۔ اس کی لکڑیاں جوش دے کر بخارات کو جما لیتے ہیں اس کو کافور کہتے ہیں +

خاصیت۔ رنگ سفید۔ ذائقہ قدرے تلخ۔ خنک۔ سرد خشک۔ مضر گردہ مثانہ۔ باہ۔ مصلح زعفران۔ ایلوہ مشک۔

فوائد۔ مفرح قلب۔ مقوی دل دماغ۔ مفرق۔ منوم۔ قاطع باہ۔

استعمال۔ تپ دق۔ تپ عفنی۔ ذات الجنب۔ اسہال صفراوی۔ مندمل زخم پھیپھڑہ کو مفید ہے۔ اس کے سونگھنے سے گرم مزاج والوں کے حواس میں قوت آتی ہے۔ خوراک ا رتی سے چار رتی تک۔

علامات زہر۔ کھانے کے کچھ عرصہ بعد سر میں چکر آتے ہیں۔ بصارت دھندلی۔ مریض سست اور نڈھال ہو جاتا ہے۔ جی گھبراتا ہے۔ ہذیان اور نشہ کی علامات ظاہر ہوتی ہیں۔ پتلیاں پھیل جاتی ہیں۔ مریض تھوڑی دیر بعد اکثر صحت یاب ہو جاتا ہے۔ لیکن بچوں میں تشنج اور جوش خون کی علامات نمایاں ہوتی ہیں۔ بدن گرم چہرہ سرخ۔ دس رتی کے کھانے سے سر میں گرانی۔ درد سر۔ جلن۔ غشی اور آواز بیٹھ جاتی ہے۔ فالج تشنج۔

ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ کبھی جسم پسینہ پسینہ ہو کر نہایت کمزور ہو جاتا ہے
اندرونی اعضاء معدہ۔ آنتوں۔ اعضاء بول کی جھلی متورم ہو جاتی ہے۔ جس
میں خون جما ہوا پایا جاتا ہے۔ اگر ثابت ٹکڑہ کھایا جاوے تو معدہ میں پڑا
رہتا ہے۔ اگر شراب میں حل کر کے کھائیں تو خون میں مل جاتا ہے۔ بچہ
پندرہ رتی سے پانچ گھنٹہ میں ہلاک ہو جاتا ہے۔

علاج۔ قے کرائیں۔ اور بعد کو روغن بید انجیر پلائیں۔ زعفران کا استعمال
کرائیں۔ باقی موجودہ حالت کا علاج کریں +

مرکبات کافور

رب کافور

کافور ایک ماشہ کو ایک پاؤ پانی میں ڈال دیں وہ حل ہو جاویگا۔ خوراک
ڈھائی تولہ۔ صفراوی بخار کے جوش اور دیگر وبائی بخار طاعون وغیرہ میں
مفید ہے +

حب کافور

زیرہ گلاب۔ تخم خرفہ۔ نشاستہ۔ طباشیر۔ سماق۔ کتیرا ہر ایک ایک
درم۔ کافور ایک دانگ کوٹ چھان کر لعاب اسبغول میں گولیاں بنائیں
فوائد استعمال۔ مرض خناق گرم میں چوسنا مفید ہے +

حب بقراط

کافور نصف ماشہ۔ طباشیر سفید۔ نشاستہ۔ صمغ عربی ہر ایک ایک
ماشہ باریک کر کے گولیاں بنائیں۔ کبھی زہر مہرہ زیادہ کرتے ہیں۔
فوائد استعمال۔ صفراوی دستوں اور تپ محرقہ میں شربت سیب کے
ہمراہ معمول ہے +

روغن کافور

کافور پانچ تولہ۔ جائفل دو تولہ باریک کرکے۔ پتال جنتر سے تیل نکالا جاوے +

فواید استعمال۔ درد ریح۔ سینہ۔ موچ وغیرہ کو مفید ہے +

سفوف کافور

تخم ریحان۔ تخم بارتنگ۔ صمغ عربی۔ ہرایک ایک درم۔ روغن زرد میں بریان کیا جاوے۔ تخم حماض ایک درم کافور ایک ماشہ خوب باریک کرکے سفوف بنائیں۔ خوراک دو درم۔

فواید استعمال۔ اسہال کبدی۔ معدی۔ معوی اگر حرارت ہو تو ہمراہ شربت حب الاٰس کے دیں +

عرق کافور

کافور پانچ تولہ۔ کشنیز خشک۔ گل گاوزبان۔ گل بنفشہ۔ گل نیلوفر۔ صندلین۔ تخم کاہو۔ تخم خرفہ۔ برگ بنفشہ ہرایک تین تولہ۔ عرق گلاب عرق بید مشک۔ عرق کاسنی ہرایک دو سیر۔ سب کو ملاکر عرق کھینچ لیں۔ خوراک پانچ تولہ۔

فواید استعمال۔ تپ محرقہ۔ تپ دق۔ گرم مزاجوں کی خرابی دور کرتا ہے +

قرص کافور

تخم خیارین۔ تخم خربوزہ۔ تخم کدو شیریں۔ بہدانہ۔ گلسرخ۔ رب السوس۔ طباشیر ہرایک دس ماشہ۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ نشاستہ۔ صندل سفید ہرایک سات ماشہ۔ تخم کاہو۔ کافور قیصوری۔ ہرایک پونے دو ماشہ باریک کرکے لعاب اسبغول میں قرص بنائے جائیں۔ خوراک سات ماشہ

ہمراہ سکنجبین سادہ اور عرق گلاب کے استعمال کی جائیں۔

فوائد استعمال۔ سوزش جگر۔ یرقان۔ تپ حادہ میں مفید ہے +

قطور کافور

کافور۔ افیون ہر ایک ایک رتی۔ روغن گل شیر دختر مادر میں حل کر کے کان کے درد شدید میں ٹپکائیں +

مرہم کافوری

کافور دو ماشہ۔ سنگ جراحت دو ماشہ۔ مردار سنگ ایک ماشہ۔ طوطیا کرمانی ایک تولہ۔ کتھہ سفید چودہ ماشہ۔ رال ایک تولہ۔ سفید موم ساڑھے تین ماشہ۔ روغن گاؤ چار تولہ۔ اول جملہ ادویہ کو باریک کر کے موم۔ گھی کو پگھلائیں۔ پھر سات مرتبہ سرد پانی سے دھو کر جملہ ادویہ کو ملا کر رکھ لیں +

فوائد استعمال۔ زخم آتشک دیگر زخم پھنسی پھوڑوں کو مفید ہے +

رابع کافوری

ست پودینہ ایک تولہ۔ ست الائچی۔ ست اجوائن ایک تولہ۔ کافور گیارہ ماشہ۔ ان کو ایک شیشی میں ملاؤ۔ خوراک چار بوند تک۔ اس کے استعمال کا طریقہ مطابق چہار اجزاء کی تاثیر پر برتنا چاہئے۔ مثلاً بد ہضمی درد ریح۔ ہیضہ۔ بخار۔ درد شکم +

آلو بخارا

اجاص ــــــ آلو بخارا

ایک درخت کا پھل سرخ سیاہی مائل۔ چاشنی دار ہوتا ہے۔ پرانا کم

بالکل سیاہ ہوجاتا ہے۔ یہ صفراوی بخار میں کثرت سے استعمال کیا جاتا ہے جو زرد ہوتا ہے۔ اس کو آلوچہ کہتے ہیں +

خاصیت۔ رنگ سرخ۔ پرانا سیاہ۔ سرد تر۔ مضر دماغ۔ معدہ پٹھے۔ مصلح عناب۔ گلقند۔ مصطگی۔ بدل املی۔

فوائد۔ مسہل صفرا۔ دافع تشنگی۔ قے۔ متلی۔ ملین۔ مصفی جوش خون۔

استعمال۔ تپ صفراوی۔ دردسر حار۔ ہر ایک فضول مادہ کا ناضج۔ اور مخرج مادہ ہے۔ باوجود ترشی کے کھانسی کو مضر نہیں۔ سوزش قلب دافع صفرا کو مفید ہے۔ خوراک ۵ دانہ سے ۱۵ دانہ

مرکبات آلو بخارا

رب آلو بخارا

آلو بخارا کو بھگو کر مل کر صاف کر کے مطابق قاعدہ رب شہتوت کے چینی ملا کر گاڑھا کر لیا جاوے۔ استعمال مانند آلو بخارے کے۔ خوراک کا اندازہ بحساب ۵ دانہ استعمال کیا جائے +

شربت آلو بخارا

آلو بخارا پچاس دانہ۔ تخم خرفہ۔ تخم خیارین۔ تخم کاہو۔ پوست ترنج ہر ایک ایک تولہ۔ املی چار تولہ۔ چینی ڈھائی پاؤ۔ مطابق قاعدہ کے شربت تیار کر لیں +

فوائد استعمال۔ امراض صفراوی میں استعمال کیا جاتا ہے۔ خوراک ۲ تولہ

مطبوخ آلو بخارا

آلو بخارا۔ زرد آلو۔ ہر ایک سات دانہ۔ سپستان چالیس دانہ۔ عناب دس دانہ۔ گل بنفشہ۔ گل نیلوفر۔ تخم کاسنی۔ بکو۔ گلسرخ ہر ایک نو ماشہ

ڈھائی ڈھائی پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جاوے مل کر صاف کر کے گودہ املتاس۔ ترنجبین۔ شیرخشت۔ ہر ایک چھ تولہ۔ روغن بادام چھ ماشہ۔ شربت آلو بخارا چار تولہ زیادہ کر کے ایک مرتبہ استعمال کیا جاوے +

فوائد استعمال۔ سرسام گرم امراض صفراوی میں برتا جاتا ہے +

بنفشہ

بنفسج ـــــــــــ بنفشہ

یہ نبات بالشت ڈیڑھ بالشت کے برابر مہندی اور انار کے پتوں کے مانند ہوتی ہے۔ لیکن درمیان سے کسی قدر عریض۔ اور دونوں کونے کچھ نکلے ہوئے۔ پھول نیلا آسمانی ہوتا ہے +

خاصیت۔ رنگ پتوں کا سبز سیاہی مایل۔ ذائقہ کسیلا۔ مضر۔ مضعف قلب مصلح رب السوس گلسرخ ہیں +

فوائد۔ مسہل صفرا۔ محلل اورام مسکن جوش خون۔ مسکن تشنگی ملین۔

استعمال۔ یبوست حلق۔ صدر۔ سوزش مثانہ۔ کھانسی۔ بیخوابی۔ دفع کرتا ہے۔ لیپ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ خوراک دو ماشہ سے چھ ماشہ مطبوخ ۱-۲ تولہ تک

مرکبات برگ بنفشہ

حب بنفشہ ـــــــــــ

برگ بنفشہ۔ لسوڑت۔ رب السوس مقشر۔ گلسرخ۔ ہر ایک دو درم سقمونیا۔ غاریقون ہر ایک نصف درم کوٹ چھان کر گولیاں بنائیں +

فوائد استعمال۔ تنقیہ۔ زکام گرم میں معمول ہے یہ ایک خوراک ہے +

جوشاندہ برگ بنفشہ

برگ بنفشہ ۔ اسطوخودوس ۔ گلسرخ ہر یک تین ماشہ نصف سیر پانی میں اس قدر جوش دیا جاوے کہ چوتھائی حصہ رہ جاوے ✤

فوائد استعمال ۔ دردشقیقہ میں ہمراہ مربہ ہلیلہ کے ۔ بلغمی دردسر میں مرزنجوش زیادہ کرتے ہیں ✤

شربت بنفشہ

برگ بنفشہ دس تولہ نصف سیر پانی میں جوش دے کر خوب صاف کر کے نصف سیر شکر ملا کے قوام کریں ✤

فوائد استعمال ۔ ذات الجنب ۔ ذات الریہ اور ابطور ملین کے دیا جاتا ہے خوراک ۲ تولہ ۔ ۴ تولہ ۔

قرص بنفشہ

برگ بنفشہ ۔ چہار مغز ۔ تخم کدو ۔ مغز بادام شیریں ۔ مغز تخم خیار ۔ کتیرا اسفید ہر ایک پانچ درم ۔ رب السوس گل ارمنی ۔ نشاستہ سفید ہر ایک تین درم ۔ مصطگی ایک مثقال ۔ بابچھڑ ایک درم ۔ کوٹ چھانکر قرص بنائیں ۔

فوائد استعمال ۔ تپ کہنہ جس کے ساتھ کھانسی بھی ہو ۔ خوراک ایک مثقال ۔

دیگر

قرص برگ بنفشہ

رب السوس ساڑھے تین ماشہ ۔ برگ بنفشہ ساڑھے سات ماشہ تربد مدبر ۔ اصل السوس ہر ایک ساڑھے تین ماشہ ۔ پوست ہلیلہ زرد

مدبر پانچ ماشہ۔ سقمونیا بریان پونے دو ماشہ باریک کر کے قرص بنالیں

فوایداستعمال۔ صفرا بلغم کا مسہل ہے۔ دردسر میں مفید ہے +

مرکبات گل بنفشہ

روغن بنفشہ

گل بنفشہ تازہ ایک حصہ۔ روغن بادام دو حصہ دھوپ میں رکھیں جب روغن میں اثر آجاوے تو پھولوں کو نکال ڈالیں اور نئے ڈال دیں غرض ایسے ہی سات مرتبہ کریں۔

فوایداستعمال۔ سونگھنے سے خونِ نکسیر جو حرارت کے سبب سے آتا ہو۔ بند ہو جاتا ہے +

رب بنفشہ

گل اور برگ بنفشہ کو خوب جوش دے کر ملکر صاف کر کے مانند رب شہتوت کے قوام کرلیں۔ خوراک ۶ ماشہ

سفوف گل بنفشہ

گل بنفشہ تین درم۔ گلسرخ پانچ درم۔ دھنیا مقشر سات درم شکر سفید ہموزن کوٹ چھان کر سفوف بنائیں +

فوایداستعمال۔ صبح کو ایک تولہ۔ دردسر گرم۔ اور درد کان میں بعد تنقیہ مفید ہے۔ خوراک ایک تولہ۔

شافہ گل

گل بنفشہ سات ماشہ۔ گل خطمی نو ماشہ۔ سارنگی پندرہ ماشہ۔ عسل خیار شنبر۔ شکر سرخ۔ ہر ایک ڈھائی تولہ۔ نمک ہندی ایک درم جملہ دوا کو باریک کوٹ چھان کر املتاس میں شیاف بنائیں +

استعمال۔ درد قولنج میں گرم مزاجوں کے لئے معمول ہے ✦

قیروطی گل بنفشہ

گل بنفشہ۔ گلسرخ۔ گل بابونہ۔ اکلیل الملک ہر ایک سات ماشہ پانی میں پکاکر صاف کر کے لعاب اسبغول۔ لعاب گل خطمی۔ روغن بادام موم سفید داخل کر کے قیروطی بنائیں۔

فوایداستعمال۔ ذات الجنب۔ شوصہ میں معمول ہے ✦

مطبوخ ملیّن

گل بنفشہ۔ عناب۔ اسطوخودوس ہر ایک پانچ درم۔ گلقند بیس درم دس گنا پانی میں جوش دے کر مل کر صاف کر کے املتاس دو درم حل کرلیں ✦

فوایداستعمال۔ صفرا میں املی۔ آلو بخارا۔ ترنجبین۔ شاہترہ۔ پوست ہلیلہ زرد مضاعف کرتے ہیں۔ یہ ایک خوراک ہے ✦

قطور بیخ بنفشہ

بیخ بنفشہ۔ روغن زیتون میں پکاکر کان میں ٹپکادیں ✦

فوایداستعمال۔ سماعت نقصان، کی خرابی کو زایل کرتا ہے ✦

نیلوفر

کرنب الماءِ ——— نیلوفر

آبی روئیدگی ہے جو تالابوں اور جھیل وغیرہ میں پیدا ہوتی ہے اس کے پھول کے پتے بیضاوی لانبے اندر زیرہ زرد۔ اگر اس کو سامنے سے بند کردیں تو ایک انڈے کی شکل کا ہوجاتا ہے ✦

خاصیت پھول۔ رنگ سفیدی زردی مایل غلافی پتہ سبز سفید لکیرد ار

ذائقہ پھیکا۔ سرد تر۔ مضر باہ۔ مصلح۔ مصری۔ شہد۔ بدل گل بنفشہ گل خبازی۔ گل خطمی +

فوائد استعمال۔ منطفی حرارت۔ مقوی دل دماغ۔ منوم۔ مسکن تشنگی۔ استعمال۔ جوشاندہ۔ خساندہ۔ پیاس۔ دردسر گرم۔ یبوست دماغ۔ سینہ۔ سرفہ۔ مندمل زخم۔ ظاہر و باطن میں معمول ہے۔ خوراک پانچ سے دس ماشہ +

مرکبات گل

جلاب گل نیلوفر ـــــــ گل۔ آب نیلوفر

گل نیلوفر تین درم۔ عرق گلاب۔ عرق بیدمشک۔ بھگوکر۔ صبح کو قند یا ترنجبین حسب ضرورت ملاکر قوام کریں +

فوائد استعمال۔ دافع حرارت دل۔ دائمی قبض کو مفید ہے یہ ایک خوراک ہے +

روغن نیلوفر ـــــــ

گل نیلوفر ایک حصہ۔ روغن بادام دو حصہ دھوپ میں مانند گل بنفشہ کے تیار کرلیں +

استعمال۔ دافع گرمی خشکی +

روغن مرکب نیلوفر ـــــــ

روغن نیلوفر۔ روغن کاہو ہر ایک ایک جز۔ شیر مادر دختر دو جز باہم ملالیں +

فوائد استعمال۔ گرمی خشکی دور کرنے کے لئے سعوط کرتے ہیں +

شربت نیلوفر

خشک پھول نصف سیر۔ مصری ایک سیر بدستور قوام بنالیں +

فواید استعمال۔ ذات الجنب۔ ذات الریہ۔ کھانسی۔ تپ دق خشونت سینہ دردسر حار۔ خفقان میں معمول ہے۔ خوراک دو تولہ +

عرق نیلوفر

گل نیلوفر تازہ پانچ سیر۔ پانی ساڑھے سات سیر میں پانچ سیر عرق کھینچ لیا جاوے۔ اگر پھول خشک ہوں تو ایک سیر۔ پانی پندرہ سیر اس میں سے دس سیر عرق کشید کیا جاوے۔ خوراک ۱۲ تولہ +

لخلخہ نیلوفر

گل نیلوفر۔ گل ارمنی۔ صندل سفید ہر ایک ایک ماشہ۔ عرق صندل مسحوق شدہ دو تولہ عرق سبز دھنیا چار تولہ عرق کدو چار تولہ۔ عرق کھیرا چار تولہ ملا کر ایک چوڑے مُنہ کی بوتل میں رکھیں وقتاً فوقتاً دماغ کے امراض گرم میں سونگھیں +

مطبوخ گل نیلوفر

گل نیلوفر صاف شدہ چھ ماشہ۔ عناب دس دانہ سپستان پندرہ دانہ تخم خطمی۔ خبازی ہر ایک چھ ماشہ۔ مکو۔ گل بنفشہ ہر ایک ایک تولہ جوش دیکر صاف کر کے لعاب اسبغول۔ لعاب بہدانہ ملا کر ترنجبین سے شیریں کر کے پلائیں + استعمال۔ ذات الجنب میں معمول ہے +

مرکبات تخم نیلوفر

تخم نیلوفر

بزر کرنب الماء

پھل کے اندر سے چھوٹے چھوٹے دانہ نکلتے ہیں اوپر کا رنگ سیاہ سرخی مائل

اندر سفید۔ ذائقہ پھیکا۔ سرد خشک۔ مضر مثانہ۔ مصلح مصری۔ شہد بدل ✦

فواید۔ مغلظ منی۔ مسکن درد رحم مجفف رطوبت ✦

استعمال۔ اس کا لیپ درد رحم اور مثانہ کو دفع کرتا ہے۔ چند بار پلانے سے درد رحم کو تسکین دیتا ہے۔ خوراک تین ماشہ سے چھ ماشہ تک ✦

مرکبات تخم نیلوفر

حب تخم نیلوفر

سفوف تخم نیلوفر تین ماشہ۔ سفوف تخم خرفہ تین ماشہ۔ سفوف گھنگچی سفید دو ماشہ۔ رب کاہو حسب ضرورت ملا کر گولیاں بنائی جائیں ✦

فواید استعمال۔ مغلظ منی میں معمول ہے۔ خوراک ڈیڑھ ماشہ ہمراہ شیر تازہ گائے کے ✦

سفوف تخم نیلوفر

سفوف تخم نیلوفر چھ ماشہ۔ تخم گاجر۔ مشکدانہ تین ماشہ۔ انیسوں دو ماشہ۔ سمندر سوکھ دو ماشہ۔ تخم سردابی دو ماشہ۔ تودری زرد تین ماشہ باریک کر کے سفوف بنائیں ✦

فواید استعمال۔ مقوی باہ۔ دماغ۔ مغلظ منی۔ خوراک چھ ماشہ ہمراہ شیر تازہ کے ✦

بیخ نیلوفر

بیخ نیلوفر ـــــ اصل کرنب الماء

اس کی جڑ گول کسیرو کے مانند قدرے کلان ہوتی ہے۔ اور اوپر کا پوست سیاہ اندر زرد ذائقہ لذید سرد تر ✦

مرکبات بیخ

سفوف بیخ نیلوفر

جڑ نیلوفر تین ماشہ - خشخاش سفید دو ماشہ - تخم کاہو - تخم خرفہ ہر ایک دو ماشہ کوٹ چھان کر ہموزن چینی ملا کر دو پڑیاں بنائیں +

فواید استعمال - کثرت احتلام - رقیق منی میں معمول ہے - دن میں دو مرتبہ

عرق بیخ نیلوفر

عرق بیخ نیلوفر ۶ ماشہ - زعفران دو رتی کافور ایک رتی - افیون ایک رتی - عرق گلاب سوا تولہ ہر ایک دوا کو عرق میں حل کر کے بحفاظت تنگ منہ کی شیشی میں رکھ لیں +

فواید استعمال - درد چشم - سرخی آشوب چشم وغیرہ وغیرہ میں مجرب ہے - درد میں بجائے کوکین کے کام دیتا ہے +

عرق خالص بیخ نیلوفر کا درد کو ساکن کرتا ہے +

تیواج

ایک درخت کی تلخ چھال ہے +

خاصیت - رنگ زرد - ذائقہ تلخ - گرم خشک - مضر محرورین مصلح کتیرا اسبغول - روغن بادام - بدل بیخ اجمود - دم الاخوین +

فواید - حابس خون - قابض +

استعمال - نزلہ - نکسیر - درد سر - زکام - درد دانت کو مانع ہے مسوڑوں کو مضبوط کرتی ہے - سرکہ میں گھس کر لگانے سے ورم کو تحلیل کرتی ہے - بخور دافع ہوائے وبائی - خوراک ساڑھے چار ماشہ +

مرکبات

سفوف تیولج

تیولج ۔ گل نیلوفر ہر ایک ساڑھے چار ماشہ خسکدانہ ۔ کتیرا ہر ایک تین ماشہ ۔ باریک پیس کر سفوف بنائیں +

فواید استعمال ۔ بواسیر خونی ۔ نکسیر کو مفید ہے ۔ خوراک تین ماشہ

شربت تیولج

تیولج ۔ انجبار ۔ مغز بادام ہر ایک ایک تولہ ۔ سفوف کتیرا چھ ماشہ چینی ڈھائی پاؤ ۔ بدستور قوام بنائیں +

فواید استعمال ۔ بواسیر خونی ۔ نکسیر کو مفید ہے ۔ خوراک تین ماشہ

شربت تیولج

تیولج ۔ انجبار ۔ مغز بادام ہر ایک ایک تولہ ۔ سفوف کتیرا چھ ماشہ ۔ چینی ڈھائی پاؤ بدستور قوام بنائیں اوتارتے وقت کتیرا ملادیں

استعمال ۔ امراض بالا میں مفید ہے ۔ خوراک دو تولہ +

سونف

رازیانج ــــــــ بادیان

اس کا درخت قریب گز ڈیڑھ گز لانبا اس کی بناوٹ اوبھار دار لکیروں سے ہوتی ہے ۔ اس کی شاخ کے سرے پر ایک گرہ ہوتی ہے جس میں سے پتلی پتلی شاخیں نکل کر چھوٹے چھوٹے بیجوں سے پیالہ نما گچھے بناتی ہیں اور ان گچھوں میں بیضاوی شکل کے بیچ ٹوپی دار بمعہ دو ریشوں کے لگے ہوتے ہیں جن کو سونف کہتے ہیں ۔ ان کے دو حصہ ہیں اور اسپر لکیریں اوبھار دار ہوتی ہیں ۔ ذائقہ قدرے شیریں ۔ خوشبودار

تیز۔ گرم خشک۔ مضر محرورین۔ مصلح صندل۔ کافور۔ سکنجبین۔ بدل انیسوں۔ تخم کرفس +

فوائد۔ ہاضم۔ مشتی طعام۔ مدر بول۔ محلل ریاح۔ مخرج بلغم۔ مولد منی ناضج مادہ +

استعمال۔ مجاری سینہ۔ گردہ۔ جگر۔ طحال کو مفید ہے

مرکبات تخم

حمول سونف

سونف۔ انیسوں۔ تخم کرفس۔ برگ سداب۔ صعتر۔ ہر ایک ایک درم۔ شہد چار درم۔ دواؤں کو خوب باریک کر لیں اور شہد کو گرم کر کے اس میں ملا دیں +

استعمال۔ رحم کی ریاح خارج کرنے کے لئے برتا جاتا ہے +

روغن سونف

اس کی سہل ترکیب یہ ہے کہ سونف کوٹ کر بھبکے کے ذریعہ عرق کشید کرنے سے روغن بھی نکل آتا ہے جس کو عرق کے اوپر سے اوتار لیتے ہیں۔ دوسری ترکیب کولو کے ذریعہ نکالنے کی ہے۔

فوائد۔ ہاضم۔ محلل ریاح۔ محرک نظام عصبی۔ خوراک ۵ بوند +

سفوف رب حیات

سونف۔ سنارنگی۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بہیڑہ۔ آملہ۔ زیرہ سفید۔ نمک سیاہ ہر ایک ایک تولہ۔ زنجبیل چھ ماشہ باریک کر کے رکھ لیں +

استعمال ہاضمہ کے واسطے معمول ہے۔ خوراک چھ ماشہ +

دیگر

سفوف مزید البصر

سولف ۔ چینی ہموزن ۔ باریک کرلیں +

استعمال ۔ بینائی کو زیادہ کرتا ہے ۔ ہاضمہ کو بڑھاتا ہے ۔ خوراک علے الصباح ایک تولہ نہار منہ استعمال کیا جاوے +

شربت چہار تخم

سولف ۔ تخم میتھی ۔ تخم السی ۔ ہالون ۔ اصل السوس ہر ایک چار تولہ سپستان تیس دانہ ۔ زوفا نو ماشہ ۔ انجیر دس عدد ۔ مویز منقی بیس دانہ ۔ چینی ارھائی پاؤمیں مطابق قاعدہ کے قوام کرلیں +

فوائد استعمال ۔ کھانسی ۔ ریو بلغم سے سینہ کو صاف کرتا ہے +

عرق سولف

سولف پانچ تولہ ۔ پانی ڈیڑھ سیر ڈالا جاوے اور عرق ایک سیر کشید کیا جاوے +

قرص سولف

سولف ۔ زیرہ سیاہ ۔ پوست ہلیلہ سیاہ ہموزن کوٹ چھان کر گوند کے پانی میں قرص بنائیں +

استعمال ۔ نوبتی بخار میں دینے سے تیسری نوبت سے تجاوز نہیں کرتا خوراک چار ماشہ قبل از باری دو گھنٹہ

بیخ سولف

اصل الرازیانج ———— بیخ بادیان

جڑ تمام اجزا سے قوی ہے ۔ رنگ زرد شیریں تیز ۔ گرم خشک مفر

محرورین مصلح کشنیز کتیرا۔ صندل۔ بدل بیخ کرفس۔ خوراک ۲ ماشہ سے ایک تولہ

مرکبات بیخ سولف

شربت بیخ سولف

بیخ بادیان۔ بیخ کاسنی۔ ہر ایک چار درم۔ مویز منقی۔ تخم خیارین۔ سولف تخم خربوزہ۔ بنفشہ۔ شاہترہ۔ ملٹھی۔ نیلوفر۔ تخم کشوث صندل سفید گلسرخ عنب الثعلب۔ گاؤزبان۔ ریوند خطائی۔ لک مغسول ہر ایک دو درم۔ چینی تین پاؤ۔ ایک سیر پانی میں جوش دیکر حسب قاعدہ قوام تیار کریں +

استعمال۔ تپ صفراوی۔ تہیج اطراف اطفال (ہاتھوں کا ورم) وغیرہ میں مجرب ہے۔ خوراک ۲ سے چار تولہ تک +

دیگر

شربت

بیخ سولف۔ بیخ کاسنی۔ گوکھرو۔ تخم خیارین۔ ابہل۔ تگر۔ تخم خربوزہ بنفشہ تخم گاجر۔ ہر ایک ایک تولہ۔ سولف۔ تخم کشوث۔ پودینہ۔ نالون۔ دارچینی مجیٹھ کلتھی۔ بالچھڑ۔ برنجاسف۔ ہر ایک دو درم۔ تخم کرفس۔ انیسوں ہر ایک ایک درم ہنسراج دو مثقال۔ انجیر زرد دس دانہ۔ قند سفید دو اڈن کے سہ چند حسب قاعدہ شربت بنائیں +

فواید استعمال۔ حیض کے بند ہونے سے جو مٹاپا ہو جاتا ہے استعمال کرتے ہیں۔ خوراک ۴ تولہ ہمراہ عرق گوکھرو دس تولہ کے دیا جاوے۔ اگر بلغمی مزاج ہو تو ہمراہ سکنجبین یا شربت جاوشیر کے دیں +

کحل

کحل سولف

سولف کے درخت کے کل اجزاء کا عرق نکال کر اس میں سرمہ کھرل کیا جاوے اور وقت تیاری حسب ضرورت ورق نقرہ مروارید ملا کر کھرل کر لیں +

فوائد استعمال - روزانہ کمزوری عین میں لگایا جاوے +

انیسوں

انیسوں ـــــ بادیان رومی

ایک گھاس کا بیج ہے جو سولف سے چھوٹا ہوتا ہے +

خاصیت - سبز مائل بسفیدی زردی - ذائقہ تیز تلخ گرم خشک - مضر امعا محرورین مصلح سولف سکنجبین - لنعناع +

فوائد - محلل ریاح ملطف - مجلد مسکن درد - مدر پیشاب - دودھ پسینہ حیض استعمال - لقوہ - جلندر - بلغمی امراض - سیلان الرحم - وجع مفاصل اور یرقان کو مفید ہے - خوراک چار ماشہ سے نو ماشہ تک +

مرکبات انیسوں

حب انیسوں

انیسوں - اجواین دیسی ہر ایک ایک دانگ نمک ہندی نصف مثقال صبر ایک مثقال ہمراہ پانی کے گولیاں بنائیں +

استعمال منہ سے لعاب بہنے کو جو معدہ کی خرابی کی وجہ سے ہو روکتی ہیں ہفتہ میں ایک مرتبہ دینا چاہئے - یہ حبوب ایک خوراک ہے +

سفوف انیسوں

سولف - انیسوں ہر ایک چار ماشہ - لخلاع تین ماشہ تخم خربوزہ پانچ ماشہ - بیخ کاسنی بیخ سولف - گلسرخ ہر ایک چار ماشہ - ریوند چینی تین ماشہ عنب الثعلب پانچ ماشہ - تخم کشوث تین ماشہ کوٹ چھان کر سفوف تیار کرلیں +

استعمال - مدر بول - ورم جگر میں مستعمل ہے - خوراک چھ ماشہ - عرق کاسنی یا شربت انار کے ہمراہ دیں +

قرص انیسوں

انیسوں - افسنتین - مغز بادام تلخ - بالچھڑ - ایلوہ زرد ہر ایک چار درم عصارہ غافث ۔ فرنج ہندی تیگر ہر ایک تین درم مصطگی - تخم کرفس ہر ایک ایک درم - کوٹ چھان کر عرق گلاب میں قرص بنائیں +

فواید استعمال - بلغمی تپ نئے پرانے باغم غلیظ - حامض - ذجاجی بدن مفید اور مقوی معدہ اور جگر ہے - خوراک تین ماشہ +

ملہٹی

اصل السوس — بیخ مہک

اس کا درخت ڈیڑھ یا دو گز بلند ہوتا ہے - اس کی جڑ مختلف طول کے لمبے ٹکڑوں میں زمین کے اندر ہوتی ہے چھلکا بھورا بو خاص قسم کی جی متلانے والی اسی وجہ سے چھیل کر استعمال کرنا چاہئے +

ایک قسم اس کی بالکل تلخ سمیت دار ہوتی ہے اس کا استعمال ممنوع ہے - یہ وہ ہے جو شیریں اور کم ریشہ ہو +

خاصیت - اندر زرد باہر بھورا - ذائقہ شیریں - مضر گردہ طحال - مصلح عناب

کحل

کحل سولف

سولف کے درخت کے کل اجزاء کا عرق نکال کر اس میں سرمہ کھرل کیا جاوے اور وقت تیاری حسب ضرورت ورق نقرہ مروارید ملا کر کھرل کر لیں +

فوائد استعمال۔ روزانہ کمزوری عین میں لگایا جاوے +

انیسوں

انیسوں ـــــ بادیان رومی

ایک گھاس کا بیج ہے۔ جو سولف سے چھوٹا ہوتا ہے +

خاصیت۔ سبز مائل بسفیدی زردی۔ ذائقہ تیز تلخ گرم خشک۔ مضر اسحار ورد مصلح سولف سکنجبین۔ نخاع +

فوائد۔ محلل ریاح۔ ملطف۔ مجلد۔ مسکن درد۔ مدر پیشاب۔ دودھ پسینہ حیض استعمال۔ لقوہ۔ جلندر۔ بلغمی امراض۔ سیلان الرحم۔ وجع مفاصل اور یرقان کو مفید ہے۔ خوراک چار ماشہ سے نو ماشہ تک +

مرکبات انیسوں

حب انیسوں

انیسوں۔ اجوائن دیسی ہر ایک ایک دانگ نمک ہندی نصف مثقال صبر ایک مثقال ہمراہ پانی کے گولیاں بنائیں +

استعمال۔ منہ سے لعاب بہنے کو جو معدہ کی خرابی کی وجہ سے ہو روکتی ہیں ہفتہ میں ایک مرتبہ دینا چاہئے۔ یہ حب ایک خوراک ہے +

سفوف انیسوں

سولف۔ انیسوں ہر ایک چار ماشہ۔ لغفلغ تین ماشہ۔ تخم خربوزہ پانچ ماشہ۔ بیخ کاسنی بیخ سولف۔ گلسرخ ہر ایک چار ماشہ۔ ریوند چینی تین ماشہ عنب الثعلب پانچ ماشہ۔ تخم کشوث تین ماشہ کوٹ چھان کر سفوف تیار کر لیں +

استعمال۔ مدر بول۔ ورم جگر میں مستعمل ہے۔ خوراک چھ ماشہ۔ عرق کاسنی یا شربت انار کے ہمراہ دیں +

قرص انیسوں

انیسوں۔ افسنتین۔ مغز بادام تلخ۔ بالچھڑ۔ ایلوہ زرد ہر ایک چار درم عصارہ غافث شافرنج ہندی تنگر ہر ایک تین درم مصطگی۔ تخم کرفس ہر ایک ایک درم۔ کوٹ چھان کر عرق گلاب میں قرص بنائیں +

فواید استعمال۔ بلغمی تپ نئے پرانے بلغم غلیظ۔ حامض۔ مزاجی ہیں مفید اور مقوی معدہ اور جگر ہے۔ خوراک تین ماشہ +

ملٹھی

اصل السوس — بیخ مہک

اس کا درخت ڈیڑھ یا دو گز بلند ہوتا ہے۔ اس کی جڑ مختلف طول کے لمبے ٹکڑوں میں زمین کے اندر ہوتی ہے چھلکا بھورا ہو خاص قسم کی جی متلانے والی اسی وجہ سے چھیل کر استعمال کرنا چاہئے +

ایک قسم اس کی بالکل تلخ سمیت دار ہوتی ہے اس کا استعمال ممنوع ہے۔ یہ وہ ہے جو شیریں اور کم ریشہ ہو +

خاصیت۔ اندر زرد باہر بھورا۔ ذائقہ شیریں۔ مضر گردہ طحال مصلح عناب

کتیرا۔ گل سرخ۔ گرم خشک +

فوائد۔ منضج بلغم۔ محلل ریاح۔ مدر بول۔ حیض۔ مسکن پیاس۔ مقوی اعصاب مخرج رطوبت باسہال +

استعمال۔ اخلاط غلیظہ کو رقیق اور معتدل کرتی ہے۔ اور مرکب میں نضج پیدا کرتی ہے۔ خوراک ۳ سے ۹ ماشہ +

مرکبات اصل السوس

حب اصل السوس

ملٹھی چھلی ہوئی۔ تخم کتان بریان۔ کتیرا۔ صمغ عربی۔ مغز بادام شیریں۔ مغز چلغوزہ ہموزن باریک کر کے شہد سے گولیاں بنائیں +

استعمال۔ کھانسی زکام۔ خشونت سینہ میں معمول ہے +

رب السوس

ملٹھی ایک سیر کو جو کوب کر کے ڈھائی سیر پانی میں ۱۲ گھنٹہ بھگو کر نچوڑ ڈالیں اور نچوڑے ہوئے ثفلہ میں ڈھائی سیر اور پانی ملا کر چھ گھنٹہ بھگو رکھیں۔ پھر اس کو بھی نچوڑ کر ہر دو عرق کو ملا کر چھان لیں اور آنچ پر رکھ کر پانی کو خشک کریں۔ جب پانی چوتھائی حصہ رہ جاوے تو مکرر فلالین میں چھان کر اب پانی کی بھاپ سے بالکل گاڑھا کر لیں۔ خوراک ۱ سے ۳ ماشہ +

سفوف رب السوس

ملٹھی دو حصہ۔ سونف ایک حصہ۔ شکر سفید تین حصہ۔ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں +

فوائد استعمال۔ زکام۔ نزلہ۔ کھانسی۔ درد سر۔ ضیق النفس کیواسطے معمول ہے۔ خوراک ۳ سے ۶ ماشہ +

دیگر

سفوف اصل السوس

سفوف سنا۔ سفوف ملٹھی ہر ایک دو حصہ۔ گندک۔ سونف ہر ایک ایک حصہ۔ سفوف کر کے چینی ہموزن ملا کر خوب باریک کر لیں +

فوائد استعمال۔ قبض کشا۔ بواسیر۔ کھانسی میں معمول ہے۔ خوراک ۳ سے ۷ ماشہ

سحوق اصل السوس

رب السوس۔ کتیرا۔ مغز بادام۔ سونف۔ قند۔ ہموزن شہد سہ چند۔ مطابق قاعدہ کے قوام کر لیں۔ خوراک چھ ماشہ +

مطبوخ اصل السوس

ملٹھی۔ برگ گاؤزبان۔ گل گاؤزبان۔ زوفا یابس ہر ایک پانچ ماشہ۔ سبوس گندم چھ ماشہ۔ ابریشم تین ماشہ۔ مصری ایک تولہ جوش دیکر صاف کر کے یہ ایک مرتبہ پیا جاوے +

فوائد۔ ربو۔ کھانسی۔ نزلہ۔ بلغم کو مفید ہے +

حریرہ اصل السوس

ملٹھی ساڑھے سات ماشہ۔ سپستان تیس دانہ۔ کوکنار چار ماشہ تینوں کو نیم کوفتہ کر کے ڈیڑھ سیر پانی میں رات کو بھگو کر صبح کو جوش دیں جبکہ ڈیڑھ پاؤ رہ جاوے تو مصری دس درم نشاستہ سفید دو درم ڈال کر حریرہ پکائیں آگ سے اتار کر سونٹھ ایک درم باریک کر کے اس میں ملا لیں اور گرم گرم پیویں +

فوائد استعمال کھانسی نزلی۔ خشک تر یا ہو لئے تعفن سے ہو اگر شدت کھانسی سے قے بھی ہو جاتی ہو تاہم یہ مفید ہے +

زیرہ سیاہ

کمون اسود ـــــــ زیرہ سیاہ

ایک درخت کے بیج خوشبودار عام مشہور ہیں +

خاصیت - رنگ سیاہ - ذایقہ تیز گرم ۲ خشک - مضر پھیپھڑہ - مصلح کتیرا - بدل کرویا - ڈیوڑھا وزن زیرہ سفید تحلیل کے واسطے - کلونجی -

فواید - ملطف طبع - مخرج بلغم - محلل ورم ریاح - منجذب رطوبت - مشتہی طعام مدربول - حیض - مقوی جگر - معدہ - گردہ - مخرج کرم شکم - خوراک ۳ سے ۷ ماشہ

مرکبات

جوارش کمونی

زیرہ سیاہ مدبر بسرکہ سات حصہ - مرچ سیاہ - زنجبیل - سداب - دارفلفل پودینہ - ہلیلہ زرد - ہر ایک تین تین حصہ - نمک سنگ چار حصہ - شہد جملہ ادویہ کے سہ چند دواؤں کو خوب باریک کوٹ چھان کر شہد کا قوام بنا کر ملا لیں +

فواید استعمال - مقوی معدہ - ہاضم - کاسر ریاح - دافع فضلات براہ دست خوراک ایک تولہ +

حب زیرہ سیاہ

زیرہ سیاہ تین ماشہ برنگ کابلی - درمنہ ترکی - ہر ایک تین ماشہ - لسوت سفید سونٹھ - کتیرا ہر ایک ایک ماشہ کوٹ چھان کر رب گوندہیں گولیاں بنائیں +

فواید استعمال - حسب ضرورت کرم شکم ہیں ایک مرتبہ استعمال کی جاوے مطابق قاعدہ کرم شکم +

سفوف زیرہ سیاہ

زیرہ سیاہ۔ زیرہ بنطی (سفید) تخم کرفس۔ انیسوں ہر ایک پانچ درم۔ سعد کوفی۔ پودینہ خشک ہر ایک تین ماشہ۔ زرنباد دو درم لونگ ایک درم۔ تل سیاہ سات درم کوٹ چھان کر سفوف بنائیں +

فواید استعمال۔ حاملہ عورت کی بھوک بڑھاتا ہے۔ رحم کی ریح کو خارج کرتا ہے خوراک سات ماشہ +

زیرہ سفید

کمون ابیض ———— **زیرہ سفید**

ایک درخت کا بیج سونف سے پتلا۔ تیز۔ خوشبودار۔ پتے سویہ کے مانند ہوتے ہیں۔ اور یہ بیج گچھوں میں لگے ہوتے ہیں۔ یہ دو قسم کا ہوتا ہے جنگلی۔ بستانی۔ رنگ اس کے تین ہیں۔ سیاہ۔ سفید۔ سبز +

خاصیت۔ رنگ سفید۔ ذائقہ تیز۔ تیز بو۔ گرم خشک ۲۔ مضر پھیپھڑہ مصلح کتیرا۔ بدل۔ اجواین۔ کرویا۔ مخرج ریح۔ زیرہ سیاہ نصف وزن دکلونجی +

فواید مقوی معدہ۔ امعار۔ جگر۔ گردہ۔ محلل ریاح

استعمال۔ ضعف باہ۔ جریان۔ آنکھ کے زخم۔ ناخنہ میں برتا جاتا ہے۔ خوراک تین سے سات ماشہ +

مرکبات

حریرہ زیرہ سفید

زیرہ سفید۔ چاول ساٹھی۔ پٹھانی لودہ ہر ایک آٹھ ماشہ مصری دو تولہ باریک کر کے حریرہ بنائیں +

فواید استعمال۔ دودھ زیادہ کرتا ہے۔ یہ ایک خوراک ہے +

زیرہ سیاہ

کمون اسود ———— زیرہ سیاہ

ایک درخت کے بیج خوشبودار عام مشہور ہیں +

خاصیت۔ رنگ سیاہ۔ ذایقہ تیز گرم ۲ خشک ۔ مضر پھیپھڑہ ۔ مصلح کتیرا۔ بدل کرویا ۔ ڈیوڑھا وزن زیرہ سفید تحلیل کے واسطے۔ کلونجی۔

فوائد۔ ملطف طبع ۔ مخرج بلغم ۔ محلل ورم ریاح ۔ منجذب رطوبت ۔ مشتہی طعام مدر بول۔ حیض۔ مقوی جگر ۔ معدہ ۔ گردہ ۔ مخرج کرم شکم ۔ خوراک ۳ سے ۷ ماشہ

مرکبات

جوارش کمونی ————

زیرہ سیاہ مدبر بسرکہ سات حصہ ۔ مرچ سیاہ ۔ زنجبیل ۔ سداب ۔ دارفلفل پودینہ ۔ ہلیلہ زرد ۔ ہر ایک تین تین حصہ ۔ نمک سنگ چار حصہ ۔ شہد جملہ ادویہ کے سہ چند دواؤں کو خوب باریک کوٹ چھان کر شہد کا قوام بنا کر ملا لیں +

فوائد استعمال ۔ مقوی معدہ ۔ ہاضم ۔ کاسر ریاح ۔ دافع فضلات براہ دست خوراک ایک تولہ +

حب زیرہ سیاہ ————

زیرہ سیاہ تین ماشہ برنگ کابلی ۔ درمنہ ترکی ۔ ہر ایک تین ماشہ ۔ نسوت سفید سونٹھ ۔ کتیرا ہر ایک ایک ماشہ کوٹ چھان کر رب گوندنی گولیاں بنائیں +

فوائد استعمال ۔ حسب ضرورت کرم شکم میں ایک مرتبہ استعمال کی جاوے مطابق قاعدہ کرم شکم +

سفوف زیرہ سیاہ

زیرہ سیاہ - زیرہ نبطی (سفید) تخم کرفس - انیسوں ہر ایک پانچ درم -
سعد کوفی - پودینہ خشک ہر ایک تین ماشہ - زرنباد دو درم لونگ ایک درم -
تل سیاہ سات درم کوٹ چھان کر سفوف بنائیں +
فوائد استعمال - حاملہ عورت کی بھوک بڑھاتا ہے - رحم کی ریح کو خارج کرتا ہے
خوراک سات ماشہ +

زیرہ سفید

کمون ابیض ــــــــــــــــ زیرہ سفید

ایک درخت کا بیج سونف سے پتلا - تیز - خوشبودار - پتے سویہ کے
مانند ہوتے ہیں - اور یہ بیج گچھوں میں لگے ہوتے ہیں - یہ دو قسم کا ہوتا ہے
جنگلی - بستانی - رنگ اس کے تین ہیں - سیاہ - سفید - سبز +
خاصیت - رنگ سفید - ذائقہ تیز - تیز بو - گرم خشک ۲ - مضر پھیپھڑہ مصلح
کتیرا - بدل - اجوائن - کرویا - مخرج ریح - زیرہ سیاہ نصف وزن دکلونجی +
فوائد - مقوی معدہ - امعاء - جگر - گردہ - محلل ریاح
استعمال - ضعف باہ - جریان - آنکھ کے زخم - ناخنہ میں برتا جاتا ہے -
خوراک تین سے سات ماشہ +

مرکبات

حریرہ زیرہ سفید ــــــــــــــــ

زیرہ سفید - چاول ساٹھی - پٹھانی لودہ ہر ایک آٹھ ماشہ مصری دو تولہ
باریک کر کے حریرہ بنائیں +
فوائد استعمال - دودھ زیادہ کرتا ہے - یہ ایک خوراک ہے +

سفوف زیرہ

زیرہ سفید بریان۔ سونٹھ۔ پیپگری ہر ایک ایک درم کوٹ چھان کر سفوف بنائیں +

فوائد استعمال ۔مسترخی معدہ ۔ہاضم ۔ دافع اسہال بلغمی مراری ۔ضعف معدہ خوراک چھ ماشہ دو مرتبہ دن میں +

دارچینی

ایک درخت کی چھال خوشبودار ہے ۔جو باہر کا حصہ موٹا ہوتا ہے ۔ اس کو سلیخہ یعنے تج کہتے ہیں ۔اور اندر کے باریک کو دارچینی اس کے درخت سراندیپ اور دکن وغیرہ میں پیدا ہوتے ہیں ۔

خاصیت ۔ رنگ بادامی ذائقہ قدرے شیریں ۔چرچرا ۔خوش مزہ ۔گرم خشک ۳ مضر مثانہ ۔مصلح کتیرا ۔مصطگی ۔ بدل کبابہ ۔تج ۔ خولنجاں +

فوائد ۔ہاضم ۔قابض ۔مصفی ۔ملطف روح ۔مدر حیض و پیشاب ۔مبہی محافظ ارواح ثلثہ ۔مسکن درد ۔بواسیر ۔مقوی اعضاء رئیسہ +

استعمال ۔ تر کھانسی ۔دمہ ۔ استسقا ۔ وسواس ۔مصفوی آواز جو غلیظ خلطوں سے بند ہو گیا ہو ۔گندہ دہنی کو دور کرتی ہے ۔خوراک ۲ سے ۳ ماشہ ۔

مرکبات

جوارش دارچینی

دارچینی ۔عود ہندی ۔ راسن ۔ ہر ایک ایک درم ۔لونگ مرچ سیاہ ۔بالچھڑ تگر ۔ہر ایک پانچ درم ۔سونٹھ دس درم ۔پودینہ خشک آٹھ درم ۔الائچی ۔خرفہ ۔کبابہ ۔ہر ایک دو درم ۔انیسون ۔سولف ۔مصطگی ۔سلیخہ سیاہ ہر ایک تین درم ادویہ

کو کوٹ چھان کر شہد خالص سہ چند میں ملا لیں +

فوایدو استعمال۔ ضعف جگر میں ۳ ماشہ سے ساڑھے سات ماشہ +

سفوف دارچینی

دارچینی۔ ناگرموتھا۔ عود غرقی۔ نانخواہ۔ بادیان خطائی۔ فلفل سیاہ۔ دار فلفل۔ دانہ الائچی سفید۔ پودینہ۔ انیسوں۔ کشنیز مقشر بریان زیرہ سیاہ بریان۔ زنجبیل۔ مصطگی ہموزن کوٹ چھان کر چینی برابر ملا لیں +

فوایدو استعمال۔ مقوی معدہ۔ ہاضم طعام۔ خوراک چھ ماشہ +

طلاء دارچینی

دارچینی۔ عود صلیب۔ صندل سفید۔ اگر ترکی۔ زرنباد ہموزن باریک کر کے عرق گلاب دو حصہ روغن مصطگی چار حصہ ملا لیں +

فوایدو استعمال۔ نم معدہ پر درد کے دفعیہ کے واسطے لگاتے ہیں +

عرق دارچینی

دارچینی سات تولہ۔ بہمنین۔ تودرین۔ زرنباد۔ اندرجو شیریں کلیجن۔ برگ فرنجمشک ہر ایک تین تولہ۔ گل گاؤزبان۔ تیز پات۔ اشنہ۔ دانہ الائچی۔ خرفہ۔ جائفل۔ جاوتری۔ بالچھڑ ہر ایک دو تولہ۔ برگ گاؤزبان۔ بادروج۔ لونگ۔ عود ہندی۔ پوست ترنج۔ اجواین دیسی۔ بوزیدان ہر ایک ایک تولہ۔ کل ادویہ ڈیڑھ سیر پانی میں بھگوئیں عرق صندل سادہ عرق کو عرق بادرنجبویہ۔ ہر ایک دو سیر کل وزن ۷ میں سے پانچ سیر عرق کشید کریں +

فوایدو استعمال۔ دل کے سرد تر مرضوں کیواسطے۔ خوراک دس تولہ

السی

کتان ـــــــــ زغیر

مشہور معروف روئیدگی ہے۔ اس کا تنہ باریک شاخ دار پتلا تقریب نصف گز کے بلند پھول لاجوردی۔ اس کے سرے پر گھنڈیاں گنبد نما ر لکیر دار لگتی ہیں اس میں بیج مایل بزردی وتیرگی۔ بعض مایل بسرخی بعض سیاہی مایل یا سفیدی کے ہوتے ہیں جن کو السی کہتے ہیں۔ السی کا کپڑا اپنے سے حرارت رکھتی ہے ✦

خاصیت۔ رنگ مذکورہ بالا ذایقہ پھیکا لیسدار گرم خشک یا رطوبت فضید مضر بینائی۔ مصلح کتیرا سکنجبین بدل میتھی کے بیج ✦

فواید۔ مخرج بلغم۔ دافع سوزش مثانہ۔ گردہ۔ مصفی سینہ از بلغم۔

استعمال مثانہ کے امراض۔ زخم احلیل۔ گردہ۔ سینہ۔ خوراک چار درم

پولٹس السی ـــــــــ

السی کا آٹا نصف پاؤ۔ کھولتا ہوا پانی سوا پاؤ۔ السی کے آٹے کو اس پانی میں تھوڑا تھوڑا ڈال کر ملالیں ✦

فواید استعمال سینہ پر ذات الجنب میں گرمی پہنچانے اور پھوڑے کے توڑنے کے لئے لگائی جاتی ہے ✦

چاء السی ـــــــــ

السی نیم کوفتہ پانچ تولہ پندرہ چھٹانک پانی میں جوش دی جاوے جب دس چھٹانک رہ جاوے اوتار کر سرد کر لیا جاوے ✦

فواید استعمال۔ زکام کھانسی۔ سوزش مثانہ۔ زخم۔ مدربول وغیرہ میں قدرے گرم استعمال کریں ✦

لعوق السی

السی ہیتھی ہر ایک دس درم۔ مغز چلغوزہ۔ مغز بنولہ ہر ایک بیس درم خوب باریک کر کے ستر درم شہد کف گرفتہ میں ملالیں +

فوائد استعمال۔ گرمی آورد۔ قاطع یبوست حنجرہ میں مفید ہے

دیگر

لعوق کتان

تخم کتان۔ مغز بادام شیریں ہر ایک تین تولہ شہد بارہ تولہ کوٹ کر ملالیں +

فوائد استعمال۔ دمہ خشک کھانسی میں معمول ہے۔ خوراک ۳ سے ۶ ماشہ +

قیروطی السی

تخم السی۔ بابونہ۔ اکلیل الملک پانچ پانچ درم شہد یکدرم گل روغن ملا کر جوش دیں جب پانی خشک ہو جائے ضماد کریں + فوائد استعمال۔ ورم پستان پکاتی ہے +

مطبوخ السی

تخم السی۔ زوفا ہر ایک ایکدرم۔ ایرسا۔ گاؤزبان۔ بیخ سونف ہر ایک ۲ درم۔ اصل السوس ۳ درم۔ ہنسراج ۲ درم۔ انجیر زرد ۲ عدد۔ مویز منقی ۱۵ دانہ۔ مصری ۲ تولہ۔ ۱/۲ پاؤ پانی میں جوش دیکر صاف کر کے مصری ملا کر ایک مرتبہ پلائیں۔ فوائد استعمال۔ دمہ۔ کھانسی۔ بلغمی مرض میں مفید ہے +

الائچی سرخ

قاقلہ کبار ـــــــــ ہیل کلاں

ایک درخت کا مشہور پھل مثلث پہلو لکیر دار ہوتا ہے۔ اسکے بیجوں کی قوت غلاف کے اندر دو سال تک قائم رہتی ہے اور بغیر غلاف کے ایک سال کے بعد ذائقہ اور قوت جاتی رہتی ہے +

خاصیت پوست سرخی مایل دانہ اوپر سیاہ اندر سے سفید ذائقہ تیز خشک خوشبودار۔ گرم ۲ خشک ۲۔ مضر امعاء مدرہ۔ مصلح کتیرا۔ بدل چھوٹی الائچی۔ فوائد۔ مفرح۔ مقوی قلب۔ ہاضم۔ مشتہی طعام +

استعمال۔ یتی۔ ہیضہ۔ درد جگر۔ مقوی معدہ۔ سوڑہ۔ خوراک ۳ ماشہ سے ۵ ماشہ

مرکبات

حب الائچی سرخ

دانہ الائچی کلاں ۳ ماشہ۔ کتیرا ۳ ماشہ۔ زرنباد ۹ ماشہ۔ گل بنفشہ ۹ ماشہ۔ زرشک ۶ ماشہ۔ پوست ترنج ۳ ماشہ۔ بکھان بید ا تولہ باریک کرکے گولیاں بنائیں +

فوائد استعمال۔ ہاضم۔ مانع قے حاملہ۔ ہیضہ میں ہمراہ سکنجبین کے۔ بھوک زیادہ ہوتی ہے۔ خوراک ۴ گولی حسب ضرورت +

سفوف الائچی سرخ

دانہ الائچی کلاں۔ مغز بیر کی گٹھلی کا۔ مغز آملہ کی گٹھلی کا۔ صندل سفید تخم کشنیز۔ طباشیر۔ پوست درخت ڈہل۔ چاول ساٹھی ہر ایک ایک درم اناردانہ چار درم۔ باریک کر کے سفوف بنائیں۔ خوراک چار درم۔ ہمراہ شربت نعناع قے +

فوائد استعمال۔ ہیضہ۔ قے روکنے میں سریع التاثیر ہے +

مطبوخ الائچی کلاں

الائچی کلاں ایک درم۔ انیسوں ایک درم۔ گلقند دو تولہ۔ ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جاوے اوتار کر سرد کر کے۔ اول جوارش مصطگی سات ماشہ کھا کر اس جوشاندہ کو پیا جاوے +

فوائد معدہ کی رطوبت جذب کرنے میں معمول ہے +

برنجاسف

برنجاسف ــــــــــ **بوے ناوراں**

یہ روئیدگی دو قسم کی ہوتی ہے۔ ایک جنگلی دوسری پہاڑی۔ جنگلی کی

شاخیں پتلی ۔پتے چھوٹے ۔پھول سوئے کے مانند چھتر دار۔ زرد سفید کوچی کبودی مایل (۲) پہاڑی اس کی شاخ بالشت بھر سے کم وبیش ۔پتے چھوٹے پھول زرد ۔پھل حب الآس کے مانند ہوتے ہیں +

خاصیت ۔رنگ پھول مذکورہ الصدر ۔ذایقہ تیز ۔گرم خشک ۲ مضر گردہ مصلح انیسوں ۔بدل ۔سرد مرضوں میں بابونہ دیگر میں افسنتین +

فواید ۔رادع ۔ملطف ۔منضج سدہ اور مسام ۔مدر بول حیض ۔مفتت سنگ گردہ مثانہ ۔مخرج مشیمہ جنین ۔محلل اورام ۔دافع بخار +

استعمال ۔زکام ۔نزلہ ۔بخار کہنہ ۔ورم رحم ۔عسر ولادت اس کا لیپ خون تھوکنے کو مانع اور پیشاب لانے کو مفید ہے ۔خوراک دو سے سات ماشہ تک ۔جوشاندہ ۱۲ سے ۱۷ ماشہ تک +

مرکبات گل برنجاسف

جوشاندہ گل برنجاسف

انیسوں ۔گل برنجاسف ہر ایک چھ ماشہ ۔پودینہ تین ماشہ ۔شحم حنظل دو ماشہ ۔ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیں ۔جب تیسرا حصہ رہ جاوے مصری ملا کر ایک مرتبہ پیا جاوے +

فواید ۔کدو دانہ میں معمول ہے +

حب برنجاسف

گل برنجاسف تین ماشہ ۔ابہل پودینہ کوہی ۔سلیخہ ۔انیسوں ۔صمغ عربی ہر ایک چار ماشہ باریک کر کے گولیاں بنا لیں +

فواید استعمال ۔دمہ ۔کھانسی ۔حیض جاری کرتی ہیں ۔عسر ولادت میں آسانی ہوتی ہے ورم رحم میں مفید ہے ۔خوراک ۶ ماشہ +

ست برنجاسف

تیزاب میں بھگوکر ست نکالا جاوے۔ خوراک بخار میں حسب قاعدہ ست ۔

رب برنجاسف

برنجاسف کے کل اجزا لیکر ایک شبانہ روز بھگوکر جوش دیا جاوے جب تیسرا حصہ رہ جاوے مل کرکے فلالین میں چھان کر پانی کی بھاپ کی حرارت سے ایک حصہ اور کم کردیا جاوے۔ بعد کو سرد کرکے باحفاظت رکھ لیا جاوے۔ مطابق قاعدہ خوراک استعمال کیا جاوے۔ اس میں چند قطرہ روح الخمر ملانے سے خراب نہیں ہوتا ہے۔

مرکب بیج

معجون برنجاسف

بیج برنجاسف ایک تولہ۔ انیسوں۔ تخم کشوث ہر ایک نو ماشہ۔ پیاز دشتی ایک تولہ۔ بیج بادیان۔ بیج کاسنی۔ چھلکا پھلی املتاس۔ تخم خربوزہ۔ افسنتین ہر ایک سات ماشہ۔ اول کشوث چھلکا املتاس۔ بیج بادیان۔ کاسنی کو ڈھائی پاؤ پانی میں جوش دیں جب ڈیڑھ پاؤ رہ جاوے تو دس تولہ چینی ملاکر قوام کریں قریب تیاری کے بقایا ادویہ کو باریک کرکے ملالیں خوراک نو ماشہ سہ مرتبہ دن میں۔

فوائد۔ مدر حیض۔ ورم رحم میں معمول ہے۔

باچھڑ

سنبل الطیب ۔۔۔۔ سنبل ہندی

ایک گھانس ہے نہ پھل آتا ہے نہ پھول لگتا ہے۔ اس کی جڑ میں گچھی

بالیاں ریشہ دار انگلی کی برابر بڑی اور کم و بیش موٹی لگی ہوئی ہوتی ہیں۔ اس کی کئی قسمیں ہیں۔ سنبل ہندی۔ رومی۔ جبلی۔ قبطی ؂

خاصیت۔ رنگ سرخی مایل سیاہی خوشبودار۔ ذائقہ تلخ۔ تیز گرم خشک مضر گردہ۔ مصلح کتیرا۔ اسبغول مصطگی شیر۔ بدل اذخر مکی۔ ڈیوڑھا وزن سلیخہ تیزپات۔ دارچینی ؂

فواید۔ مفرح اعضاء رئیسہ۔ مخرج سنگ گردہ و مثانہ۔ مدر حیض و پیشاب مقوی معدہ۔ باہ۔ محلل اورام۔ مشتہی طعام ؂

استعمال۔ یرقان۔ بواسیر۔ کھانسی۔ دردسینہ۔ طحال۔ جلندر۔ اس کے جوشاندہ سے بال سیاہ اور دراز ہوتے ہیں۔ خوراک ۳ ماشہ سے ۵ ماشہ

مرکبات

جوارش جالینوس

بالچھڑ۔ لونگ۔ الائچی کلاں۔ سلیخہ۔ دارچینی۔ کلونجی۔ ناگرموتھا۔ زنجبیل۔ مرچ سیاہ۔ فلفل دراز۔ کوٹ بحری۔ عودبلسان۔ تگر۔ تخم مورد۔ چرائتہ۔ زعفران۔ ہرایک سات ماشہ۔ رومی مصطگی ڈیڑھ تولہ۔ باریک کرکے قند کل دوا کے برابر ملالیں ؂

فواید استعمال۔ تمام اعضاء کو قوت دیتی ہے۔ دافع دردمعدہ۔ ہاضم۔ مونہہ میں خوشبو پیدا کرتی ہے۔ ریح کو توڑتی ہے۔ جنون۔ دردسر کھانسی بلغمی۔ بواسیر ریحی۔ دردنقرس۔ پیشاب کی زیادتی کو جبکہ سردی سے ہو۔ سنگ گردہ۔ مثانہ۔ مقوی باہ۔ اگر تیس روز متواتر کھائی جائے تو تمام امراض سے فایدہ ہو۔ خوراک ۷ ماشہ

روغن بالچھڑ

بالچھڑ۔ کائفل۔ بابونہ۔ برگ سداب۔ تخم سویہ۔ کلونجی بسفائج ہر ایک ایک تولہ۔ زیرہ کرمانی دو تولہ کوٹ کر ایک سیر پانی میں جوش کریں جب چہارم حصہ پانی رہے تو اُس نتھا یا کے برابر سبز سویہ کا پانی اور روغن بید انجیر چار تولہ ملا کر جوش دیں۔ جب پانی جل جاوے سرد کر کے قدرے عنبر اشہب حل کریں اور وقت ضرورت کے نصف درم۔ ریح غلیظ یا درد سر شدید میں استعمال کریں۔ اگر استعمال کے وقت قدرے جند بید ستر حل کریں تو بہتر ہے *

سفوف بالچھڑ

سنبل طیب۔ صندل سفید۔ بسفائج۔ انیسون ہر ایک دو ماشہ باریک کر کے سفوف بنائیں *

فوائد استعمال۔ دافع متلی۔ قے۔ بخار کو مفید ہے۔ خوراک ۲ ماشہ

شربت سنبل طیب

سنبل طیب ڈھائی تولہ۔ جائفل۔ پوست ترنج ہر ایک چھ ماشہ۔ زعفران دو ماشہ۔ چینی تین پاؤ۔ مطابق قاعدہ کے قوام کریں *

فوائد استعمال۔ مقوی معدہ۔ باہ۔ کھانسی۔ درد سینہ میں مفید ہے۔ خوراک ۴ تولہ *

عرق بالچھڑ

بالچھڑ۔ تیزپات۔ سلیخہ۔ انیسوں۔ کلیجن۔ الائچی کلاں۔ کبابہ۔ پودینہ۔ دارچینی۔ لونگ۔ اجواین دیسی۔ ہر ایک دو درم۔ عود خام پانچ درم۔ پانی ساڑھے سات سیر ڈال کر ۵ سیر عرق کشید کریں *

فوائد استعمال۔ محلل ریاح۔ دافع نفخ۔ معدہ۔ خوراک ۹ سے ۲۰ مثقال۔

قرص سنبل طیب

شگوفہ اذخر۔ سلیخہ۔ ریوند۔ قصب الذریرہ۔ بالچھڑ۔ ہرایک تین درم زعفران۔ سونف رومی۔ قسط شیریں۔ مرچ سیاہ ہرایک ایک درم مصطگی گوگل۔ کندر۔ ہرایک نو دام۔ اشق نیم درم باہم کوٹ کر قرص بنائیں۔

فوائد استعمال۔ معدہ جگر کیواسطے۔ خوراک ایک درم۔

مویز

زبیب ——— مویز

انگور ہے جو درخت پر لگے لگے خشک ہو جاتا ہے۔ اس کو زبیب کہتے ہیں بہتر وہ ہے جو موٹا اور شیریں۔ کم خشک۔ اور بیج کم ہوں۔ اسی کی ایک قسم ہے۔ جس میں بیج نہیں ہوتے ہیں ان کو کشمش کہتے ہیں۔

خاصیت۔ رنگ سرخ مائل بسیاہی۔ ذائقہ شیریں۔ گرم تر۔ مضر محرورین مصلح برائے گرم مزاج۔ سکنجبین۔ ترش میوہ جات کا پانی۔ عناب۔ تخم خرفہ بدل کشمش۔

فوائد۔ مقوی دل۔ جگر۔ باہ۔ ملین۔ محلل اورام۔ مسمن بدن۔

استعمال۔ امراض گردہ۔ مثانہ۔ بلغم۔ خفقان کو مفید اور کثیر الغذا ہے خوراک پانچ سے بیس دانہ۔

مرکبات

جوارش خوزی

مویز تیس درم۔ سرکہ میں تر کر کے بریان کریں۔ اور خوب باریک کر کے تخم مورد بریان۔ خرنوب نبطی۔ گلنار۔ ججی مائیں۔ جائفل۔ ہرایک دس درم

کبدرا جواین دیسی - ناگرموتھا - بالچھڑ - مصطگی ہرایک پانچ درم - کوٹ چھانکر قند سفید کل دوا کے دوچند بجائے پانی کے عرق گلاب میں قوام کرکے ادویات کو ملادیں +

فوائد استعمال اسہال کہنہ - معدہ جگر کو قوت دیتی ہے - دافع رطوبت معدہ - زلق الامعار - قراقر امعار بچوں کے مزاج کے موافق ہے +

لعوق مویز

مویز منقی چار درم - ملٹھی تین دام - انجیر سات دانہ - عناب دس دانہ سپستان تیس دانہ - بنفشہ - گاؤزبان - ہنسراج - بیخ سونف ہرایک دو درم - تخم خطمی - تخم خبازی - ہرایک ایک درم جملہ ادویہ کو تین پاؤ پانی میں جوش دیں جب ایک پاؤ رہ جاوے مل کر صاف کرکے ایک پاؤ چینی ملاکر قوام کریں - پھر شکر تیغال چار درم سونف کے عرق میں حل کرکے شیرہ خشخاش تین درم نکال کر قوام میں شامل کردیں - جب قوام تیار ہونے کو ہو تو ادویہ ذیل باریک کرکے ملالیں صمغ عربی نشاستہ ہرایک ایک درم مغز بادام - مغز چلغوزہ ہرایک چار درم - مغز کدو شیریں - کاکڑاسنگی - رب السوس ہرایک تین درم +

فوائد استعمال - ضیق النفس - کھانسی - خوراک ۳ ماشہ +

مطبوخ مویز

مویز منقی دس دانہ - انجیر پانچ دانہ - گل سرخ قسط شیریں مجیٹھ ہرایک تین درم - جو کو سب کرکے دو پانی میں جوش دیں - جب چوتھائی حصہ پانی رہ جاوے - صاف کرکے شربتی ملادیں +

فوائد - مدر حیض ہے +

مرکب تخم مویز

حب تخم مویز

مویز کے بیج تین ماشہ ۔ نشاستہ ۔ دارچینی ۔ گلسرخ ۔ خشخاش سفید زرشک ۔ کتیرا ۔ کرکس ہر ایک ۴ ماشہ باریک کر کے گولیاں بنائی جاویں ۔

فواید استعمال ۔ ذرب ۔ اسہال ۔ قراقر میں مفید ہے ۔ خوراک ۴ گولی دن میں تین مرتبہ ۔

لسوڑہ

وبق ۔ سپستان

ایک درخت کا پھل ۔ خام سبز ۔ پختہ سرخی مایل چمکتا ہوا گول ۔ دنداں دار ٹوپی ۔ گویا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ چھوٹے سے سبز دندانہ دار گملہ پر ایک آبدار موتی رکھا ہوا ہے ۔ اصل میں بلحاظ مشابہت پستان کتے کے سگ پستان تھا لیکن حکماء نے کریہہ مناسبت کی وجہ گاف کو حذف کر کے سپستان بنا لیا ہے ۔ واقعہ میں جب خشک ہوتا ہے تو صورت مناسبہ کے مانند ہو جاتا ہے ۔

خاصیت ۔ رنگ ۔ خام سبز ۔ پختہ گلابی مایل بسفیدی آبدار ۔ ذایقہ ۔ خام پھیکا ۔ پختہ قدرے شیریں لعاب دار ۔ حرارت برودت میں معتدل مضر معدہ ۔ جگر ۔ مصلح عناب ۔ گلسرخ ۔ آملہ ۔ بدل ۔ خطمی ۔ عناب ۔

فواید ۔ مسکن تشنگی ۔ منضج ۔ مسہل ۔ اخلاط ثلاثہ ۔ مخرج کرم شکم ۔

استعمال ۔ خشک کھانسی ۔ بخار گرم ۔ دافع سوزش بول ۔ خوراک ۱۰ سے ۳۰ دانہ ۔

مرکب برگ

سفوف برگ سپستان

برگ سپستان تین ماشہ۔ تخم خطمی دو ماشہ۔ پوست فالسہ ۴ ماشہ باریک کرکے چینی ۳ ماشہ ملالیں ۔

فواید استعمال۔ سوزاک۔ سوزش بول میں ۷ ماشہ ۳ مرتبہ دن میں ۔

مرکب پھل

لعوق سپستان

سپستان پچاس دانہ۔ عناب تیس دانہ۔ اصل السوس ایک تولہ۔ بنفشہ ایک تولہ۔ تخم خطمی۔ تخم خبازی ہر ایک چار ماشہ۔ کوکنار دو تولہ۔ بہدانہ تین ماشہ ۔

ترکیب۔ دو سیر پانی میں جوش کریں۔ جب تیسرا حصہ رہ جاوے تو ایک پاؤ چینی داخل کرکے قوام کرلیں۔ اور وقت تیاری کے۔ شیرہ مغز بادام۔ شیرہ خشخاش سفید ہر ایک ایک تولہ اضافہ کریں۔ بعد کو کتیرا رب السوس ہر ایک تین ماشہ ملالیں ۔

فواید استعمال خشک کھانسی دمہ وغیرہ میں استعمال کیا جاتا ہے۔ خوراک ۳ ماشہ ۔

مطبوخ سپستان

سپستان دس دانہ۔ عناب پانچ دانہ۔ گاؤزبان۔ بادرنجبویہ ماسو خوس ہر ایک ایک درم۔ اصل السوس دو درم۔ پرسیاوشاں۔ سونف ہر ایک ایک درم جوش دیکر شیریں کرکے ایک مرتبہ پلایا جاوے ۔

فواید۔ سوداوی مادہ کو پکانے کے لئے مفید ہے ۔

گاؤزبان

لسان الثور ــــــــــــ گاؤزبان

ایک روئیدگی موسم ربیع میں پیدا ہوتی ہے۔ پتے کھردرے سفید نقطہ دار اور اس پر رونگٹے گائے کی زبان کے مانند ہوتے ہیں۔ اس وجہ سے اس کو گاؤزبان کہتے ہیں۔ تازہ سبزی مایل بزردی پرانی سیاہی مایل جیسی پرانی ہوگی ویسی سیاہی بڑھتی جائیگی۔ بہتر وہ جسپر خشک ہونے کے بعد جھریاں نہ پڑیں رواں موٹا اور بڑا ہو تو اس کی قوت سات برس تک رہتی ہے۔ اس کے پھول سیاہ لاجوردی رنگ کے ہوتے ہیں۔ یہ بہت لطیف ہوتے ہیں۔ بہتر گیلان کی ہے جو سبز زردی مایل ہوتی ہے ✦

خاصیت۔ رنگ سبز سفید نقطہ دار۔ ذایقہ پھیکا۔ قدرے تلخ کسیلا۔ مضر طحال۔ مصلح صندل سفید۔ بدل گلسرخ ریباس۔ بلی لوٹن۔ کاسنی نصف وزن۔ ابریشم۔ بالچھڑ۔ تہائی وزن ✦

فوائد۔ مقوی اعضاء رئیسہ۔ ارواح۔ مسکن تشنگی۔ صفرا۔ مصفی خون ✦

استعمال۔ جو اس خمسہ حرارت غریزی کو طاقت دیتی ہے۔ بخار۔ خشک کھانسی۔ دمہ اخلاط ثلاثہ کو دستوں کے راہ نکالتی ہے۔ راکھ منہ کے زخم پر چھڑکنے سے اچھا ہوتا ہے۔ خوراک سفوف ۷ سے ۱۰ ماشہ جوشاندہ خساندہ ۷ ماشہ سے ۳ تولہ عرق برگ سبز ۱۰ تولہ ✦

مرکبات برگ گاؤزبان

جلاب گاؤزبان ــــــــــــ

عرق گاؤزبان۔ عرق بادرنجبویہ۔ عرق گلاب۔ قند سفید ہر ایک نصف

میں نرم آگ پر پکائیں۔ جب گاڑھا ہو جاوے۔ تو گل گاؤزبان۔ عود صلیب اسطوخودوس ہر ایک ۷ ماشہ باریک کر کے ملا لیں۔ تفریح کے واسطے عنبر زعفران زیادہ کر دیتے ہیں

فوائد استعمال۔ امراض عصب۔ دماغی بیماریاں۔ بلغمی سوداوی لقوہ۔ فالج کو مفید ہے +

خمیرہ گاؤزبان

برگ گاؤزبان دس تولہ۔ بادرنجبویہ پانچ تولہ۔ سنبل طیب۔ گلسرخ برادہ صندل سفید۔ ہر ایک ایک تولہ پانی سہ چند عرق گلاب دو چند میں تر کر کے جوش کریں۔ جب چوتھائی حصہ پانی رہ جائے مل کر چھان کر ایک پاؤ چینی ملا کر قوام کریں۔ زعفران چار ماشہ باریک گھس کر ملا دیں +

فوائد استعمال۔ مقوی دل۔ دماغ۔ خفقان۔ غشی کو مفید ہے +

شربت فریادرس

برگ گاؤزبان ۲ تولہ۔ صندل سفید ۲ تولہ۔ ہنسراج ۲ تولہ۔ عود صلیب ۲ تولہ۔ ملٹھی سونف۔ تخم خطمی۔ گلسرخ ہر ایک ایک تولہ۔ مویز پچیس دانہ۔ خشخاش سفید دو تولہ۔ کوکنار کشمش پچیس دانہ۔ چینی ایک سیر حسب ہدایت قوام کر لیں +

فوائد استعمال۔ نزلہ گرم۔ کھانسی خشک۔ سل میں معمول ہے +

عرق گاؤزبان سادہ

برگ گاؤزبان پانچ تولہ۔ پانی ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو کر ایک سیر عرق کشید کریں +

فوائد۔ مانند گاؤزبان۔ خوراک ۱۰ تولہ +

عرق گاؤزبان عنبری

برگ گاؤزبان۔ گل گاؤزبان۔ صندل سفید۔ اسطوخودوس۔ بلی لوٹن بسفائج۔ فستقی ہر ایک دس تولہ۔ عرق گلاب۔ عرق بید مشک ہر ایک ایک سیر۔ عنبر اشہب ڈیڑھ ماشہ۔ پانی دو سیر۔ عنبر کو کپڑے کی پوٹلی میں باندھ کر بھبکے کے منہ پر لٹکا دیں۔ کل ادویہ کو ایک شبانہ روز بھگو کر دو سیر عرق کھینچ لیں +

فوائد استعمال۔ تقویت قلب میں سریع التاثیر ہے۔ خوراک ۳ تولہ +

لعوق گاؤزبان

برگ گاؤزبان۔ گل گاؤزبان۔ صمغ عربی۔ زراوند مدحرج۔ رب السوس بہمن سفید۔ اصل السوس۔ مرزنجوش سفید ہر ایک چودہ درم۔ خشخاش ساڑھے چار درم۔ خشخاش سیاہ ڈھائی درم۔ مغز بادام شیریں ڈیڑھ درم۔ مغز تخم خربوزہ دو درم۔ تخم کاہو ایک درم۔ شہد پانچ درم۔ نبات پندرہ درم کل ادویہ کو باریک کر کے بدستور لعوق بنالیں +

فوائد استعمال

ضیق النفس کھانسی میں معمول ہے۔ خوراک چھ ماشہ +

قہوہ گاؤزبان

گاؤزبان ملہٹی۔ بادیان خطائی۔ تخم خطمی ہر ایک چار ماشہ۔ چائے خطائی زوفا خشک۔ دارچینی ہر ایک تین ماشہ۔ مصری دو تولہ۔ مانند چائے کے تیار کر کے استعمال کریں +

فوائد استعمال۔ ضیق النفس میں معمول ہے +

مطبوخ برگ گاؤزبان

برگ گاؤزبان۔ سونف ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ اصل السوس صمغ عربی ہر ایک سات ماشہ۔ کوکنار ایک عدد۔ سپستان گیارہ عدد۔ تخم خطمی ساڑھے تین ماشہ۔ مویز گیارہ دانہ ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش کریں جب تیسرا حصہ رہ جاوے ایک تولہ مصری ملائیں +

فوائد استعمال کھانسی میں یہ ایک خوراک ہے +

دیگر

مطبوخ

برگ گاؤزبان۔ مکو۔ پرسیاوشاں۔ گل گلاب۔ خشک دانہ حب قلت۔ بسفائج ہر ایک نو ماشہ۔ تخم خیارین۔ تخم خربوزہ۔ سارکی۔ کرڑ۔ ہر ایک ایک تولہ جوش دے کر صاف کر کے مغز املتاس۔ ترنجبین۔ ہر ایک چھ تولہ۔ حل کر کے ملاویں۔

فوائد استعمال۔ آتشک۔ گردہ مثانہ کی پتھری میں روغن بادام چھ ماشہ ملا کر استعمال کیا جاوے +

مرکبات

سفوف گل گاؤزبان

گل گاؤزبان چار ماشہ۔ گل ارمنی تین ماشہ۔ چینی سات ماشہ۔ باریک کر کے سفوف بنایا جاوے +

فوائد استعمال۔ خفقان۔ خشونت سینہ۔ کھانسی کو نافع ہے حرارت غریزی کو ابھارتا ہے۔ رنگ کو نکھارتا ہے۔ خوراک ایک تولہ +

شربت گل گاوزبان

گل گاؤزبان - گل سیوتی - ابریشم - مقرض - برادہ صندل سفید کشنیز خشک ہر ایک نو ماشہ - گلسرخ - تیزپات - بہمنیں - ہر ایک چھ ماشہ چینی دواؤں کے سہ چند مطابق قاعدہ قوام تیار کرلیں +

فوائد استعمال - دافع خفقان - خوراک ۴ تولہ +

خربوزہ

بطیخ ——— خربزہ

ایک روئیدگی کا مشہور معروف پھل ہے جس قدر شیریں ہو بہتر ہے - لطافت کی وجہ سے جلد رگوں میں نافذ ہوتا ہے - تری پیدا کر کے بدن کو فربہ کرتا ہے - مدر پیشاب اور دودھ ہے - نہار کھانے سے تپ صفراوی پیدا کرتا ہے اور بوجہ سریع النفوذ کے غیر اجزائے غیر معتدل کو جگر کی طرف لیجاتا ہے - جس کے سبب سے بدہضمی ہوجاتی ہے - اس کا کھانا دو غذا کے درمیان میں جبکہ غذا معدے سے نیچے اتر گئی ہو - بہت مفید ہے اس کی بیج زیادہ تر کارآمد ہیں

خاصیت - رنگ سفید - ذائقہ پھیکا چرب خوش ذائقہ - گرم تر - مضر طحال - مصلح شہد - بنفشہ - بدل پھوٹ - شفتالو +

فوائد - مدر بول - مفتح سدہ جگر - مسمن بدن - ملین +

استعمال - گردہ - مثانہ کو پاک کرتا ہے دودھ باہ زیادہ ہوتی ہے تپ مرکبہ - کھانسی - گرم - درد سینہ - ورم جگر - خشونت حلق - سوزش بول - سوزاک کو مفید ہیں +

مرکبات

حسو مغز تخم خربوزہ

خشخاش تخم خربوزہ ۔ مغز بادام شیریں ہرایک پانچ مثقال ۔ عرق بید مشک عرق گاؤزبان میں پیس کر شیرہ نکال کر کتیرا سات مثقال ۔ نشاستہ ۔ صمغ عربی بارتنگ ۔ تخم ریحان ہرایک چار دانگ ۔ سفوف بناکر زیادہ کرکے حریرہ بنالیں +

فوایداستعمال ۔ نزلہ میں کافی ہے ۔ یہ ایک خوراک ہے +

لبوب تخم خربوزہ

مغز تخم خربوزہ ۔ پستہ ۔ خشخاس ۔ ثعلب مصری ۔ ہرایک ایک تولہ شقاقل مصری ۔ خولنجاں ۔ بہمنین ۔ مغز بادام ۔ ہرایک چھ ماشہ ۔ زنجبیل ۔ لونگ ۔ جاوتری ہرایک تین ماشہ باریک پیس کر شہد یا شکر کل دوا کے وزن سے تین حصہ زیادہ داخل کرکے قوام کریں نوٹ صفحہ ۱۶ میں اسکے بنانے کی ترکیب میں شہد لکھنا رہ گیا ہے اس لئے اس جگہ لکھدیا +

فوایداستعمال ۔ قوت باہ زیادہ کرتا ہے سمن بدن ہے ۔ خوراک ۶ ماشہ

تخم کنوچہ

تخم مرو

بزرالمرو

یہ ایک گھاس کا بیج ہے جو غلاف کے اندر ہوتا ہے ۔ اس کی شاخیں بالشت بھر لمبی اور پتلی ۔ پتے گولائی کے ساتھ لمبے اور نوک دار پھول سفید زردی مایل ہوتے ہیں ۔ اس کے بیج عام طور سے دوا میں استعمال کیئے جاتے ہیں +

خاصیت بیج - رنگ سیاہ سبزی مایل - ذائقہ پھیکا - گرم تر مضر تلی مصلح گلنار - بدل تخم ریحان برائے نضج السی +

فواید - مجلا - محلل ورم - مفتح - جاذب - مفتت سنگ گردہ مثانہ - حابس خون

استعمال - پیچش خراش امعاء - نفخ شکم - درد قولنج - جلندر اس کو روغن بادام میں بریان کرکے پیچش میں دینا مفید ہے - خوراک ۴ سے ۶ ماشہ

مرکب برگ کنوچہ

روغن مرکب کنوچہ

عرق برگ کنوچہ تین تولہ روغن زیتون چھ تولہ ملاکر نرم آگ پر جوش دیں جب پانی خشک ہو جاوے صاف کرلیں +

فواید استعمال - امراض اعصابی - کزاز - رعشہ - فالج - شقیقہ - درد سینہ - قولنج ریاحی - سدہ جگر - طحال - استسقاء میں مالش کی جاوے

مرکب تخم مرو

سفوف تخم کنوچہ

تخم کنوچہ - حماض بریان - بیل گری - بہدانہ - بادیان - صمغ عربی ہر ایک ہموزن باریک کرکے چینی دوا کے وزن سے نصف حصہ ملالیں

فواید استعمال - اسہال پیچش مروڑ میں معمول ہے خوراک ۹ ماشہ

پولٹس تخم کنوچہ

تخم کنوچہ ایک تولہ - السی دو تولہ - آرد گندم دو تولہ - السی - کنوچہ کو باریک کرکے آٹے میں ملالیں +

ترکیب پولٹس بنانے کی - ابلتے ہوئے نصف پاؤ پانی میں سفوف ڈالکر

تھوڑا تھوڑا ڈال کر ایک لکڑی سے ہلاتے جائیں۔ تاکہ گٹھلیاں نہ بن جائیں اب آگ پر رکھ کر اس قدر گاڑھا کیا جاوے کہ نہ بہت سخت اور نہ بہت نرم ہو +

فوائد استعمال۔ ورم کے پکانے کے لئے لگاتے ہیں +

فتیلہ تخم کنوچہ

تخم کنوچہ۔ انزروت ہموزن کوٹ چھان لیں +

فوائد استعمال۔ بتی کو شہد میں لتھیڑ کر کے دوا کے سفوف میں مل کر کان کے درد میں جبکہ کان سے پیپ بھی جاری ہو استعمال کریں +

انجیر

تین ــــــــ انجیر

ایک مشہور معروف درخت کا پھل ہے۔ اس میں اور پیپل گولر میں عام درختوں کے مانند پھول نہیں آتا۔ البتہ پتے گرنے کے بعد اس میں غلافی صورت کی کلی نکلتی ہے۔ اس میں گلاب کی کلی کی مانند اوپر سے سبز پتے ہوتے ہیں۔ جب یہ کلی کھلتی ہے تو اوپر کا غلاف پھٹ کر پھول نکل آتا ہے۔ گویا ایسے درختوں کی کونپلیں پھول کی پنکھڑیوں کے مانند غلافی صورت میں ہوا کرتی ہیں جو درحقیقت ایک قسم کے پھول ہیں۔ جن کے کھلنے کے بعد پتے نکلتے ہیں۔ اور عدم توجہگی سے لوگ کہدیا کرتے ہیں کہ گولر میں پھول نہیں آتا ہے +

مرکبات

سکنجبین تخمی

انجیر دس عدد۔ ہنسراج۔ اصل السوس ہر ایک دو مثقال۔ پوست

بیخ کنیر ۔ پوست بیخ سولف ۔ فنجنکشت ۔ کزمازج ۔ قوہ ۔ تخم کشوث ۔ زوفا خشک ۔ اسارون ۔ اگر ترکی ۔ ہر ایک ایک درم ۔ قند سہ چند ۔ سرکہ قند کے ایک حصہ ادویہ کو کوٹ کر ایک شبانہ روز سرکہ میں تر کر کے صبح کو جوش کریں ۔ جب تیسرا حصہ باقی رہ جاوے صاف کر کے قوام کر لیا جاوے +

فوایداستعمال ۔ طحال کی سختی دور کرتی ہے ۔ خوراک ۲ سے ۴ تولہ +

شربت انجیر

انجیر ایک پاؤ ۔ سفوف زنجبیل ایک تولہ ۔ عرق پودینہ ۔ شیرہ مغز بادام چار تولہ ۔ اول انجیر کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیکر صاف کرلیں پھر اُس پانی میں شہد ایک پاؤ داخل کر کے قوام کریں ۔ اور وقت تیاری کے شیرہ بادیان اور سفوف زنجبیل ملا دیں +

فوایداستعمال ۔ کھانسی امراض سینہ میں مفید ہے ۔ خوراک ۲ سے ۴ تولہ

فتیلہ انجیر

انجیر سفید ایک تولہ ۔ بورہ ارمنی تین ماشہ ۔ رائی ۔ قردمانہ ہر ایک دو ماشہ کوٹ چھان کر انجیر کے پانی میں ملا لیں +

فوایداستعمال گرانی کان میں بتی کو اسکے عرق میں آلود کر کے رکھنے سے آرام آتا ہے +

لعوق انجیر

انجیر خشک ۔ پودینہ تر یا خشک ہموزن لیکر پکائیں اور قوام کرلیں اسمیں شہد اسوجہ سے نہیں ملایا گیا کہ انجیر بذات خود شیریں ہے ۔ **فوایداستعمال** بحتہ الصوت رطوبی کو مفید ہے ۔ خوراک ایکتولہ

معجون انجیر

انجیر ۲۰ عدد ۔ حب الخضرا ۲ تولہ ۔ سنبل طیب ایکتولہ ۔ تودرین ۲ تولہ ۔ شہد سہ چند مطابق قاعدہ کے معجون بنالیں + **فوایداستعمال** جوہر دماغ کو زیادہ کرتا ہے ۔ اور عقل بڑھاتا ہے ۔ خوراک ۷ سے ۹ ماشہ ہمراہ عرق سونف یا پانی کے +

دیگر

معجون انجیر

مغز بادام ۔ گلسرخ ۔ سنائی ۔ مغز تخم کرڈ ۔ ہر ایک چھ تولہ ۔ سولف زنجبیل ۔ دارچینی ۔ دانہ الائچی سفید ۔ سیاہ ہر ایک ایک تولہ ۔ انجیر زرد ۔ مویز منقی نصف نصف سیر ۔ مصری نصف سیر ۔ مطابق قاعدہ کے معجون بنائی جاوے

فوائد استعمال ۔ دافع خشکی معدہ ۔ اسعار ۔ ملین طبع ۔ ہضم طعام ۔ رطوبی معدہ خوراک ا سے ۲ تولہ ٭

مطبوخ انجیر

انجیر تین عدد ۔ مویز منقی ڈیڑھ تولہ ۔ اصل السوس دو درم ۔ گاؤزبان سولف ۔ السی ۔ بیخ بنفشہ ہر ایک ایک مثقال ۔ نصف سیر پانی میں جوش کریں ۔ جب چوتھائی رہ جاوے ۔ صاف کرکے استعمال کیا جاوے ٭

فوائد استعمال ۔ جو آواز سردی سے بیٹھ گئی ہو ایسے چند نسخے استعمال کریں ٭

افتیموں

افتیموں ــــــــ افتیموں

اکاس بیل ایک قسم کی زرد بیل ہے ۔ جو امر بیل ۔ اکاس بیل کے نام سے مشہور ہے ۔ یہ جس درخت پر چڑھتی ہے ۔ اس کو خشک کر دیتی ہے اس میں ایک قدرتی کشش ہے جو دوسرے درخت کے پرورش مادہ سے بغیر جڑ کے سیراب ہوا کرتی ہے ۔ حتی کہ وہ درخت کافی غذا بہم نہ ہونے کی وجہ سے خشک ہو جاتا ہے ۔ اس کی جڑ اور پتے نہیں ہوتے ہیں ٭

افتیموں ایک قسم کی بیل ہے سرخ رنگ شاخیں باریک سوت

کے مانند نزدیک کے درختوں پر اکاس بیل کے مانند لپٹتی اور پھیلتی ہے۔ یہ درخت کو اکاس بیل کی مانند خشک کر دیتی ہے۔ اس کی جڑ گاجر کے مشابہ تخم رائی سے باریک سرخ مایل بزردی پھول سرخ خاکستری مائل ہوتا ہے بعض صفت میں اکاس بیل سے مشابہ ہے۔ اس لئے اس کو ہندی افتیموں کہا جاوے تو کچھ مضایقہ نہیں۔ لیکن حقیقت میں اکاس بیل افتیموں نہیں ہے۔ کیونکہ اس کی جڑ نہیں ہوتی اور وہ زرد ہوتی ہے +

خاصیت۔ رنگ سرخی مایل۔ ذایقہ تلخ۔ قدرے خوشبودار۔ گرم خشک مضر پھیپھڑہ۔ مورث غشی و تشنگی۔ مصلح کتیرا۔ روغن بادام۔ بدل۔ اسہال میں بجر ارمنی۔ مرہ سودا میں۔ لنوث ہموزن +

فوائد۔ محلل اورام۔ مفتح سدہ۔ مخرج اخلاط ثلاثہ +

استعمال۔ امراض جلدی اور ورم طحال کو اس کا ضماد نافع ہے۔ غرغرہ برائے لقوہ۔ نطول اب مطبوخ۔ درجع مفاصل و اورام بارد کو زایل کرتا ہے بوجہ لطافت کے اس کو زیادہ جوش نہیں دیا جاتا۔ بلکہ تیاری کے وقت کپڑے کی پوٹلی میں باندھ کر پکتے ہوئے میں ڈال دیتے ہیں۔ جب مطبوخ کو اوتارتے ہیں اس کو نچوڑ کر پھینک دیتے ہیں۔ خوراک ۶ ماشہ سے ایک تولہ

مرکب افتیموں

حب افتیموں

افتیموں دو درم۔ غاریقون۔ لنوث۔ قشر مدبر۔ اسطوخودوس۔ بسفائج فستقی ہر ایک ایک درم کوٹ چھان کر سونف کے پانی سے گولیاں بنائیں +

فوائد استعمال۔ برائے تنقیہ دماغی سودا اور بلغم میں برتا جاتا ہے۔ یہ ایک خوراک ہے +

مطبوخ افتیموں

سپستان۔ بنفشہ۔ بسفایج۔ گاؤزبان۔ منڈی ہر ایک ۵ ماشہ۔ مویز منقی پانچ دانہ۔ افتیموں نو ماشہ۔ تربد مدبر ۷ ماشہ۔ عناب دس دانہ ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیکر ترنجبین دو تولہ اضافہ کر کے ایک مرتبہ استعمال کیا جاوے ✦

فواید استعمال۔ مخرج سودا ہے۔ یہ ایک خوراک ہے ✦

بالنگو

بالنگو ــــــــــ بالنگو

ایک درخت کے سیاہ رنگ کے بیج ہیں تخم ریحان سے ملتے جلتے ہیں اسکے پتوں پر کنگرہ ہوتے ہیں نہ روان ملکہ پایں سفیدی ہوتے ہیں اسکے بیج کثرت سے استعمال میں آتے ہیں

خاصیت۔ بیج رنگ سیاہ۔ ذائقہ پھیکا۔ گرم تر۔ بعض مضر معدہ مصلح شکر تری مصری۔ بدل تخم ریحان

فواید۔ مسکن تشنگی۔ مقوی قلب۔ حابس اسہال ✦

استعمال۔ پیچش۔ مروڑ۔ خفقان۔ وحشت اسہال میں مفید ہیں۔ دستوں میں لعاب دار بیجوں کو چرب کر کے اس غرض سے دیا جاتا ہے۔ تاکہ ان کی قوت قابضہ بڑھ کر پورا فایدہ پہنچاوے۔ خوراک ۲ سے ۹ ماشہ ہمراہ عرق گلاب کے ✦

مرکبات

سفوف بالنگو

بالنگو چار ماشہ۔ تخم ریحان تین ماشہ۔ اسبغول دو ماشہ۔ تخم مرو۔ صمغ عربی ہر ایک تین ماشہ گل روغن میں چرب کر کے شکر ایک تولہ ملائی جاوے ✦

شکر سفید۔ بدل صندل سفید۔ گلسرخ ÷

فواید۔ قاطع صفرا۔ مسکن تشنگی۔ جوشِ خون۔ مقوی دل۔ معدہ۔ جگر۔ محلل اورام

استعمال۔ بواسیر کہنہ۔ سیلان الرحم میں تنہا یا بالچھڑ۔ دارچینی۔ شہد کے ہمراہ استحاضہ۔ تپ بلغمی۔ صفراوی۔ جگر۔ معدہ پر ردی مادہ کو گرنے سے روکتا ہے۔ اس کی جڑ کی چھال جاذب رطوبت۔ مندمل زخم۔ مقوی لثہ اگر منہ آگیا ہو تو کلی سے آرام ہو جاتا ہے۔ سرمہ مقوی نگاہ بچانے میرہ کے کارآمد ہے۔ خوراک ایک تولہ ڈیڑھ تولہ

مرکبات زرشک

رب زرشک

زرشک ایک سیر کوٹ ڈیڑھ سیر پانی میں جوش دیں جب تہائی رہ جاوے تو بقدر کافی کے قوام کرلیں ÷

فوایدِ استعمال مانند زرشک کے خوراک ۳ سے ۶ ماشہ۔ شربت اور رب میں صرف شیرینی کا فرق ہے شربت میں شیرینی ملا لیجاتی ہے۔ رب میں نہیں اگر میٹھا کرنا منظور ہو تو چینی چوتھائی حصہ ملا دیں

شربت زرشک

شیرہ زرشک ۵ تولہ۔ عرق لیموں ۵ تولہ۔ شہد ۵ تولہ۔ چینی تین چھٹانک قوام تیار کرلیں ÷

فوایدِ استعمال۔ یہ زہریلے جانوروں کے کاٹے ہوئے کا فادزہر ہے ÷

عصارہ زرشک

درخت کے ماسوا کل اجزا کو کچل کر پانی نکال لیتے ہیں۔ پھر اس کو دھوپ میں رکھکر خشک کرکے ٹکیاں بنا لیتے ہیں ÷

قرص زرشک کبیر

عصارہ زرشک۔ تخم خیارین۔ تخم کدو۔ ہر ایک تین درم۔ گلسرخ۔ ترنجبین ہر ایک چھ درم۔ تخم کشوث۔ رب السوس۔ طباشیر۔ تخم کاسنی۔ مصطگی۔ بالچھڑ

غافث - مجیٹھ - لاکھ مغسول - ریوند چینی ہر ایک دو درم - زعفران ایک درم ترنجبین کے پانی میں قرص بنائیں +

فواید استعمال - جگر معدہ کے ورموں اور بلغمی تپوں کو مفید ہے - خوراک ۲ ماشہ +

گیہوں

حنطہ ———————— گندم

گیہوں عام مشہور غلہ ہے - جو بیچ میں - سے شگافدار ہوتا ہے - اور انسان کی پرورش کے لئے غذا کے طور پر اس سے بہتر کوئی دوسرا غلہ نہیں ہے +

خاصیت - رنگ اندر سفید - باہر بادامی - ذایقہ پھیکا - معتدل - مضر خام گندم معدہ کو - مصلح لعاب دانے بدل +

فواید - مولد خون صالح - مصفی بلغم از سینہ - مواد ناسور - مندمل زخم +

استعمال - کثیر الغذا - تیاری اور رنگ لاتا ہے +

مرکبات گندم

حب گندم ————————

گیہوں نیم سوختہ - قند سیاہ ہموزن خوب باریک کر کے قدرے گھی ملاکر گولیاں بنائی جاویں +

فواید استعمال - صبح و شام دو گولی کو خفقے کے درد میں استعمال کی جاتی ہیں

مرکبات سبوس گندم

پاشویہ ————————

سبوس گندم چھ تولہ - گل خطمی - گل بنفشہ ہر ایک ایک تولہ بابونہ دو تولہ

فوایداستعمال۔ پیچش میں۔ مروڑمیں خوراک ایک تولہ +

شربت بالنگو

شیرہ بالنگو دو ماشہ ۔ ابریشم تین تولہ ۔ برگ گاؤزبان تین تولہ بہمنین سفید ایک تولہ۔ بالچھڑ ایک تولہ ۔ پوست ترنج ۶ ماشہ ماسوا بہمن کے کل دوا کو پاؤ پانی میں جوش دے کر مطابق قاعدہ ڈیڑھ پاؤ چینی ملا کر قوام کرلیں ۔ اور تیاری کے وقت بہمن کو باریک کرکے ملادیں +

فوائداستعمال۔ خفقان ۔ وحشت میں ۲ سے ۴ تولہ ہمراہ عرق گلاب بید مشک کیوڑہ کے دیا جاوے +

تخم کشوث

بزرالکشوث ــــــــ تخم برش

ایک درخت کے بیج ہیں مولی کے بیجوں سے چھوٹے قریب گول

خاصیت ۔ رنگ سرخی مایل ۔ ذائقہ پھیکا ۔ گرم خشک ۔ مضرطحال ۔ پھیپھڑہ

مصلح سکنجبیں ۔ شہد ۔ تخم کاسنی ۔ صمغ عربی ۔ بدل کاسنی ۔ افسنتین +

فوائد ۔ مدرحیض ۔ پیشاب ۔ دودھ ۔ مفتح سدہ ۔ جگر معدہ ملطف قابض ۔ حابس خون دہن ۔ معرق +

استعمال کپڑے میں باندھ کر جوش دیا جاتا ہے ۔ اپنے مصلح کے ساتھ معدہ جگر طحال کو قوت دیتا ہے ۔ بخار کہنہ کو مفید ہے ۔ خوراک ۳ سے ۷ ماشہ

مرکبات

سفوف تخم کشوث

تخم کشوث تین تولہ ۔ بیج کاسنی ۔ ۲ تولہ ۔ انیس ایک تولہ ۔ انیسون ۲ تولہ

چینی ۲ تولہ باریک کر کے سفوف بنالیں +

فوائد استعمال۔ مدر حیض۔ پیشاب۔ سینہ۔ تپ پرانا۔ خوراک ایک تولہ

شربت کشوث ـــــــــــــــ

تخم کشوث دس ماشہ۔ گلسرخ سات ماشہ۔ تخم خیارین۔ تخم خربوزہ بادیان۔ تخم کاسنی۔ بیج بادیان۔ بیج کاسنی ہر ایک دس ماشہ۔ انیسوں سات ماشہ۔ شیر خشت نصف سیر ڈال کر حسب قاعدہ قوام تیار کرلیں +

فوائد استعمال۔ حیض کے جاری کرنے میں بارہا تجربہ کیا۔ خوراک ۲ سے ۴ تولہ +

شربت دینار ـــــــــــــــ

پوست بیج کاسنی چار تولہ۔ تخم کاسنی۔ گل سرخ۔ گل نیلوفر ہر ایک تولہ۔ برگ گاؤزبان ایک تولہ۔ تخم کشوث ڈیڑھ تولہ۔ چینی تین پاؤ حسب قاعدہ قوام تیار کریں +

فوائد استعمال۔ دافع تپ خلط متعفنہ ملین۔ مفتح سدہ۔ نافع سوء القنیہ۔ استسقاء۔ ذات الجنب۔ درد جگر شکم میں مستعمل ہے +

زرشک

اشجر باربیس ـــــــــــــــ **زرشک**

خاردار درخت کا پھل مکو کے پھل کے برابر گول ذرا لمبا چاشنی دار ہوتا ہے +

خاصیت۔ خام سبز۔ پختہ لال سرخ۔ پرانا سیاہ۔ ذایقہ چاشنی دار۔ گرم خشک۔ مضر سرد مزاج کے قولنج والے کو مصلح سرد مزاج میں لونگ دوسرے کو

شیرہ مغز بنولہ۔ شیرہ کرد۔ چلغوزہ ہر ایک ایک تولہ شیرہ سولف۔ شیرہ الائچی ہر ایک سات ماشہ۔ شیرہ تخم سویہ۔ شیرہ تودری ہر ایک ایک تولہ مصری یا ترنجبین سے شیریں کرکے حریرہ تیار کرلیں +

فوائد استعمال۔ عورتوں کو کمی دودھ میں دینے سے زیادتی ہو جاتی ہے۔ یہ ایک خوراک ہے +

سفوف نشاستہ

نشاستہ۔ تخم کنوچہ۔ صمغ عربی بریان۔ تخم خرفہ ہر ایک پانچ ماشہ۔ گل ارمنی سات ماشہ۔ اسبغول بریان ایک تولہ تخم ریحان بریان۔ تخم حماض بریان ہر ایک پانچ ماشہ۔ سوائے اسبغول اور کنوچہ کے کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ پھر روغن بادام میں چرب کرکے استعمال کریں +

فوائد استعمال۔ اسہال حراری میں مفید ہے۔ خوراک ۳ ماشہ

طلا نشاستہ

نشاستہ۔ صندل سفید۔ گل ملتانی۔ سرکہ۔ عرق گلاب میں پیس کر پیشانی پر طلا کریں کبھی اقاقیا۔ گلنار۔ کافور۔ زیادہ کرتے ہیں

فوائد استعمال۔ خون نکسیر بند کرنے میں معمول ہے +

لونگ

قرنفل —————— **مینٹک**

لونگ ایک درخت کی بے کھلی ہوئی کلی ہے۔ اس کے اوپر چار دانت ہوتے ہیں۔ اور ان کے بیچ میں گول سر جس کو لونگ کا پھول یا ٹوپی کہتے ہیں۔ جائفل لونگ کا پھل ہے +

خاصیت ۔ رنگ سیاہ سرخی مایل ۔ ذائقہ تیز و تیز بو ۔ گرم خشک ۔ مضر گردہ امعاء ۔ مصلح گوند ۔ بدل دارچینی ۔ جائفل ۔ کلیجن ۔ جوتری +

فوائد ۔ مفرح ۔ ہاضم ۔ محلل ریاح ۔ بلغم ۔ مقوی دل و دماغ ۔ جگر ۔ مقوی اعضاء رئیسہ و ارواح +

استعمال ۔ ذہن ۔ فکر ۔ باہ کو طاقت دیتا ہے ۔ فالج لقوہ سکتہ نزلہ دردسر ۔ کل امراض دماغی ۔ بلغمی کو مفید ہے ۔ خوراک ۔ ا سے ۲ ماشہ +

مرکبات

روغن لونگ

لونگ آٹھ تولہ ۔ مغز بادام ایک تولہ ۔ اول لونگوں کو بمع دیگر مغز بادام کے کچل کر تیل نکالیں +

ترکیب تیل نکالنے کی ۔ ایک آبخورہ یا کوئی چھوٹا برتن جس پر سبز چینی چڑھی ہوئی ہو ۔ پیندے میں باریک قریب قریب دس بارہ سوراخ کر کے اس میں لونگیں رکھی جاویں ۔ اور منہ چاک مٹی یا آٹے سے بعد کے ایک گڑھا اس قدر کھودنا چاہئے جس کے منہ پر سوراخ کیا ہوا برتن آجاوے اور گڑھے کے اندر ایک شیشی یا کوئی پیالی پانی ڈال کر رکھ دیں ۔ اب اوپلوں کے نرم حرارت پہنچائی جائے جس کی وجہ سے آسانی سے تیل نکل آوے گا ۔ تیل کو پانی میں سے لیکر کسی شیشی میں رکھا جاوے +

دوسری ترکیب ۔ جس چیز کا تیل نکالنا ہو ایک آتشی شیشی میں بھر کر اسکے منہ پر لوہے کے تار یا اور باریک تنکوں کی ڈاٹ شیشی کے منہ میں لگا کر ایک گملے میں سوراخ کر کے یا شیشی کے منہ کو اس میں سے نکال کر اوپر سے ریت بھر دیں ۔ اور اوپر سے آگ کے کوئلہ رکھ دیں ۔ تاکہ

برگ بید پانچ تولہ۔ پانی دس سیر میں جوش دیکر مطابق قاعدہ کے پاشویہ کریں۔

فواید۔ یہ عمل دردِ سر بخارات میں سر سے ابخرات اوتارنے کے لئے کیا جاتا ہے۔

حریرہ سبوس گندم

سبوس گندم دس تولہ رات کو تھوڑے پانی میں بھگو دیں صبح کو مل کر صاف کرکے چھان لیا جاوے اور مغز بادام آٹھ دانہ۔ خشخاش چھ ماشہ سپستان ۱۰ دانہ۔ قند سفید چار تولہ۔ چار دن دوا کو پانی میں پیس کر آب سبوس گندم میں ملا کر جوش دیں۔ جب پک جاوے تو عرق گلاب چار تولہ۔ الائچی سفید چھ ماشہ۔ زعفران نصف ماشہ۔ مشک خالص ایک رتی پیس کر اس میں ملائیں۔ جب جوش کھا کر مانند حریرہ کے ہو جاوے تو اوتار کر سرد کرکے استعمال کیا جاوے۔

فواید استعمال۔ دردِ سر۔ ضعف دماغ۔ ناتوانی کو مفید ہے۔ یہ ایک خوراک ہے۔

مطبوخ سبوس گندم

سبوس دو تولہ۔ کوکنار ایک تولہ۔ صمغ عربی دو ماشہ۔ سپستان گیارہ دانہ۔ ملٹھی دو درم۔ ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جاوے استعمال کریں۔

فواید کھانسی میں معمول ہے۔

مرکبات آرد گندم

طلا آرد گندم

آرد گندم ۔ مرکی ۔ کندر ۔ تینوں کو باریک کر کے سفیدی بیضہ مرغ میں ملالیں +

فوائد استعمال پیشانی پر نزلہ گرم میں ضماد کیا جاوے تو مانع ہوتا ہے

پولٹس

گیہوں کا آٹا ۔ السی کا آٹا ۔ ہر ایک ایک چھٹانک سوا پاؤ کھولتے ہوئے پانی میں گھول لیں +

فوائد استعمال پھوڑے کے توڑنے یا ورمی مادہ کو نیچے بٹھانے کے لئے لگائی جاتی ہے +

نشاستہ گندم

گیہوں کو پانی میں اتنے دن بھگوتے ہیں کہ اس سے آٹا نکل آتا ہے +

ماہیت ۔ سفید رنگ ۔ ذائقہ پھیکا ۔ سرد خشک ۔ مضر مورث سدہ ۔ دیر ہضم ۔ مصلح شیرینی ۔ مونگ ۔ بدل برنج مغسول ۔

فوائد ۔ مقوی چشم ۔ قابض مجفف رطوبت ۔ ناضج +

استعمال ۔ حریرہ قابض خون بواسیر ۔ دست ۔ مانع برآمدگی دھن ۔ زکام نزلہ کھانسی ۔ خشونت حلق سینہ ۔ سل ۔ بیضہ مرغ کی سفیدی کے ساتھ لگانے سے سوزش چشم کو مفید ہے +

مرکبات نشاستہ

حریرہ

نشاستہ دو تولہ نصف سیر پانی میں حل کر کے شیرہ چاول شیرہ مغز بادام

ریت کی گرمی سے شیشی گرم ہو کر تیل نکل آئے گا +

تیسری آسان ترکیب۔ ایک چینی کے پیالہ میں پانی بھر کر اس پر ململ کا کپڑا بھگو کر کسی قدر ڈھیلا باندھا جاوے اور اس پر دوا کوٹی دیگر رکھو پھر اوپر سے ابرک کے ٹکڑے سے پیالہ کو ڈھک کر اس پر آگ رکھ دو تیل نکل آئے گا +

فوایدمانند لونگ کے خوراک ۲ سے ۴ بوند +

طلا لونگ

لونگ چھ تولہ۔ مالکنگنی چار تولہ۔ لونگ کے تیل کے مانند نکال لیا جاوے۔

فوایداستعمال بیرونی +

زعفران کیسر

گرم ۔ زعفران

کرکیماس

یہ پھول کے اندر کا ریشہ ہے ۔اس کی کاشتکاری کشتوار۔ کشمیر شام ۔ مصر ۔ گیلان ۔ خراسان ۔ ماژندران ۔ اصفہان وغیرہ میں ہوا کرتی ہے کشمیری زعفران زیادہ مشہور ہے ۔جب زعفران کھلا ہوا ہو تو وہاں سے گذرنے پر اچانک ہنسی آجاتی ہے +

کھوٹ ۔ مکی کے بھٹے کا ریشہ زعفران میں رنگ کر ملا دیا کرتے ہیں۔ جب اس کو دھویا جاوے تو زعفرانی رنگ دھل کر اصلی شکل بھٹے کے ریشہ کی نظر آتی ہے +

خاصیت ۔ رنگ زرد سرخی مایل ۔ ذایقہ تلخ خوشبودار ۔ گرم خشک مضر گردہ ، مصدع ، مصلح زرشک ، سکنجبین ، انیسوں ، بدل دار چینی ، بالچھڑ

فوائد۔ مفرح۔ محلل ریاح۔ منوم۔ مقوی حواس۔ اعصاب ✦
استعمال۔ شکم کے پٹھوں اور آلات تنفس کو طاقت دیتا ہے۔ گردہ مثانہ کو صاف کرتا ہے۔ مورث نشاط۔ سرمہ امراض چشم۔ سلاق۔ خارش آنسو جاری ہونے۔ زخم چشم میں مفید ہے۔ یہ کافور کا مصلح ہے۔ اگر کسی نے کافور زیادہ مقدار میں کھالیا ہو اور اس کی خراب علامات شروع ہو گئی ہوں۔ جن کا بیان کافور میں ہو چکا زعفران کے دینے سے آرام ہو جاتا ہے۔ چنانچہ ایک مرتبہ ایک شخص کو کسی نے کافور زیادہ مقدار میں کھلا دیا۔ تھوڑی دیر کے بعد ردی علامات شروع ہو گئیں۔ اس وقت میرے پاس اس کے وارث آئے۔ چونکہ رات کا وقت تھا۔ میں نے زعفران کھلایا۔ تو اس سے مریض کی حالت رو بصحت ہونے لگی۔ صبح کو روغن بید انجیر پلا دیا۔ جس سے دو چار دست آ کر معدہ صاف ہو گیا۔ مریض بچ گیا۔ لیکن عرصہ تک زبان میں لکنت رہی تھی ✦

مرکبات زعفران

حب شفا

زعفران دو دانگ۔ گلسرخ۔ گل ارمنی۔ سونٹھ۔ ہر ایک ڈھائی دانگ ریوند چینی۔ افیون۔ دھتورہ ہر ایک ایک مثقال کوٹ چھان کر شیر خشت کو پانی میں گھول کر گولیاں بنائیں ✦
فوائد استعمال۔ تپ چوتھیا میں نوبت سے ضعف ساعت پہلے تین گولی کھلائی جائیں ✦
طاقت قریب نو حصہ میں ایک حصہ افیون ہے ✦

سفوف زعفران

زعفران ایک دانگ - ریوند چینی ڈیڑھ دانگ - تخم حماض - صمغ عربی بریان - نشاستہ - صندل سفید - طباشیر - لک مغسول - گلسرخ - زرشک ہر ایک نصف درم کوٹ چھان کر سفوف بنائیں +

فوائد استعمال - مانع اسہال جگری - خوراک دو درم ہمراہ شیرہ تخم خرفہ کاسنی رب بہی کے +

طلاء زعفران

زعفران - مرکی - ایلوہ - ہھوڈن پانی میں پیس کر تیار کریں +

فوائد استعمال - غرب تتجر (آنکھ کا کوا سخت ہو جانا) میں استعمال کرتے ہیں +

لیپ زعفران

زعفران - ریوند چینی - اسارون - لک مغسول ہر ایک دو درم - مصطگی نصف درم - گلسرخ - شیاف مامیثا - تخم کاسنی - کشوث ہر ایک تین درم - اکلیل الملک - گل خطمی - گل بنفشہ ہر ایک پانچ درم - بابونہ ایک درم - کوٹ چھان کر شیرہ آب کاسنی یا عرق گلاب میں ملالیں +

فوائد استعمال - استسقاء جو ورم جگر سے ہو شکم پر لیپ کیا جاوے +

قطور زعفران

زعفران دو دانگ - حضض - کندر - عصارۂ بادرنج ہر ایک ایک درم سرکہ میں حل کر لیں +

فوائد استعمال - خون بستہ کے پھاڑنے کے لئے کان میں ڈالا جاوے +

کلونجی

کمون ہندی ـــــــ **شونیز**

ایک گھاس کا بیج سیاہ رنگ۔ تکونا ہوتا ہے۔ اس کی شاخیں بالشت کی برابر یا کم وبیش اور پتلی پتلی۔ پھول سفیدی مایل۔ اور نیلے رنگ کا ہوتا ہے۔ اس کی قوت سات برس تک قایم رہتی ہے +

خاصیت۔ رنگ سیاہ ذایقہ پھیکا۔ قدرے تلخ۔ گرم خشک۔ مضر مورث خناق۔ دردسر۔ مصلح کتیرا۔ سرکہ۔ بدل انیسوں تخم سویہ نصف وزن +

فواید۔ مدربول۔ حیض۔ مخرج جنین۔ جاذب رطوبت۔ مخرج کرم شکم محلل اورام +

استعمال۔ دافع دردسینہ۔ قے۔ جلندر۔ قولنج ریاحی۔ بواسیر۔ یرقان سکنجبین کے ہمراہ تپ بلغمی اور چوتھیا میں مفید ہے۔ خوراک ۷ ماشہ +

مرکبات

جوارش شونیز

کلونجی۔ ہلیلہ کابلی ہر ایک پانچ درم۔ سونٹھ نانخواہ ہر ایک دس درم۔ شہد ساٹھ درم ڈالیں +

فواید استعمال۔ حافظہ کو زیادہ کرتی ہے۔ نسیان کو دور کرتی ہے خوراک ۷ ماشہ +

سعوط

کلونجی۔ پتہ کلنگ۔ تخم حنظل بکٹی سفید۔ برابر پیس۔ بول شتر اعرابی میں آلودکر کے دھوپ میں خشک کیا جاوے پھر نصف رتی کی گولیاں

بنائی جاویں +
فوایداستعمال۔ سونگھنے کی قوت زایل ہو جانے پر روغن مرزنجوش میں حل کر کے سونگھیں۔ اگر کچھ سوزش معلوم ہووے تو روغن کی مقدار زیادہ کر دیں +

رب کلونجی

کلونجی ایک سیر باریک کوٹ کر دو سیر پانی میں ۱۲ گھنٹہ بھگوئیں۔ اور پندرہ منٹ جوش دیکر پانی نتھار کر بقایا ثفل میں دو سیر اور پانی ڈال کر مل کر نکال لیا جاوے۔ اب ہر دو عرق کو ملا کر قدرے جوش دیں۔ جب چوتھائی حصہ رہ جاوے تو فلالین میں چھان کر پانی کی بھاپ پر شہد کے مانند گاڑھا کر لیا جاوے +
استعمال کلونجی کے مانند +

مرہم کلونجی

رب کلونجی سات ماشہ۔ قیروطی ڈھائی تولہ۔ عطر گلاب چار قطرہ خوب ملالیں +
فوایداستعمال۔ چہرہ کے رنگ کو نکھار کر خوش رنگ کرتا ہے۔ جھائیوں کو صاف کرتا ہے +

کدو

قرع ـــــ کدو

ایک بیل دار درخت کا مشہور پھل ہے۔ جو دو قسم کا ہوتا ہے۔ ایک تو ہندی پیدائش ہے۔ جس کو کدو مدور یا کانشی پھل کہتے ہیں۔ دوسرا کدو دراز یا لوکی ہر دو پھل غذا میں کثرت سے استعمال کئے جاتے ہیں

یہ ہر دو سرد و تر ہیں +

خاصیت تخم - رنگ سفید - ذائقہ پھیکا - سرد ۱ تر ۲ - مضر مثانہ - سرد مزاج مصلح سولف - بدل تخم خیار تخم تربوز -

فوائد - مدر بول - مسکن اخلاط و تشنگی - مقوی دل دماغ +

استعمال - خشونت سینہ - سرفہ حار - منہ سے مثانہ سے خون آنے کو روکتا ہے - بیخوابی کو دور کرتا ہے - بلغم شور کو معتدل کرتا ہے - اور دافع یبوست ہے - خوراک ۷ - ماشہ سے ۱/۲ تولہ +

مرکبات تخم کدو

روغن کدو

کدو کو چھیل کر معہ تخم تخم کے کوٹ کر پانی نکال لیا جاوے - کدو کے چوتھائی حصہ روغن کنجد ملا کر اس قدر جوش دیا جاوے کہ پانی خشک ہو کر تیل رہ جاوے - بیجوں سے بھی تیار کرتے ہیں - یہ تیل سرد تر ہے +

فوائد استعمال - سعوط در دسر گرم میں مفید ہے +

شربت کدو

رب کدو - رب تربوز - عرق گلاب ہر ایک نصف سیر - حب الاس ایک پاؤ ملا کر جوش دیں - جب نصف رہ جاوے - صاف کر کے - نصف سیر چینی میں قوام کر لیں - طباشیر - شاذنج - عدس مقشور - صمغ عربی - دم الاخوین کتیرہ سفید ہر ایک پانچ درم اضافہ کریں +

فوائد استعمال - نفث الدم جبکہ بخار ہو - خوراک ۱۰ درم شیرہ خرفہ کے ہمراہ

عرق کدو

شاہترہ نصف سیر - صندل سفید - دھنیا - گل نیلوفر - گلسرخ - تخم کاسنی

ہر ایک ایک پاؤ۔ کدو کے ٹکڑے ایک سیر۔ عناب پچاس دانہ۔ تخم کاہو دس تولہ۔ گل گاؤزبان ملیٹھی ہر ایک چار تولہ۔ پانی دس سیر بھگو کر عرق کھینچ لیں +

استعمال۔ تپ۔ فسادِ خون کو مفید ہے۔ خوراک ۱۰ تولہ

بادام

لوز الحلو ______ شیریں بادام

یہ صحرائی۔ لبنانی۔ کاغذی اور موٹا چھلکے دار۔ ذایقہ تلخ اور شیریں مشہور ہے +

خاصیت۔ باہر سرخ۔ اندر سفید۔ ذائقہ شیریں۔ خوش مزہ۔ گرم تر مضر امعاء۔ ثقیل دیر ہضم۔ مصلح شکر۔ بدل مغز فندق۔ کھوپرہ +

فواید۔ مقوی جوہر دماغ۔ مولد منی۔ منقی سینہ۔ مسمن بدن۔ مقوی بصر۔ لین حلق۔ دافعہ سرفہ خشک۔ مقوی باہ +

استعمال۔ سوزاک۔ درد قولنج۔ حریرہ۔ چونچی۔ پستہ۔ نشاستہ۔ گھی شکر کے ہمراہ۔ بالخاصیت مقوی باہ ہے۔ خوراک ۶ ماشہ سے ۳ تولہ +

مرکبات بادام

حب بادام ______

مغز چلغوزہ۔ مغز بادام۔ تخم السی بریان ہموزن باریک کر کے گولیاں بنائی جاویں +

فواید استعمال۔ صفائی آواز میں استعمال کرتے ہیں +

حریرہ بادام ______

مغز بادام دو تولہ۔ مغز بنولہ۔ خشخاش ہر ایک ایک تولہ۔ مغز کدو شیریں

دو درم - چاول سفید ایک تولہ مصری چار تولہ - روغن زرد گائے ایک تولہ بجائے پانی کے عرق سپید مشک ، عرق گاؤزبان ملاکر حریرہ بنائیں +

فوایداستعمال - دافع نزلہ دماغ کو قوت دیتا ہے مبہی - یہ ایک خوراک ہے

روغن بادام

ترکیب تیل نکالنے کی مغز بادام کو بغیر پانی کے باریک پیس کر ایک چوتھائی میں گرم راکھ پر تر چھار کھک آہستہ آہستہ الٹ پلٹ کرکے دباتے جائیں اور پانی کا چھینٹا دیں - تیل تھوڑا تھوڑا بہے گا - اگر اس ترکیب سے نہ نکلے تو صرف مصری ملا دیں تاکہ بہت جلد نکل آوے - سویاں بنانے کی چرخی اونچی کم ہو اس میں مغز بادام ڈال کر دباؤ ڈالیں - لیکن قریب آگ رکھنا چاہئے - تاکہ گرمی کے اثر سے جلد نکل آوے - یہ سفید قدرے شیریں وچرب سردی گرمی میں معتدل - مصلح روغن مصطگی - بدل روغن خشخاش چلغوزہ +

فوایداستعمال - دماغ کی ترطیب کرتا ہے - معدہ اعصاب کو طاقت دیتا ہے - ملین - نیند آور - دافع خشکی - آواز کو صاف کرتا ہے - خوراک ۳ سے ۶ ماشہ +

لعوق بادام

صمغ عربی - کتیرا - نشاستہ - رب السوس ہر ایک ۵ درم - مغز بادام مغز چلغوزہ ہر ایک تین درم - قند سفید بیس درم - کوٹ چھان کر روغن بادام میں چرب کریں - اگر حرارت زیادہ ہو - تخم تربوز - خیارین - تخم خرفہ - ہر ایک تین درم زیادہ کریں اگر نزلہ کھانسی ہو تو خشخاش و رفع قبض کے لئے تخم تربوز - ترنجبین قوام میں شامل کردیں - خوراک ۷ ماشہ +

لبوب بادام

مغز بادام ۔ مغز پستہ ۔ مغز نارجیل ۔ مغز فندق ۔ مغز چلغوزہ ۔ مغز حب الخضرا
مغز انجلک ۔ مغز اخروٹ ہر ایک چھ ماشہ ۔ شقاقل ۔ ثعلب مصری
تخم انگن ۔ بہمنین ۔ طباشیر ۔ دھنیا مقشر خشک ۔ مایہ شتر اعرابی ۔ کباب چینی
اندر جو ۔ مغز بنولہ ہر ایک ۵ ماشہ ۔ ریگ ماہی ایک تولہ ۔ ماہی روبیاہ ۱ ماشہ
عنبر اشہب ۶ ماشہ ۔ مشک خالص ۴ ماشہ ۔ تودری سرخ ۔ تودری سفید
ہر ایک ۵ ماشہ ۔ زردی بیضہ مرغ ۷ عدد ۔ دارچینی ایک تولہ ۔ تالمکھانہ
چھ ماشہ ۔ ابریشم مقرض ایک تولہ ۔ مصری دوا کے برابر شہد کل کے برابر ۔
روغن نخود دس تولہ ۔ مصری شہد کا قوام کر کے اول روغن نخود ملا کر پھر
تمام دواؤں کو ملالیں ۔

فواید استعمال ۔ قوت باہ کو زیادہ کرتا ہے ۔

خشخاش سفید

تخم خشخاش ــــــــ بزر الخشخاش البستانی

یہ دو قسم کا ہوتا ہے ۔ بری ۔ بستانی ۔ بری کے بیج سیاہ قدرے تلخ
افعال میں سفید سے قوی اور بہت مخدر ہے ۔ یہ بطور دوا کے برتے
جاتے ہیں ۔ مواد کو غلیظ کرتے ہیں ۔ اور سفید پتلے مواد کو معتدل القوام
اور صفرا میں تفتیح پیدا کرتے ہیں ۔ اعضاء کو سست اور نیند لاتے ہیں ۔
خاصیت ۔ رنگ سفید پھیکا ۔ قدرے شیریں ۔ سرد تر ۔ مضر پھیپھڑہ مصلح
شکر شہد ۔ بدل تخم کاہو ۔

فواید ۔ منوم ۔ مخدر ۔ قابض شکم ۔ سمن بدن ۔ مولد منی ۔

استعمال خشکی سینہ ۔قصبۃ الریہ ۔سرفہ حار ۔ تپ دق ۔ضعف جگر گردہ سوزش مثانہ خون آنے کو نافع ہے +

مرکب پوست

جوشاندہ پوست خشخاش

کوکنار ۵ تولہ ۔پانی سوا سیر جوش دے لیں +

فواید استعمال ۔بطور مسکن درد کے کان میں بھپارہ دیتے ہیں ۔طاقت ۱۴ حصہ میں ایک حصہ خوراک ۵ تولہ +

مرکبات تخم خشخاش

حمول خشخاش

تخم خشخاش ۔ نیل مقشر ہر ایک دو تولہ ۔کوٹ کر گائے کے دودھ میں پکاکر پھر پیسیں زعفران کتیرا سفید ہر ایک ایک ماشہ ۔صمغ عربی ۔تخم خطمی کوٹ چھان کر زردی بیضہ مرغ مخلوط کرکے روغن گل یا روغن حنا ملاکر حمول بنا کر استعمال کریں +

فواید استعمال ۔رحم کی سختی کے واسطے +

سفوف خشخاش

خشخاش ۔پوست ہلیلہ زرد ۔مساوی مصری ہر دو کے برابر کوٹ چھان کر سفوف بنائیں +

فواید استعمال ۔نزلہ زکام کے واسطے مفید ہے ۔خوراک ۲ درم +

شربت خشخاش

پوست کے ڈوڈے بعہ بیجوں کے پندرہ عدد اصل السوس دو تولہ کوٹ چھان کر ڈھائی پاؤ پانی میں بھگوئیں۔ صبح کو جوش دیکر ڈیڑھ پاؤ چینی میں قوام کرلیں ❖

فواید استعمال۔ کھانسی۔ نزلہ میں۔ خوراک ۲ تولہ ❖

فرزجہ

خشخاش سفید ایک تولہ کوٹ کر دودھ ایک پاؤ میں پکاکر جب نصف رہ جاوے تو روغن گل ۲ تولہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ موم ۶ ماشہ۔ خشخاش والے دودھ میں جوش دیکر ملالیں ❖

فواید استعمال۔ مقدار سے مرہم داخلیون۔ روغن گل یا رب بار تنگ یا شیر مادر دختر میں ملاکر مطابق قاعدہ کے حمول بنائیں۔ اور ورم رحم میں استعمال کریں ❖

قرص خشخاش

گل سرخ۔ صمغ عربی ہر ایک ۴ درم۔ نشاستہ۔ کتیرا۔ ملٹھی۔ زعفران ہر ایک دو دانگ۔ خشخاش سفید۔ خشخاش سیاہ ہر ایک تین درم۔ طباشیر ۵ درم قرص بنائیں ❖

فواید استعمال۔ سینہ پھیپھڑہ کے زخموں میں برتا جاتا ہے۔ خوراک ۲ قرص طاقت ۱۸ حصہ میں ۴ حصہ پوست خشخاش ہے ❖

رب خشخاش

کوکنار نصف سیر جو کوب کرکے دس چھٹانک پانی میں ایک شبانہ روز بھگو کر نتھار لیں پھر اس قدر پانی اور ڈال کر ایک رات دن بھگو کر صاف پانی لیلیں اب

ہر دو عرق ملا کر پانی کی حرارت سے گاڑھا کریں۔ اگر ½ حصہ رب کے چینی ملا دی جاوے تو بہتر ہے۔ قوام گاڑھا کریں۔ خوراک ۲-۵ رتی تک +

ھدایت۔ زہردار دوا کی بوتل پر سرخ سیاہی سے زہر کا لفظ دوا کے نام کے نیچے ضرور لکھنا چاہئے۔ بلکہ دوا کھانے یا پینے کی جس میں کوئی زہر والی دوا کی آمیزش ہو اس پر بھی زہر کا نشان ضرور ہونا چاہئے +

لعوق خشخاش

خشخاش سفید سیاہ ہر ایک دو حصہ۔ اصل السوس نیم کوفتہ تین حصہ۔ بہدانہ تخم خطمی ہر ایک ڈیڑھ حصہ۔ ڈھائی سیر پانی میں جوش کریں۔ جب نصف رہ جاوے صاف کر کے کتیرا صمغ عربی۔ ہر ایک ایک حصہ باریک پیس کر لعاب اسبغول دو حصہ شکر سفید سوا سیر ملا کر قوام کریں +

فواید استعمال۔ کھانسی نزلہ میں خوراک ۷ ماشہ +

غرغرہ

کوکنار۔ اسپند۔ برگ سرو۔ پوست کیکر۔ پوست انار۔ ہلدی ہر ایک ہموزن ڈیڑھ سیر پانی میں جوش دیکر غرغرہ کریں۔ **فواید استعمال**۔ درد دانت میں مفید ہے

نشوق

تخم خشخاش سفید۔ گائے کے دودھ میں پیس کر پکائیں۔ روغن کدو ملا لیں +

فواید استعمال۔ بیخوابی کے دور کرنے کے لئے سونگھتے ہیں +

مرکبات افیون

درخت خشخاش کے پھل کا کچا رس ہے۔ یہ کئی قسم کا مشہور ہے۔ ترکستانی ہندوستانی۔ اس کے سو حصہ میں دس حصہ جوہر ہوتا ہے +

خاصیت۔ رنگ سیاہ۔ تیز بو۔ ذائقہ نہایت تلخ۔ ہیکدار۔ سرد خشک مفرظاہر

وباطن ۔ قوی ۔ ارواح ۔ بینائی ۔ باہ ۔ مصلح زعفران ۔ جدوار ۔ جند بیدستر ۔ ادرک چینی سونٹھ ۔ فلفل سیاہ +

فواید ۔ محلل ۔ مسکن درد ۔ قابض مولد سدہ ۔ منوم ۔ دافع سرعت انزال تشنج

استعمال ۔ درد پیچش ۔ زخم امعاء ۔ سرسام بلغمی ۔ ذیابیطس ۔ دست روکنے میں مفید ہے ۔ خوراک ½ رتی سے ایک رتی +

علامات زہر ۔ خالص افیون کھانے سے زہر کا اثر قریباً نصف گھنٹہ بعد نمودار ہونا شروع ہو جاتا ہے ۔ جلدی اثر کرتا ہے ۔ خصوصاً خالی معدہ میں بہت جلد اثر ہوتا ہے ۔ پہلے سر گھومتا ہے ۔ دل سونے کو چاہتا ہے آنکھیں بند ہوتی جاتی ہیں ۔ گہری نیند کے مانند بیمار بیہوش ہو جاتا ہے ۔ اگر کچھ سوال کریں یا زور سے آواز دیں تو جاگ پڑتا ہے لیکن عموماً بیہوش پڑا رہتا ہے ۔ دم آہستہ آہستہ اور بے معلوم لیتا ہے ۔ آنکھیں سرخ پتلیاں سکڑ جاتی ہیں ۔ اور روشنی کا اثر نہیں پڑتا اسی سبب سے مریض کے پیر چلتے وقت لڑکھڑاتے ہیں ۔ اور جب زہر کا اثر بڑھ جاتا ہے تو مریض بالکل بیہوش ہو جاتا ۔ بدن پسینہ سے تر دم خراٹے سے لیا جاتا ہے ۔ غرض پوری بیہوشی ہو جاتی ہے ۔ جو جگانے سے مریض جاگ نہیں سکتا نبض بطی ۔ چہرہ زرد ۔ بدن سرد ہاتھ چہرہ وغیرہ اور رخسار آ جاتا ہے ۔ بعض دفعہ قے ہوتی ہے کبھی دست آتے ہیں جی متلاتا ہے قبض شدت سے ہوتا ہے ۔ اگر قبل از بیہوشی قے اچھی طرح آجاوے تو بچنے کی امید ہے خراٹے تیز ہو جاتے ہیں ۔ منہ سے افیون کی بو آتی ہے ۔ جب اچھا ہونے لگتا ہے تو جی متلاتا ہے ۔ قے آتی ہے ۔ درد سر ہوتا ہے بھوک مر جاتی ہے اور مریض سست ہو جاتا ہے ۔ جب زہر مہلک ہونے والا ہوتا ہے تو علامات موت حسب ذیل نمایاں ہوتے ہیں ۔ سکتہ ۔ غشی ۔ دم بند ہونا ۔ فالج ہونا ۔ موت سے

پسینے ہاتھ پاؤں ڈھیلے نبض ایسی کمزور جو معلوم نہیں ہوتی پتلیوں پہ روشنی کا اثر بالکل نہیں ہوتا۔ نبض سرد اور گھری ہوتی ہے +

افیون کے زہر میں پسینہ کے ماسوا اور سب رطوبتیں خشک ہو جاتی ہیں۔ بعض مرتبہ زہر کا اثر ابتدا میں کچھ نہیں ہوتا ہے۔ لیکن تھوڑی دیر بعد عود کر کے مریض کو ہلاک کر دیتا ہے۔ کبھی خود بخود قے دست پیشاب زیادہ آتا ہے اور ہذیان ہو جاتا ہے۔ بچوں میں تشنج ہو کر جبڑے مل جاتے ہیں۔ علامات کزاز فالج کے مانند ہوتی ہیں کبھی دونوں پتلیاں پھیل جاتی ہیں کبھی ایک پھیلتی دوسری سکڑ جاتی ہے نبض کبھی باقاعدہ اور کبھی پھر تیز۔ بدن میں خارش ہو کر دھبے پڑ جاتے ہیں۔ موت عموماً ۴ گھنٹہ سے ۲ گھنٹہ یا کچھ کم عرصہ تک وقوع میں آتی ہے۔ اگر مریض افیون کھانے کے بعد ۱۲ گھنٹہ زندہ رہے تو بچنے کی امید ہے۔ خوراک مہلک ۲ رتی کم زیادہ۔ **علاج زہر افیون**۔ تین تولہ رائی کو گرم پانی میں گھول کر پلائیں اور اوپر سے گرم پانی کی مدد دیکر قے کرائی جاوے۔ اگر مریض بیہوش ہو تو چہرہ گردن۔ سر چھاتی پر سرد پانی چھڑکیں۔ تاکہ مریض ہوش میں آوے۔ سونے نہ دیں چلاتے پھراتے رہیں پیر و گردن پر تھپیڑے ماریں۔ سبز چاء بغیر دودھ مٹھائی کے تھوڑی پلائی جاوے۔ اگر دماغ میں اجتماع خون ہو تو کنپٹی پہ جونکیں لگائی جاویں +

احتیاط۔ دماغی امراض۔ قبض میں اکثر افیون نہیں کھانی چاہئے۔ اور سینہ کے امراض میں احتیاط رکھی جاوے۔ اور بچوں کو اور نہ بچہ والی ماں کو مبادا دودھ میں مل کر بچہ کو ہلاک کر ڈالے +

مرکبات افیون

حب افیون

افیون۔ قلعی چونہ ہموزن باریک کر کے نصف رتی کی مقدار پہ بنائی جاویں

فوایدِ استعمال۔ ضربِ باسنگر ہنی میں ایک سے ۲ گولی طاقت ہو زن یہ خوراک جوان کی ہے

دیگر

حب افیون

افیون۔ اجوائن خراسانی۔ مصطگی۔ کتیرا سفید۔ کہربا شمعی۔ صمغ عربی۔ نشاستہ۔ تخم کاہو۔ گل گاؤزبان۔ خشخاش سفید۔ تخم حنا رین۔ گل ارمنی ہر ایک ۲ مثقال زعفران نصف مثقال۔ بیخ بسفائج ایک مثقال۔ رب السوس ڈھائی مثقال۔ کوٹ چھان کر کوکنار کے پانی سے گولیاں بنائیں +

فوایدِ استعمال۔ کھانسی اور منہ سے خون آنے میں مفید ہے طاقت ۲۹ حصہ میں ایک حصہ افیون ہے +

روغن افیون مفاصلی

افیون ۵ درم۔ روغن کنجد ایک سیر۔ شیر گلے ایک سیر۔ کچلہ بیس عدد۔ افیون شیر میں حل کریں پھر کچلہ کو روغن میں ریزہ ریزہ کر کے ڈالیں بعد میں لوہے کے برتن میں نرم آنچ پر جوش کریں تاکہ مائی اجزا حل ہو کر روغن رہجاوے سرد کر کے صاف کر لیں +

فوایدِ استعمال۔ گٹھیا کے مریضوں کیلئے۔ یہ تیل زہریلہ ہے احتیاط رہے +

دیگر

روغن افیون

افیون ۶ رتی۔ روغن کنجد ڈھائی تولہ میں حل کریں +

فوایدِ استعمال۔ درد کان میں نیم گرم ڈالا جاوے +

رب افیون

کچی افیون ایک سیر تین سیر پانی میں ۲۴ گھنٹہ بھگو کر نچوڑ لیں دوبارہ اسمیں ڈیڑھ سیر پانی اور ڈال کر ایک شبانہ روز بعد نچوڑ لیں ایسی ہی عمل اکیر تبلہ رکر کے کل عرق کو آگ پر قدرے

گرم کرکے فلالین میں چھانیں اور گاڑھا کرلیں۔ خوراک ½ رتی سے ایک رتی

استعمال مانند افیون کے ٭

سفوف مرکب افیون

افیون ڈیڑھ ماشہ۔ سیاہ مرچ دو ماشہ۔ زنجبیل ۵ ماشہ۔ زیرہ ۶ ماشہ کتیرا اسفید ½ ماشہ باریک سفوف کرکے ایک شیشی میں رکھ لیں **فوائد استعمال** رطوبت معدہ دست بستگ رہنی میں خوراک ایک رتی سے ۳ تک طاقت ۱۵ حصہ میں ڈیڑھ حصہ افیون کے ٭

ضماد افیون

افیون ایک ماشہ شہد خالص ایک تولہ پھٹکڑی بریاں تین ماشہ سفوف گٹھلی چھوہارہ تین ماشہ جمیت کے برتن میں ڈالکر ایک لکڑی کہ جسکے سر پر تانبے کا پیسہ لگا ہوا ہو تین روز خوب گھوٹی جاوے اور ایک چوڑے منہ کی شیشی میں رکھ لیا جاوے **فوائد استعمال** درد سر دل کو مفید ہے اسکی قوت یکسال تک قائم رہتی ہے ٭

طلا افیون

افیون کات ہندی رسوت ہر ایک ایک جزو پھٹکڑی بریاں چار جزو عرق کاغذی لیموں آٹھ جزو سب دواؤں کو باریک کرکے لوہے کے برتن میں ڈالکر لوہے کے دستہ سے خوب کھرل کریں **فوائد استعمال** مسکن درد سر اطفال کو مفید ہے۔ طاقت پندرہ حصہ میں ایک حصہ افیون ہے ٭

قرص افیون

افیون۔ مرکی۔ اجواین خراسانی۔ بیج لفاح۔ زعفران۔ تخم کاہو۔ تخم دھنیا ہر ایک ایک جزو۔ آب صمغ عربی سے قرص بنائیں۔ **فوائد استعمال**۔ آدھا سیسی کے درد کو نافع ہے ٭

لزوق افیون

افیون ½ درم۔ مرکی ½ ادرم تخم کاسنی تخم کاہو ہر ایک دو درم جندبیدستر تین درم کوٹکر چھان لیں **فوائد استعمال** درد سر شقیقہ آدھا سیسی شقیقہ چشم میں لعاب اسبغول ملاکر وقت ضرورت کاغذ کے دو ٹکڑوں میں سے کسی سے باریک ایک سے لگا کر ادراسپر لزوق لگا کر جائے ماؤف پر چسپاں کردیا جاوے ٭

قسط

قسط ——— کوشتہ

یہ ایک درخت زمین پر بچھے ہوے کی جڑ ہے جو کئی قسم کی ہوتی ہے۔ ایک شیرین سفید زردی مائل۔ اور سبک خوشبودار اسکو قسط بحری کہتے ہین۔ تلخی مائل بسیاہی اور گودا اسکا زردی مائل ہوتا ہے۔ بو اور سبک کم ہوتی ہے یہ اکثر ضمادون مین استعمال کیجاتی ہے۔ اسکو قسط ہندی کہتے ہین (۳) مائل بسرخی۔ بھاری خوشبودار تلخ یہ سم قاتل ہے اسکو کھلانا منع ہے

خاصیت۔ بہترین رنگ سفیدی مائل بزردی ذائقہ شیرین گرم خشک بار طب ۳ مفضلہ۔ سفر۔ شانہ۔ یہ مصلح گلقند انیسون۔

فوائد۔ مقوی اعضاء رئیسہ باہ۔ گردہ۔ استرخاء۔ عرق النساء۔ ورم طحال۔ سرفہ درد پہلو کو مفید ہے۔

خوراک ا سے ۲ ماشہ۔

روغن قسط ———

قسط تلخ۔ کندش۔ عاقرقرحا۔ ہر ایک ۲ ماشہ۔ چھیل۔ بالچھڑ۔ بیخ سوسن۔ قرفہ۔ رائیتہ دار ہلدی لونگ۔ اجوائن دیسی۔ تخم کرفس۔ تگر۔ سونٹھ۔ زرنباد کندر۔ مصطگی ہر ایک تین ماشہ۔ گل بابونہ ایک تولہ۔ مغز بادام تلخ ۲ تولہ تخم ارنڈ تین تولہ۔ سب کو جو کوب کرکے آٹھ پہر بھگو کر جوش دین۔ جب پانی نصف حصہ رہجاوے ملکر صاف کرلین روغن کنجد سیاہ۔ روغن شرشف ہر ایک تین چھٹانک ملاکر جوش دین جب پانی جل جاوے صاف کرکے رکھ لین۔

فوائد استعمال۔ نافع لقوہ۔ رعشہ۔ تشنج۔ استرخاء وغیرہ مین مفید ہے

سفوف قسط شرین

قسط شرین - زعفران ہر ایک دو درم - گل مختوم - گل ارمنی - لک مغسول -
ریوند چینی - چرائتہ ہر ایک تین درم اکلیل الملک چار درم کوٹ چھانکر سفوف بنالیں
فوائد استعمال - جگر - تلی - درد کی کوفت کو جو چوٹ کے صدمہ سے ہو
خوراک - دو درم ہمراہ عرق مکو - مغز املتاس اور روغن بادام ملاکر کہلایا
جاوے -

مرہم قسط شیرین

سفوف قسط باریک ۹ ماشہ قیروطی دو تولہ خوب ملالیں -
فوائد استعمال - ہاتھون پیرون کے پھٹنے - جھائیان - نمش پر
لگایا جاتا ہے -

انار

انار ——— رمان

یہ مشہور پہل ہے جو تین قسم کا شرین - اور ترش - کھٹ میٹھا -
خاصیت - رنگ سرخ وسفید شرین پختہ اور - خام سبز - ذایقہ شرین سرد تر
مضر معدہ مصلح مربہ اورک - مصطگی - بدل ایک کا دوسرا -
فوائد - مقوی دل - جگر - دماغ - مسکن تشنگی - ملین شکم مولد خون صالح
مدربول - حابس خون - باہ -
استعمال - ورم خال - برگ مثل درام - مخرج کرم شکم - حابس خون -
جوشاندہ - پوست پہل انار سریع الاثر اور مجرب ہے پچکاری سے رحم
میں پہنچانا اور پلانا -
خوراک - ۱ سے ۲ تولہ -

طلا برگ انار

پتے - پھول بھل - پوست انار - کوٹ کر ایک رات بھگو دیں - صبح کو جوش دیں
اس جوش شدہ پانی کے چوتھائی حصہ میں کڑوا تیل ملا کر اس قدر جوش دیں کہ
جب پانی جلکر تیل رہجاوے اسکو بحفاظت رکھ لیں -

فوائد استعمال - درازی پستان کو چھوٹا کرتا ہے

حب گل انار

گل انار ۲ ماشہ - سونف - بابڑ رنگ ہر ایک ۲ ماشہ باریک کرکے دو دو رتی
کی گولیاں بنائی جاویں -

فوائد استعمال - بچوں کو امراض ماسا ریقا و جگر کی خرابی سے سبز دست
آتے ہوں تو ایک ایک گولی صبح شام دی جاوے

ترکیب تخم انار

سفوف انار

انار دانہ ۲ درم - شاکی ۲ درم - سونٹھ - نمک سندھی - لونگ - سونف ہر ایک
دو درم کوٹ چھانکر سفوف بنائیں -

فوائد استعمال - مقوی معدہ -

خوراک - دو ماشہ - صبح - شام گرم پانی سے -

شربت انارین

آب انار شیرین - آب انار ترش ہر ایک نصف سیر جوش کرکے ایک رات
بحفاظت رکھکر صبح کو صاف پانی لیکر اسقدر جوش دیں کہ عرق نصف رہجاوے
عرق پودینہ نصف سیر - چینی نصف سیر - ملا کر قوام کر لیا جاوے -

فوائد استعمال - ہیضہ کے دست قے کو رد کرتا ہے - خوراک ۲ تولہ -

شربت انار ترش منعنع

عرق انار ترش نصف سیر۔ چینی ڈھائی پاؤ۔ پودینہ کا پانی نچوڑا ہوا ایک پاؤ ملا کر قوام کر لیں۔

فوائد استعمال قے کو ساکن کرتا ہے۔ اسہال صفراوی متلی کو دور کرتا ہے بھوک بڑھاتا ہے۔ سدہ کو کھولتا ہے۔

خوراک۔ ۲ سے ۴ تولہ۔

عرق ماء اللحم

آب انار شیریں۔ آب سیب ولائتی۔ آب ناشپاتی۔ ہر ایک نصف سیر۔ آب لیموں سوا سیر۔ آب کاہو سبز ڈیڑھ سیر۔ آب دھنیا سبز ایک سیر۔ آب گاجر۔ آب کدو ہر ایک سوا سیر۔ آب تربوز۔ رس گنا ہر ایک ایک سیر۔ گاؤزبان۔ گل نیلوفر۔ بتی لوٹا۔ صندل سفید۔ ہر ایک پاؤ۔ طباشیر عراقی۔ دھنیا مقشر ۱۵ تولہ۔ شیر بکری ۵ سیر۔ ۱۶ سیر عرق کشید کر لیا جاوے۔

فوائد استعمال۔ مقوی دل گرم مزاج والوں کے واسطے۔ امراض سوداوی حرارت معدہ۔ دل کو تسکین دیتا ہے۔ **خوراک** ۵ تولہ۔

مفرح ذیابیطس

شربت انار شیریں۔ شربت انار ترش ہر ایک دس تولہ۔ آلو بخارا ۲ عدد ۱ ملی ۲ تولہ کا پانی۔ آب زرشک نصف سیر قوام کر لیں۔ تیاری کے وقت عنبر اشہب ایک ماشہ ملا لیں۔ تخم خرفہ ۵ ماشہ۔ دھنیا مقشر۔ سونف زیرہ سیاہ۔ مغز کدو۔ مغز خیارین۔ تخم خرفہ مقشر۔ تخم کاہو۔ طباشیر سفید ہر ایک ۶ ماشہ گل گاؤزبان۔ کہربا شمعی۔ ورق نقرہ۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ تودری سنگ یشب سبز۔ مرجان۔ مروارید۔ ہر ایک ۳ ماشہ جملہ دواؤں کو باریک کوٹ چھانکر مفرح بنالیں۔

فوایداستعمال۔ ذیابیطیس۔ صفراوی مزاج کی گرمی۔ خفقان۔ مقوی دل کو مفید ہے۔
خوراک ۶ماشہ ۔ آدھا ماشہ۔

مرکبات پوست انار

جوشاندہ پوست انار

پوست انار ۲ تولہ۔ دس چھٹانک پانی مین جوش دے لیں۔
فوایداستعمال۔ رحم سے خون آنے مین پچکاری کیجاوے ۵ تولہ دن مین چار مرتبہ پلایا جاوے کرم شکم کے مارنے کے واسطے مفید ہے۔

منجن پوست انار۔

چھلکا انار۔ گلنار زرد چوب۔ سماق۔ پھٹکری بریان۔ مازو۔ باریک کرکے منجن بنالیا جاوے۔ مسوڑوں اور دانت کے درد اور کمزوری میں مفید ہے۔

پان

تنبول

ایک بیلدار درخت کا مشہور پتہ ہے جو کئی قسم کا ہوتا ہے۔ چوڑا اور دلیسی ہوتا ہے جسکی رگیں سرخ ہوتی ہین۔
خاصیت۔ رنگ سبز پختہ زرد مونگیا۔ ذائقہ مختلف تلخ چرپرا۔ دیسی میٹھا۔ چوڑا لونگ کے مانند۔ بنگلہ مین کیلے کے مانند بو آتی ہے گرم خشک۔
فوائد۔ مفرح۔ مقوی دل۔ جگر معدہ۔ حافظہ۔ منقیح سدہ مسام مفرح فضلات

استعمال - مفرح قلب - امراض بلغمی میں مفید ہے مسوڑوں کو مضبوط کرتا ہے نشاط لاتا ہے - بھوک بڑھاتا ہے - اسکی پیک نیم گرم کان میں ڈالنے سے درد کو ساکن کرتی ہے۔

شربت پان

بنگلہ پان پختہ دو سو۔ نیم کوفتہ کرکے ایک سیر پانی میں جوش دیکر ایک پاؤ چینی ملاکر قوام کرلیں وقت تیاری کے زعفران - جوتری - جائفل - دانہ الائچی سفید - ہر ایک ۴ ماشہ - لونگ ۶ ماشہ عرق گلاب میں حل کرکے ملادیں۔

فوائد استعمال - تفریح طبع - تقویت باہ - فنائے رطوبت غریبہ میں مفید ہے

خوراک - ۲ سے ۴ تولہ۔

عرق پان

پان پختہ تین پاؤ - اجواین دیسی - کلونجی - زنجبیل - ہر ایک ایک پاؤ - بہمن دارچینی - جائفل - جاوتری - لونگ - دج ترکی - بادیان خطائی ہر ایک ۸ تولہ عرق گلاب ڈھائی سیر - عرق سونف دو سیر - پانی ڈھائی سیر بدستور ۵ سیر عرق کھینچا جاوے۔

فوائد استعمال - امراض سرد میں - خوراک ۲ سے ۷ تولہ۔

مرکب نیم پان

شربت کلونجی

کلونجی - اصل السوس - دھنیا خشک - پوست بہیڑہ - فلفل دراز - صمغ عربی ہر ایک ایک تولہ - کوٹ چھانکر مغز بہدانہ - مغز تخم کھلی بلیلہ زرد - مغز بادام ہر ایک ۳ درم - تخم میتھی - انجیر - ہر ایک ایک پاؤ - چھوارہ - دس تولہ بہدانہ دس تولہ ایک سیر پانی میں جوش دیں جبکہ پانی نصف رہجاوے - مصری ایک

پاؤ ملاکر قوام کرلین - وقت تیاری کے دوسری دواؤن کو باریک کرکے ملا دیا جاوے -

فوایدِ استعمال - کھانسی گرفتگی آواز کیواسطے مفید ہے -

خوراک - ۱ سے ۲ تولہ -

گلو

یہ ایک پھلدار درخت ہے - اسکے پتے پان کے قریب ہوتے ہین اور درختون پر پھیلتا ہے - بہتر نیم کا ہوتا ہے -

خاصیت - رنگ سبز - ذائقہ تلخ - سرد خشک - مضر - مصلح - بنس لوچن دانہ الائچی - بدل ست گلو -

فوایدِ نامنضم - مشتہی طعام - دافع بخار -

استعمال - گرفتنی - صفرادی قے و غشی کو مفید ہے دل جگر معدہ کی سوزش کو زائل کرتا ہے -

خوراک ۴ سے ۶ ماشہ -

عرق گلو

گلو نیم کوفتہ - ایکسیر - گل نیلوفر بیس تولہ - گل گاؤزبان ۱۰ تولہ - گل سرخ بیس تولہ - شاہترہ - پندرہ تولہ پانی سات سیر بھگو کر پانچ سیر - عرق کشیدہ کرین -

فوایدِ استعمال - تپ کہانسی جوش خون کو مفید ہے -

خوراک - ۱۰ تولہ -

ست گلو

تازہ گلو کو کوٹ کر مطابق ہدایت کے نکال لیا جاوے

فوائد استعمال۔ بخار۔ بواسیر۔ اسہال کہنہ کو زائل کرتا ہے۔
خوراک۔ ۱ سے ۳ ماشہ۔

سفوف مرکب ست گلو

ست گلو۔ طباشیر۔ الائچی دانہ سفید۔ اجوائن۔ تخم کاہو ہموزن۔ مصری سب کے برابر ملا کر سفوف بنایا جاوے۔
فوائد استعمال۔ تپ مزمنہ۔ رقت منی۔ سوزاک۔ دافع سوزش جگر معدہ ہاضم طعام کو مفید ہے۔
خوراک۔ ۶ ماشہ۔

دیگر

سفوف مرکب ست گلو

ست گلو ایک تولہ۔ طباشیر۔ شورہ قلمی ہر ایک ۶ ماشہ۔ اتیس ایک تولہ۔ دانہ الائچی سفید ۳ ماشہ۔ خوب کلاں ۹ ماشہ باریک کر کے سفوف بنائیں
فوائد استعمال۔ دافع نزلہ۔ بخار۔ زکام۔
خوراک۔ ۶ ماشہ۔

لائی

انزروت ——— کنجد

یہ ایک خاردار درخت کا گوند ہے جو قریب دو گز کے لمبا ہوتا ہے۔
خاصیت۔ رنگ سرخ سفید زردی مائل۔ ذائقہ تلخ گرم خشک مضر آنتوں کو مصلح صمغ عربی۔ روغن بادام۔
فوائد۔ ملین محلل ریاح۔ خلیط۔ مفتح سدہ۔ مجفف۔ مخرج رطوبت بلغم

کرم شکم

استعمال - جوڑوں سے بلغم کو جدا کرتا ہے - ہمراہ سکنجبین بلیلہ - نسوت
روغن بیدانجیر قولنج استلائی میں مفید ہے ہمراہ شیر و شکر لاغر ہے مانع نزلات ہے
خوراک - ۳ سے ۹ ماشہ تک -

حب انزروت

انزروت ایک تولہ - روغن بادام - شحم حنظل دو تولہ - باؤبڑنگ - عصارہ
قثاء الحمار ۹ ماشہ - کبیلہ ۹ ماشہ - باریک کرکے گردونہ کے عرق
میں گولیاں بنائی جاویں -
فوائد استعمال - برائے اخراج کرم شکم -
خوراک - ۹ ماشہ -

سفوف انزروت

انزروت ۲ تولہ - صمغ عربی ۶ ماشہ - تودری ایک تولہ - ثقاقل مصری -
ہر ایک ایک تولہ - باریک کرکے ہموزن چینی ملاکر سفوف بنائیں -
فوائد استعمال - سمن بدن - خوراک ۹ ماشہ -

طلا انزروت -

انزروت ایک حصہ - صندل سفید ۴ حصہ - افیون تیسرا حصہ - کوٹ کر
کاہو کے پانی میں ملا کر طلا کریں -
فوائد - دردسر ضربی میں طاقت ۱۶ حصہ میں افیون ایک حصہ -

فتیلہ انزروت -

انزروت دو حصہ دم الاخوین ۲ حصہ ایلوہ ۳ حصہ - زعفران ایک حصہ
باریک کرلیں -

فوایداستعمال۔ کان میں کیڑے پڑ گئے ہوں تو کپڑے کی بتی پانی میں بھگوکر اس سفوف میں تھیڑ کر کان میں رکھی جاوے۔

کحل انزروت

انزروت کو سفیدی بیضہ میں لت کرکے کیکر کی لکڑی پر لگاکر تنور میں جب سرد ہونے کے قریب ہو ایک روز رکھدیں۔ دوسرے روز نکالکر شکر طبرزد چاکسو زعفران۔ نصف جز ملاکر پیس لیں۔

فوایداستعمال۔ ہر قسم کے امراض چشم میں مجرب ہے۔

گوند کیکر

صمغ عربی ——— آر دمغیل

اسکا درخت خاردار اور پتے باریک پھول زرد گول گنڈی دار بیج مین والا ہوتا ہے۔ اسکی چھال سے جھڑ ار لگا جاتا ہے اور اس میں ایک رطوبت زردی مائل آبی چمکدار نکل کر تنہ پر جم جاتی ہے جسکو گوند کیکر کہتے ہیں۔ یہ دوا میں بکثرت استعمال کیا جاتا ہے۔

خاصیت۔ رنگ سبز چمکدار ذائقہ پھیکا گرمی میں معتدل خشک بعلیح کیرا مضر باہ بدل کرکس۔ گوند بادام شیریں۔ حب الاس۔

فوائد۔ دافع خشونت حلق سینہ۔ زخم ریہ۔ دافع سوزش مسکن درد استعمال۔ زنک کھانسی زخم امعاء مثانہ۔ مدربول۔

خوراک۔ ۵ سے ۷ ماشہ۔

مرکبات برگ کیکر

کونپل برگ کیکر ۲ تولہ سفوف کباب چینی ۲ ماشہ۔ بنفشہ ۳ ماشہ رات کو

ایک چھٹانک پانی میں بھگو کر صبح کو صاف پانی نہتار لیں اور اس میں ایک تولہ مصری ملاکر پی لیا جاوے۔

فوائد استعمال۔ سوزاک میں برتا جاتا ہے یہ ایک خوراک ہے۔

سفوف برگ کیکر

سفوف برگ کیکر ۲ تولہ۔ جوکھار ایک تولہ۔ کلم ایک تولہ۔ کباب چینی ایک تولہ۔ خسکدانہ ایک تولہ۔ تخم خربوزہ ایک تولہ باریک کرکے سفوف بنایا جاوے۔

فوائد استعمال۔ سوزاک کیلئے ہیں۔

خوراک۔ ۹ ماشہ ہمراہ شیر تازہ کے

مرکب پھول

سفوف پھول کیکر

گل کیکر ایک تولہ۔ صندل سفید ۳ ماشہ۔ تخم کاسنی ۳ ماشہ عنبر شہب چھ ماشہ۔ باریک کرکے چینی ایک تولہ ملاکر سفوف بنایا جاوے یرقان میں۔

خوراک چھ ماشہ ہمراہ عرق مکو اور کاسنی کے

مرکب پھلی

پھلی ببول ۲ تولہ۔ سمندر سوکھ۔ بیج پھلی۔ موصلی سنبل ہر ایک ایک تولہ بہمن چھمنغ عربی ۹ ماشہ باریک کرکے سفوف بنائیں رقیق منی میں۔

خوراک۔ ۹ ماشہ ہمراہ شیر تازہ کے۔

اقاقیا

جب ببول کی پھلیاں پکنے پر آتے ہیں تو انکو کوٹ کر عرق نکالکر نرم آنچ پر کاڑھا کر کے

دھوپ میں خشک کر لیا جاتا ہے اسکو اقاقیا کہتے ہین۔ اسکا رنگ سیاہ ہوتا ہے۔ اگر کچی پھلیون سے نکالا جاوے تو رنگ سبزی مائل بسرخی سیاہی دار ہوتا ہے بہتر مصری ہوتا ہے جسمین خوشبو دار سبز سرخی یا سیاہی مائل سخت غلیظ ہوتا ہے۔ اس مین حدت اور چیپ ہوتی ہے۔

حب صمغ عربی

صمغ عربی۔ کتیرا سفید۔ نشاستہ سفید۔ اصل السوس مقشر ہر ایک ۱ ماشہ افیون خشخاش مغز بہدانہ ہر ایک ۱۲ ماشہ زعفران مغز بادام شیرین۔ دس دانہ باریک کر کے لعاب بہدانہ مین گولیان بنا لین۔ فوائد استعمال۔ کھانسی مین مفید ہیں۔ طاقت۔ ۱ حصہ مین ایک حصہ افیون ہے۔

حریرہ صمغ عربی

صمغ عربی ۳ ماشہ۔ نشاستہ۔ روغن بادام ہر ایک ایک تولہ بارتنگ ۶ ماشہ مصری ۲ تولہ یا شربت انجبار سے حریرہ بنا لین۔

فوائد استعمال پیچش۔ بواسیر خونی مین معمول ہے یہ ایک خوراک ہے

ذرور صمغ عربی

گوند ککیکر۔ کتیرا سفید نشاستہ۔ چاندی کا میل ہر ایک ایک ماشہ۔ سفیدہ آب۔ مغز تخم خیارین ہر ایک ۳ ماشہ۔ شیر خشت ۲ ماشہ خوب باریک کر کے سفوف بنائے جاوین۔ وقت ضرورت کے پانی میں حل کر کے پچکاری کی جاوے۔

لعوق صمغ عربی

صمغ عربی۔ کتیرا ہر ایک نصف ماشہ۔ دیا قوزہ میں ملا کر کھاوین اور اوپر سے سپستان ۲۰ دانہ۔ گاؤزبان۔ اصل السوس۔ بہدانہ ہر ایک تین ماشہ

گل بنفشہ ۶ ماشہ جوش دیکر شربت اعجاز ۲ تولہ ملاکر پیویں۔
فوائد استعمال۔ کہانسی۔ نزلے کے واسطے مفید ہے۔

سفوف مرکب اقاقیا

اقاقیا ۳ ماشہ۔ صندل سفید۔ انجبار۔ صمغ عربی۔ بادیان ہر ایک ۳ ماشہ۔
مصری ایک تولہ باریک سفوف بنایا جاوے۔
فوائد استعمال پیچش۔ نصف الدم۔
خوراک چھ ماشہ۔

سفوف اقاقیا

اقاقیا۔ زیرہ گلاب۔ گل ارمنی۔ گلنار۔ افیون۔ اجواین خراسانی
صمغ عربی مساوی وزن۔ خوب باریک کریں۔
فوائد استعمال قئے الدم میں مجرب ہے۔
خوراک۔ نصف مثقال۔

دم الاخوین

دم الاخوین — خون سیاوشان
یہ کسی درخت کا عصارہ ہے کیونکہ اس میں ٹکڑے ٹکڑے درخت
کی چھال کے پائے جاتے ہیں اس میں نس نہیں ہے۔ جو گوند سمجھا
جاوے پانی میں گھولنے سے رنگ سرخ نہیں ہوتا بلکہ زردی مائل ہوتا
ہے۔ خاصیت۔ رنگ مانند خون کے ذائقہ گرم خشک مضر گردہ مصلح
گوند کیکر کتیرا۔ بدل شادنج۔ عصارہ کاہو۔ خوراک ایک ماشہ
پچکاری سوزاک۔ دم الاخوین ۱ تولہ تیل ولیسی ۶ ماشہ۔ کافور ایک ماشہ

پھٹکری بریان ۲ ماشہ باریک کرکے ایک پاؤ پانی مین بھگو کر صاف پانی لیکر سونا کے مین پچکاری کرین ۔

سنون دم الاخوین

دم الاخوین ۔ دانہ الائچی ۔ طباشیر سفید ۔ چھالیا سوختہ ہر ایک ۵ ماشہ کتھہ سفید ۲ ماشہ ۔ کہربا ۳ ماشہ سب کو باریک کرلین ۔

فوائد استعمال ۔ مسوڑون سے خون آنے کو مانع ہے ۔

لاذق دم الاخوین

دم الاخوین ۔ انزروت ۔ پھٹکری ۔ نلقطار ۔ اقاقیا ۔ گلنار ۔ صبر کندر ہر ایک ۳ ماشہ صمغ عربی ۷ ماشہ باریک کرکے حرحین چھانین ۔

فوائد استعمال ۔ خون روکنے کے لئے مکڑی کا سفید جالا ۔ خرگوش کے بال ۔ انڈے کے چھلکے سے لگا ہوا سفید پردے پر لاذق لگا کر زخم مین بھر دو یا اوپر چپکا دو ۔

بابونہ

بابونج ۔ بابونہ

چھوٹا سا درخت خودرو اور بویا جاتا ہے ۔ جب بابونہ لکھا ہو تو گل بابونہ سے مراد ہے ۔ اسکے پھولوں کے اکہری ۔ اور دوہری گھنڈیان ہوتی ہین ۔ اکہرے پھول دو طرح کے ہوتے ہین زرد و سفید ۔ پھنکڑیان زرد نلی کی مانند سفید لمبی پتلی ہوتی ہین ۔ دوسرے پھولون مین صرف سفید رنگ کی ہوتی ہین ۔ ہر دو پھول ہین یہ پھنکڑیاں گھنڈی کے ارد گرد لگی ہوتی ہین عمدہ وہ ہے جو چھوٹا خوشبودار ہو ۔

خاصیت - رنگ زرد وسفید - ذائقہ پھیکا - مضر حلق گرم اعضا
احشا کو ڈھیلا کرتا ہے - گرم خشک مصلح برائے حلق شہد شربت انار
روغن گل - رب ایباہن - بدل اقحوان - برنجاسف - قیصوم -
فوائد - مولد حرارت غریزی محلل ورم - مقوی باہ ور اعصاب دافع بخار
بلغمی - مسکن درد - مفتح سدہ جگر - مدر ملطف ارواح - مدر حیض -
پیشاب پسینہ - دود ملین منقی بدن -
استعمال - منہ آجاوے تو اسکے چبانے سے آرام آتا ہے - بدن کو
اخلاط ردیہ سے پاک کرتا ہے - قولنج خشک کھانسی امراض سرد نزلہ
ربو کو مفید ہے - اسکا پھول بالخاصیت پتھری کو توڑتا ہے اس کا بخار
یا شراب سامعت کان کے لئے مفید اور مسکن درد ہے -
خوراک بیخ ٦ ماشہ سے ایک تولہ - پھول ٥ سے ١٣ ماشہ -

حقنہ بابونہ

بابونہ - اکلیل الملک - حاشا - برنجاسف - جعدہ - گوکھرو - تخم سویہ -
قنطوریون - ہر ایک ایک تولہ - عاقرقرحا - قثاء الحمار - کنگھی سفید سیاہ
حنظل - ہر ایک تین درم - عرطنیثا ٢ درم - سداب خشک ٩ ماشہ - تخم سبیہ
انجیر کٹا ہوا ١٥ درم - اجوائن دیسی - تخم کرفس - ہر ایک دس درم -
سب کو ڈھائی سیر پانی میں جوش دیں جب نصف رہجاوے صاف کرکے
سکبینج جاوشیر - گوگل ہر ایک نصف درم - بورہ ارمنی دو درم - روغن
ناردین روغن زنبق روغن قسط ہر ایک دو تولہ ملا کر استعمال کریں سکتہ
بلغمی میں معمول ہے -

روغن بابونہ

گل بابونہ ایک حصہ روغن کنجد ۹ حصہ ملاکر دھوپ میں رکھیں چالیس روز بعد چھان لیں بجائے اس کے گرم کر لیں یا ڈاکٹر صاحب کی ترکیب
شناخت۔ اس میں سیب کی سی خوشبو آتی ہے اور سبز رنگ کا ہو جاتا
اسی ترکیب سے روغن بنفشہ۔ نرگس۔ سوسن۔ یاسمین تیار کیا جاتا ہے۔
استعمال۔ درد کمر۔ گنٹھیا۔ عرق النساء۔ عزیہ۔ سقطہ ورم انثیین
وغیرہ کو مفید ہے۔

قطیرہ بابونہ

روغن بابونہ۔ روغن سرلی۔ پرانا گھی۔ یا عرق برگ سکمہ برن۔ نیم گرم کر کے
درد کان میں ڈالنے سے آرام آتا ہے۔

جوشاندہ بیخ بابونہ

بیخ بابونہ ایک تولہ بیخ دھتورہ ۹ ماشہ کوکنار ایک ماشہ۔ تخم السی ڈیڑھ تولہ
ڈیڑھ سیر پانی میں جوش دیا جاوے دو درہم سینک کی جاوے یا روح تخم
سوا پاؤ میں ۲، گھنٹہ بھگو کر صاف کر لیا جاوے بہت اچھا مسکن درد ہے۔

ج

جو ۔ شعیر

ایک مشہور غلہ ہے عمدہ موٹا۔ جو حرارت پہونچانے سے پھٹ جائے۔
خاصیت۔ رنگ باہر زرد۔ اندر سفید ذائقہ پھیکا لعابدار۔ سرد خشک
مضر مثانہ۔ امعا۔ مصلح۔ روغن۔ گلقند۔ بدل۔
فواید۔ قابض مسکن خون صفرا محلل ورم مدر پیشاب
استعمال۔ گرم بخاروں میں آش جو رگوں سے غلیظ مادہ کو نکالتا ہے

ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ اور غرغرہ ورم گلو کو مفید ہے۔

مرکبات جو

حقنہ جو

جو مقشر کوفتہ بیس درم۔ بنفشہ پانچ درم۔ سپستان تیس درم۔ عناب دس دانے ڈیڑھ سیر پانی میں جوش دیں جب نصف رہجاوے۔ مغز املتاس ۱۰ درم صاف کرکے روغن بادام تین تولہ۔ نمک پسا ہوا ڈیڑھ تولہ اضافہ کرکے حقنہ کریں اگر حقنہ کی ضرورت ہو۔ اور قبض ہو تو تخم خطمی۔ شیرہ قلمی۔ بورہ ارمنی شکر سے شیاف کریں۔

استعمال۔ سرسام گرم میں۔

حمول جو

آرد جو۔ گل خطمی۔ آرد باقلا۔ آرد السی۔ حلبہ۔ گل بنفشہ۔ مردار سنگ ہر ایک چار ماشہ۔ روغن گل ۲ تولہ اکلیل الملک تخم خطمی ہر ایک چار ماشہ۔

فوائد استعمال۔ منضج اور مصفی زخم۔ ورم رحم کو مفید ہے۔

طلا جو

آرد جو۔ گیرو۔ گل ملتانی۔ آملہ ہر ایک ۳ ماشہ۔ نشاستہ۔ صندل سرخ چونا پرانا۔ گل ارمنی۔ ہر ایک نصف تولہ۔ کافور۔ افیون ہر ایک ایک ماشہ سرکہ عرق گلاب۔ یا مکھن کے پانی یا دھنیا سبز کے پانی میں حل کرکے پیشانی ناک پر لگائیں۔

فوائد۔ خون نکسیر بند کرنے کے واسطے مفید ہے

✻

غسل جو

آرد جو ۹ ماشہ - مردار سنگ ۶ ماشہ - سرکہ بڑا بار روغن چنبیلی - روغن گل ہر ایک دو تولہ - ملاکر بدن پر ملیں -

فوائد - صفائی جلد اور خوبصورتی رنگ کیواسطے مفید ہے -

فرزجہ جو

آرد جو - گل ارمنی - مکو - ربوب صندلین - جدوار - باریک کر کے مکو سبز کے پانی مین مپیکر ایک کپڑا آلودہ کرلین -

فوائد - ورم رحم مین استعمال کیا جاوے -

ماء الشعیر

موٹے کٹے ہوئے صاف جو ایک چھٹانک - پانی بقدر ۱ چھٹانک جوش دیکر پہلا پانی پھینکدیا جاوے - پھر اوسیقدر اور پانی ملاکر جو شدین صاف پانی نتھار کر کام میں لاوین -

فوائد استعمال - گرم امراض مین استعمال کرنے سے رگون کے اندر کا بھی خراب مواد نکل جاتا ہے - مسکن پیاس ہے - خون کو لطیف کرتا ہے گیہون سے غذائیت کم ہے - بخار کی تیزی کو کم کرتا ہے - سل دق ذات الجنب کہانسی درد سر گرم کو مفید ہے مدر بول ہے تپ والے کو جو مفید ہیں -

خوراک - حسب ضرورت -

ناخونہ

اکلیل الملک

یہ ایک روئیدگی کا پھل ہے - جو ہلالی شکل مثل ناخون رنگ زرد -

مائل بہ سفیدی ہوتا ہے۔ اچھا وہ ہے جو سخت ہو۔
خاصیت۔ رنگ زردی مائل بسفیدی۔ ذائقہ تلخ خوشبو دار ہوتا ہے
گرم خشک مضر انثیین۔ مصلح شہد۔ مویز۔ انجیر۔ بدل۔ بابونہ۔ تخم السی
تخم کلیجھی۔
خوراک ۳ سے ۹ ماشہ تک۔

مرکب

پولٹس اکلیل الملک ________

اکلیل الملک ایک تولہ۔ السی ۲ تولہ۔ آرد گندم ۲ تولہ۔ کھولتا ہوا پانی سوا پاؤ ملا کر پولٹس بنایا جاوے۔

فوائد استعمال۔ سرد ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ مواد کو پکاتا ہے۔

ضماد اکلیل الملک ________

اکلیل الملک۔ تخم نیوارا۔ چوب میدہ گل بابونہ خوب باریک کر کے گل بابونہ دو تولہ ملا کر لیپ بنایا جاوے۔

فوائد استعمال۔ ورم انثیین۔ جگر طحال اور ورم مقعد کو تحلیل کرتا ہے۔

کالی تلسی

نام الملک ________ سی سنبل

ایک درخت ہے جو تلسی کے مشابہ ہوتا ہے۔ ابتدا میں اس کے گول پتے ہوتے ہیں۔ بعدہ سبز ہو جاتے ہیں۔ اسکی دو قسمیں ہیں۔ ایک زمین سے ملا ہوا۔ دوسرا کھڑا ہوتا ہے۔

خاصیت۔ رنگ سبز۔ ذائقہ تیز خوشبودار۔ گرم خشک۔ مغز گردہ۔

مصلح بنفشہ۔ بدل جنگلی تلسی۔ مرزنجوش۔

فوائد۔ مقوی قلب۔ مدر بول۔ مسقط جنین۔ مسکن تشنگی۔ مانع ہچکی ملطف مادہ۔ مہلک کرم شکم محلل ریاح۔

استعمال۔ درد سینہ۔ تحلیل سنگ مثانہ قے ورم جگر کو نافع ہے بھڑ۔ بچھو کے زہر کا تریاق ۴ ماشہ۔

مرکبات

سفوف نمام الملک

نمام ۴ ماشہ۔ الیلگری ۳ ماشہ۔ اصل السوس حب الاس ۵ ماشہ۔ صمغ عربی۔ بہدانہ ہر ایک ۳ ماشہ باریک کرکے ہموزن چینی ملائی جاوے

فوائد استعمال تحلیل مروڑ ہیں۔

خوراک چھ ماشہ۔

شربت نمام الملک

نمام ۴ تولہ۔ بنفشہ ۳ تولہ۔ کتیرا ۱۲ ماشہ۔ چینی ڈیڑھ پاؤ قوام تیار کریں وقت تیاری کے کتیرا اسفید باریک کرکے ملادیں۔

فوائد استعمال۔ مانند نمام کے۔

خوراک۔ ۲ تولہ۔

سویہ

نشت سویہ

مشہور روئیدگی ہے جو بطور ترکاری خوراک میں استعمال کی جاتی ہے۔ اس

کے پتے چھوٹے خوشبودار اور باریک پھول زرد چھتر دار ہوتے ہین
خاصیت۔ رنگ زرد سبزی مائل۔ تیز قدرے تلخ گرم خشک معدہ محرورین۔ مصلح۔ عرق لیمون۔ ترشی۔ سکنجبین۔ بدل سونف بابونہ تخم سویہ۔
فوائد۔ مفتح سنگ گردہ مثانہ۔ مسکن درد۔ محلل ریاح۔ مفتح سدہ۔ ہاضم محلل ورم۔ منوم۔ مادہ کا قوام معتدل کرتے ہین۔ ہچکی کو نافع درد خشک کھانسی۔ قولنج۔ معدہ کے لسیدار خلطون کو چھانٹتا ہے امراض بلغمی کو نافع ہے۔
خوراک۔ ۲ تولہ۔

مرکبات برگ سویہ

سویہ کا بیج چپٹا بیضاوی کنارہ چوڑا خوشبودار۔ ذائقہ کسیقدر تلخ محلل ریاح۔ مدر حیض۔ پیشاب۔ دودہ۔ امراض بلغمی۔ مقئی۔ نافع ہچکی ہے
خوراک۔ ۷ ماشہ۔

مرکبات تخم سویہ

جوشاندہ تخم سویہ
تخم سویہ ۷ ماشہ۔ ابہل ۹ ماشہ۔ کلونجی ۵ ماشہ۔ سلیخہ ۳ ماشہ۔ برگ بالنگ ۶ ماشہ
ایک سیر پانی مین جوش دین۔ جب ایک پاؤ رہجاوے۔ تو اسکو دو مرتبہ پلایا جاوے۔
فوائد۔ درد رحم جو ایام حیض مین ہوتا ہے اور ادرار حیض مین مفید ہے۔

روغن سویہ

عرق برگ سویہ ایک حصہ روغن زیتون ۲ حصہ اسقدر جوش دین کہ عرق خشک ہو جاوے اور تیل باقی رہے۔

فواید استعمال۔ لطافت اور گرمی پیدا کرتا ہے اسکی مالش تھکاوٹ کو رفع کرتی ہے۔ گنٹھیا۔ اورام تشنج دست و پا امراض بلغمی کو مفید ہے۔

سفوف شبت

شبت ۳ ماشہ۔ اصل السوس۔ بابونہ۔ تخم کشوت ہر ایک ۴ ماشہ بنفشہ ۲ ماشہ باریک کرکے چینی ہموزن ملالین۔

فواید استعمال۔ کھانسی دمہ مین۔

خوراک ۔ ۲ ماشہ۔

روغن شبت

اسکا تیل مانند سونف کے نکالا جاتا ہے۔

خاصیت۔ رنگ خفیف زرد۔ بو تیز۔ ذائقہ تیز۔ اور کسیقدر شیرین

خوراک۔ ۲ سے ۵ بوند۔

خاندہ تخم شبت

تخم سویہ ایک چھٹانک۔ پانی ایک سیر ایک شبانہ روز بھیگو کر سقط کر لیا جاوے ایسے ہی سونف پودینہ۔ دارچینی کا تیار کر لیا جاوے۔

خاصیت۔ ہاضم۔ مخرج ریح۔

خوراک۔ ۲ سے ۵ تولہ۔

گلنار

گلنار ـــــــــ جلنار

ایک درخت بے پھل کا سرخ ۔ سفید پھول ہے یہ دو قسم کا جنگلی اور بستانی ہوتا ہے ۔

خاصیت ۔ رنگ سرخ سفید ذائقہ سرد خشک مضر درد سر پیدا کرتا ہے سدہ ڈالتا ہے ۔ مصلح ۔ کتیرا بدل زیرہ انار ۔ جفت بلوط ۔

فوائد ۔ قابض حابس الدم ۔ منضج مواد ۔ مقوی اعصاب ۔

استعمال ۔ اسکا منجن دانتوں مسوڑوں کو مضبوط کرتا ہے خون آنے کو مانع ہے ۔ خون استحاضہ ۔ بواسیر کو روکتا ہے ۔ دافع خارش سرکہ کے ہمراہ جوش کر کے کلی کرنے سے منہ سے خون آنے کو روکتا ہے

خوراک ۔ ۷ ماشہ ۔

مرکبات

سفوف گلنار ـــــــــ

گلنار ایک تولہ ۔ جائفل ۳ ماشہ ۔ دارچینی ۲ تولہ ۔ لونگ ۳ ماشہ ۔ الائچی خورد ۳ ماشہ ۔ زعفران ایک ماشہ باریک کر کے چاک مٹی ۳ تولہ یعنی ہموزن باریک کر کے ملا لیا جاوے ۔

فوائد استعمال ۔ پیچش مروڑ ۔ کمزوری معدہ کو مفید ہے ۔

خوراک ۔ ۳ ماشہ ۔

طلا گلنار

گلنار مصطگی ہر ایک تین مثقال۔ افسنتین۔ ایلیوہ ہر ایک ایک مثقال۔ گلسرخ ۵ مثقال۔ لونگ ناگرموتھا۔ بالچھڑ ہر ایک دو درم باریک کرکے عرق گلاب یا شراب مین ملاکر معدہ پر طلا کرین۔

فوائد۔ کمزوری۔ ورم معدہ کیلیے مفید ہے۔

قرص گلنار

قرص گلنار۔ سلیخہ۔ گل حبّ تم۔ گوند کیکر ہموزن کوٹ چھانکر قرص بنا کر جاوین۔

فوائد استعمال۔ خون نکسیر۔ دستون کو بند کرتا ہے ۳ماشہ تا ۱تولہ ہمراہ شربت حب الاس کے

مضمضہ گلنار

گلنار فارسی۔ گلسرخ۔ پوست انار شرین۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہیڑہ یا جو ہلیلہ کابلی۔ گل بستان افروز۔ جفت بلوط۔ گاوزبان۔ سماق تین پاو پانی مین جوش دین۔ جب نصف رہجاوے تو مرجان سفید۔ بسد ہر ایک کوٹ چھانکر ملا دین۔ اور غرغرہ کیا جاوے۔

فوائد۔ منہ کے زخم مین کلی کرین۔

ترنجبین

ترنجبین

شبنم ہے جو خراسان۔ ماوراء النہر۔ ہمدان وغیرہ مین جواسہ کے درختون پر جمی ہوئی ملا کرتی ہے۔

خاصیت۔ رنگ سفید مائل بزردی ذائقہ شرین ہے کدا گرم تر معتدل

طحال بجرور بن متلی پیدا کرتی ہے۔ مصلح عناب۔ تمر ہندی۔ آلو بخارا ماء الشعیر۔ بدل۔ دستون ہیں الملتاس۔ شیر خشت۔ شکر سرخ۔
فوائد۔ ملین۔ مخرج صفرا۔ اخلاط فاسدہ محرک اخلاط۔ مشتہی۔
استعمال۔ درد سینہ۔ متلی۔ شدت تشنگی ہمراہ ماء الجبنین کے مخرج اخلاط سوختہ۔ ہمراہ شیر یا پانی کے قراقر شکم کو نافع ہے۔ حصبہ جدری اسہال الدم۔ بول الدم۔ لیکن بواسیر میں ناجائز ہے۔ زیادتی صفرا کو کم کرتی ہے۔ **خوراک** ۳ ماشہ سے ۲ تولہ تک

شربت ترنجبین

آلو بخارا اور ترنجبین ایک پاؤ ترکرکے اول ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیکر مل صاف کرکے ایک پاؤ چینی ملاکر قوام کرلیں۔ **فوائد استعمال** قوت باہ کو نابود کرتا ہے۔ **خوراک**۔ ۲ تولہ۔

قرص ترنجبین

ترنجبین کو تھوڑے پانی میں جوش دیکر مل صاف کرکے گاڑھا کرلیا جاوے اور ٹکیاں بناکر خشک کرلیں **خوراک**۔ ۷ ماشہ۔

ضراج

سغر الجبال ---------- پرسیا وشان

مشہور روئیدگی ہے۔ پتے دھنیے کے پتوں کے مشابہ اور شاخ سیاہ نمناک سایہ دار زمین میں پیدا ہوتی ہے۔ اسکی قوت چھ ماہ کے بعد کمزور ہو جاتی ہے۔ ایک برس کے بعد بالکل بیکار ہو جاتی ہے۔
خاصیت۔ رنگ سبز شاخ سیاہی مائل بسرخی چمکدار ذائقہ پھیکا۔ قدرے

تلخ - معتدل مائل بگرمی خشکی - مضر طحال - مصلح مصطگی گل بنفشہ ملٹھی - **فواید** - مفتح سدہ - منضج مادہ - محلل ریاح - ورم - مخرج بلغم سوداوی - مشیمہ - سنگ مثانہ - ملین - مدر حیض نفاس - **استعمال** - پکا کر فوطوں کے ورم پر باندھا جاوے تو ورم تحلیل ہو جاتا ہے تازہ پتے کا سفوف آتشک کے زخم اور دیوانے کتے کے کاٹے ہوئے کو مفید ہے - **خوراک** - ۱ ماشہ سے ۲ تولہ - جوشاندہ ۱۰ سے ۵ تولہ

مرکبات

عرق پرسیاوشان

پرسیاوشان بیس تولہ - رب السوس - سپستان - مویز منقے - زوفا خشک سولف - تخم خطمی - خبازی - بیخ سوسن ہر ایک ۶ درم پانی ۲۰ سیر ملا کر ۵ سیر عرق کھینچ لیں **فوایدا استعمال** - آلات تنفس صدر پرانی کھانسی کو مفید ہے -

مطبوخ پرساوشان

پرسیاوشان - مشکطرامشیع - سولف ہر ایک تین درم - ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیں جب تیسرا حصہ رہ جاوے تو ۱۰ درم شکر سے میٹھا کر کے پلایا جاوے - **فوایدہ استعمال** - جو اختناق الرحم - حیض کے بند ہونے سے ہوا ہو مفید ہے -

نفوخ پرساوشان

سفوف نوشادر ۲ تولہ - سفوف چونہ ان بجھا ہوا تین تولہ سفوف پرساوشان ایک تولہ باہم ملا کر ایک کشادہ دہن والی شیشی میں رکھ لیں **فواید استعمال**

زکام کے جاری کرنے کے لئے سونگھاتے ہین فوایداستعمال مخرج بلغم خوراک ۱/۲ سے ایک ماشہ۔

بلی لوٹن

بادرنجبویہ ——————— بادرنگبویہ

روئیدگی چھوٹے پتے خوشبودار بسیاہی مائل قدرے تلخ اس کی دو قسمین ہین ایک فصل ربیع مین پیدا ہوتی اسکے پتے لمبے باریک دوسرے کے بڑے گولائی لئے ہوتے ہین۔ بلی اسپر عاشق ہے جب اسکی خوشبو سونگتی ہے تو اسکو چاٹتی ہے اوسپر لوٹتی ہے بلکہ بالجہر پر نثار ہوتے اور چاٹتے دیکھا ہے۔

خاصیت۔ رنگ سبزی مائل بسیاہی۔ ذایقہ قدرے تلخ۔ گرم خشک مضر امراض پہلو وچوتڑ۔ مصلح صمغ عربی۔ بدل۔ فرنجمشک۔ مرزنجوش شاہسغرم ریشم۔ فوایدر مقوی دل ودماغ۔ حواس۔ معدہ۔ ذہن استعمال۔ دافع خفقان جنون امراض سوداوی۔ بلغمی ضماد سرکہ کے ہمراہ کنٹھ مالا کو منجن مسطر و مین مقوی لثہ خوراک ۲ سے ۱۰ ماشہ۔

مرکبات

سفوف بادرنجبویہ ———————

بادرنجبویہ دو تولہ صمغ عربی ۳ ماشہ۔ کندر ۳ ماشہ۔ ابریشم تحیض۔ پرسیاوشان۔ ہرایک دو تولہ سفوف پرسیاوشان ۹ ماشہ باریک کرکے سفوف بنایا جاوے فواید خفقان جنون مین ہمراہ شربت سیب

اخراج بلغم میں ہمراہ جو شاندہ گاؤزبان کے خوراک ۲ ماشہ۔

شربت بادرنجبویہ

بادرنجبویہ ۲ تولہ۔ سفوف زنجبیل ایک تولہ کندر مصطگی ہر ایک ایک تولہ۔ ڈھائی پاؤ پانی میں جوش دیکر مل کر صاف کرکے ڈیڑھ پاؤ چینی ملاکر قوام کرلیں فواید استعمال۔ کھانسی۔ مقوی دماغ مزید قوت ہاضمہ میں مفید ہے خوراک اسکی ۲ تولہ

مرہم بادرنجبویہ

گل بابونہ ۲ ماشہ۔ بادرنجبویہ ایک تولہ کو ایک پاؤ پانی میں جوش دیا جاوے جب چوتھائی حصہ پانی باقی رہے۔ تو اس کو صاف کرکے چربی گردہ دو تولہ رتن جوت ۲ ماشہ۔ موم سفید ۲ ماشہ۔ روغن السی ۲ تولہ ملاکر اسقدر پکایا جاوے کہ پانی خشک ہو جاوے تو چھان لیا جاوے فواید استعمال۔ خنازیری گلٹیوں پر لگانے اور سفید الصحت کے لگانے سے تحلیل ہو جاتی ہیں۔

اسطوخودوس

اسطوخودوس

اس روئیدگی کا پتا جنگلی پودینہ کے مشابہ اور پھول آسمانی مائل سفیدی ہیج ریزہ ریزہ ملنے سے کافور کی بو آتی ہے۔ سرو کے مانند نیچے موٹا اوپر پتلا درازی میں جو کے خوشہ کے مانند ہوتا ہے رنگ اسکا سبز سیاہی مائل ذائقہ قدرے تلخ تیز۔ تخم زردی مائل بسیاہی۔ خاصیت۔ رنگ مذکور العدد ذائقہ تلخ تیز۔ گرم خشک مضر محرورین۔ مصلح سکنجبین کتیرا۔ بدل سداب اجوائن۔ مولی۔

خوراک۔ ایک سے ۲ مثقال تک

مرکبات

اطریفل اسطوخودوس

پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ سیاہ۔ بہیڑہ۔ آملہ۔ گلسرخ۔ اسطوخودوس۔ بسفائج۔ افتیمون۔ کشمش سادی کوٹ چھان کر روغن بادام سے چکنا کرکے شہد چہند دوا کے قوام کرکے ملالیں۔ اول کشمش پیس کر قوام میں ملالیں بعد کو کل دوا۔ فوائد استعمال درد سر بلغمی سوداوی دماغی امراض میں بہت مفید ہے۔ خوراک ۷ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان کے۔

شربت اسطوخودوس

اسطوخودوس ۱۵ درم۔ عود صلیب۔ سونف۔ بسفائج۔ مہراج۔ ملٹھی بیخ کرفس۔ گل بابونہ۔ انیسون۔ تخم کشوث۔ زرنباد۔ افتیمون کو کپڑے میں باندھ کر۔ فرنجمشک برگ گاؤزبان۔ گڑ ہر ایک ۵ درم گل بنفشہ۔ ایرسا ہر ایک ۷ درم کشمش سویز منقے ہر ایک ۵ درم انجیر زرد پچاس عدد۔ عناب کلاں دوسو سپستان چارسو جو دوائیں کوٹنے کے لائق ہیں کوٹ کر تالاب کے پانی میں رات کو بھگو کر صبح کو جوش کرکے سہ چند چینی ملاکر قوام کرلیں۔ فوائد استعمال مواد بلغمی اور دماغی کا منضج ہے خوراک ۲ سے ۸ تولہ۔

عرق اسطوخودوس

اسطوخودوس ۲ تولہ۔ دھنیا خشک ۱۳ تولہ پوست ہلیلہ زرد ۹ تولہ پوست ہلیلہ کابلی ۹ تولہ۔ بہیڑہ ۹ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ دو تولہ۔ گل سرخ ۵ تولہ پانی ۷ سیر ایک شبانہ روز بھگو کر عرق کشید کیا جاوے۔ فوائد استعمال۔ دماغ کا بوں۔

صعود بخارات دماغ میں معمول ہے۔

مطبوخ اسطوخودوس

اسطوخودوس دہنیا خشک۔ برگ مرد مصطگی۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ کندر سونٹھ ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ گلقند دو تولہ۔ صبح کو نصف سیر پانی مین بھگو کر شام کو جوش دین جب تیسرا حصہ رہجاوے ایک مرتبہ پی لیا جاوے لیکن صبح کو ہمراہ اطریفل صغیر۔ یا ایارج فیقرا۔ اس مین ملاکر کہا مین پرہیز گوشت گائے دودہ اور تمام ترشیوں سے پرہیز کرین **فوایداستعمال** منعفا دیر نزلات کو مانع ہے۔

معجون اسطوخودوس

اسطوخودوس۔ دہنیا خشک ہر ایک دس درم سداب، درم غاریقون پانچ درم۔ راکھ سم خر چار درم۔ خون مرغ۔ پتہ مرغ۔ حجر البقر ہر ایک دو درم زمرد۔ عنبر اشہب۔ مشک خالص ہر ایک نصف درم۔ جملہ کو باریک کرکے گلاب کے عرق مین سہ چند چینی ملاکر قوام کرین **فوایداستعمال**۔ مرگی ہمراہ جوشاندہ افتیمون کے۔ **خوراک** دو درم۔

الف تا سین

خیار شنبر —————— خیار خنبر

ایک درخت کی لمبی لمبی پھلیان جو اندا مین باہر سبز گودہ زرد اور اسکے اندر گول پیسے کے مانند پردے ایسے کہڑے ہوتے ہین جیسے ایک نالی مین تھوڑے تھوڑے فاصلہ پر پیسے کہڑے کئے ہون جب یہ پکتی ہے تو باہر کا چھلکا اور مغز سیاہ ہوجاتا ہے پھول زرد اسکے پھول کا گلقند

بنایا جاتا ہے۔
خاصیت۔ رنگ پختہ سیاہ۔ بدبودار۔ ذائقہ شیرین مائل بہ تلخی۔ بدمزگی۔
گرم تر۔ مضر معدہ سورث غثیان۔ پیچش مصلح مصطگی انیسون روغن بادام
مغز تخم کدو آب زلال املی۔ **فوائد** بلکا مسہل۔ مطفی جوش خون۔ محلل ورم
حار جس خلط منسوب میں دوائی کے ہمراہ استعمال کیا جاویگا اوسکو نکالیگا۔
استعمال۔ سینہ اور طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ ایسا لطیف ہے جو بچوں اور
حاملہ کو دینے میں نقصان نہیں ہوتا۔ املی کے ہمراہ صفرا سوختہ کو اور شربد
کے بلغم کو بقابخ آب کاسنی کے سوداکو۔ اسکا سیاہ پوست باریک
پیسکر شکر۔ گلاب۔ زعفران کے ساتھ کھلانے سے عسر ولادت اور
اخراج مشیمہ میں مشہور ہے۔ غرغرہ آب کشنیز کی ہمراہ دافع خناق ہے یحلل
ورم۔ پھول ملین۔ تخم کوفتہ۔ مغثی۔
خوراک ا سے ۵ تولہ تک بچوں کو حسب عمر۔

مرکب گل خیار شنبر

گلقند املتاس۔
پنکھڑیاں پھول املتاس ایک حصہ۔ شکر سرخ ایک حصہ خوب ملاکر دھوپ
میں رکھا جاوے۔
فوائد استعمال۔ ملین طبع مسہل صفرا۔
خوراک ایک تولہ۔

مرکبات مغز خیار شنبر

غرغرہ املتاس

املتاس آب سبز دھنیا ہر ایک ایک تولہ پانی ۸ تولہ ملا کر غرغرہ کریں فوائد استعمال۔ منھ ورم۔ قلاع اور سوزش کو مفید ہے۔

لعوق خیار شنبر

املتاس کا مغز ۱۲ مثقال۔ عناب ۱۲ دانہ سپستان ۱۵ دانہ بنفشہ دس درم۔ تخم خطمی۔ سناکی۔ شیر خشت ہر ایک پانچ درم۔ خمیرہ بنفشہ دس درم۔ ترنجبین بیس درم۔ روغن بادام شیرین ایک مثقال مصری پانچ درم جوش دیکر املتاس۔ شیر خشت۔ خمیرہ بنفشہ ترنجبین ہاتھ سے ملا کر صاف کرکے قوام گاڑھا کرلیں۔

فوائد استعمال۔ ذات الجنب میں مجرب ہے۔ خوراک ۶ ماشہ سے ایک تولہ

مرکب پوست پھلی املتاس

مطبوخ چھلکا پوست املتاس

پوست پھلی املتاس۔ پوست اخروٹ۔ منبراج۔ برنگ کابلی کپاس کے ڈوڈے ہر ایک دو درم۔ تخم گاجر۔ گوکھرو۔ تخم خربوزہ۔ تخم مولی۔ کلونجی ہر ایک ایک درم۔ گڑ۔ دو درم۔ چند جوش دیکر میٹھا کرکے پلا دیں۔

فوائد۔ مدر حیض مسقط جنین

مطبوخ دیگر

پوست پھلی املتاس شکر اشیع ہر ایک ۶ ماشہ پورا نا گڑ ایک تولہ ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دے کر پلائیں

فوائد استعمال حیض نفاس کو جاری کرتا ہے۔

مکو

عنب الثعلب ــــــــــــ **انگور شغالان**

ایک درخت ہے جو موسم برسات میں کثرت سے پیدا ہوتا ہے اس کی تین قسمیں ہیں بستانی۔ جنگلی۔ پہاڑی اور ہر ایک زیادہ ہوا کرتا ہے۔ ہر بستانی کو کل کنج۔ دوسری قسم کا مانند عنب سیاہ زہریلی ہے اسلئے اس کو کھانے میں نہیں استعمال کیا جاتا۔ دوسری مجنن یہ جنون پیدا کرتی ہے وہ بالکل زہریلی ہے ایک مثقال سے نشہ آجاتا ہے ۴ مثقال قاتل ہے۔ بعض قسم عضو کو سن کردیتی ہے۔ اسکو عنب الثعلب مخدر کہتے ہیں۔

بعض قسم کی نیند زیادہ لاتی ہیں۔ بعض مانند افیون کے سیاہ دھتورہ کے مانند

خاصیت۔ رنگ پھل خام سبز۔ پختہ زرد سرخ سیاہ۔ ذائقہ تلخ شیرین خنک بدمزہ۔ سرد خشک۔ مضر مثانہ۔ مصلح قند سیاہ۔ شہد خالص۔

فوائد۔ محلل ورم۔ ظاہر باطن۔ دافع حرارت۔ معدہ جگر۔ مسکن درد مخرج صفرا اخلاط تلخ۔ مسکن تشنگی۔ ملین شکم۔

استعمال۔ پھیپش۔ سیلان الرحم۔ جلندر۔ مدملین۔ طبخ نضج مواد۔

خوراک۔ ۶ ماشہ سے دو تولہ تک۔

مرکب

سعوط مکو ــــــــــــ

عرق مکو سبز کو جوش کریں۔ اور صاف کرکے ہمراہ روغن نیلوفر یا خیر دختر یا دو یا سفیدی بیضہ مرغ میں ملالیں۔

فوائد استعمال۔ جنون احتراق میں ناک میں ٹپکائیں۔

عصارہ عرق بکو سیاہ۔

پتے بیل لکڑی کو کوٹ کر جوش دیا جاوے۔ کہ اس مین اثر آجاوے پہر صاف کر کے گاڑھا کر کے ٹکیا بنالی جاوین۔

فواید استعمال۔ بطور رد عات کے ورم پر لگاتے ہین۔ اسکا عرق زخمی چشم مین ڈالنے سے آرام آجاتا ہے۔

مضمضہ بکو

آب بکو۔ آب دہنیا سوزن۔ قدرے الماس ملا کر تیار کرین

فواید استعمال۔ ورم گرم زبان اور خناق کیواسطے۔

چوکے کا ساگ

بقلۃ الحماض — ترہ خراسانی

ایک قسم کی روئیدگی ہے۔ جسکو عام طور سے چوکا کہتے ہین یہ قسم کا ہوتا ہے۔ مشہور وہ ہے جسکے پتے چہوٹے وبدانہ دار ذائقہ ترش۔

خاصیت رنگ سبز ذائقہ ترش سرد وخشک مضر برودت مصلح شہد شربت انار بدل لونی کا ساگ۔

فواید استعمال۔ مقوی جگر حابس اسہال دموی صفراوی مسکن تشنگی۔ مخرج بلغم۔ محلل ورم طحال مصفی خون۔

استعمال۔ اسکا لیپ ورم طحال صفراوی قے میٹھا کہانے کی خواہش کو روکتا ہے۔ بچہو کے کاٹے ہوئے اور یرقان مین مفید ہے۔

مرکب برگ

غرغرہ حماض

برگ حماض ۲ تولہ۔ گلنار۔ عاقرقرحا۔ گرنا زیح ہر ایک ۶ ماشہ پانی ایک سیر میں جوش
دیں۔ جب نصف رہجاوے غرغرہ کریں۔

فوائد۔ دردِ دندان میں مفید ہے۔

مرکب تخم حماض

سفوف تخم حماض

زرشک۔ تخم سداب۔ پودینا خشک ہر ایک تین درم باریک کر کے سفوف بنا لیں۔

فوائد استعمال۔ ذرب صفراوی میں ہمراہ شربت سیب یا شربت حب الآس
کے دیں۔ خوراک ۶ ماشہ۔

حب الآس

حب الآس — تخم مورا

درخت آس کا پھل برنگ سیاہ قدرے شیریں اور تلخ کچھ کھٹا ہوتا ہے
بیج اندر سے سفید نکلتا ہے۔

خاصیت۔ رنگ سفید ذائقہ کھٹا تلخ مرکب القوی کچھ سرد۔ مضر امعاء
و درد سر گرم زکام۔ مصلح بنفشہ نیلوفر انیسون۔ بدل انار ترش کے بیج
رسوت منڈی

فوائد۔ حابس اسہال دموی۔ مدر بول۔ مقوی امعاء و دل حابس حیض

محافظ بال ۔ استعمال ۔ گرے ہوئے بالون کو نکالتا ہے بائع جنس نزلہ امراض پھیپھڑہ کھانسی کو مفید ہے ۔

مرکب تخم آس

شربت حب الاس

حب الاس پسے تین تولہ ۔ صمد سفید سحوق بہ عرق گلاب ۳ درم ۔ بیخ الجبالہ گلنار ۔ خرنوب آملہ مقشر ۔ خشخاش سفید ۔ گلسرخ ہر ایک دو درم کل دوائیون کو نیم کوفتہ کرکے ڈیڑھ پاو پانی مین جوش دین اور صاف کرکے شربت بہ ۔ شربت انار شیرین ہر ایک بیس درم آب زرشک دس درم ۔ گلاب ایک پاو قوام تیار کرلین ۔

فوائد استعمال ۔ جگر کے خونی دستون کو مفید اور مشہور ہے ۔

خرنوب

خرنوب

ایک درخت کا پھل ہے جو کئی قسم کا ہوتا ہے ۔ جنگلی بستانی ۔ بستانی کا درخت ۔ اخروٹ کے درخت کے برابر ہوتا ہے ۔ اس کی پھلیان بالشت اور پھول زرد طلائی بیج باقلا کے مانند ہوتے ہین ۔ ذائقہ قدرے شیرین اسکو خرنوب شامی ۔ گیلانی کہتے ہین ۔ جنگلی کا درخت گز بھر کا خاردار پھول زرد پھل چھوٹا سا بیج بکری کے گردے کے مانند سرخی مائل لسابی ہوتے ہین ۔ اسکو خرنوب نبطی ۔ مغربی ۔ بری ۔ خرنوب اشوک کہتے ہین ۔ خرنوب بستانی کم پکا ہوا سرد خشک پختہ گرم خشک ہوتا ہے ۔

خاصیت ۔ رنگ سرخ مائل بسیاہی ذائقہ پھیلیاں شیرین گرم خشک مضر امعاء جنگلی دیر ہضم ۔ جنگلی بستانی کا مصلح کھانڈ لعاب بہدانہ ۔ بدل مازو شاہبلوط

فوائد ۔ خرنوب بستانی ۔ مقوی معدہ ۔ مسمن بدن ۔ دافع اسہال مزمن محلل ورم دافع کالنج قاطع سیلان ۔ خرنوب جنگلی ۔ حابس خون اسہال ۔ دافع صفرا ۔ مدر بول ۔ حیض ۔ منجن مقوی لثہ کرم خوردہ دانت کو نکالتی ہی اس کے خسانده مین رنگین کپڑے کو رنگنے سے رنگ پختہ ہو جاتا ہے ۔

استعمال ۔ بدن کو تیار کرتا ہے ۔ درد سینہ ۔ پرانی کھانسی کا رخ نکلنے کو مانع ہے ۔ بیج قابض ہین ورم گرم کو تحلیل کرتا ہے اور ستون کو قطع کرتا ہے مدر حیض سکن درد ہے ۔

خوراک ۔ ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک ۔

مرکبات

شربت خرنوب

خرنوب بستانی ۱۲ تولہ ۔ مغز بادام ۴ تولہ ۔ بہدانہ ایک تولہ ۔ چینی ڈیڑھ پاؤ ۔ مطابق قاعدہ کے قوام تیار کرین ۔

فوائد استعمال ۔ پرانی کھانسی ادرار بول درد سینہ مین مفید ہے ۔

خوراک ۔ ایک سے ۲ تولہ

مرکبات تخم خرنوب

لیپ خرنوب

تخم خرنوب ایک تولہ ۔ گل بابونہ نکو ہر ایک ۹ ماشہ ۔ باریک کر کے روغن السی ایک تولہ مین ملاکر بکائین ۔ **فوائد استعمال** ورم پر لیپ کرین ۔

رائی

خردل ——————— سپندان

سفید چھوٹے چھوٹے بیج سفید زردی مائل سیاہ سرخی مائل ولائتی رائی تیز ہوتی ہے بہتر سفید مائل بزردی ہے۔

خاصیت۔ رنگ مذکور الصدر ذائقہ تیز چرپرا۔ قدرے تلخ گرم خشک مضر مفرح جلد مصلح کاسنی روغن بادام سرکہ نمک بدل دو ماشہ گندم شلغم بجر جیر کے بیج۔ اسپند۔

فواید۔ ہاضم۔ جاذب۔ مقئی۔ محلل۔ مصفی خون۔ محلل ریاح۔ ورم۔ مسہل

استعمال۔ شکوری تحال لغرض امراض باردہ مثلاً لقوہ درد سر کو سود مند ہے ۶ ماشہ گرم پانی میں گھولکر پلانے سے قئے آجاتی ہے۔ بعد کو متلی قے اور ضعف عاید نہیں ہوتا۔

مرکبات

پولٹس رائی ———————

آرد السی سوا تولہ۔ رائی کوٹی ہوئی سوا تولہ نصف پاؤ کھولتے ہوئے پانی میں سوافق قاعدے تیار کرلیں۔

فواید استعمال۔ قے روکنے کے لئے معدہ پر لگاتے ہیں یا مادہ کو باہر لانے کے لئے خناق میں اور درد عصبی ذات الجنب وغیرہ میں۔

حب خردل ———————

مرچ سیاہ ایک درم۔ رائی بریان تین درم۔ کندر بہروزہ ہر ایک چار درم

مرکی ۶۶ درم کوٹ چھانکر گولیاں بنائی جاویں۔
فوائد استعمال۔ سردی سے بیٹھی ہوئی آواز کے کھولنے کے لیے

سفوف خردل

زرد رائی کو خوب باریک پیس لیا جاوے۔ فوائد استعمال۔ مانند اصل کے درد ذات الجنب اور بیہوشی میں مواد کو باہر لانے کیلئے سینہ گردن پنڈلیو پر ہونٹ کی سیونی ناف کنپٹی وغیرہ پر اسی مقام کے مناسب شکل کا غذ کی بنا کر سفوف رائی میں پانی ملا کر کاغذ پر پتلا سا لیپ کر کے ۳۰ منٹ تک لگا رکھنے کے بعد اوتار کر گھی کیر وطی یا روغن بنفشہ لگا دیا کرتے ہیں تاکہ خراش شدہ مقام پر کوئی دانہ نکلنے سے چھالہ نہ پڑ جائے یا اور تکلیف ہووے۔

طلا خردل

رائی تخم بید سنجر۔ بموزن کوٹ چھانکر پرانے سرکہ میں ملا کر اور مسکوت کے بال منڈوا کر سر پر طلا کریں۔

غرغرہ خردل

رائی صعتر بری۔ مرچ سیاہ مرچ سفید۔ فلفل دراز عاقر قرحا زوفا خشک بیخ سوسن بیخ کبر۔ مویزج۔ ہر ایک تین درم۔ گل ارمنی انار دانہ بریان ہر بیخ ہر ایک ۵ درم۔ کوٹ کر شہد سکنجبین میں اور پانی میں ملا کر غرغرہ کریں۔
فوائد استعمال۔ فالج ثقل زبان کے واسطے مفید ہے۔

زفت تر یا خشک

زفت یابس ـــــــــــــــ زفت خشک
یہ شے جنگلی صنوبر کے درخت کی تر رطوبت ہے جو درخت سے خود بخود

سکتی ہے تری کی حالت میں رفت تر کہتے ہیں جب جم جاوے تو رانیج کہتے ہیں جو در حقیقت درخت کا گوند ہے۔

خاصیت۔ رنگ سرخی مایل بزردی ذائقہ تلخ گرم خشک مصر طحال پھیپڑہ اور مسوڑون کو جبکا مادہ گرم ہو۔ مصلح کتیرہ بنفشہ پھپڑون کو کافور بدل تارکون چار حصہ اور موم۔

فواید۔ رفت یابس جاذب خون۔ مندمل زخم۔ حابس خون مدر حیض

استعمال۔ اخلاط غلیظ کو معتدل کرتی ہے ہمراہ شکر کے پرانی کھانسی خون تھوکنے کو مفید دوسری اس سے افعال مین کمزور ہے۔

مرکب زفت

شربت زفت

زفت ۲ تولہ۔ بنفشہ ایک تولہ۔ چینی ڈیڑھ پاؤ پانی مین جوش دیکر مطابق قاعدہ کے شربت تیار کیا جاوے۔

فواید استعمال۔ پرانی کھانسی نفث الدم۔

مرکب زفت بیضہ

زفت ۳ ماشہ۔ زردی بیضہ مرغ ایک عدد عرق دارچینی ۲ تولہ چینی ایک تولہ باہم خوب ملالین **فواید استعمال۔** کمزوری اعصاب اور تنسی کمزوری کے لئے۔

مرہم زفت

زفت ۶ ماشہ۔ قیروطی ۲ تولہ باہم خوب ملالیا جاوے۔ **فواید استعمال۔** شقاق المقعد اور بے دانی مین دیگر زخمون کے واسطے مفید ہے۔

نرگس

نرجس ـــــــــــــــــ نرگس

ایک درخت کا پھول ہے جسکے پتے ساق جڑ پیاز کے مانند ہوتے ہیں پھول کی پتیان سفید بنفشی وزرد وغیرہ بہت خوشبودار ہوتی ہین یہ دو قسم کی ہے۔ جس مین صرف چھ پتیان پیالہ کے مانند ہوتی ہین تو اس کو نر کہتے ہین مادہ کو صد برگ کہتے ہین۔ یہ بیج سیاہ ہوتا ہے اسکی جڑ کو پیاز نرگس کہتے ہین۔

خاصیت۔ رنگ سفید بنفشی زرد ذائقہ گرمی خشکی مین معتدل یا گرم مضر دماغ گرم مزاجون کو مصلح بنفشہ کافور نیلوفر بدل خیری۔

فوائد۔ مصلح سدہ دماغ۔ محلل ورم۔ مخرج جنین۔ حابس خون

استعمال۔ جڑ کو تین ماشہ پیسکر شہد کے ہمراہ پلانے سے مردہ جنین نکل جاتا ہے جلدی امراض نزلہ زکام مین مفید ہے۔

مرکب نرگس

جوشاندہ نرگس ـــــــــــــــــ

پیاز نرگس ۱ ماشہ بنفشہ ۳ ماشہ گل نیلوفر ۳ ماشہ ڈیڑھ پاو پانی مین جوش دیکر چینی سے میٹھا کرکے ایک مرتبہ پی لیا جاوے۔

روغن پیاز نرگس ـــــــــــــــــ

گل نرگس ایک تولہ۔ عرق پیاز نرگس ایک تولہ۔ روغن چنبیلی چار تولہ۔ جوش دین۔ جب عرق جل جاوے صاف کرکے رکھ لین۔

فوائد استعمال۔ درد گنج خارش بالخورہ مین مفید ہے۔ تیز محرک باہ ہے۔

لخلخہ گل نرگس

گل نرگس ایک تولہ - گل نیلوفر ایک تولہ - برگ کنیر بار یک پیسکر عرق نکال لیا جاوے بعد کو اس مین چاک مٹی چار تولہ نوشادر ایک تولہ ملا کر گاڑھا کر کے ٹکیان بنالین اور ایک چوڑے منہ کی شیشی مین رکھ لین -

فوایدا ستعمال - زکام نزلہ مین سونگھنا اس مین قوت تحلیل بہت ہے -

انگور

انگور — عنب

مشہور معروف میوہ ہے اسکی مختلف اقسام ہین لیکن دو قسم اور دو رنگ کے زیادہ مشہور ہین سفید - سیاہ ایک گول دوسرا لنبا بہتر وہ ہے کہ دانہ بڑا بیج چھوٹا شاداب ہو چھلکا پتلا - خاصیت - رنگ سبز سیاہ - ذایقہ شیرین چاشنی دار پختہ گرم تر خام سرد خشک مضر مرطوبین - جگر طحال مصلح زیرہ - سونف سکنجبین بدل پختہ کا مویز خام کا ریباس -

فوایدہ - مولد خون صالح ملطف - اخلاط سریع النفوذ کثیر الغذا - منضج اخلاط - مربی بدن - دافع مواد سوداوی مرند مثی

استعمال - اس کے کھانے کے بعد سرد پانی پینا نہایت مضر ہے تب بخفہ جلبند پیدا ہوتا ہے برگ ہمراہ خطمی کے ضماد محلل اورام ہین مسامات کو کھولتا ہے اس کی لکڑی کی راکھ سفتت سنگ مثانہ ہے -

مرکبات انگور

شربت انگور

آب انگور ایک سیر - قند ایک پاؤ ملا کر قوام کر لین انثار قوام مین ثعلب مصری

۳ تولہ۔ تخم شلغم۔ بہمن سفید لسان العصافیر تخم گزر ہر ایک ۶ ماشہ۔ عرق کیوڑہ میں صلایہ کرکے ملا لیں۔ **فوائد استعمال** ۔ مقوی باہ تفریح طبع خوراک ۱/۲ تولہ

بہمن سفید

بہمن سفید

یہ ایک جڑ ہے جو دو قسم کی سرخ و سفید ہوتی ہے۔ سرخ ذائقہ میں پھیکی قدرے شیریں۔ اور سفید سرخ سے کچھ چھوٹی اور پوست میں سرخ سے ناہموار کم ہوتی ہے اندر باہر سفید بہتر وہ ہے جو سخت اور وزن دار ہو۔ **خاصیت** سفید ذائقہ پھیکا گرم خشک بار طوبت فضلیہ مضر محرور مصلح کتیرا عناب بدل تودری تمیز فوائد کے لئے ہر دو بہمن مقابلتاً لکھدئے ہیں۔ **فوائد** سفید مقوی دل مسمن بدن جبھی مولد منی۔ فوائد سرخ۔ مقوی دل دماغ۔ بہی محلل ریاح۔ **استعمال** سفید خفقان یرقان۔ سنگ گردہ۔ مثانہ **خوراک** ۳ سے ۹ ماشہ **استعمال** سرخ خفقان فساد خون کو دفع کرتا ہے۔ **خوراک** ۳ سے ۶ ماشہ۔

مرکب

سفوف بہمنین

بہمن سفید بہمن سرخ ہر ایک ۷ ماشہ۔ موصلی سفید شقاقل مصری ہر ایک ۶ ماشہ آبریشم مقرض شدہ ۵ ماشہ جرابیتا پاپیتا۔ انیسون ہر ایک ۵ ماشہ باریک کرکے سفوف بنایا جاوے **فوائد استعمال** ۔ مقوی قلب محافظ ارواح حیوانیہ مقوی باہ۔ **خوراک** سات ماشہ

کالی مرچ

فلفل اسود ———————— فلفل سیاہ

اس کا درخت دو قسم کا ہوتا ہے ایک بیلدار جسکے پتّے پان کے مانند لیکن کچھ چھوٹے صنوبری شکل ذائقہ تیز کسیقدر تلخ نکسا دوسرا زمین سے دو تین ہاتھ بلند پتّے نکو کے مانند لیکن کچھ لمبے اور چوڑائی مین کم ذائقہ مین حدت تھوڑی تلخی غرض یہ گچھون مین لگی ہوتی ہین اور رنگ مین بھی دو قسم کے سفید اور سیاہ ہوتی ہین ۔

خاصیت ۔ باہر سیاہ اندر سفید ذائقہ تیز تند گرم خشک مصلح سرد روغن شہد خالص بدل ۔

فواید ۔ محلل ورم ۔ ریاح جاذب ۔ رطوبت بلغم مقوی معدہ جگر مشتہی طعام مدر بول حیض مقوی باہ

استعمال ۔ امراض باردہ دماغی کو مفید ہے اکثر سموم کی تریاق ہے بلغم کو چھانٹتی ہے کثرت مورث حرارت ہے

خوراک ۔ ایک سے دو ماشہ

مرکبات مرچ

کحل مرچ سیاہ ————

سیاہ مرچ گائے کے پتہ یا بکری کے پتہ کی رطوبت مین خوب تر کرکے خشک کرلین اور ابنہ ہلدی عرق لیمون مین ترکرکے خشک کرلین شیر منو تخم کبرنی عرق لیموں مین سنگ بصری کو گرم کرکے چار مرتبہ بجھا ئین پیر کلی چنبیلی خام نصف درم سنگ سماق مین غبار کے مانند پیسکر استعمال کرین ۔ **فواید استعمال** ۔ شبکوری ۔ سبل بیاض ظفرہ

رمد چشم کو مفید ہے۔

معجون فلاسفہ

مرچ سیاہ۔ دار فلفل زنجبیل۔ دار چینی۔ بیٹرہ۔ آملہ۔ شیطرج ہندی زراوند مدحرج۔ بیخ بابونہ۔ چلغوزہ۔ جوز ہندی۔ کھوپرہ۔ تعلب مصری۔ ہر ایک ۲۰ حصہ۔ مویز منقے ۳ حصہ باریک کرکے شہد سہ چند مین ملالین۔

فوائد استعمال۔ سلس البول درد مفاصل درد پشت گردہ کو نافع ہے منی کو زیادہ کرتی ہے باہ کو ہیجان مین لاتی ہے۔ اشتہا اور ہاضمہ کو قوی کرتی ہے بلغم اور نسیان کو دفع کرتی ہے۔ ۲ سے ۴ مثقال۔

معجون مرچ سیاہ

سفوف کالی مرچ ۲ تولہ۔ سفوف زیرہ سیاہ ۷ تولہ۔ شہد ۱۰ تولہ ملالین۔ فوائد۔ قریب ہوکر مخرج کے دافع بواسیر خوراک ۷ ماشہ۔

گنا

قصب السکر — نیشکر

یہ مشہور مختلف اقسام اور کئی رنگ کا ہوتا ہے۔ خاصیت مختلف رنگ ذایقہ مین گرم تر۔ نفاخ۔ زیادہ کھانے سے بھوک کم اور معدہ خراب ہوجاتا ہے مرطوب بلغمی بوڑھون کے معدہ کو خراب کرتا ہے مصلح انیسون مصطگی بدل۔

فوائد۔ مصلح معدہ مسمن بدن ہاضم۔ مدر بول۔ مسہل اور نفاخ مصفی خون۔ مفرح۔ استعمال۔ زیادہ استعمال سے گبھراہٹ کم ہوتی ہے غلبہ سودہ کو کم کرتا ہے معدہ کی جلن کو مفید ہے۔ دودھ ملا کر پینے سے فربہ کرتا ہے اگر اس مین عرق برگ سبز جو ملا کر پلا دین تو بہت دست آتے ہین۔

مرکبات گنا

جلاب

قند سفید ۱ حصہ عرق بید مشک دو حصہ عرق گلاب دو حصہ آب بارش تین حصہ ملاکر قوام کرین **فوائد استعمال**۔ حصبہ۔ جدری۔ تپ دق مسکن تشنگی معدہ جگر تقوی آلات تنفس منضج مواد ملین شکم۔ ریول حرق ادرام اندرونی شکم حشا کو مفید ہے۔

عرق مقوی نیشکر

قند سیاہ ایک من پوست کیکر بارہ سیر پانی ایک مشک ڈالکر ایک مٹکے مین بند کرکے گھوڑے کی لید مین اسقدر رکھین کہ جوش اوٹھکر بیٹھ جاوے پھر نکالکر بیس سیر عرق کشید کیا جاوے بعد کو درونج عقربی دانہ الائچی خورد و بوزیدان ہر ایک ۲ تولہ بہمنین شقاقل کلیجی دار چینی ہر ایک پانچ تولہ ثعلب مصری دس تولہ۔ ابریشم ایک پاؤ گل گاوزبان نصف سیر۔ گلقند ایک سیر۔ گاجر پانچ سیر دونون کو نیم کوفتہ کرکے گاجرون کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے ڈالدین اور عنبر ایک تولہ نیچہ مین باندھکر عرق کھینچ لیا جاوے **فوائد استعمال**۔ تقویت باہ اور خفقان کے لئے مفید ہے۔ خوراک ۵ تولہ

زوفا خشک

زوفا یابس —— **زوفا خشک**

ایک گھاس ہے جو بستانی اور کوہی زمین پر پیلی ہوتی ہے۔ پھول زرد پتے مانند صعتر کے خوشبودار۔

خاصیت۔ رنگ سبز سیاہی مائل ذائقہ تلخ گرم خشک مضر جگر مصلح گوند کیکر انار ترش بدل صعتر مزاج

فوائد محلل اورام ریاح غلیظ مخرج بلغم۔ دافع بخار۔ **استعمال**۔ جاذب بحث قوی نیج

درد معدہ - عرق النساء ہمراہ سکنجبین کے خلط غلیظ کا مسہل ہے سمی جانوروں کے کاٹے پر لگانے سے آرام آتا ہے - خوراک ۵ ماشہ سے ایک تولہ -

مرکبات

شربت زوفا

زوفا یابس اصل السوس ہر ایک ڈیڑھ تولہ بادیان پرسیاوشان تخم کرفس ہر ایک چھ ماشہ - انجیر دس دانہ - مویز منقے دس دانہ سپستان ۹ ماشہ گلقند آفتابی چھ ماشہ شکر سرخ نصف سیر - قوام کرلیں بعد کو گلقند کو باریک کر کے ملا دیں -

فوائد استعمال - کھانسی البلغم دمہ میں مفید ہے - خوراک ۲ تولہ -

مطبوخ زوفا یابس

زوفا خشک - سنبل - تخم خطمی بکہ ہر ایک چھ ماشہ رسوت صعتر فارسی ہر ایک ۵ ماشہ - پوست بیخ کبر - تخم کرفس - حب الرشاد - پودینہ خشک - زیرہ سفید ہر ایک چار ماشہ - انیسون تین ماشہ جوش دیکر ترنجبین ۲ تولہ ملاکر پلائیں -

فوائد استعمال - طحال کے درد شدید میں جبکہ اسلیم کی فصد کھولی جاوے -

خوراک - یہ ایک ہے -

ماجو

عفص — مازو

اسکے درخت میں ایک قسم کا کیڑا رہتا ہے جب وہ انڈے دینا چاہتا ہے تو اس میں سوراخ کرتا ہے کہ تو اسکی رطوبت باہر نکلکر مع چند دہہار کی گولی کی شکل بنجاتی ہے - جسکو مازو کہتے ہیں **خاصیت** - بھورا مائل سبزی ذائقہ بکشا بدبو - سرد خشک مضر سینہ حلق کتیرا صمغ عربی - **فوائد** - قابض جاذب الدم

استعمال۔ سوتون کو بند کرتا ہے۔ رطوبت زبان۔ خون حیض استحاضہ کو روکتا ہے۔ مانع رو عاف اور منہ آنے کو مانع ہے۔ خوراک ۲ سے ۷ ماشہ۔

مرکبات

حب بو علی سینا

مازو۔ کرنا زج۔ ہر ایک دو مثقال۔ افیون ایک مثقال صمغ عربی ۱/۲ مثقال کوٹ چھانکر ایک رتی کے برابر گولیاں بنائی جاویں۔

فوایدا ستعمال سے پچش صادق ہیں۔ طاقت ۵ حصہ ہیں ایک حصہ افیون ہے خوراک۔ ۲ سے ۴ گولی جوان کو۔

سنون مازو

مازو پھٹکری ہموزن باریک کر کے ملالیں **فوایدا ستعمال** منہ کے زخم ہیں لگائیں

طلا ناخچہ

پوست ہلیلہ زرد۔ چربی مرغ۔ روغن گل جوش دیکر باہم ملالیں **فوایدا ستعمال** زخم ناک کیواسطے۔

جدوار

جدوار — زدوار

ایک جڑ مخروطی گرہ دار کڑوی بچھناگ سے ملتی جلتی ہے اسلئے اس کی شناخت ضرور ہونی چاہیئے اسکی چھ قسمیں ہیں شناخت جدوار تلخ ہوتی ہے برخلاف بچھناگ کے۔ بچھناگ کو زبان پر رکھنے سے سوزش اور سن معلوم ہوتی ہے اگر زخم قوی ہو تو متورم ہوکر چھالا پڑجاوے گا۔ اگر اسپر جدوار ملدیں تو یہ اثر زائل ہوجاتا ہے۔ **خاصیت** رنگ سیاہ ذایقہ تلخ گرم خشک بعض مضر امعاء مصلح دھنیا

کیترا - دودھ - **فواید** - مفرح - مقوی - اعضاء رئیسہ - ملطف مقوی باہ مسمن بدن - **محلل اورام** - **مشتہی طعام** - مسکن درد دندان - **استعمال** امراض دماغی اعصابی - ہیضہ - عسر ولادت امراض پارہ - عسر البول - بخار پر سیت محافظ سمیت مردہ جنین - **خوراک** ا سے ۲ ماشہ -

مرکبات

حب جدوار

جدوار خطائی - رومی مصطگی - جاوتری - صمغ عربی - اجوائن خراسانی طباشیر - بیخ لفاح ہر ایک نصف درم - دارچینی ۳ درم - زعفران ۲ درم مصری - افیون ۶ درم - ورق طلا ۸ دانگ کوٹ چھانکر ڈھائی ڈھائی رتی کی گولیاں بنائی جاویں -

فواید استعمال - زکام نزلہ کھانسی کو مفید ہے **خوراک** ایک گولی

حب جدوار کوچک

جدوار خطائی زعفران کشمیری - عنبر اشہب ہموزن - کہرل کرکے دو دو رتی کی مقدار میں گولیاں بنائی جاویں -

فواید استعمال - برائے تقویت دماغ دل معدہ باہ کو بعدیل ہے **خوراک** ۲ سے ۴ گولی جوان کے لئے

قرص جدوار

جدوار - صندل سرخ - کریلا خشک - کائی زیری - گل ارمنی - رسوت انبہ ہلدی - بکو تخم خطمی - بابونہ - اکلیل الملک فو مگل ہر ایک دو درم زرنباد زرد چوبہ ہر ایک ایک درم - آرد مسور - آرد جو ہر ایک ۳ درم

قرص بنائے جاوین - **فوایداستعمال** - پانی یا سرکہ مین گھسکر ورم
اور زمین وغیرہ پر استعمال کئے جاوین -

کچور

زرنباد

ایک گھاس کی جڑ ہے جو بڑی ہے اسکو نر کچور اور چھوٹی کو کچور کہتے ہین
پتے مانند ہلدی کے اُسکے نیچے یہ جڑ آب ہلدی کی وضع پر ہوتی ہے اس کو ٹکڑے
کرکے سکھا لیتے ہین -

خاصیت - رنگ بھورا - ذایقہ تیز تلخ گرم خشک مضر دماغ ہے مصلح کتیرا
فوائد - دافع بلغم - مخرج ریح جھاگ کرم شکم - مقوی دل و دماغ - معدہ مدر بول
حیض - استسقا - بواسیر - ہچکی - یرقان کو سودمند ہے مانع قے ضعف
ہاضمہ اعضاء رئیسہ کو طاقت دیتا ہے - کلی اسکی درد دندان اور مسوڑون کو
مفید ہے **خوراک** - ایک سے ۳ ماشہ -

مرکبات زرنباد

حب زرنباد

کچور - کتیرا ۳ ماشہ باریک کرکے ایک ایک رتی کی گولیان بنائی جاوین -
فوایداستعمال - دو گولی بچون کو دینے سے متلی قے کو دور کرتی ہے
ہتھیلیون اور تلوون کی جلن منہ کی بدمزگی وغیرہ کو مفید ہے -

خساندہ زرنباد

کچور ایک تولہ - سرد پانی سوا پاؤ مین بھگو کر صاف کرلین **فوایدہ** - مانند حل کے

خوراک پانچ تولہ۔

رب زرشباد ——————

بجور ایک سیر جوکوب کرکے چار سیر پانی میں ۲۴ گھنٹہ جوش دیں اور صاف پانی چھان لیں اور ثفل میں دو سیر اور پانی ملاکر بارہ گھنٹہ کے بعد نچوڑلیں اب ہر دو پانی کو باہم ملاکر آگ پر گاڑھا کیا جاوے جب قریب گاڑھے کے ہوجاوے فلالین سے چھانکر عرق کے چوتہائی حصہ چینی ملاکر شہد کے مانند گاڑھا قوام کرلیں۔ استعمال مثل زرشباد۔ خوراک ماماشہ۔

مونگ

ماش —————— ہوماش

مشہور غلہ ہے چھوٹے چھوٹے گول کیسقدر لمبے دانے ہوتے ہیں

خاصیت۔ رنگ سبزی مائل سیاہی ذایقہ پھیکا سرد خشک مقشر معتدل

مضر معدہ مصلح ترشی گرم مصالحہ۔

فوائد۔ مسکن جوش صفرا لین مولد خلط صالح بدل باقلا مسور

استعمال۔ حرارت حدت سوزش۔ صفرا خون کو مفید ہے بریان قابض مریضوں کے لئے بہترین غذا ہے۔

طلا مونگ ——————

آرد مونگ دو ماشہ۔ ہلدی رسوت مامیران ہر ایک ایک ماشہ پانی میں پیسکر گرد چشم کے نیم گرم طلا کریں۔ فوائد درد آنکھ اور سرخی جو چوٹ کے لگنے سے ہو مفید ہے۔

بلیتھی

بقلتہ الحلبیہ ——— ثرہ تثلیث

یہ ساگ مشہور غذا میں کثیر الاستعمال ہے اور بیج دوا میں۔

خاصیت۔ تخم رنگ زرد ذایقہ تلخ گرم خشک۔ مضر گرم مزاجوں اور خصیوں کو مصلح انیسون۔ سکنجبین۔ بدل السی اکلیل الملک

فواید۔ مدر حیض بول۔ ملین مخرج ریح جوشاندہ مقئی۔

استعمال۔ سردمرضوں مثلاً لقوہ فالج میں اسکا لیپ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔

خوراک۔ سات ماشہ۔

مرکبات تخم بلیتھی

طلاء حلبہ ———

تخم بلیتھی السی مغز لستہ مغز تخم تشہدی ہموزن۔ کوٹ چھانکر وقت ضرورت گائے کے دودھ میں پکاکر گاڑھا کرلیں۔ گلٹی پر باندھنے سے پھٹ جائیگی یا تحلیل ہو جائے گی۔

قطور حلبہ ———

لعاب تخم بلیتھی۔ السی۔ کمونہ سبز دختر ناد ہموزن ملاکر نیم گرم کان میں ٹپکائیں بعد پھٹنے پھوڑے کے فتیلہ انزروت کا شہد میں ملاکر صفائی کے لئے رکھیں یا پچکاری سے دھو ڈالیں

فواید۔ کان کے پھوڑے میں مفید ہے۔

نعوق حلبہ ———

حلبہ ۵ درم۔ انجیر ۲ عدد چھوہارہ۔ دس تین پاؤ پانی میں بھگوئیں اور صاف پانی لیکر

چینی سپید ملاکر مطابق قاعدہ لعوق کے تیار کریں۔
فوائد استعمال سکر خشکی آواز بلغم کو آسانی سے نکالتا ہے **خوراک** ۶ ماشہ

چھوٹی الائچی

قاقلہ صغار ——— الائچی خورد

ایک درخت کا سفید سہ پہلو پھل ہے جو ملاکا کے پہاڑوں اور گرد نواح میں پیدا ہوتا ہے بلندی دو گز کے قریب پتے آنار کے مانند پھل خوشہ دار خام سبز خشک سفید۔

خاصیت - پوست سفید دانہ سیاہ ذائقہ تیز خشک خوشبودار گرم خشک مضر معدہ ریہ امعاء مصلح کتیرا طباشیر بدل بڑی الائچی لونگ۔

فوائد - مفرح مقوی قلب معدہ لثہ

استعمال - خفقان تحیش قئے۔ ہیضہ درد سر کو مفید ہے معہ پوست کے کوٹ کر عرق گلاب میں جوش دیں تو بالخصوصیت متلی قئے کو سودمند ہے

خوراک - ۲ سے ۴ ماشہ۔

مرکبات

حب الائچی خورد
———

الائچی سفید۔ مغز بنولہ ہر ایک پانچ ماشہ زیرہ سفید ۲ ماشہ ریوند ۱۲ ماشہ باریک کرکے برگ گکروندہ کے عرق میں گولیاں بنائی جاویں۔

فوائد استعمال - ایک گولی کھا کر اوپر سے عرق مولی پی لیا جاوے مرض بواسیر میں سودمند ہے۔

سفوف الائچی خورد

الائچی دانہ۔ تخم بات۔ ناگیسر۔ چیتہ۔ زیرہ سفید۔ کالی زیری۔ طباشیر ہر ایک تین ماشہ۔ نیلگری چھ ماشہ۔ گل دھاوہ چھ ماشہ۔ سہاگہ تین ماشہ۔ دھنیا چھ ماشہ۔ اجواین دیسی چار ماشہ۔ ہینگ دو ماشہ۔ زیرہ سیاہ چھ ماشہ باریک کر کے سفوف بنایا جاوے

فوائد استعمال۔ ورب بدہضمی ہین۔ **خوراک** دو درم۔

جوشاندہ الائچی خورد

الائچی دس عدد۔ لونگ چار عدد۔ بادیان خطائی ایک ماشہ جوش دین جب جوش آجاوے نیچے اوتار کر چار خطائی دو ماشہ ڈالکر مصری سے میٹھا کر کے پیوین۔ **فوائد**۔ خفقان کو مفید ہے۔

کھوپرہ

کھوپرہ — جوز ہندی

یہ ناریل کا مغز ہے۔ اس کا درخت جزیرہ لنکا مین بہت ہوتا ہے شکل تاڑ کے مانند ہوتی ہے۔ اس مین کلیان آتی ہین پھول نکلتے ہین پھل لگتا ہے۔ جسکو ناریل کہتے ہین اول اس مین سفید عرق دودھ کے مانند ہوتا ہے پھر آہستہ آہستہ جم کر کھوپرہ بن جاتا ہے۔ بہتر وہ ہے جو تازہ بہت سفید خوشبودار شیرین چکنا کم ریشہ ہو۔

خاصیت۔ چھلکا جوزی رنگ سفید ذائقہ شیرین تازہ کھوپرہ گرم خشک سفر۔ سدہ پیدا کرتا ہے۔ دیر ہضم آواز مین فساد کرتا ہے سینہ مین خشونت معدہ مین ثقل مصلح شکر مصری تربوز ترش میوے بدل اخروٹ

پستہ دو گنے تل۔ فوائد۔ مغلظ منی۔ مولد خون صالح کثیر التعداد مقوی جگر مقوی حرارت غریزی دافع یبوست جھاک کرم شکم۔

استعمال۔ مصری کے ہمراہ ایک تولہ نہار منہ کہانا نابینائی کو فایدہ دیتا ہے ورد کمر کھوپرہ چھیل کر کھانا چاہئے چھلکا ہضم نہیں ہوتا ہے فالج جنون تشنج میں بھی مفید ہے

مرکبات ناریل

سفوف ناریل

ناگرموتھا ڈیڑھ تولہ۔ خس بادام پستہ۔ پودینہ۔ الائچی سفید ہر ایک تین ماشہ۔ تین سیر پانی میں جوش دیں جب تہائی رہجاوے اتار لیں۔

فوائد استعمال یہ ہیضہ میں ۵ تولہ چند مرتبہ۔

مرکبات کھوپرہ

روغن ناریل

اسکا تیل مانند سرسوں وغیرہ کے نکالا جاتا ہے۔ رنگ سفید گاڑھا مثل گھی کے ذائقہ پھیکا قدرے شریں۔

خوراک چھ سے ۹ ماشہ تک۔ استعمال۔ مانند کھوپرے کے طلا سوختگی آتش کیواسطے مفید ہے۔

بانس

قصب

بانس اسکی دو قسم مشہور ہیں ایک بہت بڑا اور موٹا دوسرے چھوٹے۔

سفوف الائچی خورد

الائچی دانہ۔ تخم پات۔ ناگیسر۔ چیتہ۔ زیرہ سفید۔ کالی زیری۔ طباشیر ہر ایک تین ماشہ۔ نیلگری چھ ماشہ۔ گل داوہ چھ ماشہ۔ سہاگہ تین ماشہ۔ دہنیا خشک ۲ ماشہ۔ اجوائن دیسی چار ماشہ۔ ہینگ دو ماشہ۔ زیرہ سیاہ چھ ماشہ باریک کر کے سفوف بنایا جاوے

فواید استعمال۔ ذرب بدہضمی ہیں۔ خوراک ۲ دو درم۔

قہوہ الائچی خورد

الائچی دس عدد۔ لونگ چار عدد۔ بادیان خطائی ہر ایک ماشہ جوش دیں جب جوش آجاوے نیچے اوتار کر چار خطائی دو ماشہ ڈالکر مصری سے میٹھا کر کے پیویں۔ فواید۔ خفقان کو مفید ہے۔

کھوپرہ

جوز ہندی — کھوپرہ

یہ ناریل کا مغز ہے۔ اس کا درخت جزیرہ لنکا میں بہت ہوتا ہے شکل تار ڈ کے مانند ہوتی ہے۔ اس میں کلیاں آتی ہیں پھول نکلتے ہیں پھل لگتا ہے۔ جسکو ناریل کہتے ہیں اول اس میں سفید عرق دودھ کے مانند ہوتا ہے پھر آہستہ آہستہ جم کر کھوپرہ بن جاتا ہے۔ بہتر وہ ہے جو تازہ بہت سفید خوشبودار شیرین چکنا کم ریشہ ہو۔

خاصیت۔ چھلکا جوزی رنگ سفید ذائقہ شیرین تازہ کھوپرہ گرم خشک مضر۔ سدہ پیدا کرتا ہے۔ دیر ہضم آواز میں فساد کرتا ہے سینہ میں خشونت معدہ میں ثقل مصلح شکر مصری تربوز ترش میوے بدل اخروٹ

پستہ دو گنے تل۔ فوائد۔ مغلظ منی۔ مولد خون صالح کثیر الغذا و مقوی جگر مقوی حرارت غریزی دافع یبوست مہلک کرم شکم۔
استعمال۔ مصری کے ہمراہ ایک تولہ نہار منہ کھانا نابینائی کو فایدہ دیتا ہے درد کمر کھوپرہ چھیل کر کھانا چاہئے چھلکا ہضم نہیں ہوتا ہے فالج جنون تشنج سبھی میں مفید ہے

مرکبات ناریل

سفوف ناریل
ناگرموتھا ڈیڑھ تولہ۔ خس بادام پستہ۔ پودینہ۔ الائچی سفید ہر ایک تین ماشہ۔ تین سیر پانی میں جوش دیں۔ جب تہائی رہجاوے اتار لیں۔
فوائد استعمال۔ یہ سفوف میں ۵ تولہ چند مرتبہ۔

مرکبات کھوپرہ

روغن ناریل
اسکا تیل مانند سرسون وغیرہ کے نکالا جاتا ہے۔ رنگ سفید گاڑھا مثل گھی کے ذائقہ پھیکا قدرے شیرین۔
خوراک۔ چھ سے ۹ ماشہ تک۔ استعمال۔ مانند کھوپرے کے طلا سوختگی آتش کیواسطے مفید ہے۔

بانس

قصب
بانس اسکی دو قسم مشہور ہیں ایک بہت بڑا اور موٹا دوسرے چھوٹے چھوٹے۔

خاصیت۔ رنگ سبز زرد لاہور کے گول باغ میں اسکا درخت زرد رنگ اور لکیروں دار موجود ہے۔ ذائقہ پھیکا سرد وخشک مضر ریہ مصلح کتیرا فواید۔ مدر حیض نفاس۔ استعمال۔ اس کی راکھ قروطی میں ملاکر لگانے سے تشنج کو فائدہ ہوتا ہے۔ جوشاندہ پتوں اور بیج کا خون کا نفاس کو جاری کرتا ہے۔ خوراک ۳ سے ۶ تولہ۔ بطور جوشاندہ کے۔

مرکب

مطبوخ ——————

گرہ بالش کے پیسے تانبہ کے ۷ پوست اخروٹ دو تولہ کپاس کے ڈوڈے دو تولہ پوست املتاس ایک تولہ۔ دس سیر پانی میں جوش دیں جب وقت تیسرا حصہ رہجاوے بجائے غذا اور پانی کے زچہ کو نفاس کے بند ہوجانے میں دیا جاتا ہے۔

جائفل

جوزالطیب —————— جوزبویا

درخت اسکا مثل سیب کے ہوتا ہے پیدائش اسکی جزائر سماترہ ملاکا میں ہے یہ گول بیضاوی اڑو کے مانند ہوتا ہے جو پختگی کے وقت پھٹکر دو پھلکے ہو جاتا ہے اسکے اندر کی گری جائفل ہے

خاصیت۔ رنگ بھورا نہایت خوشبودار مزہ تلخ وتیز چرب گرم خشک اس میں قوت قابضہ اندر رطوبت فضلیہ ہے مضر جگر پھیپھڑا مصلح دھنیا۔ شہد بدل جاوتری فوائد مفرح قلب مقوی حرارت

عزیزی باہ استعمال۔ نم معدہ ہیگر ورم طحال استسقاء لحمی وجع مفاصل کو مفید ہین خوراک ۳ سے ۹ ماشہ۔

مرکبات

حب جائفل

جائفل جاوتری۔ افیون مادہ۔ اسپند مصطگی ناگیسر موچرس۔ تج گوگل سپاری دانہ الائچی مخورد۔ طباشیر اجوائن خراسانی ہر ایک ایک ماشہ باریک کرکے اسپغول یا بہیدانہ مین گولیان بنائین فواید مانع استہال سیلان الرحم مسک بہی ہین ہمرہ پانی کہاوین خوراک دو گولی۔

مرکب جاوتری

حب جاوتری

جاوتری لستہ رناگرموتھا ہر ایک تولہ۔ اجواین خراسانی ۳ تولہ کوٹ چہانکر گولیان بنائی جاوین۔

استعمال۔ ادرار بول کیواسطے ایک صبح ایک شام۔

پیاز

بصل ـــــــ پیاز

یہ مشہور چیز ہے جو کہانے مین استعمال کیجاتی ہے۔

خاصیت۔ رنگ سرخ سفید۔ ذایقہ پھیکا گرم خشک بار طوبت فضلیہ مضر محرورین مصلح سرکہ شہد نمک

فوائد۔ جلی محلل ورم۔ مدر بول حیض منضج اورام۔

استعمال۔ پیاز سفید کا پاس رکھنا بالخصوص وبائی ہوا سے محفوظ رکھتا ہے

خوراک۔ حسب ضرورت۔

مرکبات پیاز

طلا پیاز

آب پیاز۔ ایلوہ زرد۔ گائے کا پتہ ہر ایک ہموزن لیکر ملالیں

فوائد۔ بواسیر کے مسوں پر لگانے سے خون جاری ہوجاتا ہے درد کو ساکن قوت باہ کے لئے مفید ہے۔

کنیر

سم الفار۔ دفلی ——— خرزہرہ

مشہور درخت۔ ماھیت۔ ئے لائیے سخت پھول زرد سفید جڑ زرد

ذائقہ تلخ۔ گرم خشک۔ مضر پھیپھڑہ قاتل مصلح شہد روغن زرد۔

فوائد۔ محلل اورام مجفف رطوبت رحم۔ استعمال اکاتیل۔ بخور گنج۔ عرق النسا درد پشت۔ وجع المفاصل کو مفید ہے۔ زہر کی وجہ سے خارجاً مستعمل ہے۔ خوراک ۲ سے ۴ ماشہ۔

مرکبات

طلا

پوست بیخ کنیر سفید گونگچی سفید ہر ایک دس تولہ قسط تلخ جمالگوٹہ ہر ایک دو تولہ

سفوف کرکے پندرہ سیر گاؤمیش کے دودھ میں جوش دیکر مکھن نکال لیں
اور چھاچھ کو دفن کردیں۔ **استعمال**۔ ایک رتی طلا کرکے پان باندھیں
بقدر نصف رتی کے پان میں ایک ہفتہ تک لگائیں۔

بابرنگ

برنج کابلی ———— برنگ کابلی

اسکے درخت کو کوہ ہمالہ کے دامن میں راونی کہتے ہیں۔ قد درمیانہ پتے املتاس
کے پتوں کے مانند لیکن کچھ چھوٹے پھول سفید چھوٹے چھوٹے خوشوں
کے مانند جنکے پیچھے سبز دانے مکو کے دانوں کی طرح لگتے ہیں ان پر غباری
روان ہوتا ہے جو پکنے کے بعد کوٹ کر علیحدہ کیا جاتا ہے اسی کو قنبیلہ کہتے
ہیں اور بابرنگ اسکا پھل ہے

ماہیت۔ سیاہ مائل سرخی۔ ذائقہ تلخ تیز۔ گرم خشک مضر امعا مصلح کتیرا
مصطگی۔ **فوائد**۔ مخرج ریاح۔ منضج اخلاط۔ دافع بلغم۔ گرم خشک۔
استعمال۔ کیڑوں کو نکالتی ہے ہاضم ذرد رطوبت فرج کو خشک کرتا
ہے۔ **خوراک** ۳ سے ۱ ماشہ۔

مرکب

حب بابرنگ ————

بابرنگ پودینہ خشک کھٹے انار کی چھال ہر ایک پانچ ماشہ۔ کمیلا ترمس ایلوہ
ہر ایک چار ماشہ تخم حنظل ۲ ماشہ نمک ۴ ماشہ کوٹ چھانکر برگ شفتالو کے عرق
میں گولیاں بنالی جاویں۔ **فوائد استعمال** کدو دانہ اور دوسرے کیڑوں کو مفید ہے

خوراک ۳ رتی سے ۳ ماشہ

بچھناک

بیش ـــــــ زہر

ایک پہاڑی درخت کی جڑ ہے اسکے مشابہ جدوار لیکن جدوار تلخ ہوتی ہے بچھناگ تلخ نہیں۔ بچھناگ زبان پر رکھنے سے جگہ بے حس ہوکر سوزش ہو جاتی ہے اگر اسجگہ پر جدوار رکھی جاوے تو آرام ہو جاتا ہے اسیوجہ سے جدوار اسکی مصلح ہے **خاصیت**۔ رنگ باہر سیاہ اندر سرخی مائل ذائقہ تلخ سوزش آور بے حس گرم خشک مضر قاتل مصلح جدوار برگ بید انجیر **فوائد** دافع بخار صفراوی دمہ مضعف قلب

استعمال۔ دردریح ورم اختشار گٹھیا کو مفید ہے یہ نہایت زود اثر ہے اسکے استعمال سے دل پھیپھڑا کی حرکت کمزور ہوکر مریض راہی ملک بقا ہو جاتا ہے اگرچہ ہوش وحواس میں چنداں فرق نہیں آتا۔ لیکن قبل از موت نظام عصبی پست ہوکر قلب ایسا کمزور ہو جاتا ہے کہ مریض کا جانبر ہونا مشکل ہو جاتا ہے تنفس کی حرکت تندرستی کے نصف ہو جاتی ہے ایسے ہی تنفس بھی ہو جاتا ہے غرض جسمی حرارت کم ہوکر پسینہ آنے لگتا ہے اسوجہ سے دم کی بیماریوں میں فائدہ مند ہے پرانی بدہضمی دردریح عصابہ فوادالوجع میں مفید ہے نیز اسکو قولنج کے درد میں ایک گولی پیکر مریض کو پلائی اور چند منٹ کے بعد نمکتا سلف پلا دیا قئے وغیرہ نہیں ہوئی بلکہ مریض سو گیا جب بیدار ہوا تو درد کو آرام تھا علامات زہر چند منٹ سے ایک گھنٹہ تک بیمار کا منہ حلق شل اور خشک ہو جاتے ہیں اول جھنجھناہٹ سخت جلن معلوم ہوتی ہے۔ جی متلاتا ہے قئے ہوتی ہے سر گھومتا ہے اور جھنجھناہٹ دیگر عضو پر پھیلتی جاتی ہے ہاتھ پاؤں سن ہوتے

جاتے ہیں۔ گاہے تمام جسم مفلوج ہو جاتا ہے اور بصارت جاتی رہتی ہے کانوں میں آوازیں سنائی دیتی ہیں۔ تشنج سے گلا کھنچ جاتا ہے بعض دفعہ تشنج ہو کر مر جاتا ہے کبھی آواز کے ریشوں کے مفلوج ہونے کے سبب سے مریض بولنے سے معذور ہوتا ہے کبھی دل ڈوب جاتا ہے موت کی فکر غالب ہوتی ہے۔ نبض بے قاعدہ اور اپنی جگہ پر معلوم نہیں ہوتی جسم نیلا پسینے سے تر چہرہ و لب زرد پتلیاں کشادہ کبھی تشنج نہیں ہوتا عرصہ ہلاکت ۱/۲ گھنٹہ بعض ۲۴ گھنٹہ بعد علاج قے کراویں۔ مقوی ادویہ بعد روغن بیدانجیر پلاویں پھر ادویہ محرک نظام عصبی مثلاً الحم مرکبات اسٹریکنیم عنبر کستوری کافی موسیاتی کھیچڑوں کو گرم کریں اور مقام قلب پر سکین دم لینے سے بےچینی ہو تو مصنوعی ترکیب سے تنفس قایم کریں ایک رتی رب بچھناگ سے موت واقع ہوا کرتی ہے۔

مرکبات

حب بچھناگ

عاقرقرحا مرچ سیاہ پیپل ہر ایک تین ماشہ پیپلامول چھ ماشہ سونٹھ تیلیا بچھناگ ہر ایک ایک تولہ سب کو کوٹ چھانکر روغن زرد میں چرب کریں اور ایک ایک رتی کی گولیاں بنائی جائیں۔ طاقت ۶ حصہ میں ایک حصہ تیلیا ہے۔ **فواید استعمال** سردامراض دماغی عصبی فالج لقوہ میں مفید ہے۔ **خوراک**۔ ۱ سے ۲ گولی۔

طلا بچھناگ

بچھناگ سیاہ چرب شدہ عاقرقرحا سیندور ہر ایک ایک تولہ آک کا دودھ ۳ تولہ

ملمیں لگائے دس تولہ خشک دوائیں باریک کرکے ایک کڑاہی میں ڈالکر ایک
نیم کے دستے سے جسمیں تانبے کا پیسہ لگا ہوا ہو چار روز تک خوب حل کریں
فوائد استعمال۔ مجلوق کے واسطے پان پر لگا کر باندھا جاوے۔

گھنگچی سفید

ایک بیلدار درخت کے بیج ہیں خاصیت۔ رنگ سفید سرخ ذائقہ پھیکا مزاج
گرم خشک مضر محرورین مورث دردسر مصلح دہنیا نازو تر بخبین بشیر
فوائد۔ مقوی اعصاب باہ مولد غلظ منی۔
استعمال۔ امراض چشم کرم شکم خارش جذام ضعف ہضم کو مفید ہے اسکا
طلا کار آمد ہے۔ دوائیں زیادہ تر سفید برتی جاتی ہیں۔

روغن گھنگچی

گھنگچی سفید ر پوست بیخ کنیر۔ اسگند ناگوری۔ دار چینی عاقرقرحا تالمکھانہ تخم
لونگن۔ اندرجو۔ حرمل۔ گھنگچی تخم پیاز۔ مغز پنبہ دانہ۔ مال کنگنی۔ سم گھوڑا ہر
ہر ایک ۶ ماشہ۔ مغز چرونجی۔ چلغوزہ۔ اخروٹ۔ بیخ اونٹ کٹارہ۔ دیودار
تودری۔ موصلی سیاہ ہر ایک ایک تولہ۔ جائفل لونگ۔ رسکپور افیم دہتورہ
ہر ایک تین ماشہ۔ افیون جائفل جملہ ادویہ کوٹ چھانکر ہنڈیا گائے کے ڈیڑھ
چھٹانک دودھ میں حل کر دو عدد زردی بیضہ ملائیں اور ایک آتشی شیشی کے
ذریعہ روغن کشید کریں۔ فوائد استعمال۔ مقوی باہ دافع سستی۔

طلاء گھنگچی

سفید گھنگچی۔ عاقرقرحا۔ پوست بیخ کنیر تیلیا میٹھا۔ جمالگوٹہ مغز چلغوزہ۔ ہر ایک
دو درم اول جمالگوٹہ اور میٹھے تیلیہ کو کرکے ایک کپڑے میں باندھ کر

ایک سیر گائے کے دودھ مین رکھ تین جوش دین اور رجال کو ته کو میرگین گاڑ دین مدبر کرین
پھر تمام دواؤن کو نصف سیر بکری مین کہرل کرکے گولیان بنائین جاوین۔
فوائد استعمال۔ مجلوق کی قوت باہ کیواسطے۔ روغن چنبیلی مین گہسکر لگایا جاوے
اور پان ہیم گرم ما ندہین

پکہان بید

جنطیانہ ــــــــــــــــــــــــ کرشناہ

یہ ایک چہوٹے سے درخت کی جڑ ہے جو تین چار فٹ لمبی ہوتی ہے چہلون کے مانند جہریان باہر بہوری زردی مائل اندر سے بناوٹ مین کسیقدر سخت بنگالی پلہان بید سے بہترین فرنگستان کا تلخ یہ اختلاف باعث تاثیر زمین ہے اسمین بو بہاری اور خاص طرح کی آتی ہے۔ **خاصیت** رنگ مائل لبزی سیاہی ذائقہ تلخ تیز مشرق گرم خشک ۲ سینہ مجرد مین مصلح اسقوہ۔ قندرون بدل قسطیخ کنیر بسار دون۔ **فوائد** محلل ورم حبس بول حیض سنگ مثانہ ورم جگر سددون کو دفع کرتا ہی۔ **استعمال**۔ طلا اسکا مہندی کے ہمراہ ہتھیلی پر لگانے سے حیض بند ہوجاتا ہے سوزش بول جریان کو مفید ہے۔

حب پکہان بید ــــــــــــــــــــــــ

رال پکہان بید۔ بلگری۔ زرنباد۔ آملہ۔ افیون۔ گیرو ہموزن باریک پیسکر کے گولیان بنالی جاوے **فوائد استعمال**۔ دستون پیچش مین ایک صبح شام۔

روغن پکہان بید ــــــــــــــــــــــــ

پکہان بید ۱۰ درم۔ زراوند حرج۔ ناگرموتھا۔ بلیحہ۔ پوست کنیر ہر ایک ۵ درم نصف سیر روغن بادام مین ملاکر ایک شیشی مین رکھ دین وزن ہو پہن پہ کہہ کھین پہر صاف کرکے استعمال کرین۔ **فوائد استعمال**۔ ہر قسم کے درد نفخ ریاح کو تحلیل کرتا ہی

مدار - اکھ

عشر ______________ خرک

یہ مشہور درخت ہے ویرانون مین اوگتا ہے پتے چوڑے توڑنے سے دودہ نکلتا ہے اس کے پھل مین روئی کے مانند ایک تعفن شے ہوتی ہے۔ **خاصیت** پتے سبز مائل پھول سفید ذائقہ تلخ گرم خشک محرورین مقرح جلد مصلح دودہ گھی بدل۔ **فوائد** برگ محلل ورم مسکن درد پھول ہاضم۔ **استعمال** دودھ سے زخم ہوجاتا ہے پتے سردی کے ورم کو تحلیل کرتے ہین امراض معدہ کو مفید ہین اگر ثمران کو گھی مین چرب کرکے ناک مین چند قطرے نیم گرم ٹپکائین تو چند چھینکین آکر درد و شقیقہ کو آرام آئیگا۔

مرکب پھول

حب گل مدار ______________

کلیان مدار سیاہ مرچ۔ نمک لاہوری بموزن کیکر کے گوند مین گولیان بنائی جاوین۔ **فوائد استعمال** بدہضمی ہیضہ مین مجرب ہین خوراک ۲ سے ۴ گولی۔

مرکب پوست بیخ مدار

حب دافع ہیضہ ______________

سیاہ مرچ پوست بیخ مدار آب ادرک مین کھرل کرکے ایک رتی کی برابر گولیان بنائی جاوین فوائد استعمال ہیضہ مین تین تین گھنٹہ کے بعد ایک گولی

سفوف پوست بیخ مدار ______________

سفید چھال جو زمین کے نیچے ہو جڑ کو دھو چھیل کر سایہ مین خشک کرکے سفوف بناکر رکھ لیا جاوے فوائد استعمال کہانسی کمزوری معدہ مین بارہا تجربہ کی گئی ہے یہ قائمقام ہنگری کی ایک دوا اسپیکاک کے ہے۔

کالادانہ

حب النیل

ایک درخت بیلدار کے تکونے سیاہ رنگ کے بیج چھوٹے بڑے دو قسم کے ہوتے ہیں +

خاصیت۔ رنگ سیاہ۔ ذایقہ تلخ۔ گرم خشک مضر مورث کرب خراش امعا مصلح ہلیلہ روغن زرد میں بریان کر کے شکر بدل شحم حنظل

فواید۔ مفتح سدہ۔ جگر طحال مخرج گرم شکم۔ زخم۔ بلغم براہ دست نکالتا ہے +

استعمال۔ مسہل قوی ہے۔ وجع المفاصل۔ مواد سوداوی۔ اور بلغمی کو نکالتا ہے۔ خارش تر خشک میں ہمراہ شکر ہموزن کے۔ پوری خوراک میں مفید ہے۔ خوراک ۱ سے ۲ ماشہ +

مرکب کالادانہ

سفوف کالادانہ

کالادانہ ڈیڑھ تولہ شکر ۲ ماشہ باریک کر کے سفوف بنایا جاوے +

فواید استعمال۔ خارش۔ طحال بلغم شورش ۸ ماشہ +

سفوف حب النیل

حب النیل اسّی دانہ گھی سے چرب کر کے سونٹھ دو دانگ۔ ریوند چینی۔ گلسرخ ہر ایک نصف دام باریک کر کے سفوف بنایا جاوے +

فواید استعمال تنقیہ کے واسطے آتشک میں ہمراہ عرق گلاب کے یہ ایک خوراک ہے

اسپند

حرمل ـــــــــــــــ اسپند

ایک درخت کے بیج ہیں جو زمین سے قریب ایک فٹ کے یا زیادہ بلند ہوتا اور عموماً قبرستان ویرانہ اور کھار زمین میں پھلتا پھولتا ہے پتے باریک موٹے ہوتے ہیں۔ اسپند جب آگ میں ڈالا جاتا ہے۔ تو جلتے وقت ایک آواز ہوتی ہے +

خاصیت۔ رنگ سیاہی مایل بھورا۔ ذایقہ قدرے تلخ۔ گرم ۲ خشک ۲ مضر مورث۔ دردسر محرورین۔ بدل۔ سداب اجواین۔ تخم مولی +

فواید۔ مخرج بلغم۔ مقوی اعصاب۔ محلل مواد غلیظ۔ ریاح۔ مدر بول حیض۔ دودھ +

استعمال۔ فالج۔ نسیان۔ جنون۔ مرگی۔ بلغم۔ سوداکو دستوں کے راہ نکالتا ہے۔ خوراک ا سے ۳ ماشہ +

مرکبات

حب ہندی حرمل

اسپند سوختنی نیم بریان ۵ درم۔ کوکنار۔ تل سیاہ ہر ایک دو درم قند سیاہ کہنہ ۳ دام باریک کرکے قند سیاہ ملاکر خوب کوٹیں اس کے سات حصہ کرلیں +

فوایداستعمال۔ وقت ضرورت کے ایک حصہ کھایا جاوے تعب جماع کو دور کرتا ہے اور ممسک ہے +

روغن حرمل

اسپند ۲ تولہ۔ سونٹھ ۳ تولہ۔ ایک پاؤ پانی میں ایک رات بھگو کر

نصف سیر کڑوا تیل ملا کر جوش دیں۔ جب دوا جل جاوے صاف کرلیں۔
۵ جائفل سرمہ کی طرح کر کے تیل میں ملا دیں +

فوائد۔ ریح بلغمی۔ رعشہ۔ تشنج۔ گرانی دست و پا میں مالش کریں۔ اور سرد پانی سے پرہیز +

سفوف اسپند

اسپند۔ اجواین ہر ایک دو حصہ۔ فلفل دراز۔ رب السوس ہر ایک ایک حصہ۔ زوفا یابس بابونہ ہر ایک ۳ حصہ۔ چینی ۲ حصہ تیار کر کے سفوف بنایا جاوے +

فوائد استعمال۔ امراض بلغمی میں مفید ہے۔ خوراک ۷ ماشہ

گڑھ

حب قرطم خسکدانہ

مشہور درخت کسم کے بانند صنوبری شکل کی طرح کے سفید بیج ہوتے ہیں جس قدر پرانے ہونگے اسی قدر سیاہی پکڑتے جائیں گے

خاصیت۔ رنگ سفید۔ ذائقہ پھیکا۔ قدرے تلخ۔ گرم ۱ خشک ۲ مضر معدہ۔ مصلح انیسوں۔ شیرینی۔ بدل۔ حبۃ الخضرا +

فوائد۔ تقوی دماغ۔ باہ۔ مولد منی۔ اخلاط محترقہ۔ بلغم رقیق کا مسہل ہے

استعمال۔ جلندر۔ مالی خولیا۔ سوزش اعضاء۔ شدت ریاح درد سینہ۔ نزلہ۔ زکام کو دفع کرتا ہے۔ خوراک ۳ سے ۷ ماشہ +

مرکبات

حسو گڑھ

مغز تخم گڑھ۔ عرق سونف میں پیس کر گلقند دو تولہ اضافہ کر کے

حریرہ بنایا جاوے +

فوائد استعمال۔ درد شکم۔ قبض کو مفید ہے +

روغن کرڑہ

حب قرطم مانند السی۔ سرسوں نکالا جاتا ہے۔ تھوڑی مقدار میں پتال جنتر یا آتشی شیشی کے ذریعہ نکال لیا جاوے +
فوائد استعمال گرم پانی میں نصف اوقیہ پینے سے کرم شکم نکل جاتے ہیں! اور جو بقایا حصہ معدہ میں رہ جاتا ہے وہ رطوبت فضلیہ و مادہ غلیظ کو خارج کر دیتا ہے۔ متواتر استعمال معدہ کو مضر ہے +

سفوف تخم کرڑہ

حب قرطم ۲ تولہ۔ خشک دانہ ۲ تولہ باریک کوٹ کر ہموزن چینی ملالیں +
فوائد استعمال۔ مقوی باہ۔ مغلظ منی۔ اگر اس کے سفوف کو بطور حریرہ کے بنا کر استعمال کرایا جاوے تو بہت مفید ہے۔ خوراک ۹ ماشہ

شربت کرڑہ

سفوف کرڑہ ۴ تولہ۔ انجیر ۲۰ دانہ۔ شہد ایک پاؤ۔ انجیر کو جوش دیں اور مل کر صاف کر کے شہد ملا کر قوام کر لیں۔ وقت تیاری سفوف کرڑہ کو ملا دیں +
فوائد۔ منقی سینہ اور امراض بلغمی میں معمول ہے۔ خوراک ۲ تولہ +

گلگونہ کرڑہ

سفوف کرڑہ ایک تولہ۔ تخم خیارہ ۲ تولہ۔ ریوند چینی۔ گلسرخ۔ حسن یوسف ہر ایک چھ ماشہ۔ چھلکا سنگترہ۔ خشخاش۔ چرونجی ہر ایک ۲ تولہ سمندر جھاگ ایک تولہ باریک پیس کر سفوف تیار کر لیں +

فوائد استعمال۔ اس میں سے ۶ یا ۷ ماشہ سفوف پانی میں گھولکر منہ پر ملیں اور چند منٹ کے بعد دھوڈالا جاوے رنگ چہرہ کا نکھرتا ہے +

کنکھالی

اخراس الکلب ــــــ بسفائج

درخت کی جڑ خاکستری سیاہی مائل گرہ دار۔ تازہ پستی - پرانی سرخی مایل۔ عمدہ ذائقہ مانند لونگ کے کسی قدر شیریں +

خاصیت۔ رنگ خاکستری سیاہی مایل۔ ذائقہ کسی قدر شیریں۔ گرم خشک مضر سینہ گردہ متلی قے۔ مصلح سینہ کے لئے پرسیاوشاں گلسرخ۔ ہلیلہ زرد۔ بدل سنا۔ افتیموں

فوائد۔ مخرج بلغم۔ سودا۔ محلل نفخ +

استعمال۔ بلغم غلیظ۔ مرہ سوداکو دستوں سے نکالتا ہے۔ معدہ میں جمے ہوئے دودھ کو تحلیل کرتا ہے۔ ترنجبین بالملتاس جوش دیکر پینے سے کھانسی بواسیر درد معدہ کہنہ امراض سوداوی میں مفید ہے۔ خوراک ۳ ماشہ +

مرکبات

جوشاندہ بسفائج

بسفائج ۲ تولہ۔ اصل السوس۔ انیسوں۔ سنار۔ عناب ہر ایک ایک تولہ پانی ڈیڑھ پاؤ میں جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جاوے صاف کرکے چینی ایک تولہ سے میٹھا کرکے پی لیا جاوے +

فوائد استعمال۔ کھانسی۔ دمہ۔ درد ریاح۔ معدہ کے پرانے درد میں

مفید ہے +

شکاعی

شکاعی ـــــــــــــــــــــــــ

ایک روئیدگی دھماسہ کے مانند۔ سبز زرد۔ خاردار۔ دو قسم کی ہوتی ہے۔ ایک کا رنگ بھورا سفید۔ دوسری کا بنفشی زردی مایل۔ بیج باریک تکونے خاکستری شیریں۔ تکونے رویں دار۔ ساق مثلث لمبی اور موٹی +

خاصیت۔ رنگ سبز زرد۔ ذایقہ شیریں گرم خشک مضر پھیپھڑہ۔ مصلح صمغ عربی شہد۔ بدل باداورد +

فواید۔ ملطف بلغم۔ مفتح سدہ بلغم۔ حابس خون +

استعمال۔ دافع بخار کہنہ۔ سیلان الرحم۔ امراض عصبی بلغمی میں مفید ہے خوراک ۷ ماشہ +

مرکب تخم شکاعی

رب شکاعی ـــــــــــــــــــــــــ

تخم شکاعی ایک سیر باریک کوٹ کر ۳ سیر پانی میں ۱۲ گھنٹہ بھگو کر ۵ منٹ جوش دیا جاوے۔ بعد ازاں نچوڑ کر اس فضلہ میں ۲ سیر اور پانی ڈال کر چھ گھنٹے بعد نچوڑ لیں پھر عرق کو صاف کر کے۔ ایک پاؤ چینی ملا کر شہد کے مانند قوام کر لیں +

فواید استعمال۔ نفث الدم۔ استحاضہ۔ دردپشت میں۔ خوراک ۲ ماشہ

مرکب رب شکاعی

حب شکاعی ـــــــــــــــــــــــــ

رب شکاعی ایک تولہ۔ رب خرفہ ایک تولہ باہم ملا کر سفوف ریوند چینی

کے ذریعہ گولیاں بنائی جاویں +

فوائد استعمال ۔خون تھوکنے ۔بیقاعدگی حیض میں معمول ہے ۔ خوراک ۲ سے ۴ گولی +

ہڑ سیاہ

اہلیلج ہندی ــــــــــ ہلیلہ ہندی

ایک بڑے درخت کا عام مشہور پھل ہے +

خاصیت ۔رنگ سیاہ اندر مایل بسرخی ۔ذایقہ نہایت کسیلا ۔بدمزہ ۔سرد خشک ۲ ۔مضر جگر ۔مصلح شہد گھی ۔بادام روغن ۔بدل ہموزن بہیڑہ مازو ۔حب الآس +

فوائد ۔مسہل بلغم ۔صفرا ۔سودا ۔سدہ ۔بول ۔مقوی دماغ +

استعمال ۔بریان دستوں کو بند کرتی ہے ۔مزید عقل اور حافظہ ۔قولنج برائے بخار بلغمی ۔دردسر ۔بواسیر خونی ۔فساد خون ۔درد طحال مربی مقوی دماغ معدہ ہے ۔منجن مسوڑوں کو مضبوط کرتا ہے ۔جلے ہوئے اعضا سے خون بہنے کو روکتی ہے ۔خوراک ۳ ماشہ سے ایک تولہ +

مرکبات ہلیلہ سیاہ

اطریفل کبیر

ہلیلہ سیاہ ۔ہلیلہ کابلی ۔آملہ ۔گول مرچ ۔فلفل دراز ہر ایک ۳ حصہ زنجبیل ۔بوزیدان ۔جاوتری ۔شیطرج ہندی ۔شقاقل مصری ۔تودری سرخ ۔تودری سفید ۔اندر جو شیریں ۔تل سفید ۔خشخاش ۔بہمن سرخ بہمن سفید ہر ایک ایک حصہ ۔روغن بادام تین حصے میں کوچرب کریں اور حب فلفل ۔رازاوند مدحرج ۔ترنجبین ۸ حصہ باریک کر کے ۔شہد کا قوام

تیار کر کے دوا اطلالی جاوے +

فواید استعمال - دماغ - معدہ - باہ کو قوت دیتا ہے - نیز بواسیر کو بھی مفید ہے - خوراک ۲ سے ۴ درم +

حب بلین ہلیلہ سیاہ

ہلیلہ سیاہ ایک حصہ - زرنبا دایک حصہ - نیز کچور - سولف ہر ایک ۲ حصہ - سہاگہ بریان ایک حصہ - خوب باریک کر کے گولیاں بنائیں

فواید استعمال - قبض - ریح - بلغمی امراض - خصوصاً بچوں میں ایام شیر خوارگی میں - خوراک ایک گولی +

سفوف ہندی ہلیلہ سیاہ

ہلیلہ سیاہ مدبر - بیلگری بریان - سولف بریان - کوکنار - رال مروڑپھلی - اسبغول مسلم بریان - دھنیا بریان - جائفل - ناگرموتھ - گٹھلی آم بریان ہر ایک ہموزن کوٹ چھان کر سفوف بنائیں +

فواید استعمال - سنگرہنی یا ذرب کیواسطے - خوراک ۷ ماشہ +

منجن ہلیلہ سیاہ

ہڑ زنگی بریان - سولف - ہلیلہ زرد بریان - بہیڑہ - آملہ - مازو - زیرہ سفید - تج بریان - نمک لاہوری ہر ایک ایک درم - مردار سنگ ہلدی سپاری نیم بریان - ہر ایک نصف درم - منجن بنالیں +

فواید استعمال - دانتوں کے درد کو دور اور مضبوط کرتا ہے +

کابلی ہڑ

اہلیلج کابلی ——— ہلیلہ کابلی

ایک درخت کا مشہور پھل ہے - اس کو ہندوستان سے کابل کے

راہ ایران۔ توران۔ خراسان کولیجاتے تھے اس وجہ سے برعکس ہندوستانی کے کہتے ہیں +

خاصیت۔ رنگ بھورا زرد ذائقہ کسیلا بدمزہ برودت میں معتدل درجہ اول میں خشک مضر دماغ مصلح شہد روغن بادام +

فواید۔ مسہل صفرا۔ سودا۔ بلغم۔ مدر بول۔ مقوی حواس۔ حافظ مقوی خون استعمال مربہ۔ مقوی جگر۔ حواس۔ مالی خولیا۔ وسواس۔ جذام طحال بواسیر۔ رطوبت معدہ کو نافع ہے۔ خوراک ۳ ماشہ سے ایک تولہ +

مرکبات ہلیلہ کابلی

اطریفل

ہلیلہ کابلی ۲۰ حصہ۔ بہیڑہ۔ املی ہرایک دس حصہ۔ برنج کابلی ۱۵ حصہ شیطرج۔ ناگرموتھا ہرایک ۵ حصہ۔ بسفائج۔ اسطوخودوس ہرایک ۷ حصہ قسط ۴ حصہ۔ غاریقون ۲ حصہ۔ سونف رومی۔ لونگ۔ الائچی خورد جائفل مرچ سیاہ ہرایک ۲ حصہ۔ فلفل دراز خارخسک ہرایک ۴ حصہ باریک کرکے شہد سہ چند ملالیں +

فوائد استعمال۔ امراض بلغمی ہیں۔ خوراک ۶ ماشہ سے ایک تولہ +

حب شبیار

پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بہیڑہ۔ سناکی ہرایک سترہ درم۔ گلسرخ حب النیل ہرایک ۱۲ درم۔ ایلوہ۔ کندر ہرایک ۷ درم۔ کتیرا اسفید ۳ درم گوگل۔ عصارہ ریوند۔ مصطگی ہرایک ایک درم جو کوٹنے والی ہیں ان کو باریک کوٹ لیا جاوے۔ اور جو پانی میں گھل سکتی ہیں گھول لیا جاوے پھر سب کو ملاکر گولیاں بنائی جاویں +

فوایداستعمال۔ دماغ کو صفرا۔ بلغم سے پاک کرتی ہیں۔ درد سر کو نافع ہیں۔ خوراک رات کو سوتے وقت اسے ۲ مثقال +

سفوف سبعہ

پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست ہلیلہ سیاہ۔ افتیموں ہر ایک دو درم بسفایج۔ حب النیل۔ سنا مکی ہر ایک ۳ درم تربوت مدبر نصف درم کل دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں +

فوایداستعمال۔ سوداکو بدن سے پاک کرتا ہے۔ مالیخولیا کو مفید ہے۔ خوراک ۵ درم +

منجن ہلیلہ کابلی

پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بہیڑہ۔ آملہ مقشر۔ سونٹھ۔ پیپل۔ توتیا۔ تقم۔ مازو۔ نمک سنگ ہموزن الگ ایک کرکے منجن بنالیا جاوے +

فوایداستعمال۔ مضبوطی دانت کے واسطے +

سنا

سنا — سنا

ایک نباتات کے بیضوی شکل کے پتے ہیں اس کا نیچے کا کنارہ غیر مساوی ہے۔ خاص قسم کی بو آتی ہے۔ جس سے دل متلاتا ہے۔ اس کی پیداوار احاطہ مدراس۔ اور مکہ میں ہوا کرتی ہے۔ چونکہ مکہ کی زیادہ مشہور ہے اس لئے اس کو مکی کہتے ہیں +

خاصیت۔ رنگ تازہ سبز۔ خشک زردی مایل۔ ذائقہ تلخ کسیلا۔ گرم ۱ خشک ۲ مضر کرب متلی۔ اور مروڑ پیدا کرتی ہے۔ مصلح برگ بنفشہ۔ ہلیلہ زرد گل سرخ۔ روغن بادام +

فواید۔ مخرج اخلاط ثلاثہ۔ منقی دماغ +

استعمال۔ دردنقرس۔ مرگی۔ شقیقہ۔ جنون۔ دردسرکہنہ۔ دردپہلو وجع مفاصل۔ قولنج۔ عرق النسا۔ خوراک ۴ سے ۷ ماشہ +

مرکبات سنا

حقنہ سنا

سنا مکی ۵ درم گل بنفشہ ۳ درم۔ لسوت سفید ۲ درم۔ بسفائج ۳ درم عناب۔ سپستان دس دانہ۔ سولف۔ تخم کاسنی۔ بکو ہرایک ۳ درم جملہ ادویہ کو نیم کوفتہ کر کے ڈیڑھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جاوے۔ صاف کر کے املتاس ۱۵ درم ترنجبین دو درم۔ شکر سفید ۱۰ درم۔ روغن بادام شیریں ایک تولہ اضافہ کر کے اس صاف شدہ عرق سے دستور کریں +

فوایداستعمال۔ قبض۔ بلغمی مادہ کا تنقیہ ہوتا ہے +

سفوف سنا

سنا مکی۔ سونٹھ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ نمک سیاہ کوٹ چھان کر سفوف بنایا جاوے +

فوایداستعمال۔ اخراج اخلاط ثلاثہ۔ دردشکم۔ قولنج کرم شکم میں حمول ہے۔ خوراک ۷ ماشہ سے ایک تولہ ہمراہ گرم پانی +

شربت سنا

برگ سنا ۲۰ درم۔ گل بنفشہ۔ گلسرخ۔ گل گاوزبان۔ گل نیلوفر ریشہ خطمی۔ خبازی ہرایک ۵ درم۔ عناب۔ ۳۰ دانہ۔ آلو بخارا ۱۵ دانہ تخم کاسنی ۴ درم۔ سپستان ۱۰ دانہ۔ تخم خبازی ۶ درم نیم کوفتہ ترنجبین تین پاؤ

۰عرق گلاب - عرق بید مشک - عرق نیلوفر چینی دواؤں کے دو چند اول عرق میں کل دوا کو ایک شب بھگو کر مطابق قاعدہ قوام کر لیں +

فوائد استعمال گرم مزاجوں کی تلیین کرتا ہے - اخلاط ثلاثہ کو نکالتا ہے - خوراک ۲ سے ۴ تولہ +

مطبوخ سناء

سناء مکی - انیسوں - لسوڑت سفید ہر ایک دس درم - گلسرخ - گل بنفشہ سپستان - جو مقشر ہر ایک ۷ درم سب کو سوا سیر پانی میں جوش دیں - جب چوتھائی حصہ رہ جاوے - صاف کر کے - تخم کنوچہ - تخم میتھی - اسبغول - ہر ایک ۵ درم - پانی مذکور میں لعاب اوٹھا کر صاف کر کے املتاس ۱۰ درم روغن بادام شیریں ۶ ماشہ - شکر سفید بقدر ضرورت ملا کر پیا جاوے +

فوائد استعمال - مرد گرم قولنج کو مفید ہے +

دیگر

مطبوخ مسہل سناء

سنا مکی ڈیڑھ تولہ - گلسرخ ایک تولہ - بیج کاسنی سونف ہر ایک ۹ ماشہ سداب قرومانا - انیسوں - تخم کرفس ہر ایک ۵ ماشہ - نصف سیر پانی میں جوش دیں - گلقند حسب ضرورت داخل کر کے پیویں +

فوائد استعمال - قولنج میں - غذا نخود آب +

معجون سنار

سفوف سنار ۷ تولہ - سفوف دھنیا ۳ تولہ - انجیر ۲ اتولہ - املی ۹ تولہ مغز املتاس ۹ تولہ - آلو بخارا ۶ تولہ - رب السوس ۶ ماشہ - چینی تین پاؤ اول انجیر - املی - املتاس - آلو بخارا کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیں اور مل کر

صاف کر کے بقایا دوا ملا کر معجون بنالی جاوے +
فوائد استعمال قبض کشا ہے ۔ خوراک ۳ سے ۷ ماشہ

آنولہ

آملہ ———————— املج

ایک درخت کا مشہور پھل ہے +

خاصیت ۔ سبز زردی مایل ۔ خشک سیاہ ۔ ذائقہ پھیکا مایل بترشی بدمزہ سرد خشک ۔ مضر ۔ طحال ۔ مورث قولنج ۔ مصلح شہد ۔ روغن بادام شیریں +
فواید ۔ قابض ۔ مسہل سودا بلغم و مرقق ۔ مفرح قلب ۔ دماغ ۔ مقوی حشہ دل دماغ +
استعمال ۔ معدہ امعاء میں مواد گرنے کو مانع ہے اعصاب حواس کو قوت دیتا ہے ۔ بالخاصیت محرک باہ اس کا گاڑھا ضماد خون نکسیر کو روکتا ہے ۔ درد سر کو زایل کرتا ہے ۔ اس کا مربہ معدہ دل دماغ کو قوت بخشتا ہے +

مرکبات آملہ

انوشدارو سادہ ————————

آنولہ گٹھلی سے صاف کیا ہوا ۲ مثقال ۔ بنسلوچن سفید ۔ دھنیا خشک پوست پستہ بیرون ہر ایک تین مثقال ۔ گلسرخ ۵ مثقال ۔ ناگر موتھا ساڑھے تین مثقال ۔ لونگ ۔ مصطگی ۔ تگر ۔ بالچھڑ ہر ایک تین درم ۔ الائچی چھوٹی ۔ الائچی بڑی ۔ تالیس پتر ۔ جاوتری ۔ جایفل ۔ تج ۔ زعفران ۔ پوست ہلیلہ زرد اترج بادرنجبویہ ہر ایک دو درم کوٹ چھان کر شہد خالص سے چند گنا دوا کے قوام کر کے دواؤں کو اس میں ملائیں +

فوائد استعمال۔ معدہ آلات غذا کو قوت دیتی ہے۔ طعام کو ہضم کرتی ہے۔ خوراک ۱ سے ۷ ماشہ +

جوارش آنولہ

آملہ مقشر ہر وردہ شیر دس تولہ۔ دھنیا مقشر ۶ ماشہ۔ گلسرخ۔ کشتہ سیپ ہر ایک ۴ ماشہ۔ مصطگی۔ طباشیر۔ چھوٹی الائچی۔ تخم دہندی سماق ہر ایک ۳ ماشہ۔ عرق کاغذی لیموں ۴ تولہ۔ قند سفید نصف سیر قوام کر کے کل ادویہ کو باریک کر کے مطابق قاعدہ کے جوارش تیار کر لیں +

فوائد استعمال۔ معدہ کو قوت دیتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔ خوش ذائقہ بواسیر کے دستوں کو مفید ہے خوراک ۳ سے ۷ ماشہ +

سفوف آملہ

آملہ مقشر۔ دھنیا خشک ہر ایک دو تولہ۔ گل گاؤزبان۔ صندل سفید ہر ایک ۶ ماشہ کوٹ چھان کر مصری ۸ تولہ ملا کر سفوف بنایا جاوے +

فوائد استعمال۔ دردسر خاری۔ بخاری۔ وسواس۔ سوداوی خفقان معدہ کو نافع ہے۔ خوراک ۶ ماشہ سے ایک تولہ +

عصارہ آنولہ

آملہ سبز کو ہاون سنگی یا چوبی میں کوٹیں اور پانی نچوڑ کر نرم آگ سے پکائیں اور نیم کی لکڑی سے حرکت دیں تاکہ شہد کے مانند گاڑھا ہو جاوے تو ٹکیا بنا لی جاویں +

فوائد استعمال۔ ضعف بصر سوزش آشوب چشم کو مفید ہے +

مربہ آملہ

آملہ تازہ جو پختگی کے قریب ہو۔ بانس کی تیلیوں سے گود کر تین دن چونے کے پانی میں ڈوبے رہیں بعد کو نکال کر خفیف جوش دے کر کسی برتن میں اس طرز سے رکھ دیئے جاویں۔ تاکہ پانی نچڑ جاوے بعد ازاں گھی میں بھون کر ان کی چکنائی دور کر کے چینی کے قوام میں ڈال دیا جاوے۔ جب یہ قوام پتلا ہو جاوے تو اس میں اور چینی ملا کر قوام کو گاڑھا کیا کریں۔ ایسے ہی مربہ ہلیلہ بنایا جاتا ہے!

فواید استعمال مقوی دماغ۔ معدہ۔ مفرح طبیعت۔ مقوی باہ۔ دافع اسہال۔ وسواس سوداوی۔ خوراک ایک کلان

نشوق آملہ

آب آملہ سبز۔ آب کشنیز سبز۔ صمغ عربی۔ قدرے افیون ملا کر سونگھیں

استعمال ناک کی رگ کا منہ کھل جانے سے جو خون جاری ہو بند ہو جاتا ہے۔

ایلوا

صبر سقوطری ——— صبر

یہ تین قسم کا ہوتا ہے ایک سقوطری جو جزیرہ سقوطرہ سے لایا جاتا ہے۔ یہ زرد زعفرانی تیرہ سرخ رنگ صاف براق بعض حالتوں میں غیر شفاف بھی ہوتا ہے +

۲۔ ڈبچ۔ ۳۔ ملک فارس میں پیدا ہوتا ہے۔ یہ سیاہ رنگ بدبودار خراب ہوتا ہے۔ شراب میں آسانی سے حل ہو جاتا ہے +

خاصیت۔ رنگ سیاہ مایل بسرخی بدبودار ذایقہ نہایت تلخ بدمزہ گرم خشک مضر امعاء معدہ جگر مصلح کتیرا۔ گل سرخ مصطگی بدل لنوت

برائے اسہال۔ اخراج میں رسوت +

فوائد۔ مسہل۔ احتباس طمث۔ مخرج کرم شکم۔ مفتح سدہ جگر۔ طحال۔ محلل ورم +

استعمال۔ دافع قبض دایمی۔ یرقان امراض دماغی۔ مقوی بینائی۔ حواس خوراک ۱ رتی سے ۱ ماشہ +

مرکبات ایلوا

حب شبیار

ایارج فیقرا پانچ درم۔ نمک تین درم۔ انیسوں ۲ درم۔ پوست ہلیلہ زردہ ۵ درم۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ گلسرخ۔ تربد سفید ہر ایک تین درم مدبر کرکے گولیاں بنائیں +

فوائد استعمال۔ منقی دماغ۔ خوراک ۳ گولیاں سوتے وقت

حب ہندی

ایلوا۔ چرایتہ ہر ایک ایک ماشہ جایفل ۲ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ زیرہ سفید۔ اجمود ہر ایک تین ماشہ کوٹ چھان کر نکچھکنی کے پانی میں گولیاں بنائیں +

فوائد استعمال۔ درد شقیقہ میں تنقیہ دماغ کے لئے دن میں دو گولی صبح و شام +

حمول ایلوا

ایلوا۔ برنگ کابلی۔ سویہ ہموزن۔ مرکی سمندر جھاگ ہر ایک نصف جز کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر استعمال کریں +

فوائد۔ رحم کو رطوبت سے پاک کرتا ہے +

حلوہ صبر

عرق گھیکوار ایک سیر تین سیر گاڑے کے دودھ میں جوش دیں جب دودھ جذب ہو جاوے۔ آرد گندم آرد چنا ہر ایک ایک پاؤ گھی میں بریان کریں۔ مغز صبر کو اس میں ملالیں۔ اور دو سیر شکر سفید کا قوام ملا کر حلوہ طیار کر لیں وقت تیاری کے۔ اجواین۔ لونگ۔ الائچی دانہ کلان ہر ایک چھ ماشہ اضافہ کریں۔ خوراک ۲ تولہ +

فواید استعمال۔ پرانے گٹھیا میں مستعمل ہے +

طلا ایلوا

ایلوا۔ اقاقیا۔ کندر۔ سرکہ۔ سفیدی بیضہ مرغ حسب ضرورت ملالیں +

فواید استعمال۔ ضرب سے کچلے ہوئے کان پر لگایا جاتا ہے +

فتیلہ ایلوا

ایلو زرد۔ توتیا مغسول۔ مردار سنگ۔ سفیداب۔ قلعی مغسول گلنار۔ گل ارمنی۔ ہر ایک دو درم۔ کندر۔ بال انسان سوختہ کندر ہر ایک ایک درم۔ افیون نصف درم باریک کر کے حریر میں چھانیں۔ کیتر ے کے پانی میں ملا کر پتلی بتی بنائی جاوے +

فواید استعمال۔ نواصیر۔ سوزاک میں۔ کان کے سوراخ میں رکھتے ہیں +

معجون شیا دریطوس

ایلوا زرد پندرہ حصہ۔ غاریقون بیس حصہ۔ زعفران۔ دارچینی۔ درج۔ مصطگی۔ حب بلسان۔ فرفیون۔ سیاہ مرچ۔ دار فلفل۔ جنطیانہ۔

مرکی ۔شگوفہ اذخر۔ خرما۔ ہرایک دو حصہ۔ قسط شیریں۔ کمادریطوس
افیون ہرایک چار حصہ۔ اسارون سلیخہ۔ سقمونیا ہرایک دو حصہ
بالچھڑ ۳ حصہ باریک کرکے شہد کل دوا کے سہ چند ملا کر معجون بنالیں۔
فوائد استعمال۔ جگر۔ گردہ۔ طحال۔ زخم کے دردوں۔ سرد مزاج
والوں کو سود مند ہے۔ قولنج کو زائل کرتی ہے۔ خلط غلیظ نکالتی ہے
ریح کو توڑتی ہے۔ سدہ کھولتی ہے۔ تنگی سانس۔ درد سینہ۔ سر
مرگی۔ جذام کو مفید۔ ہے۔ طاقت ۱۸ حصہ میں ایک حصہ افیون ہے خوراک ۱ ماشہ

بول

مُر ——— مُر

ایک خاردار درخت کا گوند ہے۔ جو ممالک مغرب۔ روم۔
سقوطرہ ہند میں پیدا ہوا کرتا ہے۔ اس درخت کے تنہ میں یہ گوند
اور رال ملی ہوئی رطوبت نکل کر جم جاتی ہے۔ یا چھید کر نکال لیتے ہیں
یہی عمدہ اور صاف ہوتا ہے۔

خاصیت۔ رنگ زرد یا بھورا سرخی مائل۔ ذائقہ تلخ خراش دار۔
گرم خشک۔ مضر محرورین۔ مصلح کافور۔ بدل۔ گوند بادام تلخ چرائتہ
قسط تلخ۔ مومیائی۔ جند بیدستر۔ سیاہ مرچ۔

فوائد۔ مجلا رحم۔ محلل ریاح۔ مخرج کرم شکم۔ مدر بول۔ حیض تقابض
مجفف۔

استعمال۔ بلغم۔ دمہ۔ درد سینہ۔ گنٹھیا۔ ورم رحم۔ منجن دانتوں
کو مضبوط کرتا ہے۔ مسوڑوں سے خون آنے کو بند اور ورم کو تحلیل کرتا ہے
خوراک ۱ سے ۲ ماشہ۔

مرکبات مر

حب مر

مرکی - نوشادر ہمو زن باریک کرکے اب صمغ عربی میں ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں +

فواید استعمال - حمل ٹھیرنے کے واسطے قبل از حیض روزانہ ایک گولی کھائی جاوے - بعد صفائی حیض مرد کی تقربی کی جاوے - ان گولیوں سے رحم کی رطوبت بیقاعدگی کی اصلاح ہو جاتی ہے +

حب طلا مر

مرکی - جند بید ستر - فرفیون ہر ایک ایک جز - افیون چوتھائی جز کوٹ چھان کر سداب کے پانی میں گولیاں بنائی جاویں - روغن چنبیلی یا قسط میں ملا کر لگایا جایا کرے +

فواید استعمال - دردسر - سرد مادی میں دیتے ہیں - طاقت ۳ حصہ میں ایک حصہ افیون ہے - خوراک ۲ سے ۴ گولی +

فرزجہ مر

مرکی - پودینہ ہر ایک چار درم - سداب خشک دس درم - مویز منقی بیس درم - ابھل ۵ درم کو گر گائے کے پتہ میں ملالیں +

فواید استعمال - حیض کھولنے کے کیواسطے استعمال کیا جاوے +

قرص مر مثلث

مرکی - افیون - اجواین خراسانی - لادن - کافور - زعفران - بیخ لفاح - ہر ایک پانچ درم - کندر - انزروت - آملہ - گل ارمنی ہر ایک دو درم کوٹ چھان کر گلاب اور کاہو کے پانی میں قرص سے پہلو بنالیے

جاویں ٭

فوائد استعمال۔ دردسر۔ آدھا سیسی گرم۔ بیخوابی میں سبز دہتی۔ یا کوکنار کے پانی میں گھسکر پیشانی پر ضماد کریں۔ دردسر سرد میں اب ہندی کے ساتھ ضماد کیا جاوے۔ طاقت ۹ ۴۷ حصہ میں افیون ایک حصہ ٭

کندر

کندر ____________ کندر

ایک خاردار درخت کا گوند ہے۔ اس کی قوت بیس برس تک قایم رہتی ہے۔ خالص کی پہچان آگ میں رکھنے سے فوراً جلنے لگتا ہے اور مصطگی کی خوشبو آتی ہے۔ تمیز صمغ عربی اور صنوبر سے۔ صمغ عربی مشتعل نہیں ہوتا۔ صنوبر دھواں دیتا ہے۔ کندر کو معجون میں ڈالنے کے لئے کسی عرق میں اور مرہم کے لئے سرکہ میں حل کرکے ملاتے ہیں ٭

خاصیت۔ رنگ سفید زرد سرخی مایل۔ ذایقہ قدرے تلخ۔ خوشبودار گرم خشک۔ مضر محرورین۔ مصلح عناب۔ شکر سفید۔ بدل مصطگی ٭

فوائد۔ منقی ارواح ثلاثہ۔ محلل ریاح۔ مقوی معدہ۔ باہ۔ حافظ۔ دل دماغ۔ حابس خون۔ مجفف رطوبت دماغ۔ بلغم۔ دافع خفقان مصفی آواز ہے

استعمال۔ سرمہ۔ اس کا آنکھ کے زخم۔ جالا۔ دھند کو مفید اور زرور مندمل زخم ہے۔ اور حافظہ کو بڑھاتا ہے ٭

مرکبات کندر

جوارش کندر

مرچ سیاہ - دارفلفل - لونگ - جائفل - ہر ایک تین درم - کندر سونٹھ - گلقند ہر ایک بارہ درم - شکر سفید ہموزن باریک کرکے کل دوا کے ہموزن شہد ملا کر معجون تیار کرلیں +

فواید استعمال - درد اور ضعف و سردی معدہ میں مفید ہے خوراک ۷ ماشہ +

سفوف کندر

سعد - کندر - جفت بلوط - مُر ہموزن باریک کرکے شکر سفید ہموزن جملہ دوا کے ملا کر سفوف تیار کرلیں +

فواید استعمال - قطرہ قطرہ پیشاب جو مثانہ کی کمزوری سے آتا ہو - یا حافظہ کمزور ہوگیا ہو - خوراک ۷ ماشہ ہمراہ پانی کے +

دیگر

سفوف دافع نسیان

کندر - وج ترکی - سونٹھ ہر ایک پندرہ درم - ناگرموتھا - تیزپات دارچینی - لونگ ہر ایک سات درم - کوٹ چھان کر مصری ہموزن ملالیں +

فواید استعمال - مرض نسیان جو غلبہ رطوبت کی وجہ سے ہو بہت مفید ہے خوراک ۳ درم +

سعوط کندر

کندر - افیون - کافور ہر ایک - ایک حبہ پانی میں پیسیں +

فواید استعمال - ناک میں ٹپکانے سے خون نکسیر تو بند کرتا ہے طاقت

تین حصہ میں ایک حصہ افیون ہے +

عطوس کندر

کندر۔ کلونجی۔ فرفیون۔ مرچ سیاہ۔ جند بید ستر۔ زراوند مدحرج حب بلسان۔ عاقر قرحا۔ بورہ ارمنی۔ ہموزن باریک کوٹ چھان لیں +

فوائد استعمال۔ فالج۔ لقوہ۔ سکتہ۔ کل امراض باردہ دماغی کو مفید ہے دماغ کا تنقیہ کرتا ہے۔ بچہ دان کو حرکت سے نکالتا ہے۔ بشرطیکہ چھینک کے وقت ناک منہ کو بند کر لیں +

فرزجہ کندر

کندر۔ انزروت۔ دم الاخوین۔ جوز السرو۔ پوست انار۔ گلسرخ پھٹکری۔ بارتنگ کے پانی میں ملاکر اس میں کپڑا تر کر کے رحم کے زخم اور بثور میں استعمال کرتے ہیں۔ اگر زخم دور ہو تو اول سہاگہ بریان ۲ ماشہ کو نصف سیر نیم گرم پانی میں حل کر کے پچکاری کی جاوے۔ بعد کو اس دوا میں سے آب سہاگہ میں ملاکر پچکاری کر دیں۔ اگر درد شدید ہو تو افیون۔ زعفران شیر دختر ماد رحسب ضرورت اضافہ کر دیں +

رسوت

حضض ہندی ـــــ رسوت

یہ دو قسم کا ہوتا ہے۔ ایک مکی۔ دوسرا ہندی۔ ہندی ایک درخت خار دار جو سلسلہ جمالیہ چھتر کے پہاڑ علاقہ کشمیر میں میں نے خود دیکھا اور کھایا ہے۔ اس کے پھل کو پہاڑی کیمبل کہتے ہیں۔ رنگ نیلگوں فالسہ کی طرح قدرے لمبا۔ ذائقہ ترش کسی قدر تلخ۔ اس کے درخت کے کل اجزا کوٹ کر جوش دینے سے رسوت حاصل ہوتی ہے۔ لیکن حضض مکی

میں پتے اور پھلوں اور ایلوے کو ملا کر تیار کر لیتے ہیں۔ شناخت۔ اصل کا رنگ باہر سے زردی مایل بسیاہی۔ اندر مایل بسرخی۔ پانی میں گھولنے سے لال جھاگ نکلتا ہے۔ آگ پر رکھنے سے اڑ جاتا ہے۔ اور نقلی میں یہ بات نہیں ہوتی +

خاصیت۔ رنگ زردی مایل بسیاہی۔ ذائقہ تلخ۔ بعض سرد خشک بعض گرم خشک۔ مضر طحال۔ مصلح انیسوں مصطگی۔ بدل سپاری۔ صندل +

فوائد۔ محلل اورام۔ حالس الدم۔ مخرج صفرا + ا

استعمال۔ بخار۔ بواسیر۔ آشوب چشم میں کار آمد ہے

مرکبات رسوت

پچکاری سوزاک

رسوت ایک تولہ۔ کتھہ سفید ۲ ماشہ۔ افیون ایک ماشہ ایک سیر پانی میں بارہ گھنٹہ بھگوئیں۔ پھر صاف کر کے۔ کافور۔ رسکپور پھٹکری بریان۔ نیلہ تھوتھا بریان ہر ایک ایک ماشہ سب کو ملا کر صاف پانی نتھار لیں +

فوائد استعمال۔ سوزاک میں نیم گرم پانی سے سہ مرتبہ مطابق ہدایت کے پچکاری کی جاوے +

حب رسوت رمدی

رسوت۔ افیون ہر ایک دو ماشہ۔ پھٹکڑی بریان چار ماشہ ایکتولہ عرق لیموں میں ملا کر لوہے کی کڑاہی میں لوہے کے دستہ سے کھرل کر کے گولیاں بنائی جاویں +

فوائد استعمال۔ سردی میں قدرے گرم۔ گرمی میں سرد کر کے آنکھ

کے گرداگرد اور اندر لگایا جاوے۔ درد آنکھ ابتدائی سبل۔ ظفرہ جرب
میں معمول ہے +

حب ویدان

برگ نیم۔ رسوت۔ چاکسو مقشر۔ ہینگ ہر ایک دو ماشہ۔ ایلوہ
ایک ماشہ۔ مرچ سیاہ نصف ماشہ۔ گکروندہ کے عرق میں پیس کر گولیاں
بنائی جاویں +

فواید استعمال۔ روزانہ دو گولیاں ہمراہ پانی کے اور چھنوں میں گھسکر
مقعد میں لگائی جاویں +

قطور رسوت

رسوت۔ افیون خالص۔ شیر دختر یا در میں حسب ضرورت حل
کر کے ٹپکائیں +

فواید۔ مسکن درد گرم میں مفید ہے۔ طاقت افیون ہموزن +

تخم ریحان

شاہسفرم ——— اسفرم

ریحان ایک روئیدگی کا بیج ہے جو قسم تلسی سے ہوتا ہے اس
کو باغوں میں بوتے ہیں۔ اس کی جڑ سے بہت سے پتے شاخیں نکلتی
ہیں۔ اور پتے پتلے خوشبودار اور اس کے خوشوں میں بیج ہوتے ہیں
اس کے درخت کا پت جھاڑ کسی موسم میں نہیں ہوتا ہے +

خاصیت۔ رنگ سیاہ۔ ذایقہ پھیکا لعابدار۔ گرم خشک۔ مضر گردہ۔
مصلح نیلوفر +

فواید۔ محلل اورام۔ مفتح سدہ۔ مغلظ منی۔ حابس خون نکسیر +

استعمال۔ پیچش۔ خفقان۔ اسہال کہنہ۔ ریح غلیظ ضعف معدہ کو مفید ہے۔ خوراک ۱ سے ۲ ماشہ

مرکبات ریحان

سفوف ریحان

تخم ریحان دو تولہ۔ پھلی کیکر تین تولہ۔ تخم کاسنی ایک تولہ۔ سمندر سوکھ دو تولہ۔ بہو پھلی۔ تخم اوٹنگن ہر ایک تین تولہ۔ چینی ہموزن کوٹ چھان کر سفوف بنائیں +

فوائد استعمال۔ رقیق منی۔ کثرت احتلام میں ۷ ماشہ ہمراہ شیر تازہ کے +

کٹکی سیاہ

خربق اسود ——— کٹکی سیاہ

ایک لکڑی ہے پتلی تیرہ سفیدی مایل گرہ دار اس کی دو قسم ہیں ایک سیاہ دوسری سفید۔ سیاہ سفید سے کم تلخ ہے +

خاصیت۔ رنگ سیاہ۔ ذائقہ تلخ۔ گرم خشک۔ مضر محرورین۔ مورث خناق۔ مصلح کتیرا۔ گھی بدل غاریقون کندش +

فوائد۔ مخرج بلغم صفرا۔ محلل اورام۔ مجفف رطوبت۔ ملطف روح مخرج کرم شکم +

استعمال۔ صفرا و بلغم کو دستوں کے راہ نکالتا ہے۔ تمام افعال میں سفید کے مانند ہے۔ بلکہ اس سے قوی الاثر ہے۔ غرغرہ مسکن درد دانت ہے۔ ضماد برص کو مفید ہے۔ بوقت استعمال گھی میں بھگو لی جاوے۔ خوراک ۶ رتی سے ڈیڑھ ماشہ

۹ ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنایا جاوے +

فوائد استعمال۔ کھانسی ہیں۔ خوراک ۲ ماشہ +

عرق صعتر

صعتر فارسی نو تولہ۔ انیسون۔ کاشم۔ کلیجن۔ سونف اجواین دیسی ہر ایک ایک تولہ۔ عود ۴ درم پانی ساڑھے سات سیر ملاکر پانچ سیر عرق کشید کریں +

فوائد استعمال محلل ریاح۔ دافع تنفخ معدہ۔ خوراک ۵ تولہ

عطوس صعتر

صعتر فارسی۔ زراوند طویل۔ دم الاخوین ہر ایک نصف درم عاقر قرحا تین درم۔ کندش چار درم۔ کنیر کے پتے ۵ درم کوٹ چھان کر باریک سفوف بنایا جاوے +

فوائد استعمال۔ تمام امراض دماغی ہیں جو سردی اور تری سے ہوں پھونکا جاوے یا سونگھایا جاوے +

ہینگ

حقیقت ——— انگوزہ

ہینگ کے درخت کو انجدان کہتے ہیں۔ اس کو کچھ دیگر دو روز کے بعد منجمد رطوبت کو جمع کر لیتے ہیں۔ اس کی پیدایش ہندوستان۔ فارس افغانستان ہیں ہوتی ہے۔ اس کے ہر ایک درخت ہیں نصف چھٹانک سے لیکر ایک چھٹانک تک ہینگ حاصل کی جاتی ہے۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ ایک تر ہے جس کو ہینگڑا کہتے ہیں۔ یہ سرخی مایل وکثیف ہوتی ہے دوسری مادہ ہیرا ہینگ ہے۔ اس کے درخت کا پھل پھول سفید ہوتا ہے۔ قسط اور باقلا۔ آرد اُرد سکبینج ملا دیتے ہیں۔ جلانے سے دس فیصدی

راکھ ہو جاتی ہے +

خاصیت - رنگ سفید نیلی زرد - ذائقہ تلخ - خراشدار گرم خشک مضر دماغ جگر محرورین - مصلح کتیرا - بنفشہ - انار - بدل - جاؤ شیر - سکبینج - تخم گاجر - زیرہ +

فواید - مقوی اعصاب - مخرج ریح - ملّین - تپ چوتھیا - ہچکی - مخرج ریح ہیضہ - دافع تشنج - ہاضم مصفی آواز درخت کی نشوونما کرتی ہے +

استعمال - تریاق ہے امراض وبائی میں ہمراہ فلفل دراز کے - مدر حیض بخور - مخرج بچہ شکم - جگر معدہ - طحال کو مفید ہے +

مرکبات

پولٹس ہینگ

آرد السی نصف چھٹانک - آرد گندم نصف چھٹانک - ہینگ ۶ ماشہ پانی میں گھول کر حسب قاعدہ پولٹس بنائی جاوے +

فواید استعمال - نہروا پر باندھنے سے باہر نکل آتا ہے +

حب ہینگ

ہینگ ۶ ماشہ - زرنیخ ۳ ماشہ - شیرہ برنج ۶ ماشہ باریک کرکے گولیاں بنائی جاویں - خوراک ۲ گولی سے ۴ گولی

فواید استعمال - بچھو کے کاٹنے پر گھسکر لگانے سے آرام آجاتا ہے +

سفوف ہینگ

ہینگ تین درم - پیپل - سونٹھ - اجواین دیسی ہر ایک چھ درم - پوست ہلیلہ زرد - چیتہ - کوٹ - بہمن سفید - سنا مکی ہر ایک نو درم کوٹ چھان کر سفوف بنائیں - کبھی نمک لاہوری زیادہ کرتے ہیں +

فوائد استعمال۔ استسقاء طبلی کے لئے مجرب ہے خوراک ۷ ماشہ

شیرخشت

شیرخشت ——— شیرخشت

اس کے درخت خراسان وغیرہ میں ہوتے ہیں ان میں شگاف دینے سے ایک قسم کا رس نکل کر تنہ پر جمیدہ طور پر جم جاتا ہے۔ اس کے ٹکڑوں کا طول ایک سے چھ انچ تک اور عرض ایک سے دو تک ناہموار اسفنجی اور آسانی سے سفوف ہوسکتا ہے۔ بو خفیف جی متلانے والی آتی ہے +

خاصیت۔ رنگ سفید زردی مایل ذائقہ شیریں۔ آخر میں گرم رطوبت یبوست میں معتدل۔ مضر۔ رقت منی۔ ریاح پیدا کرتی ہے۔ مصلح سونف گلاب۔ روغن بادام بدل ترنجبین ہموزن بنوت چوتھائی وزن +

فوائد۔ ملین۔ ملایم مسہل۔ مخرج سودا۔ صفرا۔ بلغم براہ دست خصوصًا صفرا اخلاط سوختہ مرکبہ رقیقہ کو نکالتی ہے۔ مسکن گرمی۔ معدہ۔ جگر منقی سینہ +

استعمال۔ دل۔ معدہ جگر کو طاقت دیتی ہے۔ دست آور دافع کھانسی۔ امراض سینہ۔ خوراک ا سے ۵ تولہ +

مرکبات

سفوف شیرخشت

شیرخشت ۵ تولہ۔ سونف ۲ تولہ۔ بورہ ارمنی ۲ تولہ۔ سنا مکی ایک تولہ باریک کر کے سفوف بنایا جاوے +

فوائد استعمال۔ ملین۔ مخرج صفرا سودا خوراک ایک تولہ +

شربت شیر خشت

شیر خشت بیس تولہ - ترنجبین ۱۰ تولہ - عرق شیر ایک پاؤ - چینی ایک پاؤ
عرق گلاب ڈیڑھ پاؤ قوام کریں - بہت عمدہ مصفی سینہ اور ملین طبع
مخرج بلغم - خوراک ۱ سے ۴ تولہ تک ؀

جمالگوٹہ

حب السلاطین ——— تخم بید الخبیر خطائی

ایک درخت کے بیج ہیں جو مانند ارنڈ کے بیج کے ہوتے ہیں۔
اس کے پتے مثل بینگن کے پھول سفیدی زردی مایل اوپر سے ہلکا
سیاہ رنگ - جب چھلکا اوتر جاتا ہے تو دھیہ دار معلوم ہوتا ہے - اگر یہ
ایک مہینا چھلا ہوا رکھا رہے تو سمیت آجاتی ہے

خاصیت - رنگ باہر سیاہ اندر سفید - ذائقہ تیز بدمزہ گرم خشک - مضر
پیچش - قاتل - مصلح مدبر کرنا - دہی چھاچھ - گھی - دودھ ہیں ؀
فوائد مسہل قوی مخرج مواد سوداوی - بلغمی - مواد آتشک دافع سدہ
استعمال - آتشک - جذام - استسقا - نقرس - جاذب رطوبت - خوراک
ایک رتی سے ۲ رتی تک ؀

مرکبات

حب الملوک

جمال گوٹہ مدبر انگور کے سبز پتوں میں تین تولہ - لسوت سفید
۲ تولہ - اسطوخودوس ایک تولہ مغز بادام شیریں ۲ تولہ - سونٹھ - عود
صلیب - مرچ سیاہ - ہر ایک تولہ - کتیرا ۲ مثقال باریک کر کے گولیاں
بنائی جاویں ؀

فوایداستعمال ۔سوتے وقت ۳ گولیاں ۲ صبح کو گرم گرم پانی سے +
فواید امراض دماغی کے تنقیہ کے واسطے +

روغن جمالگوٹہ

جمالگوٹہ کا چھلکا اتار کر مانند بادام روغن کے تیل نکال لیا جاوے
شناخت رنگت زرد بھوراپن سرخی لئے ہوئے اور گاڑھا ۔ بوہلکی خاص
طرح کی کسی قدر سڑی ہوئی ناگوار ذایقہ روغنی خراشدار ۔ خوراک ۱/۲ سے
ایک بوند +

نسوت سفید

تربد ابیض

ایک درخت کی جڑ اوپر سے مایل بسیاہی ۔ اندر سفید مجوف ہوتی
ہے ۔ اس کی دو قسمیں ہیں ۔ ایک سفید دوسری سیاہ ۔ سفید کا درخت
بیلدار ۔ پھول آسمانی اس میں تین پتیاں ہوتی ہیں ۔ پھل کا طرز سیب
کے مانند ۔ جسپر تین زوائد حباب کی طرح ہوتی ہیں ۔ اور سیاہ کے پتے
بھی سیاہ ہوتے ہیں ۔ اس کے درخت کی لکڑی سہ پہلو پتے دو صفوں
میں لگے ہوتے ہیں +

خاصیت ۔ رنگ زرد سفید ۔ ذایقہ بہت تلخ ۔ گرم خشک مضر امعار
مجفف رطوبت اعضار مصلح روغن بادام +

فواید ۔ مخرج بلغم ۔ مفتح سدہ ۔ دست آور +

استعمال ۔ دردسینہ ۔ مالی خولیا ۔ جنون ۔ عرق النسا میں کابلی ہڑ کے
ہمراہ رحم جگر ۔ دماغ ۔ معدہ ۔ سرفہ کہنہ ذات الجنب کو مفید ہے ۔ زنجبیل
کے ہمراہ قوی العمل ہے ۔ اخلاط سوختہ کو دستوں کے راہ نکالتی ہے

خوراک ۲ سے ۵ ماشہ +

علامات زہر۔ اس کا اثر جگر امعاء پر جمالگوٹہ کے مانند ہوا کرتا ہے
پتلے پتلے دست آتے ہیں۔ سوزش ہوتی ہے۔ سر چکرانا۔ اور دل بہت
گھبراتا ہے بیہوشی اور قے شدید ہوتی ہے روح حیوانی کو فنا کر دیتی ہے +

علاج۔ اگر تھوڑی مقدار میں کھائی گئی ہو۔ اور زیادہ عرصہ نہ ہوا
ہو تو گرم دودھ۔ شیرہ بادیان سے قے کرا کر معدہ کو صاف کریں۔
بید مشک۔ کیوڑہ محرک نظام عصبی پلائیں +

حب تربد

تربد مقشر مجفف۔ حب النیل۔ سورنجاں شیریں۔ ایارج فیقرا ہر ایک
سہ مثقال۔ شحم حنظل۔ چنیہ ہر ایک دو مثقال۔ بوزیدان۔ بچھ۔ عاقرقرحا ہر
ایک ڈیڑھ مثقال۔ سکبینج۔ گوگل۔ جاوشیر۔ فرفیون۔ جند بید ستر ہر ایک
نصف مثقال کوٹ چھان کر عرق بادیان میں گولیاں بنائی جاویں +

فوائد استعمال۔ برائے ہیضہ۔ مرض قولنج۔ خوراک ۳ درم ہمراہ گرم
پانی کے +

سفوف تربد مسہل

لسوت مقشر مدبر۔ پوست ہلیلہ زرد۔ سنائی ہر ایک ایک درم سونٹھ
ایک دانگ۔ غاریقوں ملائم سفید۔ ریوند چینی بسفائج۔ اسطوخودوس۔
افتیموں۔ گلسرخ۔ کتیرا ہر ایک دو دانگ۔ مصری سفید دو درم کوٹ
چھان کر روغن بادام سے چکنا کریں +

فوائد استعمال۔ برائے بلغم۔ خوراک ۲ درم +

پودینہ

فوتنج ــــــــــــ پودینہ

اس کی تین قسمیں ہیں بستانی - جنگلی - پہاڑی - مطلق پودینہ سے مراد بستانی ہے - جو چٹنی میں استعمال کیا جاتا ہے - اس کی بیلیں زمین پر پھیلتی ہیں - اور ان دونوں - کے درخت اونچے نہیں ہوتے ہیں +

خاصیت - رنگ سبز گہرا - ذائقہ قدرے تلخ - تیز بو - گرم خشک ۲ مضر گردہ - باہ - مصلح کتیرا - رب السوس +

فواید - ہاضم - مدر حیض - پسینہ +

استعمال - بھوک زیادہ کرتا ہے - متلی - قے - اسہال - ہیضہ - عسر ولادت - فضلات سینہ - ریاح دفع کرتا ہے - خوراک ۳ سے ۷ ماشہ +

مرکبات

حب پودینہ ــــــــــــ

پودینہ - فطراسالیون - کلی اذخر - کوٹ - زرنباد - تخم تنگ ہر ایک نصف درم - تخم کرفس - انیسوں - اسپند - مصطگی - زعفران ہر ایک ایک درم سکبینج گوگل ہر ایک نصف درم - ہلیلہ کابلی - بہیڑہ - آملہ ہر ایک دو درم - گوگل سکبینج کو پانی میں گھول کر باقی دواؤں کو کوٹ چھان کر باہم ملا کر گولیاں بنائی جاویں +

فواید استعمال - فتق ریح کو مفید ہے خوراک ۳ ماشہ +

سفوف پودینہ ــــــــــــ

پودینہ خشک ۳ درم - زیرہ سیاہ ۴ درم - نمک سیاہ ۳ درم - مرچ پپیا ۲ درم - لونگ ایک درم - دھنیا ۲ ماشہ باریک کر کے سفوف بنائیں +

فوایداستعمال بھوک زیادہ کرتا ہے۔ دافع ریح ہے خوراک ۲ ماشہ

عرق پودینہ

پودینہ سبز پانچ سیر خشک ایک سیر پانی ساڑھے سات سیر میں پانچ سیر عرق کھینچ لیا جاوے +

فوایداستعمال درد شکم فساد ہضم میں مفید ہے۔ خوراک ۵ تولہ

مشکطرمشیع

مشکطرامشیع ——— رنگ

ایک قسم کا پہاڑی پودینہ ہے۔ اس کے پتے بڑے ہوتے ہیں یہ پودینہ کی تمام قسموں میں سے بہت قوی ہے۔ رنگ سبز۔ ذایقہ مانند پودینہ کے۔ گرم خشک مضر مقعد کبھی شدت قوت اورادرار کے پیشاب کے راہ خون آتا ہے مصلح برائے مقعد سرکہ دوسروں کے لئے بلوط۔ بدل پودینہ +

فواید۔ مخرج رطوبت غلیظ۔ پھیپھڑہ۔ سینہ۔ رحم۔ مدر حیض۔ نفاس پیشاب جنین +

استعمال۔ مانند پودینہ خوراک ۴ ماشہ +

مرکبات

سفوف مشکطرامشیع

مشکطرامشیع۔ سقمونیا۔ کتیرا ہر ایک ایک دانگ پیس کر کے خمیرہ بنفشہ تین تولہ میں ملا کر گرم پانی سے کھلایا جاوے +

فواید۔ دافع قولنج + خوراک ۷ ماشہ

سکنجبین مشکطرمشیع

مشکطرمشیع ۴ تولہ ۔ سرکہ ۔ ا تولہ ۔ چینی ڈھائی پاؤ ۔ ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیں ۔ جب چوتھائی حصہ پانی رہ جاوے ۔ سرکہ اور چینی ملاکر قوام تیار کر لیں +

فوایداستعمال ۔ بھوک زیادہ کرتی ہے ۔ دافع غشی ۔ درد قولنج ۔ خوراک ۲ سے ۴ تولہ +

شربت مشکطرامشیع

مشکطرامشیع ۵ تولہ ۔ جفت بلوط ایک تولہ ۔ اصل السوس ۲ تولہ ڈھائی پاؤ پانی میں جوش دیں ۔ جب تہائی حصہ رہجاوے تو ڈیڑھ پاؤ چینی ملاکر قوام کر لیں +

فوایداستعمال ۔ غشی ۔ کرب ۔ حیض کو جاری کرتا ہے ۔ خوراک ۲ تولہ ۔ سے ۴ تولہ +

نعناع

تحقیق

ایک روئیدگی ہے مانند اور پودینوں کے ۔ یہ دو قسم کا ہوتا ہے بری ۔ بستانی ۔ بری بدمزہ ہوتا ہے ۔ اس کے پتوں پر پھپوندی کی طرح سفید رواں ہوتا ہے ۔ بستانی مزہ دار اس کے پتے چکنے ہوتے ہیں اس لئے اس کو غذا کے مصالح میں ڈالتے ہیں ۔ اس کو سایہ میں خشک کرنے سے خوشبو باقی رہتی ہے +

خاصیت ۔ رنگ سبز سفیدی مایل ذائقہ بکھٹا تلخ اور لطیف ہے ۔ گرم خشک ۔ مفرح دیر ہضم ۔ مولد سدہ ۔ منی کم کرتا ہے ۔ مصلح شیرینی اجمود

لونگ بدل پودینہ صفنر

فواید۔ مفرح۔ مقوی۔ ملطف مخرج ریح۔ مہلک کرم شکم +

استعمال۔ پودینہ سے کمزور ہے۔ ہاضمہ بڑھاتا ہے۔ بچھو کے زہر کو نافع ہے۔ قوت باہ کو مفید ہے +

مرکبات

سفوف نعناع

نعناع خشک ۱ درم۔ سماق ۵ درم۔ مرچ سیاہ دو درم۔ نمک نصف درم کوٹ چھان کر سفوف بنایا جاوے +

فواید استعمال۔ مقوی نفخ شکم۔ ریح کو مفید ہے۔ قبل از غذا یا بعد از غذا ۳ سے ۷ ماشہ تک +

عرق نعناع

نعناع سبز ۵ سیر۔ خشک ایک سیر۔ پانی ساڑھے سات سیر عرق سیر عرق کھینچ لیا جاوے۔ خوراک ۵ تولہ +

خطمی کی جڑ

اصل خطمی ——— بیخ خطمی یا ریشہ خطمی

مشہور لعابدار جڑ ہے

خاصیت۔ رنگ بھورا۔ ذائقہ پھیکا۔ سرد تر۔ مضر معدہ۔ مصلح شہد بدل خبازی۔ نیلوفر +

فواید۔ محلل۔ ملین۔ دافع خراش۔ سوزش بول امعاء۔ سینہ۔ مقعد۔ نفث الدم۔ اسہال ردیہ کو مفید ہے +

استعمال پیچش۔ تپ صفراوی۔ زکام۔ گرم کھانسی ذات الریہ ذات الجنب کو مفید ہے۔ خوراک ۶ سے ۹ ماشہ +

مرکبات

خسانده ریشہ خطمی

ریشہ خطمی۔ بہدانہ ہر ایک تین ماشہ۔ نیلوفر ۲ ماشہ ایک پاؤ پانی میں بھگو کر مل کر صاف کر کے مصری سے میٹھا کر لیا جاوے +

فواید استعمال۔ اسہال صفراوی۔ تبرید مسہل جبالگوٹہ میں مفید ہے +

مطبوخ ریشہ خطمی

ریشہ خطمی۔ تخم کنوچہ۔ گل بنفشہ۔ پوست تخم کاسنی۔ سونف۔ مویز منقی تخم کاسنی۔ گلسرخ۔ مکو۔ جوشدیکر۔ گلقند ڈالکر پلاویں +

فواید استعمال۔ پیچش کاذب۔ سدہ کشا مزلق ہے +

املی

تمر ہندی انبلہ

ہندوستان کا مشہور درخت پتے پھول زرد کچھ سرخ دھبے پھل چپٹے گرہ دار جیسے گول ٹکڑے باہم ملا کر ایک غلاف چڑھا دیا ہو اس کی دو قسمیں سرخ گودے والی۔ کچی دوسری کم سرخ تیرگی مایل یہ کچی سفید ہوتی ہے اس درخت کے پتہ پھول پھل ترش ہوتے ہیں۔ اس کی لکڑی بہت مضبوط ہوتی ہے +

خاصیت۔ رنگ مذکور بالصدر۔ ذایقہ ترش۔ قدرے شیریں۔ سرد خشک ۲ مضر مورث سرفہ۔ نزلہ مخرب آواز۔ مصلح عناب بنفشہ بدل آلو بخارا +

فواید۔ مقوی دل۔ معدہ۔ مسہل صفرا۔ مسکن تشنگی۔ حابس اسہال +

استعمال ۔خفقان ۔ قے ۔متلی ۔کرب ۔غشی کو مفید ہے ۔صفراوی جوش خون کو کم کرتی ہے ۔اس کا غرغرہ منہ آنے اور خناق کو مفید ہے ۔املی بہت مل کر نہ استعمال کرنا چاہیئے ۔کیونکہ زیادہ ملنے سے سدہ قے متلی ۔طبیعت کو نفرت ہو جاتی ہے ۔بہتر ہے کہ آب زلال استعمال کیا جاوے ۔خوراک اسے ۲ تولہ ٭

مرکبات برگ املی

ضماد کونپل املی

کونپل املی ایک تولہ ۔بنفشہ ۴ ماشہ ۔گل بابونہ ۳ ماشہ باریک کر کے ایک تولہ روغن بابونہ ملا کر لیپ بنایا جاوے ٭

فوائد استعمال ۔مقام سوزش ۔ورم گرم پر لگانے سے آرام ہوتا ہے ٭

غرغرہ کونپل املی

برگ املی ۔برگ شہتوت ہر ایک ۳ تولہ پانی ایک سیر میں جوش دیکر خناق میں غرغرہ کریں ٭

لیپ برگ املی

عرق برگ املی ایک تولہ ۔پھٹکری ایک ماشہ ۔افیون ایک ماشہ نرم آگ پر پکا کر گاڑھا کر لیں ٭

فوائد استعمال ۔بدمیں اندر باہر لگایا جاوے ٭

مرکب مغز املی

شربت املی

املی ایک پاؤ ۔زرشک ۳ تولہ ۔چینی نصف سیر مطابق قاعدہ کے

قوام تیار کرلیں +

فوائد استعمال۔ دافع قے صفراوی۔ مسکن تشنگی۔ مقوی معدہ میں مفید ہے۔ خوراک ۲ تولہ +

مرکب تخم تمر ہندی

حلوہ تخم تمر ہندی ــــــــــــ

تخم تمر ہندی مقشر۔ کمر کس۔ نشاستہ ہر ایک ایک تولہ۔ مصری تین تولہ گھی ۴ تولہ۔ اول نشاستہ کو گھی میں بریان کریں۔ پھر گوند اور تخم املی کو باریک کر کے شامل کر کے حلوا بنالیا جاوے +

فوائد استعمال۔ گردہ۔ دردکمر دور کرتا ہے +

مصطگی رومی

مصطگی رومی ــــــــــــ کندر رومی

ملک شام اور روم وغیرہ میں اس کے درختوں کو پچھنے لگا کر حاصل کیا کرتے ہیں اس کی دو قسمیں ہیں سفید۔ سیاہ + شناخت۔ خوشبودار صاف شفاف۔ کسی قدر شیریں۔ چبانے سے دانتوں میں چپکے جو سیاہ ہے بدبودار تلخ ہوتی ہے +

خاصیت۔ رنگ سفید صاف شفاف زرد۔ ذائقہ پھیکا قدرے تلخ۔ گرم خشک۔ مضر مثانہ۔ مصلح کتیرا۔ قند و دھنیا۔ بدل ہموزن کندر ڈیوڑھا بطم۔ معدہ جگر کی تقویت کے لیئے اذخر خوراک ۴ ماشہ

فوائد محلل ورم۔ ملطف ریاح۔ قابض۔ مقوی گردہ۔ اعضار رئیسہ۔ مقوی باہ۔ مجفف رطوبت دماغ۔ بلغم +

استعمال ۔نزلہ۔ ریح پیچش بتلی۔ دست قے۔نفث الدم امراض اعصابی مثلاً کزاز تشنج استرخا درد کو دفع کرتی ہے منجن مقوی لثہ ہے خوراک ۲ سے ۴ ماشہ ٭

مرکبات مصطگی

جوارش مصطگی رومی

مصطگی ۷ درم چینی نصف سیر ملا کر قوام کرلیں ٭

فوائد استعمال ۔معدہ۔ جگر کی سردی۔ ریاح سیلان لعاب کو مفید ہے۔ خوراک۔ ا تولہ ٭

روغن مصطگی

مصطگی ایک حصہ۔روغن کنجد تین حصہ۔پانی ۶ حصہ اس قدر جوش دیا جاوے۔ کہ پانی جل جاوے۔ اور روغن باقی رہے۔صاف کر کے علیحدہ کرلیں ٭

فوائد استعمال ۔کرب معدہ۔ نفخ۔ عضلات تشنج کو مفید ہے ٭

سنون مصطگی

مصطگی۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ نیلہ تھوتھا بریان زیرہ سفید بریان کتھہ سفید۔ چھالیہ سوختہ۔ پھٹکڑی۔ الائچی دانہ کلاں۔ نمک لاہوری ہر ایک ۶ ماشہ۔ تخم سرس ایک تولہ کوٹ چھان کرلیں اوپر سے پان کھائیں درد دانت اور مضبوطی کے لئے مفید ہے ٭

سفوف مصطگی

مصطگی۔ زرنباد۔ اجوائن دیسی۔ حب الآس۔ پوست پستہ بیرون سعد کوفی۔ اجمود سلیخہ۔ پودینہ خشک۔ سونٹھ بریان۔ زیرہ سیاہ

مدبر بسرکہ ۔ سونف بریان ۔ گلنار ۔ بیلگری بریان ۔ صمغ عربی ۔ ہر ایک برابر کوٹ چھانکر سفوف بنالیں +

فوائد استعمال ۔ اسہال معدی ۔ جو درد اور ہاضمہ کے قصور سے ہوں ۔ خوراک ۲ درم +

معجون راحت

مصطگی ۔ دارفلفل ۔ مرچ سیاہ ۔ زنجبیل ۔ سقمونیا ۔ زیرہ کرمانی ۔ سداب ۔ کلیجن ۔ قرفہ ہموزن باریک کر کے شہد سہ چند ملالیں +

فوائد استعمال ۔ درد پشت ۔ ریاح ۔ قولنج کو زایل کرتی ہے ۔ خوراک ۳ ماشہ +

مطبوخ مصطگی

مصطگی ۔ انیسوں ہر ایک دو درم ۔ سونٹھ اذخر ۔ بیخ اذخر ۔ مجیٹھ چینہ ۔ سورنجاں شیریں ۔ بوزیدان ہر ایک ۵ درم ۔ بیخ کرفس ۔ سونف ہر ایک ۷ درم ۔ منقے ۔ حلبہ ہر ایک دس درم سب کو دو سیر پانی میں جوش دیں جب چوتھائی حصہ رہ جاوے ۔ صاف کر کے ہمراہ روغن بیدانجیر دس تولہ کے تیار کریں +

فوائد استعمال ۔ وجع الورک عرق النسا میں حسب برداشت دیا جاوے ۔ روغن بیدانجیر کی ۲ تولہ جوان آدمی کے لئے خوراک ہے +

چاول

اَرز ۔۔۔۔۔۔۔ بسنج

اطبا یونان نے چاولوں کو غذائیت میں باجرے سے بھی کمتر بتایا ہے ۔ سبب اس کا یہ ہے کہ یونان میں جو چاول پیدا ہوتے ہیں وہ موٹے

ثقیل لزوجیت دار و انفاخ دیر ہضم - لیکن ہندوستانی چاول خوشبودار خوش ذائقہ اور بے لزوجت ہوتے ہیں - نیز چاول جس قدر پرانا ہو وہ بہتر ہوتا ہے - عمدہ چاول - باڑہ ضلع پشاور پیلی بھیت پینڈ سورت - عظیم آباد ایران وغیرہ کے مشہور ہیں - باڑہ کلہ چاول ہموزن گھی جذب کر لیتا ہے - اور اپنے وزن سے چوگنا ہو جاتا ہے +

خاصیت - سفید - سرخ مختلف رنگ ذائقہ پھیکا قدرے شیریں سرد خشک - مضر - مورث قولنج سدہ - مصلح شکر شیر روغن زرد بدل ایک دوسرے کا +

فواید - مسکن تشنگی مسمن بدن - مولد منی - مدر بول - دافع خراش امعاء

استعمال - خلط صالح پیدا کرتا ہے - پیچش - اسہال دموی - صفراوی امراض گردہ مثانہ کو مفید ہے +

مرکبات برنج

حب شیر الاغ

برنج ساٹھی - حسب ضرورت گدھی کے دودھ میں بھگو کر پیس کر گولیاں بنائی جاویں +

فواید استعمال - صبح شام تین تین گولیاں کھائی جائیں تپ دق میں مفید ہے

حقنہ برنج

برنج - جو کے ستو - مسور مقشر ہر ایک ۱۵ درم - حب الاس پوست انار ترش ہر ایک ۵ درم سب کو ڈیڑھ سیر نیم جوش شدیں جب نصف سیر رہ جاوے تو صاف کریں - اور اس میں کیکر کا گوند - کافور - گل ارمنی گل قبرسی - ہر ایک ایک درم سفیداب قلعی دم الاخوین - زردی بیضہ

جو سرکہ میں پختہ کی ہوئی ہو ۲ عدد ۔ چربی گردہ بکری کل دوا کو کوٹ چھان کر چربی اور کل دوا کو ہاون دستہ میں ڈال کر مخلوط کر کے پختہ چاول کا پانی اضافہ کر کے حقنہ کیا جاوے ؎

فوایداستعمال ۔ برائے زخم امعاء خراش کے درد کو تسکین دیتا ہے ۔ مندمل زخم ہے ۔ جب شدت سے وارد ہو بہت فایدہ ہوتا ہے ؎

بارتنگ

لسان الحمل ــــــــــ زبان برہ

اس کی دو قسمیں ہیں ۔ ایک کے پتے بڑے اور مشابہ بکری کی زبان کے لمبے کچھ چوڑے ۔ اور درخت کی ساق قریب گز کے لمبی اور سرخ ہوتی ہے ۔ اور اس ساق میں سے پتلی پتلی اور شاخیں نکلتی ہیں جن کے سروں پہ زرد رنگ کے پھول نکلتے ہیں ۔ دوسری قسم کے اس سے کمزور اور سرخی وغیرہ میں کم ۔ اس کے بیج گول اور چھوٹے رنگ سیاہ بنفشی مایل ہوتے ہیں ؎

مرکب برگ بارتنگ

عصارہ بارتنگ ــــــــــ

درخت کے کل اجزا کا عرق نچوڑ کر صاف کر لیں ۔ بعد ازاں آگ سے گاڑھا کر کے ٹکیاں بنا لیں ؎

فوایداستعمال ۔ دق ۔ سوزاک سل میں ہمراہ بنفشہ یا شہد کے خون تھوکنے یا نکسیر بہنے کو منہ اور پیشانی پر لیپ کرنا ۔ رمد میں لگانے سے آرام آتا ہے ۔ مسکن پیاس امراض گرم جگر اور طحال میں مفید ہے ؎

مرکب بیج

مضمضہ بیج بارتنگ

بیج بارتنگ دو تولہ برگ چنبیلی ایک تولہ بنفشہ ایک تولہ ایک سیر پانی میں جوش دیا جاوے۔ جب تین حصہ رہ جاوے تو اس قدر سرد کیا جاوے کہ نیم گرم رہے۔

فواید استعمال۔ مضبوطی دانت اور منہ کی تکلیف دفع کرتا ہے۔

مرکبات تخم بارتنگ

یہ مشہور گول چھوٹے بیج رنگ سبز سیاہی مایل۔ ذایقہ تلخ قدرے تیز۔ سرد خشک۔ مفرد بالغ ریہ مصلح بنفشہ۔ شہد مصطگی۔

فواید۔ مقوی امعار۔ نزف الدم۔ دافع سوزش بول۔ خوراک ۲ سے ۹ ماشہ۔

رب تخم بارتنگ

مانند تخم کاسنی کے تیار کیا جاوے۔

فواید استعمال۔ دق۔ سل۔ پیچش۔ صفراوی بخار۔ تے۔ سوزاک کو مفید ہے۔ خوراک ۲ سے ۳ ماشہ۔

سفوف تخم بارتنگ

بارتنگ ۳ ماشہ۔ انجبار۔ دم الاخوین۔ کتیرا ہر ایک ۴ ماشہ۔ بسد ۲ ماشہ۔ چینی ۲ تولہ۔ مصطگی ۳ ماشہ۔ حب الاس ۶ ماشہ باریک کر کے سفوف بنایا جاوے۔

فواید استعمال۔ نفث الدم میں ہمراہ شیرہ بارتنگ ۵ ماشہ کے استعمال کرایا جاوے۔

مطبوخ بارتنگ

بارتنگ ۴ ماشہ۔ دانہ الائچی سفید ۳ ماشہ باریک کر کے ہر دو کو ایک پاؤ پانی میں پکایا جاوے۔ بعدازاں شیرہ تخم کاہو ۶ ماشہ ریشہ خطمی ۴ ماشہ مصری ایک تولہ ملا کر صفراوی بخار میں مفید ہے +

افسنتین

افسنتین

ایک قسم کی روئیدگی ہے اس کا پھول بابونہ کے مشابہ صعتر سے ملتا اسپرداں وغبار سا ہوتا ہے۔ اس کی کئی قسم ہیں۔ خراسانی۔ رومی۔ شرقی بنطی وغیرہ۔ بنطی میں قبض زیادہ ہوتا ہے۔ اس کے بیج اسپند کی طرح معلوم ہوتے ہیں مزہ بہت تلخ +

خاصیت۔ عمدہ سفید۔ ذائقہ تلخ۔ تیز بو۔ گرم خشک۔ مضر۔ مضعف دماغ معدہ مورث درد سر۔ مصلح انیسوں۔ مصطگی۔ نیلوفر۔ بدل اسہال جگر میں غافث تقویت معدہ میں ہموزن اسارون۔ نصف ہلیلہ زرد +

فوائد۔ مفتح مسام۔ محلل ریاح۔ ملین جلد۔ مدر بول۔ مدر حیض۔ مخرج مادہ سودا۔ صفرا۔ مشتہی طعام +

استعمال۔ خراب مادہ پسینہ اور سانس کے ذریعہ خارج کرتا ہے۔ امراض سینہ۔ گوش۔ دہان۔ حلق۔ جگر۔ طحال درد اعصاب کو مفید ہے جوشاندہ مہلک کرم۔ مندمل زخم۔ بخار کہنہ مرکبہ کو سود مند ہے اور معدہ کو اخلاط ردیہ سے صاف کرتا ہے۔ خوراک ۳ سے ۷ ماشہ +

مرکبات

روغن افسنتین

تخم ترب ۱۰ افسنتین ۔ گل بابونہ ہر ایک ۶ ماشہ قسط ۔ وج خراسانی ہر ایک تین ماشہ سب کو کوٹ کر رات کو تین چھٹانک پانی میں تر کریں ۔ صبح کو اس قدر جوش دیں کہ نصف رہ جاوے ۔ آگ سے اوتار کر سرد کریں ۔ اور اس میں جند بیدستر ڈیڑھ ماشہ مرکی ڈیڑھ ماشہ باریک کر کے ملا لیں

فواید استعمال ۔ رات کو سوتے وقت چند قطرہ نیم گرم کان میں ٹپکائیں تو ثقالت دور ہوتی ہے +

شربت افسنتین

سنبل طیب دو تولہ ۔ تربد سفید ۔ غاریقون ہر ایک تین تولہ ۔ افسنتین رومی چار تولہ ۔ گلسرخ ۶ تولہ ۔ چینی نصف سیر قوام تیار کر لیں +

فواید استعمال ۔ مالیخولیا مراقی ۔ ضعف معدہ جو برودت سے ہو سوء القنیہ ملین طبع ۔ خوراک ۲ تولہ

قرص افسنتین

افسنتین ۔ تخم اجمود ۔ سولف رومی ۔ اسارون ۔ بادام تلخ ۔ سب کو برابر کوٹ کر تازہ پانی میں قرص بنائے جاویں +

فواید استعمال ۔ منضج سدہ ۔ جگر ۔ طحال تنگی پیشاب ۔ بلغمی بیماریوں کو مفید ہے ۔ خوراک ۱ قرص +

قطور افسنتین

افسنتین سرکہ میں جوش دیکر نیم گرم کان میں دافع خارش کے لئے ٹپکائیں +

مطبوخ افسنتین

افسنتین رومی ۹ ماشہ۔ گلسرخ۔ لسوڑ۔ مصطگی مجوف ہر ایک ۷ ماشہ بالچھڑ۔ مصطگی اذخر۔ سغار یقون۔ تیزپات۔ ایلوہ ہر ایک پونے دو ماشہ رات کو ایک پاؤ پانی میں بھگو کر صبح کو اس قدر جوش دیں کہ نصف رہجاوے صاف کر کے ۵ تولہ شکر ملا کر نہار منہ پیا جاوے +

سقمونیا یا محمودہ

سقمونیا

سقمونیا اسمیرنیا کے ملک میں ایک بیلدار درخت کی جڑ جو گاؤدم باہر بھوری اندر سفید بو خفیف ذائقہ تلخ ۔ اسے شگاف دیکر حاصل کرتے ہیں۔ ادمدال اور گوندلی ٹکیوں کی شکل یا ٹکڑوں میں چپٹی بیقاعدہ ملا کرتی ہے۔ قدوقامت میں مختلف رنگت خاکی بھوری۔ سیاہی مائل بعض کے رنگ میں نیلاپن اور زرد بھی ہوتی ہے توڑنے سے جلد ٹوٹ جاتی ہے۔ چمکدار۔ اسفنجی بو خاص طرح کی پنیر سے ملتی ہوئی۔ چبانے سے حلق کے نیچے خفیف چبھن معلوم ہوتی ہے +

خاصیت۔ رنگ مذکور الصدر۔ ذائقہ تلخ۔ گرم ۲ خشک ۳ مضر دل معدہ جگر مورث کرب مصلح کتیرا روغن بادام۔ بدل۔ ایلوا۔ ماہودانہ۔ روغن بیدانجیر ہلیلہ زرد +

فواید۔ محلل ورم ریاح۔ مدر پیشاب۔ منضج سدہ۔ بالخاصیت۔ مخرج صفرا۔ مہلک جنین۔ اسقاط حمل +

استعمال۔ مسہل صفرا۔ دردسر۔ سوزش۔ معدہ۔ خارش اسعار میں دیا

چاہیے۔ خوراک ۳ سے ۷ رتی ؁

ہدایت۔ اس کو بہت نہ پیسنا چاہیئے۔ بلکہ دردرا رکھنا چاہیئے۔ کیونکہ باریک معدہ کے جوفوں میں چمٹ جائے گی۔ جس کی وجہ سے اس کا عمل کمزور ہو جاتا ہے جن کے دل اور احشا کمزور ہوں اور بچوں کو استعمال نہ کرائیں اور نہ بغیر مشوی کئے۔ زیادہ مقدار کھانے سے علامات حسب ذیل پیدا ہو جاتی ہیں۔ کرب غثیان زیادتی دستوں کی۔ علاج۔ قے کرائیں۔ دہی پلائیں۔ سیب کھلائیں۔ رب ریباس۔ رب سماق چٹائیں۔ سرد پانی سر پر ڈالیں۔ اور اس میں بٹھائیں۔ طریقہ مدبر کرنے کا۔ سیب یا شلغم میں سوراخ کر کے رکھدی جاوے۔ اور اوپر سے وہی گودا بھر کر گلحکمت کر کے گرم راکھ میں اس قدر رکھا جاوے کہ حرارت اس میں اثر کر جاوے اب نکال کر استعمال کیا جاوے ؁

مرکبات سقمونیا

سفوف بیخ سقمونیا

بیخ سقمونیا ۲ تولہ۔ گلسرخ۔ کتیرا ہر ایک ۶ ماشہ باریک کرلیں ؁

فوائد استعمال۔ دست آور ہے سقمونیا کا اثر جگر پر بہت سخت ہوا کرتا ہے۔ اسی وجہ سے اس میں دست بہت آتے ہیں۔ خوراک ۳ ماشہ

حب مرکب سقمونیا

سفوف سقمونیا مدبر ۸ حصہ۔ سفوف جلاپا ۸ حصہ۔ کتیرا سفوف ۲ حصہ سفوف سونٹھ ۲ حصہ۔ روغن بادام ۴ حصہ اول کل ادویہ کو خوب ملا کر روغن بادام ملایا جاوے ؁

فوائد استعمال۔ مہلک کرم شکم۔ استسقا۔ قبض کشا امراض سر میں مفید

خوراک ۲ گولی +

حب مفرد سقمونیا

سقمونیا مدبر ایک تولہ کتیرا ۶ ماشہ باریک کر کے گولی بنائیں

فوائد استعمال ۔ قبض کشا ۔ مخرج صفرا ۔ سودا ۔ خوراک ۲ گولی

عشق پیچہ

لباب الصغیر ـــــــــ عاشق الشجر

ایک بیلدار درخت جو آس پاس کے درختوں پر پھیلتا ہے پھول مختلف قسم کے چھوٹے چھوٹے رنگ کے سفید ۔ زرد ۔ سرخ ۔ نیلے ۔ ہوتے ہیں ۔ اور بیج غلاف میں سیاہ +

خاصیت بیج ۔ رنگ سیاہ ذائقہ قدرے تلخ ۔ گرم خشک ۔ مضر معدہ مثانہ ۔ مصلح قند ۔ املی بدل خطمی خبازی +

فوائد ۔ قابض ۔ مسکن درد ۔ محلل ورم ۔ مسہل مرہ صفرا +

مرکب تخم عشقہ

سفوف عشقہ

تخم عشق پیچہ ایک تولہ ۔ چینی ۶ ماشہ باریک کر کے سفوف بنالیا جاوے

فوائد استعمال ۔ صفرا کو دستوں کے راہ نکالتا ہے خوراک ۵ ماشہ +

اندراین

حنظل ـــــــــ خربوزہ تلخ

بیلدار درخت کا پھل ہے ۔ یہ ایام برسات میں کثرت سے پیدا ہوتا ہے اس کی بیل زمین پر پھیلی ہوئی ہوتی ہے ۔ اس میں یہ خربوزے

کی طرح لگے ہوتے ہیں۔ اونٹ کو بہت مرغوب ہے۔ اس کی لکڑی کی مسواک دانتوں کو مضبوط کرتی ہے۔

مرکبات شحم حنظل

حب حنظل

لونگ۔ الائچی خورد۔ دارچینی۔ زعفران۔ مرکی۔ ایلوا۔ پوست ہلیلہ زرد۔ سونٹھ۔ شنگرف ہر ایک ایک درم۔ شحم حنظل۔ سقمونیا مدبر ہر ایک ۳ درم سب کو باریک کر کے عرق گلاب سے نصف رتی کی برابر گولیاں بنائی جاویں۔

فوائد استعمال۔ مواد کو گہرائی بدن سے اوپر کو لاتی ہیں۔ اور قولنج کو کھوتی ہیں۔ تسکین درد میں بے نظیر ہیں خوراک ۷ گولی۔

حب حنظل

رب حنظل۔ رب نانخواہ ایک ایک حصہ گولیاں بنائی جاویں۔

فوائد استعمال۔ درد قولنج قبض کشا میں مفید ہے۔ خوراک ۱ سے ۲ گولی۔

حقنہ شحم حنظل

اندراین کا گودا گرڈ۔ نیم کوفتہ۔ السی۔ تخم اونٹنگن۔ بیخ کنیر کا پوست پودینہ جنگلی ہر ایک ایک تولہ ڈیڑھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب نصف پانی رہ جاوے۔ روغن زیتون ۲ تولہ ملا کر دستور کریں۔

ترکیب استعمال۔ مریض کو بائیں پہلو پر لٹا کر دہنا پاؤں کا گھٹنا سینہ سے لگا دیا جاوے پھر بسہولت دستور کی پچکاری کے منہ پر تیل لگا کر مقعد مستقیم میں داخل کر کے آہستہ آہستہ دوا کا عرق پہنچایا جاوے۔

فوائد۔ تنقیہ کے لئے سرسام میں استعمال کیا جاوے۔

رب حنظل

پھلوں کو کچل کر نچوڑ ڈالیں۔ پھر اس کو ٹھہرنے دیں۔ تاکہ فضلہ تہ نشین ہو جاوے۔ بعد کو ایک جوش دیکر فلالین سے چھان کر پانی کی بھاپ سے حسب ہدایت گاڑھا کر لیا جاوے۔ خوراک اسے ۲ رتی +

طلا شحم حنظل

شحم حنظل۔ برگ حنا۔ کبابہ۔ چینی ہر ایک ۲ ماشہ سرکہ میں اشق ایلوا ہر ایک ۱ ماشہ حل کر کے دوسری دوائیں ملا کر پیشانی پر طلا کریں +

فواید۔ شقیقہ میں لگایا جاوے +

عطوس شحم حنظل ہندی

شحم حنظل۔ ہلدی۔ کبابہ۔ فلفل دراز۔ سونٹھ۔ تخم کرفس۔ سلاجیت بابرنگ۔ تخم اوٹنگن ہر ایک ہموزن باریک کر کے شیاف بنائیں +

فوائد استعمال۔ ہر قسم کے درد اور شقیقہ میں گھس کر استعمال کرایا جاوے +

قنطوریون کبیر

قنطوریون کبیر ــــــ سو فاسے کلان

اس کی دو قسمیں ہیں ایک صغیر جو قریب ایک بالشت کے بلند پتہ مانند پودینہ کوہی کے پھول سرخ بشکل شبو۔ پانی کے کنارہ پر ہوتا ہے + خاصیت۔ پھول سرخ بنفشی۔ ذائقہ تلخ قدرے بکٹھا گرم خشک ۲ مضر امعا مصلح کتیرا۔ صمغ عربی۔ جملہ افعال خواص میں قنطوریون صغیر کے خوراک ۱۔ ۴ ماشہ۔ دوسری قسم قنطوریون کبیر۔ اس کا تنا دو تین گز کا لمبا ہوتا ہے۔ پتہ مانند گاجر کے پتے کے۔ تخم بیج کسیم کے مشابہ سبز رنگ دندانہ دار جڑ موٹی اور سخت رنگ سرخ قریب دو گز کے لمبی ذائقہ تند تیز کچھ شیریں +

خاصیت - رنگ سبز پتہ - پھول سرمئی - جڑ سرخ - ذائقہ قدرے ترش تیز تلخ - گرم خشک - مفرد ماغ - مصلح کتیرا - صمغ عربی - بدل رسوت - قنطوریون صغیر +

فوائد - محلل ریاح - مخرج جنین - مدر حیض - پیشاب - منقی دماغ - سینہ - مفتت الدم - ورم طحال - مہلک - کرم شکم - مخرج بلغم +

استعمال - امراض دماغی - اعصابی کو زائل کرتا ہے - اخلاط ثلاثہ کا مسہل ہے - مرگی - وجع مفاصل کو سودمند ہے - خوراک ۲ سے ۴ ماشہ +

مرکب قنطوریون

سفوف قنطوریون

قنطوریون کبیر ۲ تولہ - کتیرا ۶ ماشہ - سلیخہ - ابہل - پودینہ کوہی ہر ایک ایک تولہ - چینی ۲ تولہ باریک کر کے سفوف بنایا جاوے +

فوائد - مدر حیض - خوراک ۶ ماشہ +

حقنہ قنطوریون

قنطوریون کبیر - بادرنگ ہر ایک ۲ درم - بنفشہ - نیلوفر - انیسون - گاؤزبان تخم سولف - بیخ سولف - تخم کاسنی - بیخ کاسنی - مکو - تخم سوہ - اسطوخودوس - بسفائج فستقی نیم کوفتہ - شراج ہر ایک ۳ درم - سنا مکی ۵ درم - میتھی - اکلیل الملک - برنجاسف - سبوس گندم - بابونہ ہر ایک ایک تولہ - برگ چقندر - برگ خطمی ہر ایک ۲ تولہ سب کو ڈھائی سیر پانی میں جوش دیں جب نصف سیر رہجاوے صاف کر کے شکر خوردنی ۲ دانگ - غاریقون چھنا ہوا نصف مثقال - مغز املتاس - ترنجبین - شیر خشت - شکر سرخ - ایلقہ - روغن گل بنفشہ ہر ایک دو مثقال اسی میں حل کر لیں - یہ تیار شدہ تین مرتبہ کے حقنہ کے واسطے

کافی ہے - فوائد - قولنج میں +

ماہی زہرج

ماہی زہرج ـــــــــــــــ مرگ ماہی

ایک درخت ہے تیرگی مایل بزردی مانند درخت شبرم - عرف گاؤکش درخت شبرم کو جب گائے کھاتی ہے مرجاتی ہے - اس لئے گاؤکش کہتے ہیں - ایسی ہی ماہی زہرج کے سونگھنے یا کھانے سے مچھلیاں بے ہوش ہوجاتی ہیں - اس لئے بعض شکاری مچھلیوں کے شکار میں استعمال کرتے ہیں

خاصیت - رنگ تیرگی مایل بزردی ذایقہ - گرم مضر امعا - مصلح کتیرا نشاستہ انیسوں - روغن بادام - بدل - بوزیداں - ایرسا نیگوٹ کی چھال +

استعمال - گٹھیا - نقرس - عرق النسا میں مفید ہے - خوراک ۲ ماشہ

ـــــــــــــــ سفوف ماہی زہرج

ماہی زہرج ایک تولہ - سورنجاں شیریں ۳ تولہ - کتیرا ۶ ماشہ - انیسوں ایک تولہ - چینی ۲ تولہ - بہمن ۲ تولہ - باریک کرکے سفوف بنایا جاوے +

فوائد استعمال - گٹھیا - عرق النسا - نقرس میں خوراک ۹ ماشہ +

غاریقون

ایک قسم کی گلی ہوئی ہلکی نرم مختلف رنگ کی لکڑی ہوتی ہے جو انجیر وغیرہ میں پائی جاتی ہے +

خاصیت - رنگ سفید ہلکا چکنا شیریں - تیز تلخ - بکھٹا گرم خشک مضر مورث قے - خناق - کرب امراض مریہ مصلح جند بیدستر - کشنیز - بدل افسنتین ایلوہ - افیتموں +

فوائد - منضج سدہ جگر - گردہ - مخرج بلغم - ریح - صفرا - سودا - براہ دست

ملطف طبع ۔ مرقف اخلاط غلیظ ۔ محلل اورام ۔ مدر حیض ۔ معادن ادویہ مسہلہ +

استعمال ۔ امراض دماغی ۔ اعصاب ۔ دافع قولنج لیپ سے ورم تحلیل ہوتا ہے +

مرکبات غاریقون

حب غاریقون

غاریقون ۳ درم ۔ اندراین کا گودا ۔ فراسیون ۔ انزروت ۔ مویز منقی بنفشہ ۔ سونف ۔ زوفا خشک ہر ایک ایک درم ۔ ترید مدبر ۲ درم ۔ زراوند مدحرج ½ درم ۔ انجیر کے جوشاندہ سے گولیاں بنائی جاویں +

فواید استعمال ۔ ضیق النفس ۔ اور بلغم سے سینہ کو صاف کرتے ہیں ۔ خوراک ۲ سے ۳ درم +

حب مسہل غاریقون

غاریقون ۔ سکبینج ۔ گوگل ۔ جاوشیر ۔ جند بیدستر ہر ایک ایک درم ۔ ایلوہ ۴ درم کوٹ چھان کر گولیاں بنائیں +

فواید استعمال ۔ قولنج بلغمی میں مفید ہے ۔ خوراک ا سے ۲ درم +

مولی

فجل ۔ ترید

ایک مشہور سبزی کی جڑ ہے ۔ جو غذا کے طور عموماً پکانے اور کھلانے میں استعمال کی جاتی ہے ۔ مولی کے بیج سرخی مایل لمبا ہی ذایقہ تیز تند قدرے تلخ بدمزہ ۔ گرم خشک ۔ مورث غثیان کرب ۔ مصلح کتیرا شہد نیرا خوراک ۲ سے ۳ ماشہ

مولی اپنے لطیف اجزائے محللہ کے سبب سے دوسری شے کو ہضم کر دیتی ہے ۔

اور اجزائے ثقیل کی وجہ سے خود دیر ہضم ہے۔ مورث آروغ۔ مصلح نمک۔ زیرہ سرکہ۔ بدل شلغم +

فوائد۔ ہاضم۔ مدر بول۔ حیض۔ مخرج سنگ گردہ۔ مثانہ +

استعمال۔ بلغم ریاح۔ قبض۔ بواسیر۔ استسقا۔ طحال کو مفید ہے خوراک حسب ضرورت +

مرکب بیخ مولی

مولی خشک کو جلا کر راکھ میں پانی ملا کر اس قدر مقطر کریں۔ کہ اس میں اثر بالکل نہ رہے۔ پھر اس مقطر شدہ پانی کو آگ کے ذریعہ خشک کریں۔ شناخت۔ یہ سفید دانہ دار مانند سوڈے کے ذائقہ کھار تیز بو مولی کی سی معلوم ہوتی ہے +

فوائد استعمال۔ ہاضم۔ مدر بول کاسر ریاح۔ مخرج بلغم۔ خوراک ۱ سے ۲ رتی

سفوف تخم مولی

فلفل دراز۔ تخم مولی ۲ تولہ۔ کتیرا ۸ ماشہ۔ رب السوس شکر تیغال ہر ایک ۹ ماشہ۔ چینی ۲ تولہ باریک کر کے سفوف بنایا جاوے +

فوائد استعمال۔ مخرج بلغم۔ دافع درد جگر۔ خوراک ۹ ماشہ +

طلا تخم مولی

تخم مولی۔ بیج نئے۔ گل بنفشہ۔ نکو۔ کتیرا ہر ایک ۶ ماشہ کوٹ چھان کر مہندی کے پتوں کا پانی یا سرکہ میں ملا کر سب کو سوتے وقت منہ پر ملیں۔ صبح کو گرم پانی سے دھو ڈالیں۔ اگر چنے کے آٹے اور آملہ کے پانی سے دھوئیں تو بہتر ہے +

فوائد۔ چھایوں کو دور کرتا ہے۔ رنگ رخسار کو نکھارتا ہے +

تربوز

بطیخ ہندی ——————— ہندوانہ

بیلدار درخت کا مشہور پھل ہے۔ بیج سرخ سیاہ ہوتے ہیں۔

خاصیت۔ باہر سبز۔ مایل بسفیدی۔ اندر سفید زرد۔ سرخ۔ ذایقہ خام پھیکا پختہ شیریں۔ خوش مزا۔ سرد تر۔ مضر۔ سرد دین باہ طحال معدہ مصلح شہد قند ✤

فواید۔ مسکن تشنگی۔ مصفی جوش صفرا۔ مدر بول مخرج سنگ گردہ مثانہ ✤

استعمال۔ بھوک بڑھاتا ہے۔ پاخانہ کھل کر آتا ہے امراض سوداوی کو مفید ہے۔ تربوز کھانے سے پہلے یا بعد چاول کھانا منع ہے۔ اس سے ہاضمہ خراب ہو کر ہیضہ کی سمیت پیدا ہوا کرتی ہے خوراک حسب ضرورت

مرکب

حسو تخم تربوز ———————

مغز تخم تربوز۔ مغز تخم خربوزہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ مغز تخم کدو شیریں۔ مغز تخم خیارین ہر ایک ۳ ماشہ۔ دارچینی۔ مغز پستہ ہر یک ۳ ماشہ۔ چھوارہ۔ مغز بادام ہر ایک ۲ تولہ۔ ثعلب مصری ۲ تولہ۔ نشاستہ ایک تولہ۔ نشاستہ کو گھی میں بریان کر کے حسب ضرورت میٹھا ڈال کر حریرہ تیار کیا جاوے۔ اور بجائے پانی کے دودھ میں بنائیں مسمن بدن مقوی باہ۔ یہ ایک خوراک ہے ✤

لعوق تخم تربوز ———————

مغز تخم تربوز ۲ تولہ۔ رب السوس ایک تولہ خشخاش سفید ۲ تولہ شکر تیغال ۶ ماشہ۔ بہدانہ ۶ ماشہ۔ لعاب بیستان ۶ ماشہ انجیر ہٹھانہ سو پر منقے ۲۰ دانہ۔ مغز بادام ۲۰ دانہ۔ شہد ۵ تولہ۔ مطابق قاعدہ کے لعوق بنالیا جاوے

فوائد استعمال۔ خشک کھانسی خشونت سینہ میں مفید ہے خوراک ۲ ماشہ سے ۹ ماشہ تک +

کبابہ

فارغہ ——————— کبابہ خندہ

ایک پھل ہے کباب چینی سے بڑا لصف تک پھٹا ہوا اس کے جوف میں ایک اور چھوٹا گول سیاہ دانہ ہوتا ہے یہ سوڈان زیر باد اور کوہ ہمالیہ و گرد نواح شیخوپورہ ضلع گوجرانوالہ ملک پنجاب میں بھی پیدا ہوتا ہے +

خاصیت۔ رنگ جوزی یا بل بسیاہی۔ ذایقہ تیز تند۔ خوشبودار گرم خشک ۳ مضر حابس شکم مصدع محرورین۔ مصلح کافور نیلوفر۔ بادام۔ گل روغن۔ بدل کباب چینی الائچی +

فوائد۔ قابض حابس اسہال مقوی۔ جگر۔ ہاضم۔ مخرج مادہ غلیظ بارد

استعمال۔ لخلخہ اس کا مقوی قلب دماغ جوشاندہ امراض باردہ دماغ ریاح غلیظ اور جنوں کو مفید ہے۔ خوراک ۱ سے ۷ ماشہ +

جوشاندہ کبابہ ———————

کبابہ ۷ ماشہ۔ گل نیلوفر۔ گل سرخ ہر ایک ۵ ماشہ۔ سپستان ۸ دانہ۔ زنجبیل ۲ ماشہ۔ بابونہ ۳ ماشہ۔ ڈیرھ پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جاوے صاف کر کے ۴ تولہ ترنجبین ملا کر ایک مرتبہ استعمال کیا جاوے

فوائد۔ بلغمی امراض اور سوداوی میں کار آمد ہے +

لخلخہ کبابہ ———————

کبابہ ۴ تولہ۔ ناگیسر ۲ تولہ۔ حس ایک تولہ خوب باریک کوٹ چھان کر باضافہ ۴ تولہ۔ چاک مٹی ایک پاؤ پانی میں پکا کر گاڑھا کر کے

جمالیں۔ بعد خشک ہونے کے چھوٹی چھوٹی ٹکیاں کاٹ کر کشادہ دہن والی شیشی میں رکھ لیا جاوے اور وقت ضرورت کے سونگھا دیا جاوے

فوایدہ مقوی قلب دماغ +

سفوف کبابہ ۔

کبابہ بوکھرل سول ۔ جواکھار ۔ پوست ہلیلہ زرد ۔ ہینگ نمک سنگ نمک سونچر بڑنگ کابلی ۔ چیتہ کف دریا ۔ نسوت سفید ۔ اجواین دیسی مساوی کوٹ چھان کر سفوف بنایا جاوے +

فوائد استعمال ۔ تلی کی سختی دور کرنے کے واسطے ۔ خوراک ۲ ماشہ ۔ دو مرتبہ دن میں +

اجواین دیسی

لموں ملوکی —— نانخواہ

ایک قسم کے بیج ہیں ۔ انیسوں سے کچھ چھوٹے ۔

خاصیت ۔ رنگ بھورا سیاہ مایل مشابہ انیسوں کے ۔ ذائقہ تلخ ۔ گرم خشک ۳ مضر مورث ۔ دردسر ۔ محرورین ۔ مصلح کتیرا ۔ عناب ۔ شیر ۔ بدل ۔ زیرہ سیاہ ۔ کلونجی +

فوائد محلل اورام ۔ مدر بول حیض ہاضم ۔ مشتہی طعام ۔ مقوی باہ ۔ مسکن درد ۔ مخرج بلغم ۔ مفتح سدہ ۔ جگر طحال +

استعمال ۔ نزلہ کھانسی ۔ پیچش امراض بلغمی تشنجی ۔ ہچکیوں کو مفید خوراک ۱ ماشہ سے ۳ ماشہ +

مرکبات اجواین

حب نزلہ

اجواین ۔ زعفران ۔ افیون ۔ تخم کاہو ۔ صمغ عربی ۔ ملہٹی ۔ کندر ۔ کتیرا مرکی ۔ بہدانہ ہر ایک ۳ ماشہ کوٹ چھان کر نصف رتی کے برابر گولیاں بنائیں فوایدِ استعمال ۔ نزلہ ۔ بے خوابی کھانسی میں مفید ہے ۔ طاقت ۸ حصہ میں ایک حصہ افیون ہے ۔ خوراک ۲ سے ۳ گولی ❊

سفوف اجواین

اجواین دیسی ۔ تخم کرفس ہر ایک ایک تولہ باریک کوٹ چھانکر قند ہموزن ملائیں

فوایدِ استعمال

درد پسلی ۔ معدہ ۔ تلی ۔ مخرج بلغم میں معمول ہے ۔ خوراک ۲ درم ❊

عرق اجواین دیسی

اجواین دیسی ۵ تولہ ۔ پانی ڈیڑھ سیر ۔ ایک سیر عرق کھینچا جاوے اس حساب سے جس قدر ضرورت ہو تیار کر لیا جاوے ۔

فوایدِ استعمال ۔ مانند اصل کے ۔ خوراک ۵ تولہ ❊

اجواین خراسانی

بزرالبنج — سہبنگ

ایک بوٹی کا بیج ۔ مینتھی کے دانوں سے چھوٹے اور مہین ہوتے ہیں ۔ اس کی پیدائش اکبرآباد میں بھی ہوتی ہے ۔ اس کے بیج تین قسم کے ہوتے ہیں ۔ سفید سیاہ سرخ ❊

خاصیت ۔ رنگ سیاہ ۔ سفید ۔ سرخ ذایقہ تلخ ۔ سیاہ سرد خشک ۳ سرخ سفید ۲ ۔ مضر ۔ سیاہ قاتل ہے ۔ سفید ۔ سرخ ۔ سدر دوار ۔ خناق جنون

مصلح شہد - انیسوں - روغن - بدل افیون

فوآید - حابس نزلہ - مخرج بلغم - کرم کش - دافع التشنج +

استعمال - دماغی رطوبیت کو خشک کرتا ہے - بلغمی کھانسی ہر ایک قسم کے درد کو روکتی ہے - دافع پیچش - لیپ دردسر کو اور نزلے کو مانع ہے اعضا میں سستی پیدا کرتی ہے خوراک آنہ سے ۳ ماشہ +

علامات زہر زیادہ استعمال سے ہاتھ پاؤں سن آنکھوں کی پتلیاں پھیل جاتی ہیں - اور بیہوشی لاحق ہو کر مریض جان بحق ہو جاتا ہے - سفید سے خناق - جنون دوران سر پیدا ہوتا ہے - سرخ سیاہ کے قریب ہے +

علاج - اول قے کرائی جاوے - اور عارالحم یا اور کوئی سریع النفوذ محرک نظام عصبی شئے دیکر اس کی بے حسی حالت کو بحال رکھنا چاہیئے +

مرکبات اجواین خراسانی

حب اجواین

سفوف اجواین ایک تولہ - صمغ عربی ۴ ماشہ - افیون ۱۲ رتی - پان دیسی ۸ عدد خوب باریک کر کے ایسی لگدی بنائی جاوے - افیون دیگر اجزا مین بخوبی مل جاوے - اس کی ۴۸ گولیاں بنائی جاویں +

فوایداستعمال - منہ سے خون آنے کو ہمراہ شربت خشخاش کے مفید اور مسکن ہے - خوراک ۲ گولی - طاقت ۱/۴ افیون ہے +

ست اجواین

اجواین کو کوٹ کر مانند گلو کے نکالا جاوے یا تیزاب سے +

فواید - اجواین کے - خوراک ۱/۴ سے ۱/۲ رتی +

سفوف اجواین خراسانی

اجواین ۲ تولہ۔ انیسوں ایک تولہ۔ تخم کرفس ۶ ماشہ۔ مصطگی ۳ ماشہ باریک کر کے سفوف بنائیں +

فوائد استعمال کھانسی۔ دافع درد۔ ہچکی۔ ریاح۔ پیچش خوراک ۳ ماشہ

نطوخ اجواین

اجواین خراسانی کاہو۔ شیاف بابیشا۔ فوفل۔ صمغ عربی۔ بیخ بسفائج ہر ایک ایک ماشہ افیون ½ ماشہ۔ گلسرخ۔ انزروت۔ صندل سفید ہر ایک ایک ماشہ۔ رب بورد۔ رب دھنیا سبز کے پانی میں پیس کر تیار کر لیا جاوے +

فوائد استعمال۔ درد سر۔ درد شقیقہ میں ایک کاغذ میں سوئیوں سے باریک باریک سوراخ کر کے۔ یہ دوائی اس پر لگا کر جائے ماؤف پر کچھ دیر کے واسطے چپکا دی جاوے +

سداب تلخ

سداب

ایک قسم کی گھاس ہے۔ اکثر گیہوں کے کھیت میں پیدا ہوتی ہے۔ اور یہ تین قسم کی ہوتی ہے۔ بستانی۔ جنگلی۔ پہاڑی پھول زرد سفید۔ مزہ تلخ بدبودار۔ اس کے بیج غلاف میں تین تین عدد تکونا شکل میں ہوتے ہیں رنگ زردی لئے ہوئے +

خاصیت۔ سیاہ مایل بسفیدی۔ بعض بالکل سیاہ۔ ذائقہ قدرے تلخ تیز بدبو۔ گرم خشک۔ مضر مورث۔ درد سر شقیقہ۔ دوار۔ مصلح انیسون۔ سکنجبین۔ **فوائد**۔ مدر حیض۔ امراض عصبی۔ رتیح بلغم۔ مخرج جنین۔ مشیمہ +

استعمال۔ اس کا جوشاندہ ہمراہ شہد۔ سکنجبین۔ کابوس۔ ہچکی۔ قولنج داہج سردی معدہ مرگی کو مفید ہے۔ فرزجہ مخرج جنین مشیمہ اور روغن درد پہلو۔ کمر۔ گردہ کو مفید ہے +

مرکب برگ سداب

سنون

برگ سداب دو درم۔ سجی۔ چونہ۔ ہڑتال ہر ایک ایک درم باریک کر کے تیز سرکہ میں ملا کر ایک ظرف گلی میں رکھکر آگ میں رکھ دیں۔ جب وہ جل جاوے نکال کر سرد کر لیں +

فواید استعمال۔ زخم منہ مسوڑوں پر لگایا جاتا ہے +

روغن سداب

تخم سداب باریک کیا ہوا ایک حصہ۔ پانی ۴ حصہ۔ روغن زیتون دس حصہ اس قدر جوش دیں کہ پانی جل جاوے۔ پھر تیل کو صاف کر لیں +

فواید استعمال۔ استرخا اور گردہ مثانہ کی سردی درد پہلو۔ رحم کمر کے لئے مفید ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ تپ لرزہ کو مانع ہے۔ اس کا حمول اورار قبض ہے +

گاجر

جزر ——— گذر

ایک مشہور جڑ اودی۔ زرد۔ سیاہ۔ سفید ہوتی ہے۔ اور پتے وصیہ کے مانند۔ ذائقہ شیریں پھیکا۔ دیر ہضم۔ گرم تر۔ معدہ باہ جگر کو قوت دیتی ہے سدہ کھولتی ہے۔ خشک کھانسی۔ حبس بول کو مفید ہے۔ اس کے بیج سرخ بھورے۔ ذائقہ پھیکا تیز۔ محرک رحم۔ خوراک ۳ سے ۷ ماشہ +

مرکبات گاجر

اچار گاجر

گاجروں کو چھیل کر اندر سے ہڈی نکالی جاوے پھر قدرے جوش دیکر سرکہ میں بمعہ نمک مرچ زیرہ وغیرہ ڈال دی جاویں جب رفتہ نرم ہو جاویں استعمال کریں - فوائد استعمال - ہاضمہ - دافع طحال - مقوی معدہ و جگر +

اب افشردہ گاجر

گاجروں کو چھیل کر استخوان نکالیں پھر کچل کر پانی نچوڑ لیا جاوے +

فوائد استعمال - خفقان - جلندر کو مفید ہے - خوراک ۱ تولہ +

حلوا گاجر

گاجر مصفی ۲ سیر ہموزن شیر گاؤ میں پکا کر معہ شیر کے پیسیں بنصف سیر روغن گاؤ میں اس قدر بریاں کریں کہ رطوبت جاتی رہے - پھر چرونجی بنصف پاؤ مغز بادام شیریں - مغز نارجیل کی سیاہی دور کر کے ایک چھٹانک باریک پیس کر ایک سیر چینی کے قوام میں کل چیزوں کو ملا کر حلوا تیار کریں +

فوائد استعمال - مقوی باہ اعضاء - مفرح طبع - خوراک ۵ تولہ +

مربہ گاجر

گاجر مصفی جوش دیکر کسی برتن میں اس طرح رکھدیں تاکہ پانی نکل جاوے پھر گھی میں بریان کر کے چکنائی کو دور کر دیں - پھر چینی کے قوام میں ڈبو دیں جب قوام پتلا ہو جاوے اس میں اور چینی ملا کر پھر قوام کو گاڑھا کر دیں +

فوائد استعمال - مقوی باہ - مولد خون صالح - مفرح طبع - خوراک ۵ تولہ

مرکب تخم گاجر

سفوف تخم گاجر

تخم گاجر دو تولہ۔ انیسوں ایک تولہ۔ چہار مغز ۶ ماشہ۔ اجواین خراسانی ۵ ماشہ باریک کر کے چینی ۲ تولہ ملا لیں ÷

فواید استعمال۔ پیشاب حیض کو جاری کرتا ہے۔ درد سینہ پشت کو مفید ہے۔ رحم کو رطوبت سے پاک کرتا ہے۔ خوراک ۹ ماشہ

درخت رینڈ

خروع ——— بید انجیر

ایک مشہور درخت ہے جو دو قسم کا سرخ اور سفید ہوتا ہے۔ اس کے پتے چنار سے بڑے اور اسی کی قطع وضع پر ہوتے ہیں پھل گھنڈی دار اور اسپر خار اندر بیج سرخ سفید نقطہ دار ہوتے ہیں اسی کا تیل نکالا جاتا ہے جس کو روغن بید انجیر کہتے ہیں یہ گاڑھا زردی مایل ہوتا ہے۔

خاصیت۔ تخم رنگ اوپر چتی دار۔ اندر سفید۔ ذایقہ پھیکا بدمزہ گرم خشک مضر محرورین کرب مصلح چاء۔ دودھ بدل۔

فواید۔ محلل اورام بلغمی۔ دافع نقرس۔

استعمال۔ ہلکا مسہل ہے قولنج بواسیر پیچش کو مفید خوراک تیل لی لسے سے نو تولہ ÷

مرکب تخم بید انجیر

ترکیب روغن بید انجیر نکالنے۔ تخم اندہ صاف کر کے بیان کریں پھر کوٹیں سپانی ہیں جوش کر کے کف ایک برتن میں اوتار کر جمع کرتے جائیں جبکہ تمام کف اوتر جاوے اور پانی رہ جاوے پھر اس کف کو جوشدیکر صاف

کرلیں +

استعمال - سرد دماغ کے مرضوں اور دست لانے کے واسطے برتا جاتا ہے +

روغن بیدانجیر

یہ تیل سفید مایل بزردی پھیکا چکنا - بدمزہ درجہ دوم میں گرم خشک ہوتا ہے - بہت ہلکا مسہل ہے پلانے اور دستور کرنے سے بلا تکلیف دست آتے ہیں - روغن بیدانجیر ۲ تولہ - روغن بادام ۶ ماشہ ملاکر ہمراہ شیر گرم کے کبھی بجائے روغن بادام کے لعاب صمغ عربی ملاکر خوب پھینٹ لیا کرتے ہیں جس کی وجہ سے وہ انڈے کی طرح ہو جاتا ہے +

سونٹھ

زنجبیل

ایک قسم کی جڑ ہے چوڑی گرہ دار غباری اس میں خاص قسم کی بو آتی ہے - اور رطوبت غلیظ کی وجہ سے کیڑا کھا جاتا ہے - بہتر بے ریشہ دار ہوتی ہے - جیسا کہ چین کی

خاصیت - رنگ غباری سفید - تیز بو ذائقہ نہایت تیز تند جو زبان میں نفوذ کر جاتا ہے - گرم خشک - مضر حلق - مصلح شہد - روغن بادام - بدل دار فلفل - مرچ سیاہ - عاقرقرحا +

فوائد - ملین شکم - ہاضم - دافع نفخ - محلل ریاح - مقوی باہ - دماغ - کاسر ریاح +

استعمال - رطوبت بلغمی کو دفع کرتی ہے - پیچش ورم کھانسی - دمہ - درد پسلی - بواسیر بادی - امراض معدہ سرد گرم امعاء کو سود مند ہے ۳ سے ۸ ماشہ

مرکبات زنجبیل

جوارش سہی

سونٹھ سیاہ مرچ ہر ایک دو درم۔ دار فلفل ۳۰ درم تل مقشر ۵ درم قند ڈیڑھ سیر قوام کر کے گوندھ لیں +

فوائد استعمال۔ بواسیر۔ ہاضم بہی ہے۔ خوراک ۳۔ ماشہ +

حب زنجبیل

سونٹھ ۳ ماشہ۔ سمندر جھاگ ۳ ماشہ۔ گل ارمنی ۴ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ ۲ ماشہ مغز تخم بہیڑا۔ مغز تخم ہلیلہ زرد۔ افیون ہر ایک ۲ ماشہ کوٹ چھان کر رب کوکنار میں گولیاں بنائی جاویں +

فوائد استعمال۔ سرخی چشم میں آنکھ پر لیپ کیا جاتا ہے +

سفوف زنجبیل

سونٹھ دو درم۔ سونف ایک درم۔ ہینگ ۳ درم کوٹ چھان کر سفوف بنایا جاوے +

فوائد استعمال بھوک زیادہ کرتا ہے۔ خوراک ۹ ماشہ

سنون زنجبیل

سونٹھ سوہن مکھی بابرنگ۔ ہیراکسیس۔ نیلا تھوتھا بریان ہموزن کوٹ چھان کر منجن بنائیں +

فوائد استعمال۔ درد دانت اور مضبوطی کے لئے مفید ہے +

شربت زنجبیل

سونٹھ ۲ تولہ۔ مغز بادام شیریں ۲ تولہ۔ چینی نصف سیر مطابق قاعدہ کے قوام کرلیں۔ فوائد استعمال۔ مانند زنجبیل کے خوراک ۲ سے ۵ تولہ +

طلا سوز نجبیل

سونٹھ ۔صندل سفید ۔پوست بیخ ارنڈ کوٹ چھان لیں +

فوایدہ استعمال ۔چاول ساٹھی کے پانی میں خوب باریک پیس کر پیشانی کنپٹیوں پر آدھا سیسی اور درد سر میں لگاتے ہیں +

قرص زنجبیل

سونٹھ ۔گل مجیٹھ ۔پوست بیخ ارنڈ ہر ایک دو حصہ ۔افیون اجواین خراسانی مرکی ۔کافور ۔زعفران ۔بیخ نفاخ ہر ایک ایک درم بدستور قرص بنائیں +

فوایدہ استعمال ۔درد سر میں لگایا جاوے +

قہوہ زنجبیل

سونٹھ ۔گل دھاوہ ۔ہر ایک ڈیڑھ ماشہ ۔کوکنار ایک عدد ایک پاؤ پانی میں جوش دیں جب نصف رہ جاوے میٹھا کر کے استعمال کریں +

فوایدہ ۔درد سر ۔زکام بلغمی میں یہ ایک خوراک ۔

مربہ زنجبیل

زنجبیل بے ریشہ کر ایک برتن میں ریت سے پوشیدہ کر کے اکیس روز تر رکھیں تاکہ وہ نرم ہو جاوے ۔پھر اس کو بانس کی تیلیوں سے کونچ کر شہد کے ہمراہ جوش دیکر گاڑھا قوام کر لیں ۔مقدار قوام اس قدر ہو کہ یہ ڈوبی رہے +

فوایدہ استعمال ۔امراض بلغمی معدہ ۔گردہ ۔مثانہ کو دفع کرتی ہے اور ادرار بول اور مقوی باہ ہے ۔خوراک ۲ ماشہ سے ایک تولہ

نشوق زنجبیل

سونٹھ کا تخم ۔دار چینی ۔ہموزن باریک کر کے روغن فستق یا بادام میں ملائیں

فوائد استعمال ۔ناک کے سدہ کھولنے کے واسطے سونگھتے ہیں +

گل شبو

گل خیری ـــــــــــــــــــــــ گل شبو

یہ ایک درخت کا پھول ہے جو رات کو خوشبو دیتے سے شبو مشہور ہے
خاصیت ۔رنگ سفید زرد اودا ۔ذائقہ تلخ پھیکا ۔گرم خشک ۔مضر مورث دردسر ۔روغن بادام ۔سرکہ گھی ۔بدل نرگس +

فوائد محلل ریاح ۔ملطف ۔مدر حیض ۔مانع ہچکی ۔مخرج جنین مردہ ۔
استعمال اس کا روغن مقوی دماغ ۔مفرح قلب ۔منقی دماغ ۔اس کی جڑ کے عرق کا حمول حیض کو جاری کرتا ہے ۔خوراک ۳ سے ۶ ماشہ

روغن شبو

گل شبو کو روغن کنجد میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں جب اس میں اثر آجاوے پھولوں کو بدل دیں اس طرح دو مرتبہ کر کے صاف کرلیں +

فوائد استعمال ۔مقوی دماغ ۔مفرح قلب ۔منقی دماغ +

عود صلیب

عود صلیب ـــــــــــــــــــــــ

یہ درخت نر اور مادہ ہوتا ہے ۔نر کو عود صلیب ۔مادہ کو فاوانیلک کے نام سے مشہور ہے ۔عود صلیب اس سبب سے کہتے ہیں کہ جب اس کی جڑ کو توڑیں تو دو خط صلیبی متقاطع معلوم ہوتے ہیں ۔عود صلیب کی ساق دو بالشت کی لمبی اور اس پر بہت سی شاخیں نکلتی ہیں ۔ساقوں کے کنارہ پر بادام کے مانند غلاف ہوتا ہے ۔جس میں انار کے مانند سرخ دانے ہوتے ہیں ۔اور ایک دانہ میں پانچ چھ چیزیں بنفشہ کے مانند سیاہی مائل ہوتی ہیں +

خاصیت۔ رنگ سرخ۔ ذایقہ تلخ کسیلا۔ گرم خشک۔ مضر معدہ۔ مصلح کتیرا
بدل غاریقون۔ زراوند مدحرج +

فواید۔ حابس خون۔ مجفف رطوبت۔ مقوی معدہ۔ امعا۔ عصب۔ مفتح
سدہ گ +

استعمال۔ بالخاصہ مرگی ام الصبیان۔ درد گردہ۔ مثانہ۔ ورم رحم۔ کا بول
کو مفید ہے۔ گلے میں لٹکانے سے مرگی اور بچوں کے رونے کو مانع ہے۔
خوراک ۳ ماشہ۔ شناخت جابنے کے تھوڑی دیر بعد چرپرا پن تلخی۔ ذایقہ
میں کچھ قبض ہو +

مرکب عود صلیب

سفوف عود صلیب ________

عود صلیب ۷ ماشہ۔ کہربا ۳ ماشہ۔ کتیرا ۳ ماشہ۔ الجبار ۶ ماشہ۔ طباشیر
سماق۔ خرفہ ہر ایک ۶ ماشہ باریک کر کے سفوف بنایا جاوے +

فواید استعمال۔ حابس خون اندرونی خوراک ۶ ماشہ

طلا عود صلیب ________

عود۔ کندر۔ مصطگی۔ طباشیر ہر ایک ایک ماشہ پوست پستہ بیرون۔
زیرہ گلاب۔ صندل سفید ہر ایک تین ماشہ روغن گل ایک تولہ باریک
کر کے روغن گل یا گلاب میں ملالیں۔ فواید استعمال۔ درد معدہ جو گرمی سے
ہو سوزش معدہ کو مفید ہے۔ اگر حرارت زیادہ ہو کافور اور سیب کا پانی زیادہ کریں

چنا

حمص ________ نخود

یہ مشہور غلہ کئی قسم کا ہوتا ہے۔ سفید سیاہ سرخ زرد یہ فصل ربیع میں پیدا

ہوتا ہے۔ اور عام مشہور ہے۔ اس کے پتے باریک بار یک کنارہ دار ذایقہ ترشی مایل پھیکا طبیعت سرد خشک پھل غلاف دار صدف کے مانند اس میں دو باہم ملے ہوے نوکدار ایک دوسرے سے ہوتے ہیں +

خاصیت۔ رنگ خام سبز پختہ۔ مذکور الصدر مذایقہ پھیکا۔ تازہ قدرے شیریں گرم خشک۔ مضر نفاخ۔ مصلح سکنجبین۔ گلقند۔

فواید۔ مصفی خون۔ مولد منی۔ مقوی باہ۔ کثیر الغذا۔ مفتح سدہ جگر طحال گردہ۔ مولد خلط صالح۔ مدر بول۔

استعمال۔ امراض دموی۔ سوداوی میں گرم گرم سونگھنا دافع نزلہ۔ سیاہ چنے کا جوشاندہ مخرج جنین ہے +

مرکب

حلوہ نخود

نخود بریان ایک پاؤ۔ خشخاس ۵ تولہ۔ شہد سہ چند۔ خشخاش کو باریک پیس کر آرد نخود کو گھی میں بریان کر کے شہد کے قوام میں حلوہ تیار کر لیا جاوے +

فواید استعمال۔ مقوی باہ۔ مجفف رطوبت معدہ

ترکیب روغن نخود

چنوں کو کچل کر آتشی شیشی میں بھر دیں اور اس کے منہ میں سنکیں یا تار کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے لگا کر گل حکمت کر دیں اور مطابق قاعدہ کے تیل نکالا جاوے

فواید استعمال۔ مقوی باہ۔ اگر کلونجی ملا کر کھینچا جاوے تو سرد امراض بلغمی اور دردوں میں بہت مفید ہوگا +

پپلامول

اصل الفلفل ـــــــــــــــــــ فلفل موبہ

ایک جڑ گرہ دار ہے۔ ہندی میں جڑ کو مول کہتے ہیں۔ اور پپل نام دار فلفل کا ہے۔ یعنی جڑ دار فلفل کی +

خاصیت۔ رنگ سیاہ بھورا۔ ذائقہ تلخ تیز۔ گرم خشک۔ مضر محرورین مبتنی بصارت۔ مصلح گوند۔ شہد۔ بدل سورنجاں شیریں دو تہائی۔ مغز گرا ایک تہائی

فوائد۔ محلل ورم ریاح۔ جاذب رطوبت۔ مخرج بلغم۔ مقوی ہاضمہ۔ مدر بول حیض۔ استعمال۔ قولنج تشنجی۔ طحال۔ ورم باردہ۔ بلغمی ورموں کو دفع کرتی ہے۔ خوراک ۳ سے ۴ ماشہ +

مرکب پپلامول

حب سعال ـــــــــــــــــــ

شکر تیغال۔ پپلامول۔ رب السوس۔ چینی ہموزن باریک کوٹ کر گولیاں بنالی جاویں + فوائد استعمال مخرج بلغم۔ بھوک زیادہ کرتی ہے۔ خوراک ۲ سے ۴ ماشہ

چاکسو

حبتہ السودا ـــــــــــــــــــ چشمک

چاکسو کا درخت زمین سے گز بھر اونچا ہوتا ہے۔ اس میں سیاہ رنگ کے قدرے تلخ مسور کے مانند مثلث ہوتے ہیں +

خاصیت۔ رنگ سیاہ چکنا۔ ذائقہ قدرے تلخ پھیکا گرم خشک ۲۔ مضر محرورین مصلح برگ کشنیز۔ عرق گلاب برائے مدبر۔ بدل تخم ارغوان +

فوائد۔ قابض مجلد۔ محلل ورم۔ مقوی بینائی۔ استعمال۔ آنکھ کے درد اور سرخی کو مانع ہے۔ چاکسو زعفران مامیران۔ عرق گلاب میں گھسکر لگانا زخم قضیب کو مفید

ہے۔خوراک ۱ سے ۲ ماشہ +

مرکبات

روغن چاکسو

چاکسو۔صندل سرخ۔کیلا ہر ایک ۳۔ماشہ سپاری سنگ جراحت کشتہ سفید نوہ چون۔وج خراسانی۔ہڑ رنگی۔پھٹکڑی۔مہندی ہر ایک پونے دو ماشہ برگ نیم۔دہماسہ ہر ایک ایک درم۔بوک بکاین ۲ درم۔نیلہ تھوتھا ۱ ماشہ۔ مرچ سیاہ۔۷ ماشہ۔روغن سرشف ۵ تولہ اول۔پتولنا۔لوہ چون کھیکرد و قرص بنائیں اور روغن میں ڈال کر قرصوں کو جلایا جاوے۔پھر تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر ایک لوہے کے برتن میں رکھ کر نیب کے دستہ سے حل کریں +

فوائد استعمال۔سرخ بادمیں لگایا جاتا ہے +

قطور چاکسو

چاکسو۔بہدانہ۔تخم خبازی ہر ایک دس عدد نیم کوفتہ نشاستہ نصف مثقال رسوت دو دانگ قدرے پانی میں جوش دیں جب گاڑھا ہو جاوے صاف کر کے تھوڑی سفیدی بیضہ مرغ ملالیں +

فوائد استعمال۔ابتدائی رمد۔درد آنکھ میں سفیدی بیضہ مرغ میں ملا کر نیم گرم آنکھ پہ لگایا جاوے +

کحل چاکسو

چاکسو ایک تولہ۔دہنہ فرنگ۔سرمہ ہر ایک ۹ ماشہ۔شادنج عدسی مغسول۔مامیران چینی۔اقلیمیا ذہبی۔اقلیمیا فضی۔مرداسنگ۔یاقوت مائی سمندر جھاگ ہر ایک ۶ ماشہ۔توتیا مغسول ۲ درم۔صمغ عربی۔کتیرا ہر ایک ایک درم۔پنبہ آہو۔پنبہ کعب۔ورق طلا ہر ایک ۶۔عرق گلاب ۶۔عرق کیوڑہ ۵

اس میں حل یہ کریں۔ مشک خالص ۳ ماشہ۔ سرمہ سا بنایا جاوے +

استعمال۔ مانع نزول۔ انتشار ضعف بصر۔ بیاض ظفرہ کو مفید ہے +

آڑو

خوخ ——————— شفتالو

یہ مشہور پھل چاشنی دار سرخ سفید ہوتا ہے۔ اس کا پتا لمبا پتلا پھول سفید سرخی نما۔ چھلکا لکڑی کا سرخ سیاہ ہوتا ہے۔ اس کی شاخیں عموماً سیدھی ہوا کرتی ہیں +

خاصیت۔ رنگ سبز سرخ۔ ذائقہ شیریں۔ چاشنی دار قدرے تلخی مایل۔ سرد تر۔ مضر مرطوبین اعصاب۔ مصلح شہد مربہ ادرک۔ بدل کشمش۔ امرود۔

فواید۔ مفرح قلب۔ مسکن تشنگی ملین +

استعمال۔ امراض دموی صفراوی۔ حمول گل جنین کو ساقط کرتا ہے۔ وعن مغز کا نقل سامع کو مانع ہے +

مرکب برگ شفتالو

قطور برگ شفتالو ———————

عرق برگ شفتالو۔ عرق برگ مولی۔ عرق پودینہ۔ بورہ ارمنی سقمونیا افسنتین۔ زراوند مدحرج ہر ایک ایک درم۔ درمنہ ترکی نصف درم سرکہ میں پیس کر کام میں لائیں +

فوائد استعمال۔ کان کے کیڑوں کو مارتا ہے +

مرکب پھل

مربہ شفتالو ———————

مربا خوبانی۔ شفتالو کا مانند گاجر کے بنایا جاتا ہے +

فوایدـ خوراک مانند اصل سلجم کے ہے ؏

کرم کلا

بلغتہ الانصار ـــــــــــــــــــــــــ کرنب

ایک مشہور ترکاری ہے جو کئی قسم کی ہوتی ہے ـ بستانی جنگلی ـ بستانی کی جڑ چقندر کے مانند رنگ سبز بعض شلغم کے مانند ایک قبہ نما ہوتی ہے اس کے پتے تہ بتہ ہوتے ہیں ـ جس کو کرم کلا کہتے ہیں اس میں ردائت غالب ہوتی ہے ـ

خاصیت ـ رنگ سبز ـ ذائقہ پھیکا کسیلا ـ مرکب القوی ـ بعض گرم خشک ـ مضر و دیں ـ مورث پیچش ـ مصلح گل ترمندی ـ بدل گوبھی ؏

فوایدـ مفتح ملین ـ مجفف مقوی باہ ـ نفاخ جبھی ـ مدر بول حیض مسدد ـ مصفی آواز ـ استعمال ـ خون غلیظ پیدا ہوتا ہے اس کے جوشاندہ کا غرغرہ خناق کو مفید ہے ضماد ورم کو تحلیل کرتا ہے ؏

مرکب برگ کرم کلا

غرغرہ کرم کلہ ـــــــــــــــــــــــــ

برگ کرم کلا ۵ تولہ برگ شہتوت ۵ تولہ ـ پانی ایک سیر میں جوش دیں جب نصف رہ جاوے صاف کریں ؏

فوائد استعمال ـ خناق میں غرغرہ کیا جاتا ہے ؏

مرکب تخم کرم کلا

سفوف کرم کلا ـــــــــــــــــــــــــ

تخم کرم کلا ایک تولہ ـ افیون پہاڑی ـ تخم کرفس ـ گندک ـ نخود سیاہ کند سفید ہر ایک دو دو درم مغز چلغوزہ ـ ۳ درم ـ مویز منقی ۵ درم کوٹ چھانکر سفوف بنائیں

فوائد استعمال۔ ہمراہ عرق سونف کے یرقان سدی میں مفید ہے۔ خوراک ڈیڑھ درم

مرہم کرم کلا

سفوف تخم کرم کلا ایک تولہ۔ قیروطی ۲ تولہ۔ خوب ملا لیا جاوے۔

فوائد استعمال۔ گنج زخم جائیں جلے ہوئے مقام پر لگانے سے آرام ہوتا ہے۔

مہندی

حِنّا ———— ہمنا

ایک درخت ہے جس کے پتے پیس کر لگانے سے جگہ سرخ ہو جاتی ہے اس کے پھول پتے کام میں آتے ہیں۔ رنگ میں گل مہندی ایک درخت ہے۔

خاصیت۔ رنگ سبز۔ ذائقہ قدرے تلخ بکھٹا۔ مرکب القوی۔ مضر حلق پھیپھڑہ مصلح کتیرا۔ اسبغول۔ بدل منڈی۔

فوائد۔ مصفی خون۔ مندمل زخم۔ مدر بول۔ حیض۔ دافع سوزش۔

استعمال۔ اس کا جوشاندہ۔ جذام آتشک فساد خون پھوڑا۔ بثور۔ یرقان ورم طحال۔ سنگ گردہ۔ مثانہ۔ عسر البول ضماد شقیقہ ورم زخم کو مفید ہے۔ غرغرہ منہ آنے کو نافع ہے۔ حمرہ۔ ورم حار۔ سوختگی آتش۔ خارش کو سودمند ہے۔ بیج مقوی دماغ۔ تیل ورم داد کو سودمند ہے۔ خوراک ۲ سے ۶ ماشہ۔

مرکب برگ حنا

روغن اوراق ————

روغن اوراق

برگ حنا تازہ۔ برگ دھتورہ۔ برگ آک۔ برگ سہجنہ۔ برگ ارنڈ۔ برگ سنبھالو برگ بکو یہ ہموزن لیکر پانی نکالیں اور پانی کے برابر وزن روغن کنجد ملا کر جوش دیا جاوے۔ اگر عرق و تیل ایک سیر ہو تو اسبغول تخم سوہ ہر ایک ایک تولہ ماجوین دیسی ۶ ماشہ ملا کر اس قدر جوش دیں کہ تیل رہ جاوے۔ صاف کر کے افیون ۲ ماشہ

سورنجاں تلخ ایک تولہ باریک کر کے ملالیں +

فوائد استعمال - دردِ مفاصل میں نیم گرم مالش کریں +

روغن حنا

برگ حنا ۲ تولہ - یا پھول ۲ تولہ - نصف سیر پانی میں جوش دیں جب نصف رہ جاوے اس کے نصف وزن روغن کنجد میں ملا کر جوش دیں جب عرق خشک ہو جاوے صاف کر کے اتار لیں - استعمال - گھٹنوں کے درد میں مفید ہے

غسل حنا

برگ بیری - ۱ تولہ - برگ حنا ۵ تولہ - برگ شاہترہ ایک تولہ - آرد جو - آرد مسور ریشہ خطمی - پوست درخت آم - گل خطمی - پوست ترنج - گلسرخ - صابون ولایتی ہر ایک دو تولہ - چوب چینی ۴ تولہ کوٹ کر دس سیر پانی میں جوش دیں اور صاف پانی لیکر خارش کے دفعیہ کے واسطے استعمال کریں +

مرکب تخم حنا

سفوف تخم حنا

سفوف تخم مہندی ۴ ماشہ - سفوف کتیرا ۲ ماشہ - شہد ۶ ماشہ - باہم ملا لیا جاوے

فوائد استعمال - مقوی دماغ تنہا بخ کی بینی سے حیض جاری اور حمل ساقط ہو جاتا ہے

راتینج

راتیانج ——— راتیانہ

درخت صنوبر جس کو چیڑ کہتے ہیں اس کا گوند ہے +

خاصیت - سرخ مایل بزردی - ذائقہ تلخ - گرم ۲ خشک ۳ - مضر محرورین اعصاب مصلح قیروطی سفید - گل روغن - بدل ہموزن گلناز - گوند بطم - زیتون - سکبینج فواید - مخرج بلغم - منقی سینہ - استعمال ہمراہ زردی انڈا - دمہ خشک - خشک دہانش

جریان مذی منی کو مفید ہمراہ تمباکو کے مندمل زخم بھیپھڑا۔ اس کا تیل بواسیر کے مسوں پر کہ جن کے علاج سے طبیب مایوس ہو گئے ہوں چند روز متواتر علاج جاری رکھنے سے گر جائیں گے۔ بوائیوں اور ناخنوں کے پھٹنے کو نافع ہے۔ خوراک ۷ ماشہ +

مرکب راتینج

حریرہ راتینج

چینی ۲ تولہ۔ سبوس گندم ایک تولہ۔ اصل السوس ۳ ماشہ عناب ۵ دانہ پانی ایک پاؤ میں بھگو کر صاف کر لیا جاوے دو تولہ گھی میں حریرہ بنا کر ہمیں ماشہ راتینج ملا کر پیا جاوے۔ چند روز کرنے سے زخم پھیپھڑہ کو مفید ہے +

سفوف راتینج

راتینج دو تولہ۔ گلسرخ ایک تولہ باریک کر کے چینی ہموزن ملا کر سفوف بنایا جاوے۔ فوائد استعمال۔ منی مذی کھانسی میں مفید ہے خوراک ۶ ماشہ

مرہم راتینج

راتینج باریک ۹ ماشہ۔ قیروطی ۲ تولہ ملالیں + فوائد استعمال۔ بوائی پھٹنے اور بواسیر کے مسوں پر لگایا جاوے +

مرکب راتینج بیضہ مرغ

زردی بیضہ ایک عدد۔ دودھ ایک چھٹانک راتینج ۷ ماشہ چینی ایک تولہ راتینج کو ایک چھٹانک دار چینی کے پانی میں بمعہ دیگر ادویہ کے ملالیں۔ کمزور مریضوں کے لئے یہ چار خوراک ہیں

فوائد استعمال۔ خشک کھانسی میں دینا چاہئے +

کمیلہ

قنبیل ــــــــــــ کبنیل

الموڑے وغیرہ کے پہاڑ میں ایک درخت ہے جس کا نام رونی ہے بقدر دو تین قد آدم بلند ہوتا ہے (یعنی قریب ۵ - ۶ فٹ کے) پتے گولر کے مانند موسم گرما میں چھوٹا سا پھول مکو کے مانند لگتا ہے اور خوشے بھی مکو کے خوشوں کی طرح ہوتے ہیں۔ ابتدا میں سبز پھر سرخی مائل رواں پیدا ہو جاتا ہے۔ تو اس حالت میں پہاڑی لوگ ان دانوں کو توڑ کر گڑھوں میں بھر کر کوٹ لیتے ہیں۔ چھاننے سے جو رواں نکلتا ہے وہ کمیلہ ہے اور دانہ بابڑنگ +

خاصیت۔ رنگ سرخ۔ ذائقہ تلخ گرم خشک مضر معدہ امعا۔ مصلح کتیرا مصطگی انیسون بدل بابرنگ۔ ترمس سکبینج +

فواید۔ مخرج کرم شکم کدو دانہ۔ مجفف رطوبت +

استعمال۔ ہمراہ عرق سونف کے ۴ ماشہ کھانے سے کدو دانوں کو براہ دست نکال دیتا ہے۔ سفوف زخم کو خشک کرتا ہے۔ خوراک ۳ سے ۶ ماشہ +

مرکبات کمیلہ

حب کمیلہ ــــــــــــ

برگ پودینہ۔ کمیلہ۔ برنگ کابلی۔ تخم حنظل۔ پوست ہلیلہ زرد ہموزن کوٹ چھان کر۔ رب صمغ عربی میں گولیاں بنائی جاویں +

طلا کمیلہ ــــــــــــ

کمیلہ۔ مردار سنگ۔ نیلہ تھوتھا۔ بریان ہر ایک ایک درم کوٹ چھان کر پان کے عرق میں کھرل کریں +

فواید استعمال۔ داد۔ خارش میں مجرب ہے +

مرہم کمیلا

کمیلہ ۶ ماشہ۔ سہاگہ ۳ ماشہ۔ ہلدی ۳ ماشہ۔ باؤچی ۳ ماشہ کو خوب باریک کر کے قیروطی ۲ تولہ ملالیں +

فوائد استعمال۔ گنج شدید العفونت جس میں پیپ پڑ گئی ہو لگایا جاوے +

چھریلہ

اشنہ ـــــــــ دوالی

ایک چیز لطیف اور باریک ہے جو بلوط صنوبر اخروٹ وغیرہ کے درختوں پر لپٹی ہوئی ہوتی ہے۔ اس کی جڑ ہے نہ پھول نہ تخم +

خاصیت۔ رنگ سفید بھورا۔ ذائقہ قدرے تلخ۔ خوشبودار۔ معتدل قوت قابضہ کے مضر امعا ر۔ اعضا ر شکنی۔ مصلح انیسوں۔ بدل سنبل خرد مانا۔

فوائد۔ قابض۔ محلل ریاح۔ مقوی دل معدہ۔ مسکن درد۔ جوہر روح۔ مدر حیض بول۔ مفرح محافظ روح۔ مقوی قلب۔

استعمال۔ معدہ باہ کو طاقت دیتا ہے۔ ورم جگر۔ طحال ریگ مثانہ خفقان مرگی کو دفع کرتا ہے۔ اس کا سرمہ بینائی کو قوت دیتا ہے۔ خوراک ۳ سے ۱۰ ماشہ +

سفوف چھریلہ ـــــــــ

چھریلہ۔ انیسوں۔ ابریشم مقرض۔ گاؤزبان۔ بہمنیں ہموزن باریک کریں +

فوائد استعمال۔ مقوی قلب۔ معدہ۔ محافظ روح۔ خوراک ۶ ماشہ +

طلا چھریلہ ـــــــــ

اشنہ سبز۔ تخم اندرائن۔ نوشادر۔ چونہ ان بجھا ہوا۔ پتہ گائے ہموزن۔ صابون کے پانی میں ملا کر طلا کریں۔ جب قوی کرنا چاہیں تو زنگار مس سوختہ بورہ اشخار ہڑتال زیادہ کر دیں۔ فوائد استعمال۔ مسوں اور تلوں کے دور کرنے کیواسطے مجرب ہے

مسور

عدس ——— بنو سرخ

ایک مشہور غلہ ہے جو اندر ہلکا نارنجی ہوتا ہے۔ اس کی دو قسمیں ہیں جنگلی بستانی۔ جنگلی تلخ۔ دانہ گول اور چھوٹا ہوتا ہے۔ جو بویا جاتا ہے اس کا دانہ چپٹا بڑا ہوتا ہے ؛

خاصیت۔ باہر بھورا اندر سرخ۔ ذائقہ پھیکا۔ گرم خشک بضر بواسیر باہ۔ نظر۔ مصلح سرکہ گھی۔ گوشت بدل۔ ماش باقلا۔ فوائد۔ قابض چھالے نفاخ۔ مسکن جوش خون۔ مغلظ۔ مفتح سدہ۔ محلل ورم گرم۔ مدر حیض ؛

استعمال۔ فالج۔ رعشہ۔ نزلہ کو مفید ہے۔ سرکہ یا آب کرنب میں پکا کر لیپ کرنے سے ورم پستان کو تحلیل کرتا ہے۔ خام ہمراہ مرچ سیاہ کے مسکن درد ہے۔ ہمراہ عرق برگ شہتوت کے غرغرہ کرنے سے خناق زخم دہن کو مفید ہے ؛

پولٹس ———

آرد مسور ۲ تولہ۔ آرد السی ۲ تولہ۔ نصف پاؤ پانی کھولتے ہوئے میں ڈال کر ملالیں۔ فوائد استعمال پھوڑا۔ درد حیض میں ٹیڑو پر باندھا جاوے

غرغرہ مسور ———

گاؤزبان۔ چاء خطائی۔ مسور ایک تولہ برگ شہتوت ۲ تولہ۔ پانی ڈیڑھ پاؤ ملا کر جوش دیں جب نصف رہجاوے تو شربت شہتوت ۲ تولہ ملا کر غرغرہ کریں۔ فوائد استعمال خناق میں غرغرہ کریں ؛

فرفیون

فرفیون ———

ایک درخت خاردار کی رطوبت یا گوند ہے جس کو خشک کر کے برابر

کے پہاڑوں سے لاتے ہیں۔ **شناخت** جب زبان پر رکھا جاوے تو زبان کٹتی ہے۔ اور سوزش دیر تک باقی رہتی ہے جو فرفیون عمدہ ہوتی ہے وہ پانی روغن زیتون میں حل ہو جاتی ہے۔ اس کی طاقت دس برس تک قایم رہتی ہے۔ اگر اس کے ہمراہ باقلا مقشر رکھدیں تو اسکی طاقت زایل نہیں ہوتی جس قدر پرانی ہوگی وہ سرخ زردی مایل ہوتی ہے اور حل نہیں ہوتی ہے۔ اور نرمی اس میں کم ہوتی ہے۔ **کھوٹ** ما نزروت۔ صمغ عربی ملایا جاتا ہے اگر فرفیون اور افیون کو ایک برتن میں رکھیں تو باہم ضد سے طاقت زایل ہو جاتی ہے +

خاصیت۔ رنگ بھورا مایل بزردی۔ ذایقہ تلخ تیز۔ گرم خشک۔ مضر محرورین۔ مصلح رب السوس۔ صمغ عربی۔ روغن بادام +

فواید ملطف جالی۔ مخرج بلغم لزج براہ دست۔ مدر حیض۔ مقوی رحم۔

استعمال۔ پٹھوں سے بلغمی۔ فضلات کو نکالتی ہے۔ امراض بلغمی سوداوی کو مفید ہے۔ خوراک اسے ۳ رتی +

مرکبات

روغن فرفیون

فرفیون۔ رائی۔ مالکنگنی۔ پیپلا مول۔ جایفل۔ سونٹھ۔ سورنجاں۔ سری ہر ایک ایک تولہ۔ روغن کنجد۔ ۶ تولہ۔ ادویہ کو خوب باریک کریں۔ پھر تھوڑا تھوڑا روغن ملاکر صلایہ کریں بعد ازاں دھوپ یا گرم جگہ میں رکھ چھوڑیں

فواید استعمال۔ وقت ضرورت کے جہاں سے اعصاب نکلتے ہیں مالش کریں۔ اختلاج تشنج۔ استرخا کو مفید ہے +

سماق

سماق

یہ ایک درخت کا پھل ہے جو مکوہ کے پھل کے برابر اور مسور کے دانہ کی طرح چپٹا۔ پتے انار کے مشابہ لمبے کچھ سرخ ہوتے ہیں۔ اسپر ایک پوست بذائقہ ترش۔ دوا میں یہی پوست استعمال کیا جاتا ہے +

خاصیت:۔ رنگ سرخی مایل بسیاہی۔ ذائقہ ترش۔ بتانی سرد خشک ۲ پہاڑی ۳ درجہ۔ مضر جگر معدہ۔ مصلح انیسون بدل سرکہ اقاقیا۔ اسارون +

فوائد:۔ قابض۔ مقوی معدہ۔ حابس خون۔ دافع قے الدم۔ نفث الدم۔ اسہال الدم۔ بول الدم۔ استعمال خراش امعار سیلان الرحم کو مانع۔ ضمادہ سیلان خون تحت فوق کو مانع ہے۔ منجن مسوڑوں کو مضبوط کرتا ہے۔ خوراک ۴ ماشہ سے ایک تولہ +

مرکبات

جوارش سماق

سماق صاف کیا ہوا ۱۰ درم۔ مورد ۵ درم۔ انار دانہ ترش ۳ درم۔ انار دانہ شیریں ۳ درم۔ گوند کیکر۔ گلنار ہر ایک ۴ درم عرق گلاب میں گوندھ لیں۔

فوائد استعمال دستوں کو بند کرتی ہے۔ خوراک ایک درم +

سفوف سماق

زیرہ سیاہ۔ سماق۔ مساوی کوٹ چھان کر سرد پانی کے ساتھ حسب ہدایت طبیب استعمال کیا جاوے۔ فوائد:۔ قے بلغمی۔ صفراوی کیواسطے خوراک ۶ ماشہ

مضمضہ سماق

سماق ۶ ماشہ۔ مکوہ ۶ ماشہ۔ برگ چنبیلی دو تولہ۔ کوکنار ۶ ماشہ۔ چھالیا ۳ ماشہ

برگ حنا ایک تولہ پانی ایک سیر جوش دیکر صاف کرلیں۔ اور کتھ سفید ۳ ماشہ ملاکر غرغرہ کریں۔ استعمال ہے کے زخم کے واسطے +

عاقرقرحا

عاقرقرحا ——— بیخ طرخون کوہی

یہ پہاڑی طرخوں کی جڑ ہے جو انگلی کے برابر موٹی اور توڑنے سے سفید نکلتی ہے۔ یہ ہندوستان۔ شام۔ افریقہ۔ قسطنطنیہ سے آتی ہے +

خاصیت۔ باہر سیاہ۔ سرخی مایل۔ اندر سفید۔ ذایقہ نہایت تیز چرپرا۔ گرم خشک مضر پھیپھڑہ مصلح کتیرا۔ مویز بدل جگہ کو مکو شیطرج۔ وار فلفل شہد معدگی راسن۔ سونٹھ سیاہ مرچ فواید۔ مدر حیض مصلح سدہ منقی دماغ۔ مخرج بلغم بھی۔ استعمال۔ دماغی فضلات کو نکالتا ہے امراض باردہ۔ مثلاً لقوہ۔ استرخار۔ رعشہ۔ کزاز لکنت۔ وجع مفاصل۔ عرق النسا۔ استسقا سکتہ کو مفید سرد مزاج والوں کی قوت باہ زیادہ کرتا ہے۔ کلی دانتوں کو مضبوط کرتی ہے۔ اس کا روغن قسط سے قوی ہے۔ خوراک ۱ سے ۲ ماشہ

مرکبات عاقرقرحا

حب عاقرقرحا ———

عاقرقرحا۔ جند بیدستر۔ چیتہ۔ اجواین خراسانی ہر ایک ۳ درم سکبینج شحم حنظل ہر ایک ۲ درم۔ صبر ۵ درم سب کو کوٹ چھان کر پانی میں گولیاں بنالیں۔ استعمال ہر روز ۳ ماشہ نیم گرم پانی سے کمزور کو دیجاویں۔

فواید۔ رعشہ میں بہت مفید ہیں +

روغن عاقرقرحا

عاقرقرحا ۲ تولہ۔ روغن زیتون نصف سیر۔ عاقرقرحا ایک پاؤ پانی میں

کوٹ کر بھگو دیں۔ بعد ازاں تیل ہیں ملا کر جوش دیں جب پانی مل جاوے صاف کریں **فوائد استعمال**۔ روغن قسط سے قوی ہے۔ ناک میں سڑکنے سے سردی کے درد سر اور امراض عصبی جو سردی سے پیدا ہوتے ہوں مفید ہے۔ استرخار قضیب کے واسطے بہت مفید ہے +

سنون عاقرقرحا

عاقرقرحا۔ وج ترکی۔ کزمازج۔ ناگر موتھا ہر ایک ۶ ماشہ۔ پوست انار مازو۔ کندر۔ زیرہ گلنار فارسی۔ سیجی چینی کانکرہ ہر ایک ۳ ماشہ۔ کف دریا۔ طرزد۔ پھٹکری بریان۔ صدف سوختہ ہر ایک نصف ماشہ۔ مرچ سفید۔ مصطگی۔ عود بلسان ہر ایک ایک ماشہ۔ برادہ دندان فیل ۵ ماشہ۔ بیخ سوسن کبود۔ بارہ سنگ سوختہ۔ اشنہ بلیلہ ہر ایک ۴ ماشہ۔ طباشیر۔ تخم خرفہ۔ نشاستہ کتیرا۔ دھنیا خشک۔ آرد مسور ہر ایک ۷ ماشہ باریک کوٹ چھان کر کافور قیصوری ۶ رتی داخل کریں۔ باریک کوٹ چھان کر منجن بنایا جاوے مدانت مسوڑوں کو مضبوط کرتا ہے۔ نافع نزول۔ زخم دہن۔ اور بدبو خون آنے کو روکتا ہے +

طلا عاقرقرحا

عاقرقرحا مویزج پرانا سرکہ پودینہ کے عرق میں پیکر طلا کریں۔

فوائد۔ خدر کے لئے۔

غرغرہ عاقرقرحا

عاقرقرحا ۶ ماشہ۔ ماميران چینی ۲ ماشہ۔ تخم ترب ۹ ماشہ سرکہ آدھ کوکہ میں جوش کر کے غرغرہ کریں +

فوائد استعمال۔ منہ کے زخم میں کلی کرنے سے اندمال میں مدد ملتی ہے اور دیگر زخموں میں بھی اثر ہوتا ہے +

حب بلسان

حب بلسان ـــــــــــــ تخم بلسان

درخت بلسان کا بیج ہے جو سیاہ مرچ کے برابر گول بھورا سیاہی مایل ہوتا ہے
خاصیت۔ رنگ مذکور الصدر۔ ذائقہ تلخ۔ گرم خشک مضر گردہ۔ مصلح مرزنجوش۔
بدل عود بلسان بیج۔ جاوتری۔ **فواید** محلل ریاح۔ نفخ۔ مفتح سدہ مدر بول۔
حیض۔ جگر۔ مقوی معدہ۔ **استعمال** معدہ امعاء کی رطوبت جذب کرتا ہے
درد سر کہنہ۔ دمہ۔ استسقا۔ عرق النسا۔ تنگی پیشاب۔ بالوں کا گرنا۔ تشنجی امراض سوداوی
بلغمی اور ورم پھیپھڑہ۔ درد معدہ کو مفید ہے۔ خوراک ۳ سے ۷ ماشہ۔

مرکب حب بلسان

شربت بلسان

حب بلسان ۵ تولہ۔ مرزنجوش ۲ تولہ۔ چینی ایک سیر مطابق قاعدہ شربت بنا
لیا جاوے۔ **فواید استعمال**۔ دمہ کھانسی میں خوراک ایک تولہ۔

بیخ کبر

اصل الکبر ـــــــــــــ بیخ کبر

ایک خاردار درخت کی جڑ ہے۔ شاخیں زمین پر جھکی اور پھیلی ہوئی ہوتی ہیں۔
پھول سفید۔ پھل کا گودا اندر سے سرخ۔ بیج زرد۔ جڑ کا ذائقہ تیز تلخ زیادہ جڑیں رکتی
جاتی ہیں۔ **خاصیت**۔ رنگ سفید۔ ذائقہ تلخ۔ تیز۔ گرم خشک۔ مضر معدہ۔ گردہ
مثانہ۔ مصلح شہد۔ سکنجبین۔ بدل۔ بیخ زراوند۔ بجوڑ اہیموزن۔ قسط چوتھائی وزن
فواید۔ مخرج بلغم۔ محلل ورم۔ **استعمال**۔ امراض باردہ دماغیہ۔ عرق النسا۔ بواسیر
ورم طحال۔ درد دنداں اور سرکہ کے ہمراہ داد پر لگانا۔ اس میں تریاقیت زیادہ ہے۔
یہ زہریلے جانوروں کی دافع زہر ہے۔ خوراک ۳ سے ۶ ماشہ۔

مرکبات بیخ کبر

حب کبر

پوست بیخ کبر۔ ریوند چینی۔ کشتہ مرجان۔ تخم کرفس۔ غاریقون سفید۔ کالا نمک ہر ایک ایک حصہ۔ ایلوہ ۶ حصہ کوٹ چھان کر گولیاں بنائی جاویں +

فواید استعمال۔ امراض طحال و دیگر دردوں پر مفید ہے۔ خوراک ایک درم +

سفوف کبر

زوفا خشک۔ بیخ کبر۔ بکو ہنراج فنجنکشت۔ تخم سداب برابر کوٹ چھان کر سفوف بنایا جاوے۔ فواید استعمال ہمراہ سکنجبین بزوری کے ۲ سے ۳ درم۔ امراض طحال کیواسطے مفید ہے +

مطبوخ کبر

پوست بیخ کبر۔ پوست تخم کاسنی سولف فنجنکشت۔ بنسراج۔ بیخ اذخر۔ ہر ایک ایک مثقال۔ غافث انیسوں۔ سولف ہر ایک ایک درم۔ انجیر ۹ عدد۔ گلقند ایک تولہ۔ ڈیرہ پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب تہائی رہجاوے پیویں +

فواید استعمال۔ درد طحال میں یہ ایک خوراک ہے +

بید مشک

خلاف البلخی ــــــ بید مشک

اس درخت کے پتے بید سادہ سے نازک چوڑائی لمبائی میں کم۔ پھول پتے نکلنے سے پہلے آتے ہیں۔ اور پھول پر رواں ہوتا ہے۔ خاصیت۔ رنگ پھول سفید سبز زردی مایل۔ ذایقہ پھیکا اور کسیلا گرم بعض سرد تر بدل بید سادہ نیلوفر + فواید محلل۔ مفتح۔ سدہ دماغ۔ مبہی۔ مینٹھم استعمال شدہ کو تسکین دیتا ہے۔ غلبہ صفرا کو روکتا ہے۔ دل و شکمی اعضاء کو قوت دیتا ہے +

مرکب

عرق بید مشک

پھول بید مشک ایک من پانی ڈیڑھ من سے عرق ایک من کشید کیا جاوے فواید استعمال مانند پھولوں کے خوراک ۱۲ تولہ +

بہی

سفرجل

ایک درخت کا پھل ہے چاشنی دار کھٹ مٹھا۔ زرد سفید رنگ بہتر وہ ہے جو بڑی ہوئی شاداب ہو۔ خاصیت۔ زرد سفید۔ سرخ۔ ذائقہ ترش۔ شیریں کھٹمٹھا سرد تر۔ پختہ شیریں معتدل مائل بحرارت مضر مبرودین نفاخ مصلح سونٹھ کا مربہ سونف۔ فواید مفرح ارواح مقوی معدہ۔ دل دماغ۔ جگر ملین۔ حابس اسہال استعمال۔ وسواس خفقان کو مفید سوزش مثانہ۔ نزلہ۔ تبخیر دماغ کو مانع ہے۔ پھول مفرح قلب +

مرکب بہی

جوارش سفرجلی مسہل

بہی صاف شدہ ۲۰ سیر سرکہ میں پکا کر صاف عرق نچوڑلیں اور دو سیر چینی ڈال کر قوام کریں۔ وقت تیاری کے سونٹھ دارفلفل۔ دارچینی ہرایک دو درم چھوٹی الائچی بڑی الائچی۔ زعفران ہرایک ۳ درم مصطگی رومی ۵ درم سقمونیا ۱۰ درم زبد ۲۰ درم۔ خوب باریک کرکے ملادیں۔ جب مل جائے تو آگ سے اوتارلیں اور ایک تختہ پر پھیلادیں جب خشک ہو جاوے چاقو سے کاٹ کر بحفاظت رکھ لیں۔ فواید استعمال۔ مقوی معدہ۔ مفتح سدہ۔ ریاح کو توڑتی ہے خوراک ۵ مثقال +

قیصوم

قیصوم

یہ روئیدگی برنجاسف کے مانند ساق دار نہیں ہوتی اور برنجاسف کی ساق پر بہت سی شاخیں ہوتی ہیں قیصوم کی ساق کے سرے پر ایک قبہ سا ہوتا ہے وہی اس کا پھول ہے جس کی خوشبو بھاری ہوتی ہے۔

خاصیت۔ رنگ پھول زرد۔ خوشبودار بو آتی ہے۔ ذائقہ تلخ۔ گرم خشک۔ مضر پھیپھڑہ۔ معدہ۔ مصلح کتیرا۔ خشخاش۔ بنفشہ۔ معدہ کو شہد۔ **فوائد** محلل۔ دافع تپ لرزہ۔ مہلک کرم شکم۔ حمول مخرج جنین۔ مدر بول حیض۔ **استعمال** وجع مفاصل عرق النسا کو مفید اسکے بیجوں کا لیپ زیر ناف کرنے سے خون حیض جاری ہوتا ہے۔ خوراک ۷ ماشہ +

مرکبات

جوشاندہ قیصوم

قیصوم ۲ تولہ کتیرا ۱ تولہ پانی ڈیڑھ پاؤ میں جوش دیں جب ۲ حصہ رہجادیں اتار کر صاف کر لیا جاوے **فوائد استعمال**۔ تپ لرزہ۔ مہلک کرم شکم۔ درد سینہ وغیرہ میں۔ خوراک ۵ تولہ +

سفوف قیصوم

قیصوم ایک تولہ۔ کتیرا ۶ ماشہ۔ بنفشہ ۳ ماشہ۔ گل نیلوفر ۹ ماشہ۔ چہار مغز ۹ ماشہ باریک کرکے سفوف بنایا جاوے۔ **فوائد استعمال** تپ لرزہ خوراک ۶ ماشہ ہمراہ شربت دینار +

سپاری

فوفل پوپل

ہندوستانی درخت کا پھل ہے جس کو پان میں کھاتے ہیں۔ یہ تین قسم کی ہوتی

ہیں۔ جہازی ۔ مانک چندی ۔ ایک ماہین اس کا ذائقہ کھوپرہ کے مانند ہوتا ہے
خاصیت۔ پوست قدرے سرخی مایل بسفیدی اندر سے سفید سرخی مایل
ذائقہ کسیلا پھیکا ۔ سرد خشک ۔ مضر سینہ ۔ مثانہ ۔ مورث قولنج ۔ مصلح کتیرا ۔ الائچی
فواید۔ دافع صفرا ۔ سردا بلغم ۔ قابض ۔ جاذب ۔ مانع ابخرات دماغ ۔ مقوی دل
معدہ باہ ۔ مدر بول ۔ مغلظ منی ۔ مسکن حرارت ۔ **استعمال** ۔ بلغمی ورم کو تحلیل کرتی
ہے ۔ اور دستوں کو بند ۔ ورزش معدہ کو تسکین دیتی ہے ۔ مقوی دندان ہے
خوراک ۲ سے ۴ ماشہ

مرکب سپاری

سفوف سپاری

سپاری ۲ تولہ ۔ الائچی دانہ ۴ ماشہ ۔ طباشیر ۶ ماشہ ۔ سمندر سوکھ ۔ گل دھاوہ
ہر ایک ۹ ماشہ باریک کر کے چینی ۲ تولہ زیادہ کر کے استعمال کریں +
فواید استعمال۔ مغلظ منی ۔ جاذب رطوبت رحم ۔ اسہال ۔ خوراک ۷ ماشہ +

ضماد سپاری

سپاری ۔ عنب الثعلب ۔ بیخ تفاح ۔ اکلیل الملک ۔ بابونہ ہر ایک ہموزن باریک
کر کے روغن بابونہ ملا کر لیپ بنا کر ورم پر لگایا جاوے +

سنبھالو

ایک درخت درمیانہ قامت کا ہوتا ہے ۔ نہ بہت بڑا نہ بہت چھوٹا ۔ اس کی
ڈالیوں میں تین تین پتے باہم ملے ہوئے لگے ہوتے ہیں ۔ پتوں کی صورت تلسی کے
پتوں کے مانند کنگرے دار لو کیلے ہوتے ہیں پھول سفید سرخ ۔ بیج سیاہ سفید ۔
خاصیت۔ رنگ سبز گہرا مایل بسیاہی ۔ ذائقہ تلخ ۔ تیز گرم خشک ۔ مضر خشونت سینہ
مصلح کتیرا **فواید**۔ مخرج بلغم ۔ محلل ورم ۔ ریاح ۔ مانع خروج مقعد ۔ مہلک کرم شکم ۔ حبس حیض

استعمال۔ نسل و لادت کو قطع کرتا ہے۔ سدہ طحال کو کھولتا ہے۔ پتوں کا لیپ ورم بلغمی اور ریاحی کو سودمند ہے۔ خوراک ا سے ۴ ماشہ +

مرکب تخم سنبھالو

شربت سنبھالو

تخم سنبھالو ۴ تولہ۔ صمغ عربی ۹ ماشہ۔ پیاز دشتی ۲ تولہ۔ پرسیاوشاں ۲ تولہ سرکہ ۵ تولہ۔ کزمازج ۲ تولہ۔ چینی ڈیڑھ پاؤ۔ مطابق قاعدہ کے شربت تیار کیا جاوے

فوائد استعمال۔ امراض طحال میں مفید ہے۔ خوراک ۲ سے ۴ تولہ +

سفوف سنبھالو

تخم سنبھالو ۴ تولہ۔ کتیرا ایک تولہ۔ شقاقل مصری ایک تولہ۔ پھلی تخم خرفہ۔ کیکر کی پھلی ہر ایک ۲ تولہ باریک کر کے سفوف بنایا جاوے **فوائد استعمال**۔ مغلظ منی۔ خون تھوکنے کو مانع۔ خوراک ۹ ماشہ +

اِذخر

اذخر ——— گاہ مکی

ایک روئیدگی ہے اس کی جڑ کے قریب بہت سی شاخیں اگتی ہیں جڑ موٹی اور زمین میں چھپی ہوتی ہے۔ سرخی زردی مایل تیز بو اس کا شگوفہ موٹا اور بھاری ہوتا ہے۔ پتیاں اس میں بہت سی ہوتی ہیں۔ رنگ سفید خوشبو تیز چبانے سے زبان پر سوزش ہوتی ہے۔ اس کی پیداوار گرم جگہ اور سخت زمین میں ہوتی ہے افریقہ۔ ہندوستان۔ عرب مکہ۔ لاہور دارالخلافہ پنجاب موضع نیاز بیگ میں بکثرت پیدا ہوتی ہے۔ خاصیت۔ رنگ زردی مایل سیاہی۔ ذائقہ تیز مایل بہ تلخی۔ گرم خشک محرورین۔ مصلح گلاب۔ صندل نیلوفر۔ بدل زعفران۔ قسط فوائد۔ مدربول۔ حیض۔ مفتح۔ مسکن اوجاع باردہ۔ مقوی حافظہ +

استعمال۔ امراض باردہ مثلاً لقوہ۔ فالج۔ تشنج۔ استرخار۔ نسیان۔ تپ ربع ورم معدہ طحال۔ سدہ جگر۔ خوراک ۵ سے ۶ ماشہ۔ اذخر کا عطر بھی ہوتا ہے +

مرکبات

جوشاندہ اذخر

اذخر ۴ تولہ۔ گلسرخ ۲ تولہ۔ تخم کشوث ۲ تولہ۔ صعتر ۲ تولہ۔ ابہل ایک تولہ برگ بالنسن ایک تولہ۔ ایک سیر پانی میں جوش دیں جب تہائی حصہ رہجاوے ۱۰ تولہ چینی ملاکر صاف کرلیں **فوائد استعمال** حیض جاری کرنے کیلئے۔ خوراک ۵ تولہ

روغن اذخر

شگوفہ اذخر ایک حصہ۔ روغن کنجد ۳ حصہ پانی ۶ حصہ ملاکر جوشدیں جب پانی خشک ہوجاوے تیل صاف کرلیا جاوے۔ **فوائد استعمال**۔ دردبارد۔ لقوہ فالج تشنج استرخار میں مالش کی جاوے +

سفوف اذخر

کاہ اذخر ۲ تولہ۔ سنبل طیب ایک تولہ۔ گلسرخ ۹ ماشہ۔ بہمن سفید ایک تولہ باریک کرکے سفوف بنایا جاوے۔ **فوائد** مقوی حافظہ ورجوسر دماغ۔ خوراک ۹ ماشہ +

گوگل

مقل بوئے جہودان

ایک درخت کا جما ہوا بدبودار گوند ہے جو کئی قسم کا ہوتا ہے۔ جو مائل بسرخی ہو اسکو مقل ازرق کہتے ہیں جو مائل بزردی ہو اسے مقل الیہود کہتے ہیں۔ جو مائل بتیرگی کثافت سیاہی ونرمی میں ہو اسکو صقلابھی کہتے ہیں۔ جسکا رنگ نگین سا ہوگا اسے مقل عربی کہتے ہیں پیرانا زیادہ تلخ ہوتا ہے۔ شناخت اصل چمچہ زرد مائل بہ تلخی اس کی قوت بیس برس تک رہتی ہے۔ خاصیت ذائقہ تلخ بدمزہ۔ گرم خشک ۳ ۲

مضر پھیپھڑہ ۔ مصلح کتیرا ۔ زعفران ✦ **فوائد** محلل ریاح ۔ دافع تشنج ۔ مخرج بلغم
استعمال ۔ درد سر ۔ عرق النسا ۔ درد پشت ۔ نقرس ۔ دافع درد جگر ۔ بواسیر ریاحی
کو مفید ہے ۔ روغن دافع سوزاک خوراک ۱ سے ۳ ماشہ ✦

مرکبات مقل

اطریفل مقل ملین

پوست ہلیلہ کابلی ۔ پوست ہلیلہ زرد ۔ آملہ ہر ایک دس درم کوٹ چھان کر بادام روغن میں چکنا کریں ۔ منقے ۱۰ درم گوگل ۳۰ درم ۔ گوگل کو گندنا کے پانی میں گھول کر شہد خالص سہ چند ملا کر قوام کر لیں جب تیار ہو جاوے دواؤں کو اس میں ملا دیں ۔ اگر گندنا نہ ملے تو ککر وندہ کے پانی میں گھول لیں ۔ **فوائد استعمال** بواسیر کو نفع بخشتا ہے شکم کو نرم کرتا ہے خوراک ۷ سے ۹ ماشہ ۔

حب مقل

گوگل ایک تولہ آب گندنا میں حل کر کے پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ سیاہ آملہ ہر ایک ۲ ماشہ ۔ رسوت دم الاخوین ۔ گل ارمنی کہربا شمعی ۔ گلنار ہر ایک ایک ماشہ کوٹ چھانکر پانی میں گولیاں بنائیں ۔ **فوائد استعمال** ۔ ہر روز چار گولی بواسیر میں کھائی جاتی ہیں

جوارش مقلیاثا

نانخواہ ۔ بریان ۳ درم زیرہ مدبر بسکر ۲ درم مصطگی ۳ درم پوست ہلیلہ کابلی مدبر ۔ باریک کر کے عرق گلاب میں گوندھیں **فوائد استعمال** بواسیر درد امعا پیچش کو مفید ہے

قیروطی مقل

گوگل ۴ ماشہ ۔ کندر ۶ ماشہ ۔ موم سفید ۳ ماشہ ۔ زیتون ۲ تولہ ملا کر پگلا دیں اور ہاون دستہ میں ڈال کر خوب حل کریں ۔ فائدہ ۔ ورم خصیہ پر استعمال کریں

بطم کا گوند

علک البطم

درخت بطم کا گوند مشابہ مصطگی کے ہوتا ہے۔ ذایقہ کسی قدر تلخ تیز دہ ہے کہ ہلکا سا نیلاپن اور زردی معلوم ہووے ۔ خاصیت ۔ رنگ سرخ مایل بسیاہی ذایقہ قدرے تلخ گرم خشک مضر محرورین اعصاب مصلح سکنجبین شہد ۔ بدل رومی مصطگی ۔ فوائد ۔ مخرج بلغم ۔ مدر بول مقوی معدہ ۔ استعمال خارش جلدی بیماری ۔ داد کو مفید ہے ۔ خوراک ۲ سے ۴ ماشہ ۔

حب علک البطم

علک البطم ایک تولہ شکر تیغال ۔ فلفل دراز ۔ رب السوس ہر ایک ۶ ماشہ باریک کر کے شہد میں گولیاں بنائی جاویں فوائد استعمال کھانسی ۔ کمزوری معدہ ادرار بول میں ۔ خوراک ۲ سے ۴ گولی ۔

قیروطی علک البطم

علک البطم ایک تولہ ۔ روغن کنجد ۲ تولہ ۔ موم سفید ۶ ماشہ ہر دو کو تیل میں پگھلا کر چھان لیں ۔ فوائد استعمال ۔ داد خارش میں لگائیں ۔

بنس لوچن

طباشیر

یہ نرلہ بانس کی منجمد شدہ رطوبت ہے جو اسکے اندر سے نکلتی ہے ۔

خاصیت ۔ رنگ سفید نیلگون ۔ ذایقہ پھیکا کرکرا سرد خشک ۔ نزد شیخ مرکب القوی مضر بہ باہ مصلح شہد مصطگی ۔ زعفران عناب ۔ فوائد استعمال ۔ مفرح ۔ مقوی جگر معدہ جاذب رطوبت مسکن تشنگی ۔ استعمال ۔ قے صفراوی سوزش خفقان اسہال دموی بخار کو مفید ہے ۔ ذرور قلاع سوختگی آتش کو سودمند ہے ۔ منجن مقوی دندان ہے خوراک ۱ سے ۲ ماشہ

مرکبات طباشیر

حب طباشیر

طباشیر۔ کتیرا۔ زرشک۔ دھنیا خشک۔ تخم حماض۔ گل ارمنی۔ صندل سفید گلنار۔ صمغ عربی ہر ایک ۶ ماشہ۔ سنگھاڑا۔ گوکھرو۔ تخم خرفہ۔ کشتہ قلعی۔ تخم بنار بیں کہربا ہر ایک ایک تولہ لعاب اسبغول میں گولیاں بنائیں۔ **فواید استعمال** امراض بول الدم سیلان منی سلسل البول سرعت انزال کو مفید ہے۔ خوراک ایک مثقال ÷

سنون طباشیر

طباشیر۔ گلسرخ ہر ایک ۳ درم۔ گل ارمنی۔ دم الاخوین ہر ایک ۲ درم کشتہ مرجان صندل سرخ۔ مرکی۔ حب کاکنج۔ گزمازج۔ ماہیران چینی ہر ایک ایک درم کوٹ چھان کر منجن بنائیں۔ **فواید استعمال**۔ دافع تعفن مسوڑوں کے گرم امراض میں دانتوں پر ملنا چاہئے ÷

سفوف طباشیر

کافور ایک درم۔ صندل سفید ۲ درم۔ سماق۔ تخم حماض۔ مسور مقشر۔ زرشک تخم خرفہ۔ تخم کاہو۔ خشخاش سفید ہر ایک ۵ درم۔ گلسرخ۔ طباشیر ہر ایک ایک باریک کر کے سفوف بنایا جاوے۔ **فواید استعمال**۔ دافع خمار۔ دردسر خماری۔ سکن حرارت جگر۔ حابس دست صفراوی غلبہ خون۔ حصبہ جدری کو مفید ہے۔ خوراک ۳ درم ہمراہ شربت انار ÷

عرق طباشیر

طباشیر ایک تولہ۔ آملہ ۵ تولہ۔ گل نیلوفر ۸ تولہ۔ برادہ صندل سفید ۳ تولہ۔ دھنیا خشک ۵ تولہ۔ خس ۲ تولہ۔ عرق گلاب ۲ سیر۔ عرق گاؤزبان ۲ سیر۔ عرق شاہترہ ۲ سیر عرق کاسنی ۲ سیر۔ پانچ سیر عرق کھینچ لیا جاوے۔ **استعمال**۔ مالیخولیا مراقی میں خوراک ۵ تولہ

قرص طباشیر

طباشیر دس درم تر نجبین تخم خبازی تخم کدو ہر ایک ایک درم نشاستہ گوند کیکر خشخاش کتیرا ہر ایک نیم درم باریک کوٹ کر لعاب اسبغول میں ٹکیاں بنائیں۔ فواید استعمال تپ محرقہ کھانسی تشنگی طبیعت کو نرم کرتا ہے خوراک ۲ سے ۴ رتی

دھتورہ

جوز الماثل — تاتورہ

اسکا درخت بیگن کے مانند لیکن پتے چھوٹے پھل گول کانٹے دار پھول سفید بیج چپٹے سیاہ بھورا پن لئے ہوئے۔ یہ دو قسم کا ہوتا ہے۔ دوسری قسم کا سیاہ ہوتا ہے۔ وہ بہت زہریلہ ہے۔ زیادہ تر بیج کام میں آتے ہیں۔

خاصیت۔ سبز سیاہ۔ ذائقہ پہیکا۔ قدرے تلخ۔ سرد خشک۔ مخدر مغشی۔ مورث فکر جنون۔ مصلح روغن زرد۔ سیاہ مرچ سرسوں۔ **فواید** مغشی مخدر سموم۔ دافع تشنج۔ ممسک دافع وجع مفاصل۔ **استعمال**۔ زیادہ مقدار میں غفلت آور ہے۔ تپ باری کو مفید ہے۔ آنکھ میں ڈالنے سے پتلی پھیل جاتی ہے۔ خوراک سفوف برگ ۱/۲ رتی بیج ۱/۲ رتی

علامات زہر۔ اسکے کھانے سے ۱۵ سے ۳۰ منٹ بعد سر چکرانے لگتا ہے پتلیاں پھیل جاتی ہیں۔ بصارت میں فرق آجاتا ہے غشی معلوم ہوتی ہے۔ حلق اور چہرہ خشک ہو جاتا ہے نبض پہلے خوب بہتی ہے پھر جسم گرم اور سرخ ہوتا ہے۔ بہت بے چینی چہرہ خوفناک ہو جاتا ہے بیمار بستر پہ لوٹتا ہے کہ سنبھالنا مشکل ہوتا ہے۔ دم جلدی سے لیتا ہے بیمار ایسی جلدی باتیں کرتا ہے کہ سمجھ نہیں آتی۔ چلتے وقت لڑکھڑاتا ہے شرابیوں کی طرح گر پڑتا ہے۔ ہذیان کی حالت میں اسکی آنکھوں کے سامنے مختلف قسم کی شکلیں نظر آتی ہیں کبھی تشنج بھی ہوتا ہے۔ اور غذا کی نالی میں خراش۔ آخرکار بیہوشی کی علامات ظاہر ہوتی ہیں **علاج**۔ قے کرا کر معدہ کو صاف کریں حالت غشی میں سر پہ پانی کا

تر تر کرادیں۔ روغن بید انجیر سے دستور کریں۔ اگر غلبہ خون ہو تو فصد کھولیں۔
ہوش میں لانے کیلئے پنڈلیوں پر رائی لگائیں +

مرکب برگ دھتورہ

پولٹس دھتورہ

برگ دھتورہ۔ آرد السی ہموزن مطابق قاعدہ کے پولٹس بنایا جاوے
فوائد۔ بواسیر۔ گٹھیا۔ زخمی جگہ پر نہ لگانا چاہئے +

مرکب تخم دھتورہ

حب دھتورہ

تخم دھتورہ ایک تولہ۔ سات مرتبہ گوکنار کے عرق میں بھگو کر جوش دیں حتیٰ کہ
پانی خشک ہو جاوے پھر تخم دھتورہ۔ مغز بنولہ۔ زیرہ سفید۔ دھنیا مقشر ہر ایک
ایک تولہ طریقہ کو پانی میں کھرل کرکے باجرہ کی مقدار گولیاں بنائی جاویں طاقت
۴ حصہ میں ایک حصہ فوائد استعمال۔ فرورنی کھانسی نزلہ میں مفید ہے ۱۔ سے ۲ گولی

رب دھتورہ

تخم دھتورہ ایک سیر کوٹ کر ۴ سیر پانی میں ۲۴ گھنٹہ بھگو کر جوش دیں اور صاف
پانی علیحدہ کریں بعد کو ثفل میں ۲ سیر اور پانی ڈال کر ۲۴ گھنٹہ بھگو کر صاف کریں اب
کل عرق کو آگ پر شہد کے قوام کے مانند گاڑھا کر لیا جاوے۔ خوراک ۱/۲ رتی +

مرکب بیخ دھتورہ

قیروطی دھتورہ

بیخ دھتورہ ۲ تولہ پانی ایک سیر میں جوش دیں جب چوتھائی حصہ رہ جاوے چربی گردہ
بکری ۲ تولہ موم ایک تولہ روغن بابونہ ایک تولہ خوب پکایا جاوے حتیٰ کہ پانی خشک ہو جاوے
فوائد استعمال گٹھیا پرانا درد سینہ پر بطور مسکن کے لگاتے ہیں +

خطمی کے بیج

بزرالخطمی ـــ تخم خطمی

ایک درخت ہے جسکا پھول مختلف رنگ کا ہوتا ہے بہتر وہ ہے جسکا پھول سفید زرد سرخ ہووے اسکو ہندوستان میں گل خیرہ بولتے ہیں۔ اسکا بیج بھورا مایل بسیاہی ہوتا ہے۔ زیادہ تر بیج ہی کام میں آتے ہیں۔ خاصیت بھورا مایل بسیاہی ذائقہ پھیکا لیس دار مضر معدہ پھیپھڑہ مصلح شہد سولف بدل خبازی نیلوفر۔ فواید محلل ورم منضج ملین۔ استعمال پیچش۔ قولنج۔ خراش امعار سرفہ خشک ذات الریہ۔ ذات الجنب مثانہ سوزش بول کو مفید ہے۔ خوراک ۳ سے ۷ ماشہ۔

مرکب گل خطمی

حمول خطمی

گل خطمی مرزنجوش السی سکوخشک تخم کنوچہ اسبغول اکلیل الملک۔ بابونہ گلسرخ مردار سنگ سفید آب کاشغری ہر ایک ۴ ماشہ زعفران جند بید ستر ہر ایک ایک ماشہ سفیدی بیضہ ۲ عدد میں ملالیں فواید استعمال ورم سرو سختی رحم کو مانع ہے۔

گل خطمی

گل خطمی ایکتولہ گل بنفشہ ۶ ماشہ جو ۳ ماشہ انکو پانی میں تر کر کے لعاب میں کر ۲ تولہ شیرہ تخم کدو۔ موم سفید ایکتولہ چربی گردہ بکری ۲ تولہ۔ روغن چنبیلی ۴ تولہ اس قدر پکائیں کہ پانی جل جاوے سرد کرلیں فواید استعمال دافع سستی اور مانع پاؤں پھٹنے میں۔

مرکب تخم

سفوف سرخ

تخم خطمی صمغ عربی گل ارمنی کتیرا اسفید۔ طباشیر ہر ایک ۲ ماشہ رب السوس بہدانہ خبازی نشاستہ مغز بادام ہر ایک ۳ ماشہ خشخاش باقلہ ہر ایک ۳ ماشہ کوٹ چھانکر سفوف بنائیں فواید نفث بلغم ہے

لعوق خطمی

تخم خطمی. تخم خبازی. اصل السوس. گل بنفشہ. ہنسراج. گاؤزبان. ہر ایک ۶ ماشہ انجیر. عناب ہر ایک دس دانہ خشخاش سفید. بہدانہ. طباشیر. مغز کدو شیریں پیس کر ملالیں۔ فوائد استعمال۔ کھانسی شطرالغب کو مفید ہے +

مطبوخ تخم خطمی

تخم خطمی۔ سونف مکو۔ اصل السوس۔ تخم خربوزہ جوش دیکر صاف کرلیں خمیرہ بنفشہ ۲ تولہ ملا کر پلایا جاوے۔ فوائد استعمال۔ دافع سوزش دست و پا ورم اطراف جو تنفس کے بند ہونے سے ہوا ہو مفید ہے +

ریوند چینی

ریوند

ایک جڑ ہے زرد رنگ کی نواح چین خطا۔ تبت کی مشہور ہے اور جو ریوند کشمیر سے لاتے ہیں وہ بہت زرد نہیں ہوتی ہے۔ خاصیت۔ سیاہی زردی مایل اندر سے زرد۔ ذائقہ تیز قدرے تلخ۔ بدمزہ۔ گرم خشک بارطوبت فضلیہ مضر اسفل مصلح غناب۔ گوند کیکر کتیرا بہدانہ بدل پانچواں حصہ بالچھڑ۔ نصف زراوند مدحرج ٹھیوہا افسنتین کا عصارہ فوائد۔ مسہل قوی اخلاط ثلاثہ کو نکالتی ہے مفتح سدہ جگر طحال امعا۔ مدر بول حیض۔ استعمال۔ ذرور زخم کو اچھا کرتی ہے۔ سرکہ کے ہمراہ چٹائیں۔ داد کو مفید ہے۔ معدہ کو طاقت دیتی ہے۔ بھوک بڑھاتی ہے ۲ سے ۷ ماشہ

مرکبات

حب ریوند چینی

ریوند چینی ۲ درم۔ حب بلسان عود قماری۔ پوست بیخ بیروںی۔ لونگ گل سرخ دھنیا خشک۔ سونف ہر ایک ایک درم کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ فوائد استعمال القنیہ

جو پرانے بخار بلغم کی وجہ سے ہوا ہو۔ خوراک ۳ ماشہ ✤

رب ریوند چینی

ریوند کوٹی ہوئی ایک سیر ۴ سیر پانی میں بھگو کر نچوڑ لیں۔ اور ثفل میں ۲ سیر اور پانی ڈالکر ۱۲ گھنٹہ بعد نچوڑ کر ہر دو عرق کو ملا کر نرم آنچ پر گاڑھا کر لیں۔ خوراک ۷ رتی ✤

شربت ریوند چینی

ریوند خطائی۔ تخم کشوث ہر ایک ۶ ماشہ۔ گلسرخ ۲ تولہ تخم کاسنی ۳ تولہ۔ پوست بیخ کاسنی ۴ تولہ۔ چینی ۳ پاؤ بدستور قوام تیار کریں۔ فوائد استعمال۔ مفتح سدہ جگر باسار یقہ احشا کے ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ خوراک ۲ سے ۴ تولہ ✤

عصارہ ریوند

مانند رسوت کے تیار کیا جاوے۔ خوراک ارتی سے ۱ ماشہ فوائد استعمال۔ مانند ریوند کے

قرص ریوند چینی

ریوند چینی ۶ درم مجیٹھ لک مغسول ہر ایک ۳ درم تخم اجمود۔ سونف رومی۔ عصارہ غافث ہر ایک دو درم کوٹ چھانکر پانی میں قرص بنائے جاویں فوائد استعمال۔ برائے تپول جگر طحال میں برتے جاتے ہیں خوراک ۲ سے ۴ درم

لاکھ

لک

یہ ہندوستان آسام۔ برہما۔ بنگال ممالک متوسط میں بکثرت پیدا ہوتی ہے۔ یہ شے بیری۔ پاکر۔ پیپل۔ بڑ کے درخت پر پیدا ہوتی ہے عمدہ بیری کی ہوتی ہے۔ حقیقت اس کی یوں ہے۔ ایک چھوٹی قسم کے کیڑے ہیں۔ جنکی غذا درخت کے پتوں کا رس کچھ یوم بعد وہ ایسے سست ہو جاتے ہیں کہ انکو ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا محال ہوتا ہے۔ اب ان کے جسم سے رال کے مانند ایک مادہ پیدا ہوتا ہے جس سے

وہ اپنے آس پاس ایک گھریا بناتے ہیں گھریا نر کی گول مادہ کی بیضاوی ہے یہ میں دُم اپنی ماہ تک بنتے رہیں بعد کو نر توڑ کر نکل جاتا ہے مادہ اسی میں رہتی ہے اور اسکے گھریا کو موٹی کرتی جاتی ہے اور نیں بلیاں سانس لینے کو بنا لیتی ہے۔ اب اسمیں انڈے دیتی ہے ورس جھ تنی رہتی ہے حتی کہ خوب موٹی ہو جاتی ہے کچھ دنوں بعد ماں مرجاتی ہے لیکن انڈوں سے بچے نکلکر مردہ ماں کو کھاکر پرورش پاتے ہیں پھر گھریا کو توڑ کر باہر نکل جاتے ہیں یہ وہی گھریاں لاک کے نام سے مشہور ہیں +

خاصیت - رنگ سرخ مایل بزردی مذاقیہ پھیکا گرم خشک بہ سفر طحال سینہ مصلح مصطگی بدل سندروس اسارون نصف وزن چہارم وزن طباشیر خوراک ۴ ماشہ +

مرکبات لاکھ

سفوف لاکھ

لاکھ مغسول ایکتولہ نانخواہ سندروس ہر ایک ۹ ماشہ زیرہ کرمانی سداب بورا ہر ایک ۶ ماشہ باریک کر کے سفوف بنایا جاوے - **فواید استعمال** - دبلا کرنے کیواسطے خوراک ۲ ماشہ

طلا لاکھ

لاک مردار سنگ روغن گل ملاکر طلا کریں **فواید** مسکن درد +

قرص لاکھ

لاکھ ۱/۲ درم ریوند چینی طباشیر اشقال تخم کاسنی تخم کشوث سونف ہر ایک ۱/۲ اشقال تخم خرفہ خشخاش صمغ عربی رب السوس ہر ایک دو درم تخم خیاری تخم کدو ہر ایک ۳ درم کوٹ چھانکر قرص بنائیں **فوایداستعمال** ورم جگر کیواسطے مفید ہے خوراک ۲ درم ہمراہ شربت خشخاش +

کہربا

کہربا ——— مصباح الروم

اسکا رنگ براق طلائی اگر ہاتھوں میں لیں تو لیموں کے رس کے مانند بو آئیگی اور گھاس کو اوٹھالیگی اگر جلائیں تو مصطگی کیطرح بو نکلتی ہے خاصیت زرد مایل بسرخی ذائقہ بعد کھانے کے تلخ گرمی سردی میں معتدل

اور خشک سفر سر مصلح بنفشہ ۔بدل سندروس ۔گل ارمنی دو تہائی سلیخہ نصف اسبغول ہموزن بیان

فوائد ۔حابس خون ۔مقوی دل معدہ ۔استعمال ۔تمام اعضا اندرونی بیرونی سیلان خون بند کرتی

ہے ۔یرقان سوزش بول ضعف گردہ کو مفید اور لٹکانا محافظ حمل ہے ۔خوراک ۱ سے ۲ ماشہ

مرکبات کہربا

حب کہربا

کہربا صمغ عربی ہر ایک ماشہ گلنار ۳ ماشہ ۔چاکسو بریان ۲ ماشہ ریوند ۹ ماشہ کشتہ بسد

زرکچور ہر ایک ایک ماشہ کوٹ چھانکر گولیاں بنائی جاویں فوائد استعمال ۔پیچش میں بچوں کو دو گولی

حب حابس الدم

کہربا ۔گل ارمنی ۔دم الاخوین ۔کتیرا صمغ عربی ۔طباشیر ۔حب الآس ہر ایک ۱ درم بیخ انجبار

نشاستہ سفید مرجان زہر مہرہ ۔گل مختوم ۔گل داغستانی ہر ایک ۱ درم خوب باریک کرکے بار تنگ

کے پانی میں گولیاں بنائی جاویں ۔فوائد استعمال خون تھوکنے کو مانع ہے ۔خوراک ۱۰ گولیاں +

انجبارہ

انجبار ــــــــــــ انگبار

ایک درخت کی جڑ جو ملک شام میں پیدا ہوتی ہے پھول اسکا سرخ خاصیت سرخی مائل ذائقہ

پھیکا سرد خشک مضر محرورین مصلح سونٹھ بدل ہموزن زرشک چوتھائی گل ارمنی فوائد حابس خون

مسکن صفرا استعمال ۔خون بواسیر پیچش پھیپھڑہ اسہال کہنہ کو بند کرتی ہے ۔خوراک ۲ ۔ ۰ ماشہ +

مرکبات

شربت انجبارہ

صندلین حب الآس ہر ایک ۲ حصہ خرنوب شامی ۵ حصہ ۔بیخ انجبار ۱۰ حصہ چینی نصف سیر ملا کر

قوام کریں استعمال اندمال زخم پھیپھڑہ سینہ اعضا سے خون بہنے کو روکتا ہے +

قرص انجبار

مروارید ۲ درم ۔بیخ انجبار ۱ درم ۔گلنار ۵ زیرہ ۔صمغ عربی کتیرا کہربا ۔تخم خرفہ مقشر گلنار

طباشیر ہرایک ۳ درم نشاستہ رب السوس اقاقیا ہرایک ۲ درم دھنیا بریاں ۱۲ حب الآس بریان ہرایک ۲۲ درم پوست بیخ جرن ایپتہ تخم کاہو ہرایک ۳ درم شکر سرخ شاذنج عدسی کشتہ بارہ سنگھا ہرایک ۶ درم کافور قیصوری ایکدرم دم الاخوین طراشیث خشخاش بریان ہرایک ۲ درم کندر ایک ۱۰ رم کوٹ چھانکر اسبغول کے لعاب میں قرص بنا ہیں فوائد استعمال نفث الدم قے الدم میں بھیپھڑہ میں خرفہ بریان ہمراہ شیرہ حب الآس بریان - خوراک ایک مثقال +

کاکنج

کاکنج ———— کاکنہ عروس

یہ مکو کی قسم میں سے ہی پھل مکو کی مانند پھول سفید پیڑ ماتھہ بھر کا شاخیں پتلی پتلی پھل پختہ ہوکر سرخ پڑجاتا ہی اسکو کاکنج کہتے ہیں یہ درخت دو قسم کا ہوتا ہی - بستانی کوہی ہیں تجدیری اسلی کا کنج منوم یا عنب الثعلب منوم کہتے ہیں خاصیت سرخ زرد ذائقہ قدرے شیریں سرد خشک مفر نیند لانیوالی اعضا کو سست کرتی ہی مصلح گلقند بدل اجواین خراسانی - تخم کتیرا - فوائد مدربول - مخرج کرم شکم استعمال گردہ مثانہ احلیل کی بیماریوں - یرقان ضیق النفس کھانسی تشنگی مفرط کو مفید ہے - خوراک ۴ سے ۹ ماشہ +

مرکبات

سفوف کاکنج

کاکنج - کباب چینی - کوڑیالو بان صندل سرخ ہرایک ۶ ماشہ باریک کرلیں استعمال سوا کے تیس ۶ ماشہ

شربت کاکنج

انیسوں تخم کرفس ہرایک ۲ تولہ - پرسیاوشاں بنفشہ گاؤزبان ہرایک ۵ ماشہ گوکھرو ۷ درم کاکنج ۱۰ درم تخم خیار ۳ درم چینی نصف سیر ملاکر قوام کریں قرحہ مثانہ میں خوراک ۲ سے ۴ تولہ +

بھنگ

قنب ———— کنب

مشہور درخت ہے اسکے پتوں کو بھنگ یا چرس کہتے ہیں سے جو رس نکلتا ہے اسکے

چرس بنایا جاتا ہے اصطلاح میں اسکے بہت نام ہیں ورق الخیال۔ نشاط افزا۔ اندلکت بار عرشن علم زمرد رنگ۔ چترافز۔ غیرہ۔ خاصیت سبز ذالقہ تلخ تیز گرم مفرد مسر بینائی زیادہ مقدار میں قاتل مصلح روغن گاؤ۔ شربت حماض تھے۔ فواید مسکر منشی مکدر حواس۔ مدر بول قاطع باہ۔ ممسک منی محلل ورم۔ دافع تشنج استعمال اسکی ٹکیں باندھنی دھونی دینی خروج مقعد اور بواسیر کو مفید ہے۔ خوراک ۲ سے ۶ ماشہ +

خراب علامت۔ زیادہ استعمال روح نفسانی کو مکدر اور بینائی کو خراب کرتی ہے آنکھوں کے سامنے اندھیرا پیدا ہونے لگتا ہے۔ جنون کی خوبیا نمایاں ہوتا ہے خوف اور ضعف بڑھتا ہے۔ ترشی اسکے اثر کو زایل کرتی ہے +

حب ہینگ

ہینگ ۱ حصہ۔ کافور ۱ حصہ باریک کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بنا ویں فواید استعمال تپ صفراوی میں ۱ گولی

سفوف ہینگ

مرچ سیاہ۔ دار فلفل۔ کلونجی۔ چرائتہ۔ گیرو ہر ایک نصف جز۔ ہینگ ایک جز۔ باریک کریں فواید استعمال باری کے بخار میں قبل از باری ایک گھڑی ہمراہ سرد پانی کے کھانے سے تپ لرزہ موقوف ہو جاتا ہے۔ خوراک ایک ماشہ +

عصارہ ہینگ

مانند دیگر عصاروں کے تیار کر کے ٹکیاں بنائی جاویں استعمال مانند ہینگ +

قرص ظمث ہینگ

ہینگ۔ سکنجبین۔ جاوشیر۔ برگ سداب۔ پودینہ خشک۔ شکوطر امشیع تودری۔ ماما جیجدہ ہر ایک ۲ درم مربکی ۲ درم۔ ترمس ۵ درم کوٹ چھانکر ۲ درم کی مقدار میں قرص بنائے جاویں۔ فواید استعمال ادرار حیض کیلئے ایک قرص شیرہ ابہل کے ہمراہ دینا چاہئے +

قطور ہینگ۔ برگ ہینگ نیم گرم کرکے درد کان میں ٹپکائیں +

نیم

نیم

ایک قسم کا ہندوستانی تلخ درخت ہے یہ ہندوستان میں بکثرت پیدا ہوتا ہے لیکن اہل ہند نے اسکی کچھ بھی قدر نہ کی ورنہ ہندوستانیوں کے لئے کونین سے لاکھوں درجہ بہتر اور مفید ہے افسوس ایسی بیش قیمت درخت کو بجز جلانے کے اور کسی کام میں نہیں لاتے اگر یہ درخت یورپ میں ہوتا تو صحت کا تاج ضرور زیب سر کیا جاتا اور اس سے وہ وہ مرکبات ایجاد کئے جاتے کہ لوگ حیران رہجاتے۔ خاصیت تلخ بدمزہ پھل خام شیر تلخ پختہ قدرے شیرین سرد خشک۔ بعض گرم تر بعض معتدل مضر مورث پیوست مصلح شہد کالی مرچ روغن فوائد مصفی خون نجار دنبل قاطع بدبو گوشت استعمال۔ جذام فساد خون دنبل شور آتشک خارش داد امراض صفراوی سنبل رحم سوزاک مقوی لثہ۔

مرکبات برگ

پچکاری تلخ

برگ نیم برگ بکاین برگ حنا برگ شکو معہ شاخ پوست ہلیلہ زرد پوست بہیڑہ آملہ ہر ایک دس تولہ نصف سیر پانی میں جوش دیں جب نصف رہجاوے اوتار کر صاف کرلیں۔ گل ارمنی۔ طباشیر ہر ایک ۲ ماشہ سنگ جراحت ۲ تولہ۔ نیلہ تھوتھا ۳ ماشہ باریک پیس کپڑے میں چھانکر رکھ لیں وقت ضرورت کے ۲ ماشہ لیکر نیم گرم پانی ہموزن ملاکر سوزاک میں پچکاری کریں۔

قطور نیم

برگ نیم - برگ آڑو ہر ایک ایک تولہ مولی ۴ تولہ - پیاز ۲ تولہ سب کو کوٹ کر پانی نکال لیں - اس پانی میں روغن کنجد ۴ تولہ اضافہ کرکے جوش دیں جب پانی جل جاوے دم الاخوین انزروت - سفیدہ کاشغری ہر ایک ۳ ماشہ پیس کر ملا لیں فوائد استعمال ناک کے کیڑوں کو مار کر زخم کو بہتر اور خون بند کرتا ہے -

طلا برگ نیم

برگ نیم تخم سرس پوست سرس مغز گھونگچی سفید - نمک سنگ ہموزن پیس کر رات کو منہ پر ملیں اور صبح کو دھو ڈالا جاوے فوائد مہاسوں پر لگانا مفید ہے -

مرکب تخم

حب تخم نیم

مغز تخم نیم دس تولہ - مرچ سیاہ گوگل ہر ایک ایک درم باریک کرکے گولیاں بنائی جاویں ہر صبح کو ۳ ماشہ ہمراہ شیرہ سونف اور زیرہ کے استعمال کی جاویں - فوائد بواسیر بادی خونی میں مجرب ہیں

مرکب تیل نیم

اسکا تیل کولہو کے ذریعہ نکالا جاتا ہے - اور یہ تیل گرگانوں میں بکثرت تیار کیا جاتا ہے - صابون بنایا جاتا ہے - مرہموں میں کار آمد ہے -

مرہم نیم

موم دو حصہ روغن نیم ۳ حصہ چربی گردہ بکری ۳ حصہ - باہم گرم کرکے ملا لیں فوائد اندمال زخم اور صفائی کیلئے مشہور ہے -

کچلہ

قاتل الکلب ——— **فلس ماہی**

ایک درخت کے پھل کا بیج ہے جو ہندوستان میں پیدا ہوتا ہے اس کے پھل کا
گودا ہے ہر ایک پھل میں چار پانچ ہوتے ہیں۔ یہ بیج مدور چپٹا درمیان میں دبیز
ایک طرف اُٹھا ہوا سپر رنگ ریشمی رواں **خاصیت**۔ باہر خاکی نیم شفاف اور سخت
ذائقہ تلخ بو ندارد۔ گرم خشک مضر ذہن مصلح شیر مرغن **فوائد** مقوی اعصاب مدر بول
حیض مشتہی طعام **استعمال**۔ فالج لقوہ کزاز عرق النساء استرخا تشنج ریاحی
نزلہ کھجلی داد کو نافع ہے **خوراک** ۲ رتی خوراک مہلک ۱ ماشہ

علامات زہر کھانے کے چند منٹ شروع ہو جاتی ہے پہلے تیز کڑوا ذائقہ معلوم
ہوتا ہے دم گھٹتا ہے بے چینی کمال درجہ کی ہوتی ہے تمام جسم میں لرزہ ہوتا ہے
ہاتھ پیر جھٹکا کھاتے ہیں اور مرض کزاز کے مانند تشنج ہونے لگتا ہے چھاتی
تن جاتی ہے بازو شکم سخت ہو جاتی ہیں پاؤں اندر یا باہر کو مڑ جاتا ہے سر پہلے
جھٹکا کھاتا ہے پھر پیچھے کو ٹیک جاتا تشنج کی زیادتی پر جسم کمان ہوتا جاتا ہے
چہرہ میلا یا خون سے تر۔ تپلی پورت کے دخت پھیلی ہوئی نظر آتی ہے یا چھلیں
منہ کی کھنچ جاتی ہیں شکل خوفناک آنکھیں قائم لیکن ڈھیلے نکلے ہوئے لب
لب نیلگوں ہوش حواس قائم مریض دم لینے کے لئے بہت کوشش کرتا ہے حلق
خشک پیاس زیادہ معلوم ہوتی ہے جب پانی پینا شروع کرتا ہے تو جبڑے کے
عضلات میں تشنج شروع ہو جاتا ہے اور منہ سے جھاگ جاری ہوتا ہے کبھی
اس میں خون ملا ہوتا ہے۔ دوت کیوقت حیر اہمیت کھنچا ہوا نہیں ہوتا ہے بعض
مرتبہ اسقدر تشنج ہوتا ہے کہ مریض بستر سے نیچے گر پڑتا ہے ایک دو منٹ کے

بعد تشنج موقوف ہوجاتا ہے وقفہ کے درمیان مریض نڈھال ہوجاتا ہے سینہ میں درد نوبت کے وقت نبض اسقدر سریع ہوجاتی ہے کہ حرکت کا شمار کرنا مشکل ہوتا ہے مریض آمد تشنج سے آگاہ ہوکر چلاّ اٹھتا ہے اور کہتا ہے کہ تشنج آئیگا آخرکار مریض دم بند ہوکر اس جہان سے کوچ کرجاتا ہے زمانہ ہلاکت کم از کم ایک سے ۶ گھنٹہ تک۔ علاج مثل کیوڑہ کا پھول جوشاندہ تمباکو اور جوہر عصب کو ڈھیلا کرنے والی ہے۔

مرکبات کچلہ

حب کچلہ

کچلہ مدبر۔ بیخ خنظل۔ مرچ سیاہ ہریک ایک درم کوٹ چھانکر شہد سے گولیان بنا لیجاوین فوایدا استعمال۔ درد مفاصل امراض ریح فالج لقوہ کو مفید ہے طاقت ۳ حصہ مین ایک حصہ کچلا۔

قطور کچلہ

کچلہ قدرے میسکر نیم گرم کان کے درد مین مخالف کان مین ٹپکائین۔ اس کا ایک جوہر ہوتا ہے جسکی خوراک ایک رتی کے ۳۲ حصہ سے سا ٹھوین حصہ تک ہے۔

کتیرا

کتیرا ــــــــــــــ گون

درخت خاردار یسمی خشاو کا گوند ہے درخت کو شگاف دیکر حاصل کیا جاتا ہے اسکی سطح پر مدور لکیرین ہوتی ہین خاصیت رنگ سفیدی مائل بزردی ذائقہ پھیکا قدرے تلخ مزاج معتدل بعض سرد تر مضر اسفل باہ مصلح زیتون زیرہ بدل

گوند کیکر - گوند بادام - تخم کدو - فوائد مغلظ منی خون مقوی امعا و حابس خون مسکن درد استعمال کا خشک کہانسی حلق سینہ زخم ریہ درد گردہ مثانہ مجاری بول کے زخم اور سوزش کو دفع کرتا ہے - آنتون کے زخم کو مفید ہے ادویہ سمی کے زہر کو دفع کرتا ہے خوراک ۳ سے ۴ ماشہ -

مرکبات

حب کیترا

کیترا اسفید - نشاستہ - گوند کیکر سفید - رب السوس - مغز تخم کدو - مغز خیارین مساوی کوٹکر گولیان بنائی جاوین استعمال خشکی زبان کو مفید ہے -

زرود کیترا

کیترا اسغوف ۳ ماشہ - سنگ جراحت ۴ ماشہ پہٹکری ۳ ماشہ رسوت - نگر ہر ایک ۲ ماشہ اسپغول ایک تولہ اول گوند کو بہگولین پہر اسکے صاف پانی مین دیگر جزو ملکر بہگوکر صاف کرلین فوائد استعمال وقت ضرورت مطابق قاعدہ مقررہ کے سوزاک مین پچکاری کیجاوے

لطوخ کیترا

کیترا اسفید صمغ عربی - تخم کاہو - خشخاش سفید تخم کاسنی - دم الاخوین رسوت گل سرخ افیون زعفران سفیدی بیضہ مرغ مین ملاکر شقیقہ مین کاغذ پر باریک سوئی سے سوراخ کرکے چپکا دیا کرین -

چترک

شیطرج ہندی — بیخ برندہ

خودرو گہاس کی جڑ ہے عمدہ وہ ہے اگر کوٹ کر مرغی کا انڈا رکھین تو انڈے کا

پوست سرخ ہو جائے اسکی دو قسمین ہین ایک وہ کہ جسکے درخت کی شاخکا رنگ سیاہ مائل بسرخی اور پھول سیاہ رنگ کا ہو یہ کمیاب ہے دوسری طرف مائل بسبزی بعض مائل بسرخی یہ ریتناک جگہ مین ہوتا ہے **خاصیت** رنگ مذکور الصدر ذائقہ تلخ گرم خشک مضر ریہ مصلح صمغ عربی مصطگی بدل **فوائد** محرک باہ مصفی آواز ہاضم مشہی طعام **استعمال** اخلاط غلیظ کو دستون کے راہ خارج کرتا ہے وجع المفاصل اور بلغم غلیظ کو دفع کرتا ہے۔ **خوراک** ایک سے ۳ ماشہ۔

مرکب شیطرج

لیپ شیطرج ــــــــــــــــــــــــ

شیطرج بازو سرسا استخوان مچھلی سوختہ پھٹکری بریان شنگرف ہر ایک ایک تولہ کچھ ۷ تولہ۔ افیون مصری ببر بہوٹی تیلیا سہاگا ہر ایک ۲ تولہ سب کو باریک پیکر رکھ چھوڑین۔ دروغ پانچ تولہ۔ سانڈہ کے سر کی چربی۔ لونگ جنگلی دھتورہ ماگلکنی ہر ایک ۷ تولہ۔ تخم مولی۔ تخم گاجر ہر ایک ۱۰ تولہ۔ مرچ جنگلی پانچ تولہ ان سب کو ملاکر آتشی شیشی کے ذریعہ تیل نکال لیا جاوے **فوائد استعمال** ایک رتی مل کر پان باندھا جاوے تمام امراض مخلوق۔ نامردو غیرہ کے مرضون کے لئے مفید ہے

رال

لال مغربی ــــــــــــــــ قیقر

ایک درخت کا گوند ہے جو درخت سال اور تارپین کے تیل کے حاصل ہوا کرتا ہے۔ **خاصیت**۔ رنگ سفیدی مائل بزردی ذائقہ تلخ بودار گرم خشک مضر پھیپھڑہ معدہ مصلح روغن دودھ شہد انشاء چوب بدل **فوائد** مدر حیض دافع امراض جلدی

کہانسی **استعمال**۔ شہد کے ساتھ کھانا مرگی جلندر ومہ مرہم زخموں کو بہرتا ہے۔ روغن اسکا درد و خارش کو سودمند ہے۔

مرکبات

طلا رال

رال سفید، رسکپور، سیندور۔ کافور، سفیدہ کاشغری، کتھ سفید۔ کمیلا، گل ارمنی، رسوت۔ دہان ہر ایک ۳ ماشہ۔ مردار سنگ نیلا تھوتھا بریان ہر ایک دو ماشہ سبکو خوب باریک کرکے روغن زرد تین ماشہ مردار سنگ نیلا تھوتھا بریان ہر ایک دو ماشہ سبکو خوب باریک کرکے روغن زرد تین تولہ مین جسکو ۲۱ مرتبہ دہوکر ملا دیا جاوے **فوائد استعمال**۔ گنج زخم آتشک خارش خشک تر مین استعمال کرتے ہین۔

مرہم رال

رال سفید ایک تولہ مصطگی رومی۔ موم زرد ہر ایک ڈیڑھ تولہ روغن تلخ ۴ تولہ مرہم تیار کرین۔ زخم کے پانی کو جذب کرتا ہے اور گہرائی کو بہرتا ہے۔

ہلدی

یہ مشہور جڑ ہے جو ہندوستان مین بکثرت پیدا ہوتی ہے۔ بہتر وہ ہے جو خوشرنگ کم ریشہ ہو۔

خاصیت۔ زرد ذائقہ تلخ تیز تند بو بدمزہ گرم خشک مفرد دل مصلح ترنج لیموں مجیبہ امراض چشم مین ماہیران نصف وزن **فوائد** مجلا چشم سدہ کشا رنگین ورد دانت قاطع سفیدی چشم محلل ورم مجلد جلا سمرہ ادویہ مناسبہ بہ استعمال آنکھ

کی روشنی زیادہ کرتی ہے۔ جلندر یرقان امراض بلغمی بچلیش جریان دردسر یار دکو مفید ہے بلبلا کر دانت کے نیچے دبانے سے درد کو آرام آتا ہے اسکا سرمہ خارش چشم سفیدی چشم کو دفع کرنے کیلئے مفید ہے۔ ضربہ سقطہ ناسور چشم اور اورام کے زائل کرنے میں سریع التاثیر ہے اور بٹنے میں ملا کر ملنے سے رنگ نکھرتا ہے۔

مرکبات ہلدی

حب ہلدی ——

چونا کلی مرچ سرخ پوست بیخ مدار چاروں عرق میں ایک ایک رتی کی گولیاں بنائی جاویں **فواید استعمال** ہیضہ کی سمیت کو دور کرتی ہیں **خوراک** ایک گولی ہر ۴ گھنٹہ بعد اگر تینوں دوا کے برابر پوست مدار ہو تو بہت بہتر ہے۔

کافل

دارشعا —— عود البرق

ایک بڑے قد دار درخت کی موٹی چھال ہے۔ جو بج کی طرح موٹی خوشبو دار ہوتی ہے **خاصیت** رنگ سرخ ذائقہ کسیلا تلخ گرم خشک مضر طحال جگر مصلح مصطگی تخم گزر دشتی۔ بدل اسارون ہموزن نصف وزن درونج دو بٹا ئی زراوند **فواید**۔۔۔ قلب مقوی باہ اعصاب مثانہ۔ **استعمال** کھانسی تر نزلہ بواسیر جریان درد معدہ بوجہ رطوبت کے ہو نزلہ ریاح کو نافع ہے اسکے جوشاندہ سے کلی کرنا مسوڑے دہن اور رطوبت کو فائدہ ہوتا ہے **خوراک** ۲ سے ۵ ماشہ۔

مرکبات

حب کائفل

کل سرخ ادخر کاتک فرنیون مومیائی کائفل ہر ایک نصف مثقال باریک پیسکر گولیان بنائی جاوین فواید استعمال۔ لکنت زبان کو مفید ہے خوراک دو گولی۔

سفوف کائفل

کائفل۔ سونٹھ۔ پکھرل مول۔ کاکڑا سنگی بہارنگی پیپل ہموزن باریک کرکے سفوف بنایا جاوے فواید استعمال۔ تر کہانسی مین مفید ہے خوراک تین ماشہ

بھیڑا

بلیلہ — اہلیلج

ایک ہندوستانی درخت کا پھل ہے خاصیت۔ رنگ بھورا زردی مائل کسیقدر بدمزہ سرد خشک مضر مقعد امعاء مصلح شہد شکر بدل شگوفہ خاملیہ سیاہ آملہ فواید۔ مقوی معدہ دماغ۔ بینائی۔ استعمال۔ بالخاصہ سودا ما طبیع صفرا کا مسہل ہے بویان اسہال کہنہ کو بند کرتا ہے بخار بواسیر درد سر کو سودمند ہے خوراک ۲ سے ۸ ماشہ

حب بہیڑہ

پوست بہیڑہ۔ مغز تخم کونچ۔ مرچ سیاہ۔ صمغ عربی اصل السوس کاکڑا سنگی ہموزن کوٹ چھانکر گولیان بنائین فواید استعمال۔ تزلہ زکام مین ۲ گولی۔

سفوف بہیڑہ

پوست انار ولایتی کاکڑا سنگی ہر ایک ۹ درم نمک لاہوری۔ نمک سیاہ ہر ایک ایک ایک درم

مرکب اشق

مرکب اشق یہ بیضہ

سفوف اشق ۳ ماشہ زردی بیضہ مرغ ایک عدد دودھ نیم گرم ایک چھٹانک میں حل کرلیا جاوے فوائد کھانسی ۔ اخراج بلغم کے واسطے یہ دو خوراک ہے

کتھ

کات

یہ ۔ کیمر کے درخت کا عصارہ ہے جو سنگاپور اور ہندوستان میں بنایا جاتا ہے یہ تین قسم کا ایک پیڑیا جو بھورا سرخی مائل اندر سے ہلکا زرد وارچینی کے مانند جو آسانی سے ٹوٹ جاتا ہے کھانے سے پیچھے کو شیرین معلوم ہوتا ہے یہی زیادہ تر دوا میں برتا جاتا ہے ۲ ۔ سیاہ ۳ ۔ بہت تلخ ۔ خاصیت رنگ بھورا سیاہ مائل سرخی ذائقہ کسیلا سرد خشک مضر مثانہ باہ مصلح مشک ۔ عنبر الائچی خورد ایضاً فوائد ۔ قابض استعمال جریان منی کثرت احتلام خراش امعاء و کثرت اسہال میں مفید ہے دافع زخم مسوڑہ ورد زخموں کو خشک کرتا ہے اور مسوڑھوں کو قوی خوراک ۔ ایک سے تین ماشہ ۔

مرکبات کتھ

پچکاری کتھ

برگ مہندی ۲ حصہ کتھ سفید ۳ حصہ طوطیا سبز کی ایک حصہ باہم یک کرکے ایک پاؤ پانی میں بھگو کر صاف پانی لے لیا جاوے فوائد استعمال سوزاک میں مشہور ہے

حصہ چہارم

حیوانات

اسفنج ——— ابر مردہ

یہ مشہور جانور کا وہ نچہ ہے اس جانور کا گوشت ملائم اور سوراخدار جو اندر سے باریک اور باہر سے بڑے ہوتے ہین - **خاصیت** - رنگ زرد - ذائقہ - گرم خشک مصلح آب انگور ریباس مضر شکم کے اندرونی اعضا کو بدل جلایا ہوا کاغذ **فوائد** - محلل حابس خون مندمل مجلا بینائی **استعمال** ورم کو تحلیل کرتا ہے زخمون پر چھڑکنے سے زخم خشک ہوتا اجرا خون کو روکتا ہے کسی کی حلق مین جونک چمٹ گئی ہو تو ایک ٹکڑا ریشم کی ڈوری مین باندہ کر نگلیں اور تھوڑی دیر بعد نکال لین تو اس طرز سے جونک اور کانٹا نکل آتے ہین اسفنج پتا نہین ہے اسلئے اسکو مانند ریشم کے جلالیا کرتے ہین کہ نوبت جلنے نہ کچا رہے - بلکہ ایسا ہو جاوے جو آسانی سے پس سکے -

مرکبات

سرمہ اسفنج ———

اسفنج سوختہ - بلیلہ زرد سوختہ - سنگ راسخ - سنگ بصری ہر ایک ہم وزن باریک کرلین

۴ ماشہ

فوایل استعمال، آشوب چشم زیادہ ارنسوانے مین مفید ہے۔

مرہم اسفنج ——————

سفوف اسفنج سوختہ ۶ ماشہ قیروطی ۲ تولہ حل کرلین فوایل استعمال بثور جادر سیہ اور پانی جاری ہونے یا دیگر زخم مرطوب کے لئے استعمال کیا جاوے۔

مکڑی

عنکبوت —————— **کارتنہ**

یہ چھوٹا سا کیڑا چھ ٹانگون والا ہے جو گھرون مین سفید کاغذ کے مانند اپنے لعاب دہن سے سفید مختلف شکل کا گھر بناتا ہے اور اس مین انڈے دیتا ہے جسکو مکڑی کا جالا کہتے ہین یہ بعض دوا مین برتا جاتا ہے۔ **خاصیت** رنگ جالا سفید براق ذائقہ کچھ نہین۔ گرم خشک مصلح سرد تر۔ بدل ندارد۔ **فوائد** تپ صفراوی مین دیا جائے۔ برآمدن خون چپکانے سے بند کرتا ہے استعمال کرنا ئین لپیٹ کر دینے سے بخار کو آرام آجاتا ہے۔ جب اسکو استعمال کیا جاوے اول خوب صاف کر کے دہویا جاوے۔ پھر سفوف پیسا جاوے رنگت سفوف کی سیاہ خاکستری خوراک ایک رتی جو مکو ورق آسمانی بھی کہتے ہین۔ **علامات** زہر اسکا اثر خصوصاً آلہ تناسل پر زیادہ ہوا کرتا ہے۔ جب مکڑی کاٹتی ہے تو آلہ تناسل پر خراش نفخ متکلم کیسکو تپ خارش شروع ہو جاتا ہے۔ **علاج** تریاق فاروق کھلائین کلونجی شراب پلائین رسوت روغن گل محو ردار ہلدی پانی مین گھسکر جائے ماؤفہ پر لگایا جائے۔

مرکب

سفوف جالا لکڑی

سفوف جالا ۲ ماشہ - نبات ایک تولہ - خوب ملائی جاوے فوائد استعمال تپ لرزہ میں خوراک ۲ رتی قبل از دو گھنٹہ - باری کے

جونک

علق —————— دیوچہ

یہ مشہور کیڑا ہے جو نالابوں نہروں اور گڈھوں میں ہوا کرتا ہے نمک اس کے مخالف ہے اگر خون بھری ہوئی جونک کے منہ پر نمک چھڑک دیں تو خون کو اگل کر مر جاتی ہے استعمال غلبہ خون کے ورم پر لگائی جاتی ہیں سکر شہد میں ملا کر خناق میں کھلانا مفید ہے -

مرکبات

روغن جونک ——————

جونک دس عدد روغن خراطین ۵ تولہ روغن کنجد نصف پاؤ روغن چنبیلی نصف پاؤ پانی ایک پاؤ اسقدر جوش دیں کہ پانی خشک ہو جاوے فوائد استعمال برائے قوت باہ کے مالش کر کے پان باندھا جاوے

روغن برائے مجلوق ——————

جونک کو گدھے کے خصیہ میں لگایا جاوے جب وہ بھر جاوے علیحدہ سایہ میں خشک کر لیا جاوے بعد کو چربی سانڈہ ۲ تولہ چربی شتر ایک تولہ بیر بہوٹی ۱ تولہ

روغن چنبیلی۔ اتو ہمین کل ادویہ کو جلایا جاوے۔ جب جونکین جل جاوین صاف کرلین فوائد استعمال۔ مخلوق کے واسطے لگا کر پان باندہ دیا جاوے۔

موم

شمع ——— موم

یہ مشہور شے ہے جسکو شہد کی مکھی ضرورت کے وقت اپنے جلدی مسامات سے نکالکر لپائی کے کام مین لاتی ہے۔ خاصیت رنگ زرد وسفید ذائقہ پھیکا چکنا گرم تر مصلح روغن زیرہ کھانڈ شہد خوراک ہم ماشہ فوائد۔ محلل ورم ریاح مسکن درد ملین عصب استعمالی اسکا تیل وبہ مفاصل درد سینہ کھانسی سل درد گلو کو مفید ہے دہونی سے بواسیر صاف ہوتی ہے۔

مرکبات موم

روغن موم ———

موم سفید نصف سیر نمک سانبہر ایک پاؤ نوشادر شورہ قلمی ہر ایک ۵ تولہ شنگرف ۱ تولہ جائفل وارچینی کا پھول افیون ہر ایک ۹ ماشہ سب کو پیسکر اور موم نمک ملا کر آتشی شیشی کے ذریعہ تیل نکالا جاوے فوائد استعمال۔ امراض ریح سرد امراض مین مالش کرین۔

حلوا موم ———

موم ۳۰ درم بابچہر مصطگی ہر ایک ۵ درم تخم کرنب گوگل ہر ایک دس درم روغن زرین ۱۵ درم اول گوند کو شراب مین حل کرے مصطگی بابچہر کرنب نصف پاؤ پانی مین پکا کر صاف کرلین اب اس عرق مین دیگر چیزون کو ڈالکر اسقدر پکایا جاوے تاکہ تیل باقی رہے

فوائد استعمال - معدہ کے ورم سخت میں سود مند ہے

فرزجہ موم

موم بط اور مرغ کی چربی گوگل ہر ایک تین درم گل خطمی السی ہر ایک دو درم اول گل خطمی اور السی کو تھوڑے سے پانی میں جوش دیکر صاف پانی لے لیا جاوے پھر اس میں ہر دو چربی کو ملا کر پکائیں جب پانی خشک ہو جاوے موم ڈالکر حل کر لیں جب یہ جم جاوے تو تخم خطمی گل کا فرزجہ بنا کر اسکو لعاب خیار شنبر سے آلودہ کر کے استعمال کیا جاوے **فوائد** - رحم کے سخت ورم کے واسطے

قیروطی سادہ

موم دو حصہ - روغن کنجد ۳ حصہ چربی گردہ بکری ۳ حصہ ملا کر صاف کر لیں یہ مرہم بنانے میں کار آمد ہے کبھی اس میں گل روغن بابونہ وغیرہ کو دیگر ملا دیتے ہیں۔

مرہم

مردار سنگ ۳ ماشہ عرق گلاب سرکہ میں پیس کر قیروطی گل روغن ۲ تولہ ملا کر اس قدر جوش دیں کہ سرکہ گلاب خشک ہو جاوے استعمال ناک کے بثور میں لگاتے ہیں۔

بز

بز بکری یا بکرا

یہ مشہور جانور ہے جسکا گوشت دودھ وغیرہ استعمال کیا جاتا ہے اس لئے اس کی اچھائی یا برائی طبیب کو ضروری جاننی چاہئے تاکہ غذا کے بتلانے میں مدد ملے - بکری کا دودھ مبردوں مرطوبین اور معتدل زود ہضم ہے مصلح شہد سونف کیترا ہے بدل گائے کا دودھ خوراک ۵ تولہ سے ڈیڑھ پاؤ تک کھانسی خراش حلق زخم مثانہ خناق سل خشکی بیخوابی کو زائل کرتا ہے رمد میں کپڑا تر کر کے رکھنا مفید

مرکب شیر

عرق شیر

شیر بکری۔ آب گاجر۔ رس گنا ہر ایک ۵ سیر۔ آب سیب۔ آب ناشپاتی آب بہی عرق نیلوفر۔ عرق بید مشک۔ عرق گلاب ہر ایک ایک سیر۔ عنبر اشہب ۶ ماشہ مطابق قاعدہ کے ۱۴ سیر عرق کھینچا جاوے فوائد استعمال مالیخولیا خفقان میں ترطیب کے لیے برتا جاتا ہے۔ خوراک ۱۰ تولہ۔

دیگر عرق شیر

برگ گاؤزبان برگ بنفشہ۔ گل نیلوفر۔ ہر ایک دس تولہ۔ صندل سفید ۵ تولہ شیر گاؤ ۲ سیر ملاکر ۵ سیر عرق کشید کر لیا جاوے فوائد استعمال۔ تپ صفراوی سوداوی۔ تپ دق کو مفید ہے۔ خوراک ۱۰ تولہ۔

شناخت گوشت بز۔ جانور نہ ایسا بوڑھا ہو کہ جسکا گوشت سخت دیر ہضم ہو اور بوڑھاپے کیوجہ سے چربی پگھل گئی ہو نہ ایسا بچہ کہ تھوڑی عمر کے سبب سے پانی کے اجزا کم ہوں جو جسمی پرورش نہ کر سکے پہچان تندرست جانور کی تندرست کی سانس میں بو نہیں آیا کرتی وہ آسانی سے چل پھر سکتا ہے اور چمڑا ملایم اور چمکتا ہوا ہوتا ہے۔ اچھے گوشت کو ذبح کے ۸۔۱۰ گھنٹہ بعد دیکھنا چاہئے۔ اگر ملایم چمکیلا سرخی مائل ہو اور ریشوں کے درمیانی رطوبت اسقدر ہو کہ انگلی لگانے سے لتھڑ جاوے۔ اگر تر ہو کر اور بھیگ جاوے اور گوشت پلپلا ہو رنگت ہلکی یہ علامات بیمار یا کم عمر ہونا تبلاتی ہے۔ اگر زیادہ سرخ ہے تو جانور بوڑھا یا خون نکلنے سے رہگیا ہدایت ذبح سے ایک روز پہلے باندھنا چاہئے اور ذبح کے چند گھنٹے پہلے دانہ گھاس نہ دینا چاہئے کیونکہ نیم ہضم غذا سے

گوشت گندہ ہو جاتا ہے۔ خاصیت۔ گوشت کا رنگ سرخی مائل جلد ازلذیقہ قدرے نمکین اور پھیکا فوائد مولد اخلاط صالح کثیر الغذا مقوی اعضائے باہ استعمال۔ خون لطیف پیدا کرتا ہے۔ گوشت میں کل اجزائے غذائے ماسوا النشاستہ کے موجود ہیں۔

مشک

مشک۔ ——————— مسک

ایک قسم کا ہرن ہے جسکے سینگ اور دم نہیں ہوتی مشک اسکے حشفہ کے غلاف کے اندر ایک چھوٹی سی جھلی دار کیسہ میں پیدا ہوتا ہے خاصیت رنگ بھورا سیاہ خوشبودار ذایقہ مختلف پھیکا بعض قدرے تلخ گرم خشک مضر محرورین مورث درد سر مصلح طباشیر گلاب کافور۔ فوائد مقوی اعضا رئیسہ۔ حواس ظاہری باطنی۔ حرارت غریزی ملطف اخلاط غلیظ محلل ریاح مدرقہ ادویہ چشم مفرح قلب استعمال۔ امراض دماغی اعصابی بلغمی تشنجی فالج لقوہ رعشہ کزاز سکتہ سرعت انزال کو مفید ہے طلا مقوی باہ ہے خوراک ۲ رتی سے ایک ماشہ تک۔

مرکبات مشک

چوارش مشک۔ ———————

مشک نیم مثقال۔ دانہ الایچی خورد کلاں لونگ سونٹھ دار فلفل عود ہر ایک ادرم دارچینی ۳ درم۔ زعفران دو درم۔ قند سفید ہموزن باریک کرکے اور مشک کو عرق گلاب میں حل کرکے قوام میں گوندہ لیں فوائد استعمال خفقان ضعف دل معدہ کو مفید ہے خوراک ½ ماشہ۔

حب عفیفہ

مشک ۲ رتی - افیون - جائفل - زعفران ہر ایک ایک ماشہ - برگ بہنگ ۲ ماشہ تخم دسیاہ ڈیڑھ درم - چھالیان گجراتی ۲ عدد - لونگ ۴ عدد - دواؤن کو کوٹ چھانکر گولیان بنائی جاوین فوایدہ استعمال بعد غسل کے سدونر کھائین مرض عفیفہ کے دفع کرنے اور قرار عمل کے لئے مفید ہین -

حب نکہ

مشک کافور چھالیا - کبابہ ہر ایک ایک درم - گلسرخ - صندل سفید - بلیلہ زرد ہر ایک دو درم طباشیر ½ درم کوٹ چھانکر عرق گلاب مین گولیان بنائین جاوین - استعمال - منہ کے بدبو آنے کو رفع کرتی ہین

مرغ مرغی

خروس

یہ ایک مشہور پرندہ ہے اسکو مکانون مین پرورش کرتے ہین اسکے انڈے استعمال کئے جاتے ہین - خاصیت گوشت رنگ مختلف ہوتا ہے گوشت گلابی ذایقہ لطیف خوش خوشبو مزے بساندہ گرم تر مصلح گھی سکنجبین فوایدہ مولد خون صالح مقوی دماغ استعمال عقل بڑھاتا ہے رنگ آواز کو صاف کرتا ہے کمزور ہر تھیون کو مفید ہے - منی پیدا کرتا ہے اسکے انڈے اور سنگدانہ کار آمد ہین -

مرکبات

جوارش سنگدانہ

بسفوف سنگدانہ مرغ دانہ پدیں بعدہی ہوئی طباشیر ہر ایک ایک مثقال گلسرخ

پودینہ خشک پوست پستہ بیرون دانہ الائچی ہر دو ہر ایک نصف مثقال صندل سفید صعتر دبنیا خشک حب الآس پوست ہیلیلہ آملہ مقشر ہر ایک ایک درم گشنہ بسد کہربا فادزہر سعد بلی خطائی جائفل جاوتری لونگ دار چینی بلنجہ ہر ایک نصف درم کوٹ چہانکر شربت سیب یا بہی میں جوارش بنائی جاوے فوائد استعمال۔ ذرب ضعف معدہ پر اور نسخون سے مقوی ہے خوراک ایک سے ۲ ماشہ۔

سفوف سنگدانہ

سنگ دانہ مرغ۔ آملہ مقشر ہر ایک دو درم عود مصطگی۔ طباشیر حب الآس صمغ عربی۔ دانہ الائچی۔ نشاستہ بریان زیرہ سیاہ۔ پوست پستہ بیرونی بلیگری بریان گلنار تخم سونیہ تباج ہر ایک ایک درم کوٹ چہانکر سفوف بنایا جاوے فوائد استعمال تقوی معدہ و ذرب مین معمول ہے۔ خوراک ۲ درم۔

مرکبات بیضہ مرغ

حلوہ بیضہ مرغ

انڈے ۲ عدد گھی قند ہر ایک نصف سیر۔ مشک خالص ایک ماشہ زعفران ۲ ماشہ زردی کو خوب حل کرلین پہر نرم آگ پر گھی ڈالکر حرکت دین اور چمچہ سے چلاتے جاوین جب گھی چھوڑدے تو زعفران مشک گلاب مین حل کرکے ملادین پہر تیار لین فوائد استعمال مقوی باہ خوراک ۵ تولہ۔

معمول برائے بچش

زردی بیضہ مرغ کو روغن مین ملاکر مرداسنگ مغسول گوند کیکر سفیدہ ارزیز ہموزن باریک کرکے مقعد مین کپڑا آلودہ کرکے رکھیں۔ کبھی زردی بیضہ کو بچون کی مقعد کے

پاس رکھتے ہیں وہ اندر کھنچ جاتی ہے جسکے سبب سے امعاءِ مستقیم کی خراش بند ہوکر بچیش کو آرام آجاتا ہے۔

قطور بیضہ مرغ ———————

سفیدی بیضہ مرغ روغن گل میں ملاکر کان میں ٹپکاتے ہیں یہ ورم اور سکون درد کے واسطے معمول ہے۔

کبوتر

حمام ——————— کبوتر

اسکی دو قسم ہیں ایک خانگی دوسرا جنگلی خاصیت مختلف رنگ گوشت گلابی ذائقہ قدرے نمکین گرم خشک مصلح کثیرا انگبین فوائد مقوی گردہ مبہی مولد منی۔ مسمن بدن مولد خلط صالح استعمال لقوہ۔ فالج رعشہ۔ حذر استرخاء امراض اعصابی میں استعمال کرتے ہیں استسقاء زقی کو مفید ہے کبوتر کی بیٹ طلا وغیرہ میں بہت مفید ہے۔

مرکب

غرغرہ ———————

کبوتر کی بیٹ۔ ہینگ۔ بورہ ارمنی۔ روغن گل۔ شیر تازہ میں حل کرکے غرغرہ کریں۔ فوائد استعمال خناق کے پھٹنے کیلئے برتا جاتا ہے۔

بطخ

بط ——————— اردک

یہ پانی کا جانور ہے جو چند قسم اور مختلف رنگ چھوٹے پاؤں اور انگلیوں پر جھلی

چڑھی ہوئی تاکہ اسکے تیرے ہیں جیون کا کام دے گردن لانبی خاصیت رنگ
سفید سیاہ چرخ زرد گوشت سرخ ذائقہ نمکین گرم خشک بارطوبت فضلیہ مصلح
گرم مصالحہ سرکہ فوائد مقوی باہ۔ گردہ مولد منی مسمن بدن کثیر الغذا استعمال آواز
صاف کرتا ہے بدن موٹا کرتا ہے۔ قوت باہ زیادہ کرتا ہے
بیٹ ناماذیر کو مفید ہے بطخ کا انڈا ادرو سینہ سیلان خون کو مفید ہے۔

مرکبات

فرازجہ

خرقہ بطور روغن گل میں لگاکر قدرے رب السوس اس میں ملالیں استعمال ورم رحم
کے واسطے برتا جاتا ہے۔

ابریشم

یہ ایک کیڑا ہے مانند کیڑے لاک کے جو برگ شہتوت کھاکر اپنے لعاب دہن کے
دو لیسدار تاروں سے ایک انڈے کی شکل کا اپنے اوپر ایک کوا بنالیا کرتا ہے
ریشم ساز گرم پانی میں انہیں تارونکو کھولکر ریشم نکالا کرتے ہیں خاصیت زرد
رنگ ذائقہ۔ گرم خشک مصلح رب ریباس۔ لیموں زرشک اساروں فوائد
مفرح روح حواس مسمن بدن جاذب ملطف استعمال۔ مقوی اعضاء رئیسہ
ارواح۔ باہ امراض چشم کو نافع اسکا کپڑا پہننے سے خوشی حاصل ہوتی ہے۔

شربت ابریشم

ابریشم خام دس تولہ یا درنجبویہ ایک تولہ ثمن پاؤ پانی میں خساندہ جوشاندہ کرکے
عرق گلاب ایک پاؤ چینی ڈھائی پاؤ ملاکر قوام کریں وقت تیاری کے رنگ زینب دانہ سرخ

مروارید دو ماشہ ملا یہ کر کے صندل سفید عود خام رومی مصطگی ہر ایک ۲ ماشہ سفوف کر کے ملا دیں فوائد استعمال خفقان میں مفید ہے خوراک ۲ تولہ

مطبوخ ابریشم

ابریشم خام زوفا ہر ایک ایک درم سبوس گندم ۳ درم گاؤزبان ڈیڑھ درم اصل السوس مصری ہر ایک ۲ درم ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوشدیں جب تہائی حصہ رہ جاوے صاف کر کے خفقان میں پلا دیں۔

تیلنی مکھی

یہ مکھی چمکتی ہوئی ملک روس س بی سنگریزا اور شیخوپور ضلع گوجرانوالہ علاقہ پنجاب میں پائی جاتی ہیں جسم پر بیٹھ جانے سے چھالا پڑ جاتا ہے خاصیت رنگ سبز طلائی چمکدار ذائقہ کسیلا طلبند ارگرم خشک اشیاء چرب روغن زرد فوائد آبلہ انگیز مقوی باہ خراش اور استعمال چھالا اوٹھانے کے کام میں لاتے ہیں اور بعض امراض میں کھلاتے ہیں لیکن گردہ کی برائی بیماریوں میں لگایا جاوے اور نہ کھلائیں کمزور مریضوں میں ہر دو صورت میں پرہیز رکھنا چاہئے ان مکھیوں کو جمع کر کے سفوف بنا لیتے ہیں۔

مرکب

عصارہ آبلہ انگیز

سفوف مکھی ۲ تولہ قیروطی سادہ ۳ تولہ زال ایک تولہ پگھلا کر سفوف ملا لیا جاوے۔ فوائد استعمال چھالا اٹھانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

بیر بہوٹی

کا عزیزہ ـــــ کرم مخمل

ایک قسم کا برساتی کیڑا سرخ مخمل کے مانند نرم اگر چاولون مین رکھے جاوین تو وہ بھی سرخ ہو جاتے ہین اسکے آٹھ پاؤن ہوتے ہین خاصیت رنگ سرخ گرم خشک مصلح روغن شہد فوائد مقوی باہ جاذب استعمال طلا برائے مجلوق پٹھون کو درست کرتا ہے ہمراہ تنبول کے کھلامین تو بلغمی امراض لقوہ فالج کو مفید ہے سیلان رحم مین فرزجہ مفید ہے خوراک ایک عدد۔

طلا بیر بہوٹی ـــــ

بیر بہوٹی ایک تولہ سفوف جھینہ ۶ تولہ۔ خراطین ہال کنگنی ہر ایک ایک تولہ۔ جند بیدستر ۲ ماشہ۔ بچھناگ ۲ ماشہ۔ روغن چنبیلی ۵ تولہ پانی ایک پاؤ کل دوا ونکو کوٹکر پانی مین پکایا جاوے جب حل ہو جاوے استعمال کیا جاوے فوائد استعمال کمزوری عصب کے دفع کرنے کیلئے مالش کر کے پان گرم کر کے باندھا جاوے۔

کینچھوے

خراطین ـــــ زغاز

ایک قسم کے کیڑے لانبے جو نمناک جگہ اور عموماً بارش مین بکثرت پیدا ہوا کرتے ہین رات کو ان کی بیٹ جگنون کی طرح چمکتی ہے خاصیت رنگ سرخ گلابی سفید گرم تر مفر معدہ امعاء۔ مصلح روغن بادام یخنی فوائد مدر بول مقوی باہ مانع نزلات مخرج بلغم مسمن تضیب استعمال ہمراہ گوشت کے یخنی مین قوت باہ کو زیادہ کرتے ہین اور سرفہ کہنہ خناق کیلیئے روغن تخم مین جوشدہ کر لیپ کرنے سے آرام ہوتا

خوراک ۳ سے ۱۰ ماشہ تک

سفوف خراطین

خراطین ۔ مغز بادام ہر یک ۳ ماشہ ۔ شکر تیغال ۵ ماشہ رب السوس ۴ ماشہ نبات کوزہ ایک تولہ ۔ باریک کرلیں ۔ فواید استعمال ہمراہ مکھن کے دن میں سہ مرتبہ کھانسی میں دیں خوراک ۳ ماشہ ۔

طلا خراطین

خراطین ۔ بیر بہوٹی پارہ گھونگچی ۔ کالا زیرہ ۔ ہڑتال ۔ ہر ایک ایک تولہ ۔ بال کنگنی پوست بیخ کنیر سفید ہر ایک دو تولہ سنکھیا سفید ۲ ماشہ دو ہفتہ گھوڑے کی لید میں دفن کردیں بعد کو نکالکر ۲ رتی کی گولیا بنالی جاویں فواید استعمال مقوی باہ استرخا کجی کو مفید ہے گھسکر لگائی جاویں ۔

کیکڑا

سرطان ــــــــــ خرچنگ

ایک مشہور آبی جانور ہے یہ وہ ہوتا ہے جسکی پشت پر سوئی چبونے سے سفید پانی نکلتا ہے ۔ خاصیت رنگ باہر سیاہ اندر سفید قدرے رنگین ذایقہ پھیکا قدرے نمکین لیسانده مغز مثانہ مصلح گل مختوم گل قبرسی فوائد مقوی باہ مخرج بلغم مفتت سنگ گردہ مثانہ مدر حیض مدر بول ۔ استعمال کثیر الغذا پرہضم سل دق میں مفید ہے حیض جاری کرتا ہے خون تھوکنے کو دافع اگر کوئی زہریلا جانور کاٹے تو کیکڑے کو کچل کر اسجگہ پر باندھ دو ۔

قرص کیکڑا

کشتہ کیکڑا ۔ گل قرس خشخاش سفید سیاہ ۔ صمغ عربی ۔ تخم خیار ہر ایک دو درم افیون طباشیر قیصوری ۔ طین مختوم ۔ تنگی عربی المسک ہر ایک نصف درم ۔ طباشیر سفید زعفران

نمک جراحت ہر ایک چوتھائی درم تخم خرفہ مقشر کثیرا رب السوس مغز بیدانہ ہر ایک ایک درم کوٹ چھانکر خالص پانی مین قرص بنائے جاوین فوائد استعمال دق ہو تو قرص دیوین۔

شیر عورت

عورت کا دودھ قریب گدہی بکے دودھ کے ہے اس مین تمام پرورشی اجزا موجود ہین خاصیت سفید قدرے نیلگون رقیق قدرے شیرین گرم تر درجہ اول زیادہ کا سرد تر شکر شہد فوائد مرطب مقوی دماغ ملین۔ استعمال سل دق یبوست سینہ سرفہ کو مفید ہے ناک مین سڑکنے سے بیخوابی جنون مالیخولیا شرسام دردسر حار کو مفید ہے خوراک ۵ تولہ۔ شیر زیادہ پیدا کرنیوالی ادویہ۔ سونف بیخ کلو۔ شاور تودری بیخ گوکھرو تخم گزر۔ تخم شلغم پیاز۔ تخم سویا۔ نخود۔ تخم پنبہ کاہو۔ عمدہ غذائین شیر کم کرنیوالی ادویہ۔ سنفاح۔ کافور۔ عرق ادویہ۔ سورنجان شرح۔ پودینہ۔ ہدایت ماں کو چاہیے کہ کم از کم ۶ ماہ بحالت تندرستی بچے کو دودھ پلائے تاکہ اخلاقی اثر بچہ مین پیدا ہو جائین بامر مجبوری مفصلہ ذیل صفت والی عورت کا دودھ پلوانا چاہیے دایہ ہمہ صفات والدہ نہین ہو سکتی ہے لیکن حتی المقدور تھوڑی صفت بھی ہو تو انسان ہونا چاہیے۔ صفت دائی پستان کلان۔ دایہ کے بچے کی عمر قریب قریب ہو۔ دائی کے خاندان مین کوئی مرض نہ ہو عمرہ ۳۰ سال کی ہو کچھ کاروبار نہ کرے صفائی اور غذائے ہضم کیلئے کرنا چاہیے غذا عمدہ ہونی چاہیے۔ بچہ کو گائے کا دودھ دینا منظور ہو تو دودھ کے ہموزن پانی ملا کر اسقدر پکایا جاوے کہ پانی نہ رہے۔ نیز قدری سفید ملادی جاوے دودھ پلانے کے تقسیم اوقات جس سے بچہ تندرست اور بیماریون سے محفوظ رہتا ہے۔ حسب ذیل ہین۔

عمر	کتنے گھنٹہ بعد	دن مین کل کتنی بار	ایک مرتبہ مین کسقدر	دن رات مین کسقدر
پہلے ہفتہ سے ہفتہ تک	۲ گھنٹہ	۱۰ ''	دس	۳ تولہ	نصف سیر

بماچہ ما مصطگی مرچ سفید ہر ایک دو درم قرد مانا دو درم - لونگ جلنبی ایک مثقال سلیخہ
نصف مثقال جند بیدستر نصف درم سب کو باریک کرکے رکھ چھوڑین فواید استعمال
استسقا طبلی مین مفید ہے خوراک ۲ ماشہ

سمندر جھاگ

زبد البحر ——— کف دریا

یہ ایک سمندری جانور کے پشت کی ہڈی ہے جسکا گوشت جانور کھا لیتے ہین یہ ہڈیان دریاے فارس اور قلزم وغیرہ مین بہتی ہین - مین نے جلایا تو ہڈی کی سی سخت متعفن بدبو پیدا ہوئی تھی دریا کے کنارے پر جمع ہوئے اور اسفنج کیطرح ہلکا ہونیکی وجہ سے سمندر جھاگ کہنے لگے ہین جو درحقیقت مین غلط ہے چونکہ کف دریا مین اسفنج کی طرح سوراخ ہوتے ہین اور اسمین تہ بہ تہ ہوا کرتی ہین رخاصیت رنگ سفید زردی مائل سوراخدار ذائقہ پھیکا گرم خشک نفع پھیپھڑہ آواز مضر محاس مصلح پھیپھڑہ آواز کیلئے لعابات صمغ عربی سر حواس کیلئے کتیرا روغن کدو فواید ہاضم طعام محلل ورم تلکبھی مبخر استعمال قئ بلغمی متلی کو بند کرتا ہے اسکا لیپ بہق الاسود مش کو دفع کرتا ہے - بینائی دانتون کو جلا دیتا ہے ۔

حب زبد البحر ———

سمندر جھاگ رائی نوشادر شورہ قلمی کلکی سفید گندھک مرچ سیاہ سہاگہ بریان ہموزن گھیکوار کے پانی مین خوب کھرل کرکے گولیان بنائی جاوین فواید استعمال ارمق طحال مین ۲ گولیان کھائی جاوین ۔

سنون زبد البحر ———

کف دریا - پھٹکری - چینی ظرفی - صدف سوختہ یکجا کتیرا - بال سوختہ یکجا کتیرا مناسب اندرائی - نمک برابر پیسین فواید استعمال جب دانتون پر زردی بیٹھ جاوے